معلومات عن علم الأبدان وعلم الأديان

معالجاتِ روحانی وطبّی پر مشتمل ایک نادر کتاب

# مجرّباتِ امام سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ

تفہیمی

تصنیف

قدوۃ الانام حضرت امام جلال الدین عبد الرحمٰن سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

جناب مولانا حکیم عبد الہادی مرحوم ومغفور

ناشر

شبّیر برادرز ۴۰۔ اردو بازار لاہور

Marfat.com

نام کتاب: مجربات امام سیوطی

مصنف: امام سیوطی رحمتہ اللہ علیہ

ناشر: شبیر برادرز۔ لاہور

مطبع: اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز

تعداد:

قیمت: 80 روپے

Marfat.com

# فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| دیباچہ | ١٢ | امراضِ سوداویہ کا علاج | ٣٣ |
| علم طبیب کے بیان میں | ″ | طبائع اربعہ کا علاج | ٣٤ |
| دربیان اخلاط اربعہ | ١٤ | تنقیہ عجیبہ | ″ |
| مزاجوں کے بیان میں | ″ | لاغر جسم کو موٹا کرنے کے بیان میں | ٣٥ |
| غذا کے بیان میں | ١٥ | ان امور کے بیان میں جو حالتِ صحت | ٣٦ |
| خلط صفرا کی زیادتی | ١٨ | میں بدن کے لیے ضروری ہیں۔ | ″ |
| خون کی زیادتی | ″ | پانی پینے کی تدبیریں | ٣٩ |
| بلغم کی زیادتی | ١٩ | حرکت کی تدبیریں | ″ |
| خلطِ سودا کی زیادتی | ″ | ان مراہم کے بیان میں جو قروح و | ٤٢ |
| شرائط طبیب | ٢٠ | جروح و دمامیل میں کام آتی ہیں | ″ |
| طبائع کے بیان میں | ″ | دماغ کی خشکی کے علاج میں | ٤٩ |
| اغذیہ کے طبائع کے بیان میں | ٢١ | مالیخولیا کا علاج | ٥٠ |
| گوشت کا بیان | ٢٤ | امراضِ سر کے بیان میں | ٥١ |
| ادویہ کے بیان میں | ٢٧ | دردِ سر صفراوی کے بیان میں | ٥١ |
| مفرد مسہلات کے بیان میں | ٣١ | سر درد اور آنکھوں سے آنسو بہنے کے | ٥٣ |
| مرکب مسہلات کے بیان میں | ″ | علاج میں | |
| صفراء۔ سودا۔ خون اور بلغم کا علاج | ٣٢ | دردِ دماغ کا علاج | ٥٤ |
| امراضِ صفراء کا علاج | ٣٣ | درد سر کا علاج ملنے سے | ٥٥ |
| امراض دمویہ کا علاج | ″ | باب دسواں سدر کا علاج | ٥٩ |
| بلغمی امراض کا علاج | ″ | گیارھواں باب قرع گنج | ٦٠ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| سر کے زخموں کے علاج میں | ۶۱ |
| سر اور بدن کی جوؤں کا علاج | // |
| بالوں کی اصلاح میں جو سر یا داڑھی سے گر پڑیں۔ | ۶۲ |
| بالوں کے گرنے کا علاج | // |
| بالوں کے گرانے کا بیان | ۶۳ |
| بالوں کے نہ اگنے کا بیان | // |
| بالوں کے لمبا کرنے کے بیان میں | ۶۴ |
| بالوں کے رنگنے اور سیاہ کرنے کے بیان میں | // |
| صفراء کے ساکن کرنے کے بیان میں | // |
| کان کی درد اور بہرہ پن کا علاج | ۶۵ |
| کان کی درد کا علاج | ۶۶ |
| بہرہ پن کا علاج | // |
| آنکھ کے دردوں کے بیان میں | ۶۷ |
| آشوب چشم | // |
| آنکھوں کے علاج اور سرموں کے بیان میں | ۷۰ |
| غریبوں کے لیے سرمہ | // |
| ضمادات عین کے بیان میں | ۷۲ |
| آنکھ کا علاج تعویذات اور عزیمت سے | // |
| آشوب زدہ آنکھ کے علاج میں | // |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| رمد کا علاج | ۷۳ |
| آنکھ کی سرخی اور ڈھلکہ کا علاج لکھنے سے | // |
| آنکھ کی سرخی وغیرہ کا علاج دوائیوں سے | ۷۴ |
| بیاض عین کے بیان میں | ۷۵ |
| آنکھ کے ڈھلکہ کے بیان میں | ۷۷ |
| تیزی بصارت کے بیان میں | // |
| آنکھوں کے پردے اور تاریکی کے علاج میں | // |
| آنکھ کی خارش کے علاج میں | ۷۸ |
| آنکھ کے مردہ گوشت کے علاج میں | // |
| نزول الماء کے علاج میں | // |
| آنکھ کے زخموں کے علاج میں | ۷۹ |
| پڑوال کے علاج میں | // |
| ناخونہ کے بیان میں | ۸۰ |
| لطمہ کے علاج میں | // |
| چشم بد کے علاج میں | ۸۱ |
| نیز نظر لگنے کا علاج | ۸۴ |
| صیفر یعنی یرقان کے علاج میں | ۸۶ |
| کلف وغش کے علاج میں | ۸۷ |
| اس سیاہی و داغ کو دور کرنے میں جو چیچک کے بعد پڑ جایا کرتے ہیں۔ | // |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| نکسیر ذناک کے علاج میں | ۸۸ |
| زکام کے علاج میں | // |
| شقاق لب کے علاج میں | ۸۹ |
| منہ کے زخم و ورم کے علاج میں | // |
| گوشت خورہ کے علاج میں | ۹۰ |
| دانتوں کی درد و زردی کے علاج میں | // |
| دانتوں کے علاج میں | // |
| ضرس یعنی داڑھ کے درد کے علاج میں | ۹۱ |
| ڈاڑھ کا علاج کتابت کے ساتھ | ۹۲ |
| دانتوں کے سفید کرنے میں | ۹۳ |
| ورم لسان کے علاج میں | // |
| لہات (تالو) کے ورم کے علاج میں۔ | // |
| منہ کی بدبو کے علاج میں | // |
| اورام حلق کے علاج میں | ۹۴ |
| انطباق المری کا علاج | // |
| بجوحۃ الصوت (گلا بیٹھ جانا) کے علاج میں | // |
| داء الثعلب کے علاج میں | ۹۵ |
| خنازیر کے علاج میں | ۹۶ |
| داد کے علاج میں | // |
| بہق کے علاج میں | // |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| بغل گند کا علاج | ۹۷ |
| حمرہ (سرخ دانے) کا علاج | // |
| علاج اس ریح کا جو مفاصل ہاتھوں اور | ۹۸ |
| بازوؤں میں بیٹھ جاتی ہے۔ | // |
| ریح المفاصل والورک کا علاج اس | // |
| زردی کے علاج میں جو ہاتھ پاؤں پر | ۹۹ |
| ہوجائے۔ | // |
| ہاتھ پاؤں کے پھٹ جانے کا بیان | // |
| مسوں کے علاج میں | // |
| انگلیوں کے ورم اور داخس چنبدرہ کے | ۱۰۰ |
| علاج میں | // |
| وجع الظہر، وجع الورک، وجع المفاصل | ۱۰۱ |
| نقرس کے علاج میں | // |
| مرفق و رکبہ (کہنی و گھٹنے) کے | ۱۰۲ |
| ورم کے علاج میں | // |
| گھٹنے کی ریحی درد | // |
| کہنیوں کی ورم عظیم کا علاج | ۱۰۳ |
| ورم ساقین و وجع قدمین کے علاج میں | // |
| قدم اور پنڈلی کے درد کا علاج | // |
| شقاق الرجلین یعنی پاؤں کے پھٹ جانے | // |
| کے علاج میں | // |
| قولنج کے علاج میں | ۱۰۴ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| رعشہ (اعضاء کا کانپنا) کے علاج میں | ۱۰۴ |
| جسم کے پھول جانے کے بیان میں | ۱۰۵ |
| وجع الصدر (درد سینہ) کے علاج میں | // |
| ذات الجنب (درد پہلو) کے علاج میں | // |
| برد قدیم (پرانی سردی) کے علاج میں | // |
| بوطابق (مرگی) کے علاج میں | ۱۰۶ |
| ضیق النفس (دمہ) کے علاج میں | // |
| ضیق وسعال (دمہ کھانسی) کے علاج میں | ۱۰۷ |
| دہیل و اورام، قروح (پھوڑوں ورموں، زخموں) کے علاج میں | // |
| وجع السرہ (درد ناف) کے علاج میں | ۱۰۹ |
| ورم لبیر (بڑا ورم) کے علاج میں | // |
| جوشش خون، شکستہ داء الفیل کوڑے کی ضرب، و دق مدقی (ناروا) کے علاج میں | ۱۱۰ |
| حرق النار و حرارت الشمس اور اس حرارت کے علاج میں جو موسم گرما میں لگتی ہے۔ | ۱۱۱ |
| جدری (چیچک) کے علاج میں | ۱۱۲ |
| چیچک والے کی آنکھ کا علاج | ۱۱۳ |
| فادفارسی یعنی حمرہ کے بیان میں | // |
| ابوتلیس یعنی شب کوری کے بیان میں | // |
| طیر یعنی آتشک کے علاج میں | ۱۱۴ |
| جرب وحکہ (خشک وتر خارش) کے علاج میں | ۱۱۵ |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| اس مریض کا علاج جس کی ٹانگیں، ہاتھ پاؤں، تمام بدن ڈھیلا ہوگیا ہو۔ | ۱۱۷ |
| تمام امراض کا علاج | // |
| ہر بیماری کا علاج دوا سے | |
| طاعون و مغص (پیچش) کے علاج میں | ۱۲۰ |
| زحیر (مروڑ) کے علاج میں | ۲۴ |
| درد شکم کا علاج | ۱۲۵ |
| اسہال کے روکنے کے بیان میں | ۱۲۶ |
| نفخ بطن (پیٹ کا پھولنا) کے علاج میں | // |
| اسہال خون کے علاج میں | ۱۲۷ |
| معدہ و درد شکم کے علاج میں | // |
| غشیان و قے کے علاج میں | // |
| معدہ کے اضطراب کے علاج میں | ۱۲۸ |
| وجع الفواد (کوڑے) کے علاج میں | // |
| نفث الدم (خون تھوکنا) کا علاج | // |
| درد جگر کے علاج میں | ۱۲۹ |
| گردہ کا علاج | ۱۳۰ |
| طحال کے علاج میں | // |
| طحال کا علاج کتابت سے | ۱۳۱ |
| وجع القلب و خفقان کے بیان میں | ۱۳۲ |
| دل کا علاج کتابت اور عزیمت کے علاج میں | ۱۳۳ |
| وجع المعدہ کے علاج میں | // |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| فواق یعنی ہچکی کا علاج | ۱۳۵ |
| جونک کے حلق میں چلے جانے کا علاج | // |
| دیدان (پیٹ کے کیڑے مثل کدو دانہ، | ۱۳۶ |
| چنونے، ملہپ) کے علاج میں | // |
| استسقا کے علاج میں | ۱۳۷ |
| سعال یعنی کھانسی کے علاج میں | ۱۳۸ |
| اس کھانسی کا علاج جس میں خون کی آمیزش ہو | ۱۳۹ |
| فصد و حجامت کے علاج میں | ۱۴۰ |
| رنج و غم کے علاج میں | ۱۴۱ |
| حمیات (بخاروں) کے علاج میں | ۱۴۲ |
| طوارق حمیات (بخاروں) کے حملے کا علاج | ۱۴۳ |
| حرارت غریبہ کے بجھانے میں جو حالت مرض میں بھڑک اٹھتی ہے۔ | ۱۴۸ |
| عطش مفرط یعنی بے حد پیاس اور معدہ کی | // |
| سوزش بجھانے کا علاج بھوک وپیاس کا علاج | // |
| بخار کا علاج بذریعہ ادعیہ و تعویذات | ۱۴۹ |
| حمی باردہ کا علاج کتابت سے | ۱۵۲ |
| حمی حادہ کے علاج میں | // |
| عشق اور محبت کے فراموش کرنے کے علاج میں | ۱۵۳ |
| مربوط (یعنی سست نامرد جسکی منی باندھی | ۱۵۵ |
| گئی ہو) کا علاج ادویہ سے | |
| مربوط کا علاج کتابت وعزیمت سے | ۱۵۶ |
| شہوت بستہ کا علاج ادویہ سے | ۱۵۷ |
| معقود کا سحر باطل کرنے میں | ۱۵۸ |
| تقویت باہ (جس سے جماع کی طاقت بڑھے) کے بیان میں | ۱۶۱ |
| عورت کی شہوت بستہ کرنے میں تاکہ اس پر کوئی قادر نہ ہو سکے۔ | ۱۶۶ |
| لذت جماع کے بیان میں | ۱۶۸ |
| عورت کی شہوت تیز اور کم کرنے کے بیان میں | ۱۶۹ |
| عضو خاص کی کمزوری کا علاج | // |
| فرج باردو سیلان رحم، ضیق و بدبو زائل کرنے کے بیان میں | ۱۷۰ |
| نابالغ لڑکی کے بالغ کرنے اور اس کے رحم سے خون جاری کرنے کے بیان میں | ۱۷۱ |
| ثیب کے بکر بنانے میں یعنی وطی کردہ شدہ عورت کو کنواری کی مانند کردینا۔ | // |
| سلس البول کے علاج میں | ۱۷۲ |
| تقطیر البول و حرقت البول کا علاج | // |
| تنگی بول کے علاج میں | ۱۷۳ |
| سنگریزہ وریگ مثانہ کے علاج میں | ۱۷۴ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| اس شخص کا علاج جو خون اور پیپ کا بول کرتا ہو۔ | ١٧٥ |
| خروجِ مقعد (کانچ نکلنا) کے بیان میں | " |
| وجع خصیتین (درد خصیہ) کے علاج میں | ١٧٦ |
| ذکر و فرج کے درد و زخم کے علاج میں | " |
| بواسیر کے علاج میں۔ | ١٧٧ |
| عرق النساء (رینگن داؤ) کے علاج میں | ١٧٨ |
| فالج (اورنگ) کے علاج میں | ١٨٠ |
| برص کے علاج میں | " |
| جذام کے علاج میں | ١٨٢ |
| جنون و وسواس کے علاج میں | ١٨٣ |
| احتلام کے دفع کرنے میں | " |
| ملعونہ یعنی آکلہ گوشت خورہ کے علاج میں | ١٨٤ |
| بہت جننے والی عورت کے بیان میں | " |
| اس بات کے معلوم کرنے میں کہ عورت حاملہ ہے یا نہیں۔ | ١٨٥ |
| حمل نہ ہونے کے علاج میں یعنی حمل ٹھہرانے کے علاج میں | ١٨٦ |
| جنین راقد یعنی وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں سویا ہوا اس کے بیدار کرنے کے علاج میں | ١٨٩ |
| جنین وشمیہ یعنی جھلی کے ساقط کرنے کے بیان میں | ١٩١ |
| جنین کی حفاظت میں | ١٩٢ |
| عسر نفاس یعنی تنگی ولادت کے علاج میں | ١٩٣ |
| درد رحم کے علاج میں | ١٩٦ |
| حیض جاری کرنے کے بیان میں | " |
| کثرت طمث کا علاج یعنی حیض کے خون کی کثرت کو روکنے کے علاج میں | ١٩٧ |
| کثرت طمث کا علاج کتابت و تعویذ سے | ١٩٧ |
| اس شخص کے علاج میں جس کو دیوانہ کتا کاٹ گیا ہو۔ | ١٩٩ |
| سگ گزیدہ کا علاج منتر سے | ٢٠٠ |
| سموم یعنی زہر خوردہ کا علاج | ٢٠٠ |
| افعی (سانپ) بچھو وغیرہ موذی حشرات الارض کے ڈنگ مارنے کے علاج میں | ٢٠١ |
| مچھروں، گبریلوں، مکڑیوں، سانپوں، پسوؤں وغیرہ موذی جانور گھروں سے نکالنے کے بیان میں | ٢٠٤ |
| مکھیوں کو گھر سے نکالنا | ٢٠٥ |
| مچھروں کو بھگانا | " |
| چھپکلی سے ہانکنے کا علاج | " |
| مکھیوں کا بھگانا | ٢٠٦ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| چوہوں سے قتل کرنے کی تدبیر | ۲۰۶ |
| بچھوؤں سے ہانکنے میں | ״ |
| جب یعنی مرد وعورت کی باہمی محبت یا کسی عورت کو اپنی طرف مائل کرنے کے بیان میں | ״ |
| اسرار عجیبہ | ۲۰۷ |
| مرد وعورت کی غیرت ودشمنی کو رفع کرنے کے بیان میں | ۲۰۸ |
| سوئے ہوئے سے باتیں کرانے کے بیان میں | ۲۰۹ |
| کتے کی زبان بند کرنے کے بیان میں | ۲۱۱ |
| چوری دریافت کرنے کے بیان میں | ۲۱۲ |
| گھی، مکھن، شہد، سرکہ بنانے میں | ۲۱۵ |
| مصروع (مرگی والا) کے علاج میں | ۲۱۸ |
| آسیب یعنی جن کی تکلیف سے بے ہوش ہو جانے والے کا علاج کتابت سے | ״ |
| صحیح سالم شخص کو بھید معلوم کرنے کے لیے بے ہوش کرنا۔ | ۲۲۵ |
| عقاقیر ادویہ کے ساتھ جنوں کا جلانا | ۲۲۶ |
| صرع کا علاج آیات وادعیہ کے ساتھ | ۲۲۸ |
| تابع یعنی ام الصبیان کے علاج اور اس گفتگو کے بیان میں جو اس موذیہ اور سلیمان علیہ السلام کے مابین واقع ہوئی | ۲۳۳ |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| عہد سلیمان علیہ السلام کے بیان میں | ۲۳۶ |
| ام الصبیان کے بیان میں | ۲۴۰ |
| چھوٹے بچوں کے امراض کے بیان میں | ۲۴۶ |
| بچے کی قے کے واسطے۔ | ۲۴۹ |
| بچوں کی ڈائن کا علاج | ״ |
| بچے کی ہچکی کے واسطے | ۲۵۰ |
| نیند میں ڈرنے کے واسطے | ״ |
| چشم بد کے واسطے | ۲۵۲ |
| اس بچے کے لیے جو چارپائی پر بول کر دے۔ | ״ |
| اس بچے کے لیے جو مٹی کھاتا ہو | ״ |
| عورت کا دودھ زیادہ کرنے کے واسطے | ״ |
| بچے کا دودھ چھڑانے کے واسطے | ״ |
| بچے کے رونے کا علاج | ۲۵۳ |
| غضب وغصہ دور کرنے کے واسطے | ۲۵۴ |
| ٹڈی ومینڈک وغیرہ موذیوں سے کھیت کی حفاظت | ۲۵۵ |
| بکریوں کی چیچک کے دفعیہ میں | ״ |
| بکریوں کے پاؤں میں جو پھوڑا نکل آتا ہے اس کا علاج | ״ |
| کھیتی وباغ سے بھیڑیے وخنزیر وغیرہ موذی جانور کے ہانکنے کے واسطے۔ | ״ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| درخت سے چیونٹی قطع کرنے کے واسطے | ۲۵۷ |
| درختوں و کھیتوں کی برکت کے لیے پھل | ،، |
| اس گائے کی وحشت دور کرنے کے لیے جو اپنے بچے سے نفرت کرے۔ | ۲۵۸ |
| درخت کی جڑ سے چیونٹیاں دور کرنے کیلئے | ،، |
| کھیتی سے ٹڈی دور کرنے کے لیے | ،، |
| جونک کے دور کرنے کے لیے | ،، |
| اس درد کے دور کرنے کیلئے جو بہائم کے پاؤں میں ہو جایا کرتی ہے۔ | ۲۵۹ |
| چیونٹیوں کے دور کرنے کے لیے | ،، |
| زمین سے کیڑوں کو بھگانے کے لیے | ،، |
| اس حیوان و انسان کے لیے جس کا بچہ گر جاتا ہو | ،، |
| بکریوں کو شیر یا بھیڑیئے سے بچانے کے لیے | ،، |
| کبوتروں کو مکان سے ہانکنے کے بیان میں | ۲۶۰ |
| پرندوں اور مچھلیوں کے شکار کرنے میں | ،، |
| سنہری سیاہی بنانے کے بیان میں | ۲۶۱ |
| کالی سیاہی بنانے کے بیان میں | ،، |
| سرخ و سبز و نیلی سیاہی بنانے کے بیان میں | ۲۶۳ |
| لبس بنانے کے بیان میں | ،، |
| زنگار بنانے کے بیان میں | ۲۶۴ |
| زرد و سیاہ رھوڑی تیار کرنے اور عقیق و | ۲۶۵ |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| جوہر بنانے کے بیان میں | |
| بقول و حبوب و معادن سے تیل نکالنے کے بیان میں۔ | ۲۶۷ |
| ایسی دوا جو پانی پر جلے اور ایسا پانی بنانا جو کپڑے کو جلنے سے بچائے۔ | ۲۶۹ |
| ایسے لفظ بنانا جن میں نقطہ نہ ہو | ۲۷۰ |
| ایسی آگ بنانا جو پانی پر شعلہ رہے | ،، |
| شنگرف بنانے کی ترکیب | ،، |
| اودریہ یعنی ایسی دوا بنانا جس سے بدنِ انسان پر جو چاہیں لکھ لیں۔ | ۲۷۱ ،، |
| لوہے کو فولاد ہندی بنانے کے بیان میں | ،، |
| کلک و صابون سازی بنانے کے بیان میں | ۲۷۱ |
| نوشادر، صبر، سفیدہ بنانے کی ترکیب | ۲۷۳ |
| نقصانِ حفظ و فہم کے علاج میں | ۲۷۴ |
| طعام وغیرہ اشیا میں برکت ڈالنا | ۲۸۰ |
| مسائل متفرقہ کے بیان میں | ۲۸۲ |
| فائدہ دعائے مستجاب | ۲۸۳ |
| ہر ایک خوف و خطر سے بچنے کے لیے | ۲۸۴ |
| دشمنوں کو بھگانے کے لیے | ۲۸۵ |
| جن وغیرہ موذی دشمنوں سے حفاظت کیواسطے | ،، |
| عورت کو محبت میں پھنسانے کے لیے | ۲۸۶ |
| حفاظت کے واسطے۔ | |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| ناقص وغیر مروج سکہ یا چیز کو رواج دینا | ۲۸۷ |
| زوج وزوجہ کے مابین صلح ومحبت کے واسطے۔ | ۲۸۸ |
| چمڑا رنگنے کے بیان میں | ۲۸۹ |
| چند مفید شربتوں کے بیان میں | ۲۹۰ |
| شربت بنفشہ بنانا | " |
| شربت ہند بالغی کاسنی | " |
| شربت نعناع کی ترکیب | ۲۹۱ |
| معاجین نافعہ کے بیان میں | " |
| معجون نعناع | " |
| حلوی الحکما کی ترکیب | ۲۹۲ |
| معجون جالینوس | ۲۹۳ |
| معجون مسمن یعنی فربہ کرنے والی معجون | " |
| دواءالکبریت | " |
| معجون حلیتیف | " |
| معجون ملح ہندی | ۲۹۴ |
| معجون فیروز نوش | " |
| معجون پودینہ | " |
| معجون برشعثا | " |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## دیباچہ از طرف مصنف

عالم علامہ امام شیخ جلال الدین سیوطی نے کہا ہے کہ میں نے اس کتاب کو ابو طبیب اور دیگر بزرگوں کی کلام اور مختلف کتابوں سے منتخب کیا ہے اور اس سے پہلے کہ نفس مضمون کو شروع کیا جاوے اللہ تعالیٰ کی تعریف ضروری ہے۔ جس نے عدم سے موجودات اور موجودات سے کائنات کو پیدا کیا اور اپنی حکمتِ کاملہ اور صنعتِ بالغہ سے کائنات کے طبائع میں تاثیر اور تاثیر کی خاصیت ودیعت کی اور اجسام مرکبات کو چار مختلف طبائع پر پیدا کیا۔ اور ہر ایک کے نفع اور نقصان اور فائدہ اور زیان کا اندازہ لگایا۔ اور ہمارے آقا اور سید اور مولا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حرکات و سکنات کے اندازہ سے درود و سلام ہو۔ اس کے بعد جاننا چاہیئے کہ یہ مختصر کتاب علم طب کے بیان میں ہے جس کے اغراض کو میں نے جامع ومانع بنا دیا ہے تا کہ اس کی شستگی اور جامعیت سے شائقین کے دل بشاش ہوں اور آنکھیں تر و تازہ۔ اور طالب کے لیے اس کا پڑھنا اور یاد رکھنا آسان ہو۔ میں نے اپنے خیال میں کامل غور اور فکر کے بعد اس کے اصول اور فروع کو کدورت سے صاف کر دیا ہے اور اس کا نام کتاب الرحمۃ فی الطب والحکمۃ رکھا ہے اور اس کے بنانے سے محض اللہ تعالیٰ کی رضامندی مقصود ہے میں نے اس کتاب کو ۱۹۵ باب پر تقسیم کیا ہے۔

## پہلا باب علم طب کے بیان میں

یہ باب تمام ابواب سے مہتم بالشان ہے۔ کیوں کہ جو شخص علم طبی میں ماہر ہو جاتا ہے اس پر معدنیات اور نباتات کا علم اور ترکیب اور منافع اور مضار آسانی سے منکشف ہو جاتے ہیں اب جاننا چاہیئے کہ سب سے پہلے جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے وہ حرارت کی

Marfat.com

طبیعت ہے اور اس کا اصل حرکت کو نیہ، جس کا دوسرا نام اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے اور وہ (قدرت) تمام اشیاء متحرک کی علت العلل ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے برودت کی طبیعت کو پیدا کیا اور اس کا اصل سکون کونی سے ہے۔ جس کا دوسرا نام اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے۔ اور وہ (قدرت) تمام اشیاء ساکنہ کی علت العلل ہے۔ پس یہ دو سب سے اوّل چیزیں ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۔۔۔ (ترجمہ) ہم نے ہر چیز سے جوڑا بنایا تاکہ تم نصیحت پکڑو۔ پھر گرم سرد پر متحرک ہوا۔ اور آپس میں مل گئے۔ پس حرارت سے یبوست پیدا ہوئی اور برودت سے، رطوبت، پس ایک روحانی (بسیط) جسم میں چار الگ الگ طبیعتیں پیدا ہوگئیں۔ اور یہی پہلی بسیط مزاج ہے۔ پھر حرارت رطوبت کو لے کر اڑی۔ تو اس سے اللہ تعالیٰ نے حیات اور اعلیٰ افلاک کی طبیعت پیدا کی۔ اور برودت یبوست کے ساتھ نیچے کی طرف اتری تو اس سے موت اور اسفل افلاک کی طبیعت پیدا ہوئی۔ پھر اجسام کو ان ارواح کی ضرورت پڑی جو ان سے مصعد ہوئے تھے اللہ تعالیٰ نے دوسرے دورہ میں فلک اعلیٰ کو بنایا تو حرارت برودت کے ساتھ اور رطوبت یبوست کے ساتھ مل گئی اور اس سے اربعہ عناصر پیدا ہوئے کیونکہ حرارت کی مزاج یبوست کے ساتھ مل جانے سے عنصر نار پیدا ہوا اور حرارت کی مزاج رطوبت کے ساتھ مل جانے سے عنصر ہوا پیدا ہوا اور برودت کی مزاج کے رطوبت کے ساتھ مل جانے سے عنصر ماء (پانی) پیدا ہوا۔ اور یبوست کی مزاج کے برودت کے ساتھ مل جانے سے عنصر ارضی (مٹی) پیدا ہوا۔ پس یہ تمام مخلوقات کی مزاج ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس سے عالم علویہ پیدا کیا اور معدنیات کو مرکب کیا۔ پس یہ موالید ثلاثہ کا پہلا مرکب ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے تیسرے دورہ میں فلک اعلیٰ سے اسفل تک بنایا اور اس سے نباتات اور حیوانات بہیمی (چار پائے) بنائے، پھر اللہ تعالیٰ نے چوتھے دورہ میں فلک اعلیٰ سے نہایت اسفل تک بنایا اور اس سے حیوان ناطق یعنی انسان پیدا ہوا اور یہ سب مرکبات سے ترکیب میں آخر و احسن اور اکمل ہے اور اس علم طبعی سے جس کے نیچے ہم گئے ہوئے ہیں۔ ہمارا مقصود بالذات یہی حضرت انسان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو چار چیزوں، پانی، مٹی، آگ اور ہوا سے پیدا کیا ہے۔ لیکن جب پانی کا حصہ زیادہ ہوجاتا ہے تو انسان حافظ، اور عالم اور

Marfat.com

فقیہ اور شریف ہو جاتا ہے اور جب مٹی کا حصہ بڑھ جاتا ہے۔ تو خونریز، خبیث، بخیل ہو جاتا ہے اور جب آگ کے اجزاء بڑھ جاتے ہیں تو ظالم اور بہادر بن جاتا ہے اور جب ہوا کا حصہ بڑھ جاتا ہے تو کذاب بن جاتا ہے۔

## فصل در بیان اخلاطِ اربعہ

پہلی خلط صفرا ہے۔ اور وہ گرم خشک ہے اور وہ عنصر نار طبعی سے پیدا ہوتی ہے اور وہ انسان کے جسم میں مرارہ (پتہ کی تھیلی) میں رہتا ہے اور دوسری خلط خون ہے۔ اور گرم تر ہے۔ اس کی اصل عنصر ہوا طبعی ہے۔ اور اس کا مسکن انسان کا جگر ہے۔ تیسری خلط بلغم ہے اور وہ سرد تر ہے اور اس کا اصل عنصر ما طبعی ہے اور اس کا مسکن انسان کا پھیپھڑہ ہے۔ چوتھی خلط سودا ہے اور وہ سرد خشک ہے اور اس کا اصل عنصر ارضی طبعی ہے اور اس کا مسکن انسان کے جسم میں طحال ہے اور انہی اخلاط سے بدن کا قوام ہے اور انہی سے اس کی خرابی ہے۔

## فصل مزاجوں کے بیان میں

جاننا چاہیئے کہ ابدان میں مزاجِ طبعی معتدل واقع نہیں ہوا۔ بلکہ بعض اجزاء گرمی میں کم و بیش ہوتے ہیں اور بعض برودت میں۔ اور بعض رطوبت میں اور بعض یبوست میں۔ پہلی مزاج صفراوی ہے اور یہ وہ ہوتی ہے۔ جس میں گرمی اور خشکی زیادہ ہوتی ہے اور رطوبت اور برودت کم ہوتی ہے اور صفراوی کی علامت تمام احوال اور حرکات ہیں۔ تیزی اور جوانمردی اور بہادری اور غلبہ اور فہم کی تیزی اور جسم کی لاغری اور نیند کی کمی ہوتی ہے۔ اور جب اس مزاج میں حرارت بہ نسبت یبوست کے زیادہ ہوتی ہے۔ تو اس کا رنگ سرخ ہوتا ہے اور جب یبوست حرارت سے زیادہ ہوتی ہے تو رنگ گندم گون مائل بہ سرخی ہوتا ہے اور جب دونوں مساوی ہوتے ہیں تو زرد رنگ ہوتا ہے دوسری مزاج دموی ہے اور یہ وہ ہے جس میں حرارت رطوبت کے ساتھ زیادہ ہوتی ہے اور برودت اور یبوست کم ہوتی ہے۔ اور اس کی علامت یہ ہے کہ اس مزاج کے آدمی کا بدن موٹا گوشت زیادہ، خون زیادہ۔ خوش و

Marfat.com

خرم، نیک اخلاق، اور متوسط الفہم ہوتا ہے۔ اور جب حرارت رطوبت سے زیادہ ہوتی ہے تو رنگ زرد ہوتا ہے اور جب رطوبت حرارت سے زیادہ ہوتی ہے تو سفید رنگ مائل بہ سرخی ہوتا ہے اور جب مساوی ہوتے ہیں۔ تو اشقر (رنگ درمیان سفیدی اور سرخی) ہوتا ہے۔ تیسری مزاج بلغمی ہے اور یہ وہ ہے جس میں برودت اور رطوبت زیادہ ہوتی ہے۔ اور حرارت اور یبوست کم ہوتی ہے۔ اور اس قسم کا آدمی بھی موٹا، چربی دار۔ زیادہ رطوبت والا۔ بہت سونے والا سست، سست رفتار۔ کند ذہن، بہت بولنے والا ہوتا ہے۔ اور کسی خبر کو جلدی سے نہیں سمجھ سکتا۔ اور جب اس حالت میں برودت بہ نسبت رطوبت کے زیادہ ہو۔ تو رنگ سفید ہوتا ہے۔ اور جب رطوبت برودت سے زیادہ ہو۔ تو اس کی سفیدی برص کے قریب قریب ہوتی ہے۔ اور جب دونوں مساوی ہوں تو رصاصی اللون (قلعی کا رنگ) ہوتا ہے۔ چوتھی مزاج سوداوی ہے اور یہ وہ ہے جس میں برودت اور یبوست زیادہ ہوتی ہے۔ اور حرارت اور رطوبت کم اور اس قسم کا آدمی لاغر جسم، دبلا بدن۔ کم سونے والا ہوتا ہے۔ اور جماع کے بغیر صبر نہیں کر سکتا اور جب اس میں برودت یبوست سے زیادہ ہوتی ہے۔ تو رنگ اکمد (خاکستری) ہوتا ہے۔ اور جب یبوست برودت سے زیادہ ہوتی ہے تو جسم کا رنگ اغبر (غبارناک) ہوتا ہے اور جب دونوں مساوی ہوتے ہیں۔ تو جسم کا رنگ رصاصی ہوتا ہے۔ پانچویں مزاج وہ ہے جو کہ طبیعت کے اعتدال میں معتدل ہے۔ اور اس کی علامت یہ ہے کہ اس مزاج کا آدمی ذکی الفہم معتدل الاعضاء متوسط الحالات تیزی اور سستی میں درمیانہ بہادری اور بزدلی میں میانہ اخلاق میں متوسط اور تمام امور میں متوسط الہیئت ہوتا ہے۔

## فصل غذا کے بیان میں جو بدن انسان میں تصرف کرنیوالی ہے

جاننا چاہیئے کہ بدن کا قوام اور جسم میں روح کا ثبات غذا کے ذریعہ سے ہے اور اسی سے بدن کی اصلاح (بہتری) اور خرابی ہوتی ہے۔ اور یہ فصل نہایت مہتم بالشان ہے جس کے جاننے سے کسی عقلمند کو مستغنی (بے پرواہ) نہ رہنا چاہیئے۔ اور یہ اس طرح پر ہے کہ غذا جب ہضم ہو جاتی ہے اور تمام آلاتِ ہضم میں تصرف کرتی ہے تو طبیعت بیدار ہوتی ہے۔ اور کھانے

Marfat.com

کا تقاضا کرتی ہے اور اس کا نام بھوک ہے۔ پھر جب طبیعت کو غذا کا مادہ نہیں ملتا تو اصل رطوبتوں کے کھانے کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے۔ اور جب رطوبت اصلیہ فنا ہو جاتی ہے تو حرارت غریزیہ منطفی (بجھ جاتی ہے) ہو جاتی ہے اور ہلاکت کا باعث بنتی ہے۔ اور اگر غذا کا مادہ حاصل ہوتا رہے تو انسان کے قائم رکھنے والے مادے قائم رہتے ہیں۔ جس سے طبیعت اپنے فعل پر قادر رہتی ہے۔ اور مادہ غذا کو انسان کی زبان جس کو اللہ تعالیٰ نے معرفت طعام اور ترجمان الکلام بنایا ہے۔ اس کو دائیں بائیں الٹتی رہتی ہے تاکہ دانت اس کو پیستے رہیں۔ اگر غذا یابس ہوتی ہے۔ تو اس کے تر کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے زبان کے نیچے دو نہریں پیدا کر دی ہیں جس سے اس کو رطوبت پہنچتی رہتی ہے۔ پھر جب زبان کی اس حرکت سے غذا بخوبی خلط ملط ہو جاتی ہے۔ تو طبیعت اس کو مری کی طرف دھکیل دیتی ہے اور یہ مری معدہ کا اوپر کا حصہ ہے۔ معدہ قارورہ کی طرح (قارورہ وہ شیشی ہوتی ہے جس کی شکل کدو کی سی ہوتی ہے) مخلوق ہے۔ اس کے لیے گردن اور پیٹ ہے۔ جب غذا آہستہ آہستہ معدہ کے جوف میں اترتی ہے۔ اور معدہ اس سے بھر جاتا ہے۔ تو اسے سیری کہتے ہیں۔ اور معدہ کے اسفل (نیچے) میں ایک وسیع سوراخ ہے۔ جو سیر ہونے کے وقت بند ہو جاتا ہے اور حرارت غریزیہ زیادہ ہو جاتی ہے۔ جس کے ذریعہ سے غذا تحلیل ہوتی ہے اور رطوبت اصلیہ کے واسطے سے لطیف ہوتی ہے۔ پھر جب غذا ہضم ہوتی ہے تو اس سوراخ سے تھوڑی تھوڑی انتڑیوں کی طرف اترتی ہے۔ اور جب معدہ میں رطوبت کم ہوتی ہے تو طعام اس میں خشک رہ جاتی ہے اور حرارت بڑھ جاتی ہے۔ جس سے رطوبت میں جوش پیدا ہوتا ہے۔ اور پانی کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ اس کا نام پیاس ہے۔ اگر پانی کا مادہ حاصل نہ ہو تو حرارت تمام رطوباتِ اصلیہ کو خشک کر دیتی ہے۔ اور ہلاکت کا ذریعہ بنتی ہے۔ اور اگر پانی کا مادہ حاصل ہو جائے۔ تو طبیعت رطوبت کے ذریعہ سے عمل کرتی ہے۔ اور باقی طعام امعاء کی طرف چلا جاتا ہے اور یہ انتڑیاں معدہ کے نیچے بائیں طرف واقعہ ہیں۔ پھر طبیعت اس مادہ غذا کو دوبارہ امعاء میں پکاتی اور اس حالت میں وہ مادہ ایک لطیف سفید رنگ کا پانی ہو جاتا ہے۔ پھر اس کو طبیعت انتڑیوں کی نالیوں کے ذریعہ سے جگر کی طرف دفع کرتی ہے۔ اور جگر دل کے نیچے اس

Marfat.com

کی دائیں طرف ایک قسم کا سرخ رنگ کا گوشت ہوتا ہے۔ پھر اس مادہ لطیفہ کو جگر کی طبیعت اچھی طرح پکاتی ہے۔ اور وہ سرخ رنگ کا خون بن جاتا ہے۔ جس کی چار قسمیں ہوتی ہیں، پہلی قسم ایک قسم کی صفراوی جھاگ ہوتی ہے۔ جس کی جگہ مرارہ ہوتی ہے اور یہ ایک قسم کی تھیلی ہے جو جگر اور معدے کے درمیان حائل ہے۔ اس کا منہ جگر کے ساتھ ملا ہوا ہے جس سے وہ صفراوی جھاگ کو چوستا رہتا ہے اور اس کو ضرورت کے وقت معدے کی طرف دھکیلتا رہتا ہے اور معدے کے ہضم بکثرت حرارت سے مدد دیتا ہے۔ دوسرا حصّہ فضلہ سوداویہ ہے اور یہ خون کی تلچھٹ ہے جس کے رہنے کی جگہ طحال ہے اور اس کے تین منہ ہیں۔ ایک تو جگر کی طرف جس سے اس کے فضلات رویہ کو چوستی رہتی ہے اور کچھ اس میں سے معدے کی طرف دفع کرتی رہتی ہے۔ دوسرا منہ وہ ہے۔ جو معدے کی طرف کھلا ہوا ہے اور اس کا فائدہ یہ ہے کہ تلی اپنی ترشی اور قبض کے سبب معدے کے ہضم کو بڑھاتی ہے اور طاقت دیتی ہے۔ تیسرا منہ انتڑیوں کے ساتھ ملا ہوا ہے جس کے ذریعہ سے باقی فضلات ان میں آگرتا ہے اور پاخانے کے ساتھ وضع ہو جاتا ہے۔ تیسری قسم فضلہ مایہ لیسدار سفید رنگ ہے۔ جس کے رہنے کی جگہ گردے ہیں۔ جس کو گردے جگر سے چوستے رہتے ہیں۔ اور اُس سے گردے کی چربی اور گوشت کا مادہ بنتا ہے۔ اور جو کچھ گردے کی خوراک سے باقی رہ جاتا ہے وہ مثانے کی طرف اتر جاتا ہے اور طبیعت اس کو دفع کرتی ہے اور اس کا نام بول ہے۔ چوتھی قسم غذا خالص ہے جو ان فضلاتِ رویہ سے پاک وصاف ہو جاتی ہے اس کو تمام جسم میں پھیلانے کے لیے جگر کے محدب حصے میں یعنی اس کے اوپر کے حصے میں ایک بڑا سوراخ ہے جو کہ خالص غذاء کو جگر سے تھوڑا تھوڑا چوستا رہتا ہے۔ پھر اس کو دو رگوں میں تقسیم کر دیتا ہے۔ جن میں سے ایک اعلیٰ بدن کی طرف چڑھتی ہے۔ اور اس سے بہت سی رگیں چھوٹی چھوٹی اور بڑی بڑی پھوٹتی ہیں اور ہر ایک ان میں سے اپنی اپنی ضرورت کے مطابق اپنا حصہ لے لیتی ہے اور یہی خون اور گوشت کا مادہ بنتا ہے اور اسی سے بدن کا قوام اور روح کا ثبات زندگی تک رہتا ہے۔ پس اگر غذاء معتدل اور عمدہ ہو تو اس سے صحت حاصل ہوتی ہے اور طبیعت اس سے اچھے بخارات کو دل کی طرف لے جاتی ہے۔ پھر وہ بخارات دماغ کی طرف چڑھتے ہیں۔ جس

Marfat.com

سے بدن ہمیشہ صحیح و سالم رہتا ہے ۔ اور اگر بعض اخلاط بعض پر غالب ہو جائیں ۔ تو مرض کا مادہ پیدا ہو جاتا ہے ۔

## خلط صفراء کی زیادتی

جب انسان اغذیہ صفراویہ گرم خشک مثل شہد ۔ لسن ۔ گوشت وغیرہ کے بکثرت کھاتا ہے تو طبیعت معدہ سے دماغ کی طرف بخارات صفراویہ غیر معتدلہ کو اٹھاتی ہے ۔ اور اس سے سر کا درد اور شقیقہ اور نیند کی کمی رگوں کا سکڑنا ۔ اور لمس کی گرمی محسوس ہوتی ہے ۔ پس اگر انسان کنپٹیوں کو ملنے اور سرد تر اشیاء کے کھانے اور گرم خشک اشیاء کے پرہیز کرنے سے طبیعت کو اعتدال پر لادے ۔ تو جلدی آرام ہو جاتا ہے ۔ اور اگر سستی کرے اور مادہ زیادہ پیدا ہو جاوے تو اس سے امراض خطرناک مثل حمرہ اور یرقان اصفر اور سخت اورام اور حمے غب پیدا ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے ۔ اگر سستی سے امراض میں سے کوئی پیدا ہو جائے تو اس وقت ان ادویہ کی ضرورت پڑتی ہے جو صفراء کو نکالنے والی ہوں جن کا ذکر آئندہ کیا جاوے گا ۔

## خون کی زیادتی

جب انسان خون بڑھانے والی چیزیں مثل اشیاء چرب دار ۔ حلوا ۔ وغیرہ گرم تر چیزوں کی کثرت کرتا ہے تو طبیعت خون کی کثرت سے بدن میں بھڑک اٹھتی ہے اور اس سے دماغ کی طرف گرم تر بخارات صعود کرتے ہیں اور اس سے سر درد اور رگوں کا پھیلنا اور گرمی کا جوش اور بدن کا ٹوٹنا اور حواس کی کندی پیدا ہوتی ہے ۔ اگر یہ عوارض کنپٹیوں کے ضماد اور سرکہ اور ترش انار کے کھانے پینے اور قابض ترش اشیاء کے کھانے سے دفع کئے جائیں تو طبیعت اعتدال کی طرف راجع ہو جاتی ہے ۔ اور اگر سستی کی جاوے اور اشیاء گرم تر کثرت سے استعمال کی جاویں تو بڑے خطرناک امراض مثل جوش خون اور آنکھوں کی سرخی اور آشوب چشم اور پھوڑے پھنسی اور نرم اورام پیدا ہو جاتے ہیں اور اس وقت فصد و حجامت وغیرہ خون نکالنے کی ضرورت پڑتی ہے ۔

Marfat.com

# بلغم کی زیادتی

جب انسان بلغم افزا اشیاء مثل دودھ۔ ترمیوے اور ہر ایک سرد تر چیز کھانے کی کثرت کرتا ہے تو طبیعت سرد تر بخارات کو دماغ کی طرف اٹھاتی ہے اور اس سے جسم میں سستی اعضاء شکنی اور حواس کا بھاری ہونا پیدا ہو جاتا ہے۔ جس سے امراض بلغمی پیدا ہوتے ہے۔ اگر ان عوارض کو شہد، زنجبیل، فلفل۔ اور ہر ایک گرم خشک چیز سے اعتدال پہ لایا جاوے۔ تو بدن میں صحت پیدا ہو جاتی ہے۔ ورنہ یہ خلط زیادہ ہو جاتی ہے۔ اور امراض مزمنہ (دیر سے اچھا ہونے والی) مثل برص، فالج، سکتہ، حمی مطبقہ وغیرہ پیدا ہو جاتے ہیں۔ پھر معدہ کی حرارت عظیم سے دماغ اور تمام بدن کی طرف اس کا برا اثر پھیلنا شروع ہوتا ہے جن کا نتیجہ یا خلاصی ہوتی ہے۔ یا ہلاکت اور اکثر اسی غفلت سے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ پس انسان کو چاہیئے کہ جہاں بلغمی مرض پیدا ہو۔ تو بلغم نکالنے والی ادویہ کا استعمال کرے جنکو ہم آئندہ بیان کریں گے۔

# خلط سودا کی زیادتی

جب انسان سودا بڑھانے والی اغذیہ مثل، مسور، گائے کا گوشت، بینگن وغیرہ سرد خشک کثرت سے استعمال کرتا ہے تو امراض سوداویہ اس پر غلبہ کرتے ہیں۔ اور بدن میں سستی اور پیاس کی کثرت اور نیند کی کمی پیدا ہوتی ہے۔ اس حالت میں ماءالعسل سے طبیعت کو معتدل کرنا چاہیئے۔ جس کی ترکیب یہ ہے کہ شہد سے اس کی جھاگ دور کی جاوے۔ اور ہر آدھ سیر میں ایک درم زنجبیل، اور ایک درم فلفل اور ایک درم مصطگی کوٹ کر ملادی جاوے۔ اور گائے کے دودھ سے جس میں میٹھا پڑا ہوا ہو پیا جاوے۔ اگر عوارض سوداویہ سے سستی کی جاوے تو اس سے امراضِ خطرناک مزمنہ عسیرۃ البرء، مثل جذام۔ خارش، فالج، سکتہ، دق، سل، حمی۔ ربع وغیرہ پیدا ہو جاتے ہیں تو اس حالت میں ادویہ دافع سودا کا استعمال کیا جاوے۔ جس کا ذکر ہم آئندہ کریں گے۔

Marfat.com

# شرائطِ طبیب

طبیب ماہر وحکیم حاذق کا یہ فرض نہیں ہے۔ کہ بیمار کو ضرور ہی اچھا کردے چہ جائیکہ اس کی عمر کو بڑھا سکے۔ لیکن بیماری کے تمام حالات کو غور سے دیکھنا اور مریض کے عادات وحالات پر غور کرنا اس کا فرضِ عین ہے۔ جب مرض کا سبب یقینی طور سے معلوم ہو جاتے تو علاج شروع کرے۔ اور اپنی طرف سے کوئی کوتاہی نہ کرے اگرچہ آرام وعافیت اللہ تعالیٰ کے ارادہ پر موقوف ہے اور اگر سبب مرض مریض پر غالب آچکا ہے۔ اور ہلاکت کا وجود کئی وجوہ سے کافی معلوم ہوتا ہو تو اس کے علاج سے دست بردار ہو جاوے اور ہلاکت کے بڑے اسباب تین ہوتے ہیں۔ ایک سبب اتفاقی ناگہانی جیسے قتل یا مکان کا گر پڑنا۔ یا جل جانا یا ڈوب جانا وغیرہ اور اس وقت ہلاکت کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ روح ایسے واقعہ کے وقت سارے کا سارا دل کی طرف جمع ہو جاتا ہے۔ اور پھر اس سے دفعتاً نکلنا چاہتا ہے۔ جو ہلاکت کا باعث ہوتا ہے۔

**دوسرا سبب** اخلاط اربعہ کی زیادتی ہوتی ہے۔ اور یہ اس طرح پر ہوتا ہے کہ جب کوئی خلط اپنی ضد پر غالب آجاتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارادہ بھی اس کے ہلاک کرنے کا ہوتا ہے۔ تو رطوبتِ اصلیہ فنا ہو جاتی ہے اور حرارتِ عزیزیہ منطفی ہو جاتی ہے۔ یہاں تک کہ تکلیف بدرجہ کمال پہنچ جاتی ہے۔ اور روح جسم سے نکل جاتی ہے۔

**تیسرا سبب** موت طبعی ہے جس کے معنے یہ ہیں کہ انسان کے احوال اربعہ منقضی ہو جاتے ہیں بچپن میں انسان کی طبیعت گرم تر ہوتی ہے۔ جو بلوغت تک بڑھتی رہتی ہے۔ اور یہ بلوغت پندرہ سال سے شروع ہو کر بیس پر ختم ہو جاتی ہے اس کے بعد طبیعت پر گرمی خشکی غالب ہوتی ہے اور یہ جوانی کا زمانہ ہے جو بیس سے شروع ہو کر چالیس پر ختم ہوتا ہے۔ اس کے بعد طبیعت پر مائیت کا غلبہ ہوتا ہے۔ اور بڑھاپے کے آثار ظاہر ہوتے ہیں۔ اور قوت گھٹنی شروع ہوتی ہے۔ اور طبیعت سرد تر ہو جاتی ہے اور یہ زمانہ کہولت کا ہے جو چالیس سے شروع ہو کر ستر اسی سال پر ختم ہوتا ہے۔ اس کے بعد طبیعت

Marfat.com

پر سردی خشکی غالب ہوتی ہے۔اور حیاتی کی طبیعت بہ باعث ضعف طبیعت کے گھٹتی جاتی ہے۔ اور یہ زمانہ شیخوخت کا زمانہ کہلاتا ہے۔اس میں رطوبت اصلیہ اور حرارت عزیزیہ گھٹتی جاتی ہے یہاں تک کہ فنا آجاتی ہے۔اور یہ زمانہ اسّی سال سے لے کر اکثر سو تک اور نادر ایک سو بیس تک پہنچ جاتا ہے۔اور اس سے زیادہ کی کوئی حد نہیں، جو اللہ تعالیٰ کے ارادہ میں ہوتا ہے ظہور میں آتا ہے۔

# باب ثانی طبائع کے بیان میں اور اس میں تین فصل ہیں

## فصل اوّل اغذیہ کے طبائع کے بیان میں

غذا وہ کھانے پینے کی چیز ہے۔جو جزو بدن بن سکے اور جس سے بدن کا قوام ہو۔ ان میں سے ہم صرف کثیر الاستعمال اغذیہ کا ذکر کریں گے۔

**گندم** ۔ گرم وتر، اور ثقیل و ملین ہے۔اس کے ستو شکر کے ساتھ سینہ کو نرم کرتے ہیں۔ دماغ و آنکھ کے جوہر کو بڑھاتے ہیں۔ معدہ کو تقویت دیتے ہیں۔ اعضاء ضعیفہ کو طاقت دیتے ہیں۔ گندم کی فطیری روٹی ثقیل ہوتی ہے۔اور خمیری معتدل۔

**چاول** ۔سرد خشک و معتدل ہوتے ہیں۔کسی قدر خفیف و لطیف ہوتے ہیں۔جب دودھ اور چوزہ کے گوشت کے ساتھ پکائے جائیں اور شہد و شکر و گھی کے ساتھ کھائے جائیں تو ان سے غذا جید پیدا ہوتی ہے۔اور جب ترش دودھ کے ساتھ جس سے مکھن نکالا گیا ہو پکائے جائیں تو اطلاق بطن (اسہال) کو روکتے ہیں۔

**جوار**، سرد خشک معتدل ملین خفیف سریع الہضم ہے اور اس کے ستو شکر کے ساتھ اکثر امراض کا قلع و قمع کر دیتے ہیں اور حرارت و سوزش اور پیٹ کی جلن کو بجھا دیتی ہے۔ اس کی روٹی جب گائے کے دودھ اور شکر کے ساتھ کھائی جائے تو ہضم قوی ہو جاتا ہے اور غذا جید پیدا ہوتی ہے۔

**جو** ۔ سرد خشک قابض کسی قدر ثقیل معدہ ہیں۔اس کے ستو اسہال کو روکتے ہیں جب کوٹ کر پکا کر اس کا شیرہ شکر کے ساتھ پیا جائے تو پیٹ کی حرارت و سوزش کو فرو کرتے ہیں

Marfat.com

اس کی روٹی ثقیل ہوتی ہے اگر شہد اور شکر و چوزوں کے شوربہ سے کھائی جاوے تو اس کا نقصان دفع ہو جاتا ہے۔

**باجرہ** - گرم خشک معدہ کے لیے ثقیل بطے الہضم ہے۔ امراض سوداویہ کو ترقی دیتا ہے۔ اس کا کھانا سوائے محنت مزدوری کرنے والوں کے دوسرے کے لیے مناسب نہیں۔ اگر تازہ دودھ شکرتری و چوزہ کے شوربہ اور روغن زرد کے ساتھ کھائی جاوے تو معتدل ہو جاتی ہے بھونا ہوا باجرہ اسہال کو روکتا ہے۔

**مسور** - سرد خشک ہے۔ معدہ پر ثقیل ہے۔ اس کے ستو اسہال کو روکتے ہیں۔

**لوبیا** - اس کا دانہ سرد خشک ردی الکیفیت۔ ثقیل ہوتا ہے۔ اور سوداء کو زیادہ کرتا ہے اس کا شوربا گرم تر خفیف ہوتا ہے اور جب روغن زرد اور شکرتری کے ساتھ پیا جائے تو پسینے اور عرق اور اعضا کی یبوست کو دور کرتا ہے۔

**پنبہ دانہ** - گرم خشک ہلکا ہے۔ جب اور گھی کے ساتھ پکایا جاوے تو گرم تر ہو جاتا ہے اور پسینے اور رگوں کو نرم کرتا ہے۔

**باقلا** - سرد خشک ثقیل، ردی ہوتا ہے اور اکثر مقشر کر کے شکرتری کے ساتھ اس کا استعمال کیا جائے تو اس کا ضرر دور ہو جاتا ہے۔

**چنا** - گرم تر۔ جب شکرتری کے ساتھ کھایا جاوے تو سنگریزوں کو توڑتا ہے اور باہ کو بڑھاتا ہے۔

**اخروٹ** - گرم تر۔ چرب، جب شکرتری کے ساتھ کھایا جاوے تو جوہر دماغ اور قوت بصارت کو بڑھاتا ہے۔ اور باہ کو طاقت دیتا ہے اور غذا جید پیدا کرتا ہے۔

**بادام** - گرم تر۔ چرب۔ زیادہ کھانے سے غثیان (جی متلانا) پیدا کرتا ہے اور معدے کو ڈھیلا اور ضعیف کرتا ہے اور شہوتِ طعام کو کم کرتا ہے۔ اس کی اصلاح اس طرح پر ہے کہ تھوڑی مقدار میں شکرتری کے ساتھ کھایا جاوے۔

**دودھ** - سب سے افضل دودھ چارپائوں کا دودھ ہے۔ اور ہر ایک دودھ میں تین جوہر ہوتے ہیں۔ ایک جوہر مائی، دوسرا جوہر جبنی۔ جو ہر ترشک اور قابض ہوتا ہے۔ تیسرا جوہر

Marfat.com

زیدی، جو گرم تر اور ملین ہوتا ہے۔

**گائے کا دودھ:** یہ سب دودھ سے افضل ہے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ گائے کا دودھ پیا کرو۔ کہ اس کے دودھ میں شفا ہے۔ اور اس کا گھی دوا ہے۔ اور اس کا گوشت بیماری ہے۔ گائے کا دودھ جب تھنوں کے نیچے سے گرما گرم شکر تری کے ساتھ پیا جائے تو بدن کو موٹا کرتا ہے۔ اور رنگ کو صاف کرتا ہے اور باہ کو بڑھاتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور اعضائے ضعیفہ کی قوت کو بڑھاتا ہے اور جب صاف کیا جاوے تو سرد تر اور ثقیل ہو جاتا ہے۔ اور اس کی اصلاح اس طرح ہے کہ آگ پر چڑھایا جائے یہاں تک کہ اس کی ماہیئت دور ہو جائے اور پھر استعمال کیا جائے۔

**کھٹا دودھ۔** جما ہوا سرد تر ہو جاتا ہے۔ جو حرارت کو فائدہ دیتا ہے اور سینے کے جلن کو تسکین بخشتا ہے اور اسہال کو بند کرتا ہے۔

**کھٹی لسی کا پانی۔** سرد خشک قابض ہوتا ہے۔ اگر اس پانی میں جوار پکا کر گرم گرم کھائی جائے تو سفید دستوں کو روکتی ہے۔

**بھیڑ کا دودھ۔** گرم تر خفیف ملین ہوتا ہے۔ اس کا گھی اور گوشت بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ البتہ گائے کے دودھ میں چربی زیادہ ہوتی ہے۔ اور خشکی کے لیے گائے کا دودھ زیادہ مفید ہوتا ہے۔

**بکری کا دودھ۔** سرد خفیف ہوتا ہے۔ اگر تھنوں کے نیچے سے پیا جائے تو بیماروں اور تندرستوں ہر دو کو فائدہ دیتا ہے اور ہر قسم کے بدن کے لیے مفید صحت ہوتا ہے۔ اگر اس کے ساتھ ہالیوں استعمال کی جائے تو پیٹ کی ریح کو خارج کرتا ہے اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔

**اونٹنی کا دودھ۔** گرم خشک جب مع بول پیا جاتے تو دبا زدہ کے پیٹ سے وبا کو نکال دیتا ہے اور کھٹا دودھ سرد خشک ثقیل اور قابض ہوتا ہے۔ اگر آگ پر گرم کیا جاوے تو خفیف ہو جاتا ہے اور اسہال کو روکتا ہے۔

**پنیر۔** سرد خشک قابض اسہال کو بند کرتا ہے۔ مکھن گرم تر ملین ہے۔ جب

Marfat.com

شکر تری کے ساتھ ملایا جائے اور اس پر گئے کا دودھ دوہا جائے تو جوہرِ دماغ وقوتِ بصارت کو بڑھاتا ہے اور خشک طبیعت کو نرم کرتا ہے اور خارش کو دور کرتا ہے۔ اور پیٹ کی بیرونی حرارت کو قطع کرتا ہے اور تمام امراضِ سوداویہ کو سفید ہے۔

روغن زرد۔ گرم تر ہے۔ بہ نسبت مکھن کے گرم وخشک ہے۔ اگر اس میں اس کے مساوی پانی شامل کرکے آگ پر پکایا جاوے یہاں تک کہ پانی خشک ہو جاوے تو مکھن سے زیادہ مفید ہو جاتا ہے۔ یہ تمام اغذیہ وادویہ سے زیادہ مفید ہے۔

# گوشت کا بیان

یکسالہ دنبے کا گوشت۔ عروق ۔مفاصل ۔اعضا کو ملین کرتا ہے۔ قوت بڑھاتا ہے گوشت پیدا کرتا ہے۔

**بکری کا گوشت۔** بھیڑ کے گوشت سے اس کا گوشت سرد تر ہے۔ بدن کو مضبوط کرتا ہے۔ گوشت پیدا کرتا ہے موسم گرما میں اس کا کھانا مفید و مناسب ہے۔

**گائے کا گوشت۔** یہ بہت بھیڑے گوشت کے سرد خشک ثقیل ردی ہے۔ امراض سوداویہ کو بھڑکاتا ہے۔ اصلاح اس طرح ہو سکتی ہے کہ لہسن، فلفل، زنجبیل وغیرہ تیز گرم مصالحہ کے ساتھ استعمال کیا جاوے اور اس کا شوربہ شہد کے ساتھ پیا جاوے۔

**اونٹ کا گوشت۔** بمقابلہ بھیڑ کے گوشت کے سرد خشک ثقیل وردی ہے اور ہرن خرگوش۔ بارہ سنگا۔ وغیرہ شکاری جانوروں کا گوشت باقی انعام (چارپایہ) کے گوشت سے سرد خشک ہے پرندوں کا گوشت انعام وغیرہ چارپایوں کے گوشت سے سبک ہوتا ہے اور چوزوں۔ تیتروں، بٹیروں کا گوشت گرم تر خفیف معتدل ہوتا ہے۔ مچھلی گوشت سرد تر ہے تازہ مچھلی عمدہ ہوتی ہے۔ جب روغن زرد پیاز مصالح گرم سے پکائی جاوے تو معتدل ہو جاتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے نمکین مچھلی بہ نسبت تازہ مچھلی کے گرم ہوتی ہے۔

**انڈے۔** انڈے کی سفیدی سرد تر ہوتی ہے اور زردی گرم تر اور صرف زردی کا کھانا مناسب ہے۔ کیوں کہ سفیدی ردی ہوتی ہے۔ اور جب زردی روغن زرد کے ساتھ پکائی

Marfat.com

جاوے اور مصری یا شکر تری سے استعمال کی جاوے تو منی اور جوہر دماغ۔ قوت بصارت کو بڑھاتی ہے۔

**میوے اور حلوے۔** سب سے عمدہ اور میٹھی چیز وہ فالودہ ہے جس میں شہد اور شکر ڈالی ہو یہ عقل، جوہر دماغ۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ اور مفاصل اور اعضاء کو قوت دیتا ہے اور یہ کھانے کے بعد کھانا چاہیئے۔ کیوں کہ اگر نہار کھایا جاوے گا تو آلات ہضم پکنے سے پہلے ہی جگر کی اشتیاق کے باعث جلدی سے جذب کریں گے اور اس سے غذا کے رستوں کو سدہ پڑ جانے کا اندیشہ ہے۔ پس شہد دار فالودہ اور سادہ ہیڑوں اور بوڑھوں کے واسطے مناسب ہے اور شکر دار جوانوں کے لیے اور بچوں کے واسطے میٹھی چیزوں کا استعمال ہفتہ میں ایک دو دفعہ حد تین دفعہ ہونا چاہیئے۔ اور وہ بھی تھوڑا سا۔ جو شکر تری سے بنایا گیا ہو۔ نہ کہ شہد سے۔

**شکر سرخ۔** گرم تر، خفیف ہوتی ہے اور قصبہ ریہ (ہوا کی نالی) کو صاف رکھتی ہے حواس کو درست رکھتی ہے۔ سینہ کو ملین رکھتی ہے کھانسی کو فائدہ دیتی ہے۔

(گنا) یہ بھی تاثیر میں شکر سرخ کی مانند ہے۔ مگر اس سے حرارت میں کم ہے اگر چھیل کر گرم پانی سے دھویا جاوے اور اس کا پانی نچوڑا جاوے تو تاثیر میں شکر سرخ کے مساوی ہو جاتا ہے اور تلیین میں بڑھ جاتا ہے۔

**انگور:** عمدہ انگور وہ ہے جو میٹھا اور زیادہ گودہ والا ہو۔ اور یہ گرم تر چرب دار ہے قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ اعضا کو طاقت دیتا ہے۔ گوشت پیدا کرتا ہے اور عمدہ غذا بناتا ہے۔

**منقے۔** گرم تر ملین ہوتا ہے پٹھوں کو طاقت دیتا ہے۔ تھکان کو دور کرتا ہے خوشبودار ہوتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اس کی گٹھلی سرد خشک اور قابض ہوتی ہے۔

**کھجور۔** گرم تر خفیف ہوتی ہے۔ اعضاء کو طاقت دیتی ہے۔ گوشت پیدا کرتی ہے بدن کو موٹا کرتی ہے۔ باہ کو بڑھاتی ہے۔ غذا صالح پیدا کرتی ہے۔

**چھوہارا۔** گرم خشک خفیف ہوتا ہے۔ رطوبت بلغمیہ کو قطع کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ شکم کے کیڑوں کو قتل کرتا ہے۔ لیکن کسی قدر نفاخ ہے۔ اس کی اصلاح اس طرح پر

Marfat.com

ہوتی ہے۔ کہ ککڑی یعنی تر کے ساتھ کھایا جاوے جیسا کہ حدیث میں وارد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم چھوہارے کو ککڑی کے ساتھ کھایا کرتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے۔ کہ اس کی سردی اس کی گرمی کو معتدل کر دیتی ہے۔ اور اس کی گرمی اس کی سردی کو معتدل کر دیتی ہے۔

**کیلا**۔ گرمی کے موسم میں گرم تر خفیف ہوتا ہے سینہ کو ملین کرتا ہے اور عمدہ غذا پیدا کرتا ہے۔ اور سردی میں سرد تر اور ثقیل ہوتا ہے۔ اس کی اصلاح یہ ہے کہ شہد کے ساتھ استعمال کیا جاوے اور اس کو کھانے کے پہلے یا اس کے ساتھ استعمال کرنا چاہیئے نہ غذا کے بعد کیونکہ ثقیل ہو جاتا ہے۔

**میٹھا انار**۔ گرم تر ہوتا ہے۔ سینہ کی تلیین اور اس کی اصلاح کرتا ہے۔ دل کو خوش کرتا ہے۔ تندرست اور مریض ہر دو کے لیے مفید ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دنیا کے ہر ایک انار میں جنت کا دانہ ہوتا ہے۔ اس پر مناسب ہے کہ سارا کھایا جاوے تاکہ اس مرض سے جو پیٹ میں پوشیدہ ہو۔ شفا ہو جاوے۔

**ترش انار**: سرد خشک، قابض خفیف ہوتا ہے۔ اگر اس کا پانی خلو معدہ میں شکر تری کے ساتھ پیا جاوے تو بخار کو دور کرتا ہے۔ اور جب کھٹا انار مع چھلکا اور گودہ کے نچوڑ کر پیا جاوے تو مسترخی معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور معدہ کی درد کو فائدہ دیتا ہے۔ اگر خشک انار (یعنی نسپال) جلا کر سرمہ کی مانند بنا کر خبیث زخموں پر جو لاعلاج ہو چکے ہوں۔ دھوڑا جاوے تو اس کی اصلاح کر دیتا ہے۔

**بہی**۔ سرد خشک قابض خفیف ہے۔ طبیعت کو خوش کرتا ہے اور دل کی اصلاح کرتا ہے اور اسہال کو روکتا ہے۔

**آڑو**۔ سرد تر، معدہ پر ثقیل ہوتا ہے بلغم کو بڑھاتا ہے۔ جلدی ہضم نہیں ہوتا۔

**ککڑی**۔ یعنی تر۔ سرد تر، معدہ پر ثقیل۔ جلدی ہضم نہیں ہوتی۔ اس کی اصلاح یہ ہے کہ چھوہارے کے ساتھ استعمال کیا جاوے۔

**خربزہ**۔ گرم تر بطی الہضم۔ اگر اس پر کھانا کھایا جاوے۔ تو اس کو خراب کر دیتا ہے اور طعام پر تیرتا رہتا ہے اور جلدی ہضم نہیں ہوتا۔ جب شکر تری کے ساتھ استعمال کیا جاوے

Marfat.com

تو معدہ کی حرارت کو بجھاتا ہے۔

**مولی**۔ سرد تر، ثقیل، ہضم کرنے والی، ردی۔ معدہ پر ثقیل۔ باقی میوجات سارے کے سارے سرد ہیں لیکن ان میں سے بہ نسبت بعض کے خفیف ہیں۔ جب کوئی شخص میوے یا سبز ترکاری کھائے تو اس پر پانی نہیں پینا چاہیئے۔ ورنہ امراض ردیہ کا سبب ہو جائیں گے۔ اور بجائے نفع کے نقصان دیں گے۔

## فصل ادویہ کے بیان میں

دوائی وہ چیز ہوتی ہے جس سے مرض کا علاج کیا جاوے اور ہم ان میں سے وہ ادویہ جو کثیر المنافع اور اس مختصر رسالہ کے مناسب ہیں اور سہل الحصول اور مجرب ہیں۔ ذکر کرتے ہیں۔

**شہد** یہ سب دوائوں کی سردار ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ فِیْہِ شِفَآءٌ لِلنَّاسِ یعنی اس میں انسانوں کے لیے شفا ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دو شفاؤں یعنی قرآن اور شہد کو لازم پکڑو اور نیز فرمایا ہے کہ سنا اور شہد کو لازم پکڑو۔ کہ دونوں موت کے سوا ہر ایک بیماری کے دور کرنے والی ہے اور یہ گرم خشک ہے۔ بلغم کو دور کرتا ہے اور جسم کی رطوبت ردیہ کو دور کرتا ہے۔ اور فاسد زخموں کو صاف کرتا ہے اور جب اس کی جھاگ دور کی جاوے تو گرم تر ہو جاتا ہے اور امراض سوداویہ کو قطع کرتا ہے اور عروق میں گھس جاتا ہے۔ اور تمام بیماریوں کے مادہ فاسدہ کو صاف کرتا ہے اس میں نمک ملا کر اگر ایسے بچے کی زبان کے نیچے جو جلدی نہیں بول سکتا۔ ملا جاوے تو اس کی زبان کھل جاتی ہے اور فصاحت بڑھ جاتی ہے۔ اور ایک غریب حدیث میں ہے جو شخص مر جائے اور اس کے جسم میں کچھ بھی شہد ہو تو اس کو آگ نہیں لگے گی۔

**گھی** ہم اس کی طبیعت اور اس کے منافع کو دودھ کے ذکر میں اغذیہ کے باب میں بیان کر چکے ہیں۔ لیکن یہاں بطور ادویہ کے بیان کرتے ہیں۔ جب کہ ہم کو حدیث صحیح سے معلوم ہوا ہے کہ اے لوگو! گائے کے دودھ کو لازم پکڑو کہ اس کے دودھ میں شفا ہے اور اس کا گھی دوا ہے۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے کہ اہل عرب گھی

Marfat.com

سے زیادہ کسی چیز کو بطور دوا استعمال نہیں کرتے یہ گرم تر معدہ پر ثقیل ہوتا ہے۔ لیکن اگر ہضم ہو جائے تو سب چیزوں سے زیادہ مفید ہے اور امراض سوداویہ میں بہت مفید پڑتا ہے۔ اور یہ تمام چربدار چیزوں سے زیادہ چرب ہے اور جب مرہموں میں داخل کیا جاوے تو فاسد گوشت کو دور کرتا ہے اور صالح گوشت پیدا کرتا ہے۔

**لہسن** یعنی تھوم بقراط حکیم نے فرمایا ہے کہ یہ تمام زہروں کی تریاق ہے۔ گرم خشک اور تیز ہے۔ جب شہد کے ساتھ خالی معدے استعمال کیا جاوے تو بلغم اور رطوبات فاسدہ کو قطع کرتا ہے اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور پیٹ کے کیڑوں کو قتل کرتا ہے اور بواسیر کو دور کرتا ہے اور منہ کی خوشبوئی بڑھاتا ہے۔ اور جمی ہوئی ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ اور اس کے استعمال کرنے والے کو زہر نقصان نہیں دیتا اور جب نمک طعام کے ساتھ پیا جائے اور بواسیر پر ضماد کیا جاوے تو ان کو تحلیل کر دیتا ہے اور کاٹ دیتا ہے۔ اگر سانپ اور بچھو اور کتے کے ڈنگ اور ہر ایک زہریلے جانور کے ڈنگ پر ضماد کیا جاوے تو درد اسی وقت ٹھہر جاتا ہے۔

**کلونجی** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کلونجی کو لازم پکڑو کہ موت کے سوا اس میں تمام بیماریوں کی شفا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خالی معدہ پر شہد میں کلونجی ملا کر چاٹا کرتے تھے۔ یہ گرم خشک ہے۔ بعضوں نے کہا ہے کہ گرم تر ہے۔ جب خالی معدہ صاف شدہ شہد کے ساتھ استعمال کی جاوے تو بلغم اور رطوبات فاسدہ کو قطع کرتی ہے اور پیٹ کی منجمد ریح کو تحلیل کرتی ہے اور پٹھیہ کے درد اور جوڑوں کے درد کو آرام دیتی ہے۔ اور جسم میں بیماریوں کو پیدا کرنے سے روکتی ہے۔

**مصبر** یعنی ایلوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مصبر اور ہالیوں میں شفا ہے۔ مصبر رطوبت میں معتدل ہے اور یہ مرہموں اور دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے جب معجونوں اور سفوفات میں شامل کیا جاوے تو پیٹ کی تمام بیماریوں کو آرام دیتا ہے۔ اور فاسد زخموں اور جراحتوں کو صاف کرتا ہے اور پیٹ کی ریح کو خارج کرتا ہے۔ اگر ہر روز ایک درم کھایا جاوے تو پیٹ کی تمام بیماریوں کو دفع کرتا ہے۔ اور خبیث ناڑوا کو

Marfat.com

قطع کرتا ہے۔ اور پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔

**ہالیوں** یہ گرم خشک ہے۔ بعضوں کے نزدیک گرم تر اور خفیف ہے۔ ریح کو خارج کرتی ہے۔ بلغم کو قطع کرتی ہے۔ اگر خالی معدہ پھانکی جائے تو دستوں کو روکتی ہے معدہ کو طاقت دیتی ہے اگر پیس کر پانی اور صاف شہد کے ساتھ چٹنی بنا کر استعمال کی جائے تو طبیعت کو نرم کرتی ہے اور پیٹ کے کیڑوں اور کدو دانہ کو خارج کرتی ہے اور بخار کو قطع کرتی ہے اور مقدار شربت خوراک ۳ درم ہے۔

**فلفل** گرم خشک خفیف تیز ہے۔ بلغم کو قطع کرتی ہے رطوباتِ فاسدہ کو زائل کرتی ہے اور لیسدار سدوں کو کھولتی ہے۔ پیاس لگاتی ہے جب معجونوں اور سفوف میں شامل کی جاتی ہے۔ اور ان کا نفع زیادہ ہو جاتا ہے۔

**زنجبیل** گرم خشک خفیف محلل اورام ہے اور ریح کو خارج کرتی ہے اور جب شہد کے ساتھ اس کا مربہ ڈالا جائے تو بلغم کو قطع کرتی ہے۔ کھانسی کو دور کرتا ہے۔ سینہ کو نرم کرتا ہے اور انسان کا ہوا کی نالی کو صاف کرتا ہے اور آواز کو اچھا کرتا ہے منہ کی خوشبوئی کو بڑھاتا ہے اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

**مردہ سنگ** سرد خشک قابض ہے۔ قروح اور جروح کو تسکین دیتا ہے اور ان کی رطوبات فاسدہ کو قطع کرتا ہے۔ خصوصاً جب گھی، مصبر اس کے ساتھ ملایا جاوے تو صالح گوشت پیدا کرتا ہے اور فاسد گوشت کو کھاتا ہے۔

**سرکہ** سرد خشک قابض، زخموں کے خون کو قطع کرتا ہے۔ اور نکسیر کو فی الفور بند کرتا ہے اور بدن کے خون کے جوش کو قطع کرتا ہے اور دموی بیماریوں کو منقطع کرتا ہے۔
جب لسی کا پانی اور سرکہ جوش دے کر گرما گرم پیے جاویں تو اسہال کو روکتے ہیں اور جب گھی کی جھاگ میں ملا کر آگ سے جلی ہوئی جگہ پر لگایا جاوے تو فی الفور درد کو روکتا ہے اور ورم کو تخفیف کرتی ہے اور جب افیون کے ساتھ کنپٹیوں پر ضماد کیا جاوے تو فی الفور سر درد کو تسکین دیتا ہے اور جب مرہموں میں ڈالا جاوے تو فاسد زخموں کو صاف کرتا ہے اور طحال کی بڑھائی کو دور کرتا ہے اور گرمی کے موسم میں اس کا استعمال کرنا معدہ کو طاقت دیتا ہے

Marfat.com

اور جب سالن میں ڈالا جاوے تو ہر بیماری سے امن دیتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سب سالنوں کا سردار سرکہ ہے اور اس میں بہت سے فائدے ہیں۔

**ملیٹھی** گرم تر جب روغن زرد کے ساتھ پکا کر استعمال کی جاوے تو عروق کے خشک مفاصل کو نرم کرتی ہے۔ اور عسر البول کو فائدہ دیتی ہے۔ اور پتھری کو توڑتی ہے اور ایک غریب حدیث بھی ہے اگر لوگ میتھی کے فائدے جانتے تو اس کو سونے کے وزن سے خریدتے اور اس کے پکانے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ پہلے آگ پر پکائی جائے اور پانی گرایا جاوے اسی طرح سات دفعہ یہ عمل کیا جاوے پھر نہایت باریک رگڑی جاوے اور گھی کے ساتھ ملائی جاوے، پھر نرم آگ پر رکھی جائے اور اس میں ہالیوں اور سیٹھا ڈالا جاوے پھر اچھی طرح ملا کر نیچے اتار کر استعمال کی جائے۔

**مصطگی** گرم خشک قابض ہے۔ کمزور معدے کو طاقت دیتی ہے۔ شہوت طعام کو بڑھاتی ہے اور بلغم قطع کرتی ہے اور منہ کی خوشبو کو بڑھاتی ہے انتڑیوں کو صاف کرتی ہے۔ اور رطوباتِ فاسدہ کو پاک کرتی ہے۔

**کندر** لوبان نر کو کہتے ہیں اور یہ گرم خشک بلغم کا قاطع ہوتا ہے۔ کھانسی کو مفید ہے دل کو طاقت بخشتا ہے۔ فہم کو تیز کرتا ہے۔

**لونگ** گرم خشک تیز۔ خفیف لطیف ہوا کے خارج کرنے والا ہوتا ہے۔ معدے کو طاقت دیتا ہے۔ غثیان کو دور کرتا ہے۔ بلغم کو قطع کرتا ہے منہ کی خوشبوئی کو بڑھاتا ہے۔

**بنولہ** سرد تر ہوتا ہے۔ جب ٹھنڈے پانی میں مصری میں نقوع کر کے عرق گلاب کے ساتھ پیا جاوے تو درد کو تسکین دیتا ہے اور ورم کو ہلکا کرتا ہے۔

**نمک طعام** اگر یہ اجسام کی رطوبتِ فاسدہ کو دفع نہ کرتا رہتا تو جسم بگڑ جاتے یہ گرم خشک لطیف خفیف ہوتا ہے۔ اگر گرم پھیکوں میں داخل کیا جائے تو معدہ کو طاقت دیتا ہے اور بلغم کو قطع کرتا ہے۔ رطوباتِ فاسدہ کو خشک کرتا ہے اور ہوا کو تحلیل کرتا ہے۔ اگر پانی میں حل کر کے پیا جائے تو صفرا اور بلغم اور سودا کو خارج کرتا ہے۔

Marfat.com

# مفرد مسہلات کے بیان میں

**ہلیلہ زرد** سرد خشک، معتدل ملین صفرا کو خارج کرتا ہے۔ مقدار خوراک قوی کیلئے پانچ درہم اور ضعیف کے لیے تین درہم سفوف کر کے مصری اور شہد سے گوندھ کر خالی معدے استعمال کرنی چاہیئے۔ نہایت مفید و مجرب ہے۔

**ہلیلہ کابلی** سرد خشک بعض کے نزدیک گرم خشک ملین معتدل۔ نسبت ہلیلہ زرد کے اچھی ہوتی ہے۔ بلغم کو خارج کرتی ہے۔ مقدار خوراک قوی کے لیے پانچ درم اور ضعیف کے لیے تین درم باریک کوٹ کر نہار استعمال کرنی چاہیئے۔ سفوفات اور معاجین میں داخل کی جاتی ہے۔ اس حالت میں اس کا نفع زیادہ ہو جاتا ہے اور پیٹ کی پوشیدہ بیماریوں کو مفید پڑتی ہے۔

**سنا** گرم خشک معتدل ملین صفرا۔ سودا۔ اور بلغم کو خارج کرتی ہے۔ مقدار خوراک قوی کے لیے پانچ درہم ضعیف کے لیے تین درہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سنا اور شہد کو لازم پکڑو کہ اس میں موت کے سوا ہر مرض کی شفا ہے۔

# مرکب مسہلات کے بیان میں

تمر ہندی سرخ رنگ ریشوں اور گھٹلی سے صاف تین اوقیہ۔ شکر سرخ یا سفید تین اوقیہ برگ سنا مکی پانچ درہم۔ ہلیلہ زرد اسہال صفرا کے واسطے ہلیلہ کابلی بلغم کے لیے ہلیلہ سیاہ سودا کے لیے یہ خوراک قوی کے لیے ہے۔ اگر مریض کمزور ہو تو سنا اور ہلیلہ تین تین درم ڈالنا چاہیئے یہ سب ادویہ ایک برتن میں ڈال دیں اور تین پاؤ نیم پختہ پانی ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب ایک تہائی رہ جائے تو چھان کر استعمال کریں اس سے خوب اسہال ہوں گے خوبی اسہال کی علامت یہ ہے کہ سخت پیاس لگے اس وقت ترش دودھ یا دہی سے اس کو بند کر دینا چاہیئے اس کے بعد چوزوں کا شوربا پینا چاہیئے گندم کی خمیری روٹی اس شوربا کے ساتھ کھانا تمام مسہلات کے واسطے مفید ہے۔

Marfat.com

# صفرا، سودا، خون اور بلغم کا علاج

اس باب میں چار اصول بیان کئے جائیں گے جو نہایت ہی مجرب اور مفید ہیں جاننا چاہیئے کہ تمام مسہلات اور استفراغات کی مثال بدن کے لیے ایسی ہے۔ جیسے کپڑے کے لیے صابون جس طرح صابون کی کثرت کپڑے کو تلف کر دیتی ہے۔ اسی طرح مسہلات کی کثرت بدن کو کمزور کر دیتی ہے۔ چوں کہ اکثر مسہلات زہر قاتل کی اقسام میں سے ہوتے ہیں بشرطیکہ استعمال کا اندازہ معلوم نہ ہو اور بعض مسہلات اخلاط ردیہ کو بھڑکا دیتا ہے اور اس سے خوفناک بیماریوں کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس واسطے زیادہ استفراغات ترک کرنا اچھا ہوتا ہے۔ سوا اشد ضرورت کے مسہلاتِ قویہ کا استعمال مناسب نہیں اور ضرورت کے وقت بمقدار ضرورت ان استفراغات میں سے جن کا ہم اس مختصر رسالہ میں بیان کرتے ہیں استعمال کرنا مفید ہوگا۔ اور اکثر اخلاط اربعہ ردیہ کے اخراج کے واسطے نافع ہوگا۔

# امراض صفراء کا علاج

پہلا نسخہ جو تمام امراض صفراویہ کے لیے مفید ہے ماء الجبن ایک رطل تمر ہندی پانچ درم ماء الجبن میں حل کر کے شکر تری سے میٹھا کر کے نہار تین دن یا سات دن استعمال کرنا چاہیئے اور غذا گائے کے دودھ میں جوار کی روٹی ڈال کر میٹھا کر کے استعمال کرنا چاہیئے اور اس کے علاوہ سب چیز سے پرہیز کرنا چاہیئے اگر آرام ہو جائے تو فبہا ورنہ سات روز کے بعد مسہل صفراء استعمال کرنا چاہیئے جس کی ترکیب یہ ہے۔ سنا کوٹی ہوئی دو درم ہلیلہ زرد کوفتہ پانچ درم دونوں کی پھکی بنا کر شہد کے ساتھ نہار کے وقت استعمال کرنا چاہیئے۔ اس سے خوب اسہال ہو جائیں گے۔ اس کے بعد پھر وہی پہلا نسخہ استعمال کرنا چاہیئے۔

Marfat.com

## امراضِ دمویہ کا علاج

تیز سرکہ بمقدار ضرورت ہر روز نہار کے وقت استعمال کیا جاوے۔ یہ نسخہ تین دن یا ساتھ دن استعمال کرنا چاہیئے اور غذا میں مزورات میں سرکہ یا ترش انار ڈالنا چاہیئے اور اس کے سوا ہر چیز سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ اگر اچھا ہو جائے تو فبہا ورنہ حجامت یا فصد کروانا چاہیئے اور اس کے بعد وہی پہلا نسخہ استعمال کرنا چاہیئے۔

## بلغمی امراض کا علاج

تمام امراضِ بلغمی کے قطع کرنے کے لیے یہ نسخہ مفید ہے۔ لہسن مقشر بمقدار ضرورت خوب باریک پیس کر شہد میں ملا کر ہر روز نہار کے وقت بمقدار دو اوقیہ استعمال کرنا چاہیئے یہ علاج تین دن یا سات دن کریں اور غذا صاف گندم کی روٹی دنبے کے گوشت کے ساتھ جس میں تیز گرم مصالح پڑے ہوئے ہوں ہونی چاہیے۔ اگر اس سے فائدہ ہو جاوے تو فبہا ورنہ مسہل بلغم جس کی ترکیب یہ ہے۔ کام میں لادیں۔ سنا کوفتہ دو درم، ہلیلہ کابلی کوفتہ پانچ درم صرف دونوں ملا کر نہار کے وقت شہد کے ساتھ استعمال کریں خوب اسہال ہوں گے۔ اس کے بعد وہی سابقہ غذا کام لادیں۔ اگر مرض بلغمی مزمن ہو جیسا کہ برص جذام وغیرہ تو ہر ہفتہ۔ ایک دفعہ، یا مہینہ میں ایک دفعہ یا دو دفعہ مریض کی طاقت کے موافق اسہال کریں یہ نسخہ نہایت مفید و مجرب ہے۔

## امراضِ سوداویہ کا علاج

تمام امراض سوداویہ کے لیے نسخہ ذیل کام میں لادیں۔ روغن زرد صاف شدہ شہد مصفا دونوں کو ملا کر آگ پر چڑھائیں یہاں تک کہ گرم ہو جاوے پھر اس پر گائے کا دودھ ڈالا جاوے اور سب پیا جائے یہ نسخہ تین دن یا سات دن کریں اگر آرام ہو جائے تو فبہا ورنہ مسہل سودا جس کی ترکیب یہ ہے استعمال کریں۔ سنا کوفتہ دو درم ہلیلہ سیاہ کوفتہ پانچ درم دونوں کو شہد میں ملا کر نہار استعمال کریں خوب اسہال ہوں گے۔ پھر اس کے بعد وہی غذا

Marfat.com

سابقہ کام میں لاویں کہ نہایت مفید مجرب ہے۔ اگر بیماری بڑی اور پرانی ہو جیسے جذام تو ہر ہفتہ میں ایک دفعہ یا ہر مہینہ میں ایک دفعہ یا دو دفعہ مریض کی ضعفِ قوت کے مطابق اسہال کریں۔

## طبائع اربعہ کا علاج

طبائع اربعہ کے تنقیہ کے لیے نہایت عجیب ہے اطریفل غاریقون ہر ایک سے ایک حصہ۔ تخم تربد (چہارم ۱/۴) زنجبیل ۱/۲ حب السلاطین، سنا مکی، تمر ہندی۔ خیار شنبر ہر ایک مساوی الوزن حب السلاطین کو مدبر کریں۔ باقی سب چیزیں کوٹ چھان کر کھجور یا زیتون کے تیل میں گوندیں اور بمقدار نخود گولیاں بنالیں اسہال کے وقت بقدر طاقت مریض کو استعمال کرائیں اور ہوا سے بچائیں۔

**تنقیہ عجیبہ** تمام امراض کے مادہ فاسدہ کو خارج کرتا ہے سنا مکی دو تولہ، حب السلاطین ایک تولہ فرفیون چھ ماشہ سب کو باریک کوٹ کر زیتون کے تیل یا شہد سے معجون بنالیں اور اسہال کے واسطے جوان کے لیے بقدر دو ماشہ استعمال کریں اور ہوا سے بچائیں۔

ایضاً۔ منقیٰ ۵ تولہ گل گلاب ۵ تولہ دونوں کو پانی میں پکا کر جب باقی نصف یعنی ۱/۲ رہ جائے استعمال کریں۔

ایضاً۔ خیار شنبر تمر ہندی۔ غاریقون سب کو تین پاؤ پانی میں پکا کر جب نصف رہ جائے تو استعمال کریں۔ یہ مسہل دردِ کمر درد دزانو درد نات کو مفید ہے اور کیڑوں کو نکالتا ہے۔

ایضاً۔ زعفران ایک درم لوبان ۴ درم صمغ عربی ۴ درم فرفیون ایک درم زنجبیل ایک درم سب کو کوٹ چھان کر زردی انڈہ میں ملا کر استعمال کرے خوب اسہال لاتا ہے۔

ایضاً۔ حب السلاطین۔ تنج، فرفیون، ہر ایک ہم وزن تھوڑا ساز نگار سب کو کوٹ چھان کر بقدر نخود تیار کریں اور یخنی کے ساتھ دو یا تین گولی استعمال میں لائیں پیٹ کے کیڑے وغیرہ نکالنے میں نہایت مفید ہے۔

ایضاً۔ ریوند چینی نصف اوقیہ مصطگی ایک اوقیہ زرلوبان ۱/۲ ۲ اوقیہ زیرہ سیاہ

Marfat.com

۲ ۲ اوقیہ سنا مکی ۲ ۲ اوقیہ شہد خالص چالیس اوقیہ ۔ شہد کے سوا سب چیزوں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملادیں اور اس میں سے صبح شام ایک اوقیہ کام میں لادیں۔

ایضاً ۔ یہ نسخہ ایسے مریض کے لیے ہے جس کے ہاتھ پاؤں بلکہ تمام بدن ڈھیلا پڑ گیا ہو مصبر تین اوقیہ ۔ غاریقون تین اوقیہ اور تھوڑا سا زعفران حب السلاطین ، سنا مکی ، فرفیون ہر ایک سے ایک اوقیہ سب کو کوٹ چھان کر خالص شہد سے معجون بنادیں اس میں سے ہر روز بمقدار نخود استعمال کریں اور ہمیشہ استعمال کرتے رہیں اللہ کے فضل سے اچھا ہو جاوے گا۔

ایضاً ۔ یہ نسخہ اس شخص کے لیے ہے جس کی کمر میں درد ہو یا اعصاب ڈھیلے ہوں یا بارد مزاج ہو حنظل بقدر ضرورت لیں اور چھوٹے ٹکڑے کر کے اچھی طرح پکائیں ، پھر نیچے اتار کر ٹھیرائیں تاکہ پانی صاف ہو جاوے پھر دوبارہ پکائیں پھر صاف کریں اور پھر شہد ملا کر نہار کے وقت اس میں سے مقدار ایک اوقیہ استعمال کریں انشاء اللہ تین دن تک آرام ہو جاوے گا۔

ایضاً ۔ ایضاً یہ نسخہ ضعیف مریض کے لیے ہے ۔ معجون تشمری اس کے واسطے مفید ہے ایسے ہی مر د مصبر بقدر ضرورت یخنی میں ملا کر استعمال کریں کہ یہ بھی اسہال لاتا ہے ۔

## دوسرا باب لاغر جسم کے موٹا کرنے کے بیان میں

بدن کو فربہ کرنے کا نسخہ یہ نسخہ بدن کو موٹا کرتا ہے ۔ رنگ کو صاف کرتا ہے قوت باہ کو بڑھاتا ہے اور اس سے غذا جید پیدا ہوتی ہے ۔ حلبہ یعنی میتھے بقدر ضرورت لے کر پانی ڈال کر پکائیں اسی طرح چار پانچ دفعہ کریں اور ہر ایک دفعہ تازہ پانی ڈالیں ، پھر باریک پیس کر اس کے مساوی آرد گندم ملا دیں اور گائے کا دودھ ڈال کر دونوں کو پکادیں یہاں تک کہ حلوا کا قوام ہو جاوے پھر اس پر شہد شکر و روغن زرد ڈالا جاوے اور تھوڑا سا ہلا کر اتار لیا جاوے اور اس میں سے ہر روز بقدر برداشت طبع کھایا جاوے ۔

ایضاً ۔ عرق دریاس چار اوقیہ لے کر اس سے آٹھ گنا جو کے ساتھ جوش دیں جب جو میں خوشبو آجاوے اور دانہ پھٹ جاوے تو دانہ جو کو اتار کر خشک کر کے اس کے آٹا کی

Marfat.com

روٹی سات دن کھائی جاوے۔

ایضاً۔ سوسمار کی چربی لے کر اس میں زیرہ کرمانی و پاپڑی نمک و آرد گندم ملا دیں اور سب کو پیس کر سات دن مرغی کو کھلائیں یہاں تک کہ موٹی ہو جاوے پھر ذبح کر کے لاغر جسم کو کھلا دیں تو اللہ کے فضل سے فربہ ہو جاوے۔

ایضاً۔ اگر لاغر جسم عورت فربہ ہونا چاہے۔ تو ماہیوں کو کوفتہ کر کے اس میں سے بقدر ضرورت نہار کے وقت گائے کے دودھ اور گھی کے ساتھ استعمال کرے اور کئی روز تک متواتر جاری رکھے۔

ایضاً۔ دانہ حرمل کو گندم کے ساتھ خوب پکا دیں اور مرغی کو کھلا دیں تاکہ موٹی ہو جاوے پھر اس کو ذبح کر کے حمام کرنے کے بعد کھا دیں اللہ کے فضل سے جسم فربہ ہو جاوے اور صحت و جمال میں ترقی ہو جاوے۔

## تیسرا باب ان امور کے بیان میں جو حالت صحت میں بدن کے لیے ضروری ہیں

یہ باب علم طبابت میں نہایت ضروری و مہتم بالشان ہے کیوں کہ حالتِ صحت میں پرہیز کرنا مرض کے وقت دوا پینے سے بہتر ہے۔

اور عقلمند وہ ہے جو بیماری میں واقع ہونے سے پہلے صحت کا خیال کر کے اس کی تدبیر کر لیتا ہے اور طب کی دو قسمیں ہیں ایک موجودہ صحت کی حفاظت جس کو ہم اس باب میں بیان کریں گے۔ دوسری مفقودہ صحت کا واپس لانا جس کو اس کے بعد بیان کریں گے اب جاننا چاہیئے کہ صحت موجودہ کی حفاظت کے لیے چند چیزوں کا ہونا ضروری ہے۔ جن میں سے دس چیزیں بدن کی صحت اور حفاظت کے واسطے نہایت ضروری ہے اور وہ چیزیں کھانا پینا حرکت سکون خواب بیداری جماع ہوا عوارض نفسانیہ اور بدن کے اعضاء کی تدابیر ہیں۔ پہلی ان میں کھانے کی تدبیر ہے۔ یہ کہ بقدر ضرورت کھانا چاہیئے۔ جو سیری کی حد تک نہ پہنچے اور انسان اس سے اپنا پیٹ پُر نہ کرے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ابن آدم کے

Marfat.com

بلے پیٹ بھر کر کھانے سے زیادہ کوئی چیز نقصان دہ نہیں ہے۔ انسان کے لیے اتنے لقمے کافی ہیں جو اس کی پیٹھ کو سیدھا رکھ سکیں یعنی معدہ کا ایک حصہ طعام کے لیے اور ایک حصہ پانی کے لیے اور ایک حصہ سانس کے لیے نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ معدہ تمام امراض کا گھر ہے اور پرہیز تمام دواؤں کا سر ہے۔ اور ہر ایک بیماری کا اصل برودت ہے۔ پس ہر جسم کا علاج اس چیز سے کرو جس کا وہ عادی ہو۔

اکثر انسانوں کو ہم دیکھتے ہیں کہ وہ زیادہ کھانے اور ردی اور غلیظ کھانوں کے عادی ہوتے ہیں۔ پس ان میں اگرچہ وہ تندرست بھی ہوں امراض پوشیدہ رہتے ہیں۔ اس واسطے بہتر یہ ہے کہ کھانے پینے میں اعتدال کا لحاظ رکھا جاوے۔ ایسے لوگوں کے لیے جن کو جسمانی محنت و مشقت سے زیادہ کام نہیں پڑتا خفیف غذائیں مثل چاول سوجی کا آٹا۔ بٹیروں و چوزوں کا گوشت مناسب ہے۔ اور گائے یا بکری کا دودھ پستانوں کے نیچے سے ہی پینا مفید ہے اور جفاکش محنتی لوگوں کے واسطے اغذیہ ثقیلہ چنداں مضر نہیں ہیں۔ تاہم معتدل غذا مناسب و موافق ہوتی ہے۔ کیونکہ اس میں آرام و عافیت ہے۔ کھانے کے واسطے علماء نے اوقات مقرر کیے ہیں بعضوں نے کہا ہے دو رات و دن میں تین دفعہ کھانا چاہیے۔ بعضوں کا خیال ہے کہ ایک رات و دن میں ایک دفعہ کھانا چاہیے۔

ان اوقات مقررہ کے علاوہ اگر صبح و شام چاشت وغیرہ کسی وقت تھوڑا سا کھا لینے کی عادت کر لی جائے تو کچھ حرج نہیں۔ غذا خوب چبا کر کھانی چاہیے تاکہ معدہ کو ہضم کرنا آسان ہو جاوے کھانا بیٹھ کر کھانا چاہیے اور بسم اللہ سے شروع کرنا چاہیے اور الحمد للہ پر ختم کرنا چاہیے۔ مضر اشیاء سے پرہیز کرنا چاہیے۔ باسی طعام اور جس کو طبیعت پسند نہ کرے اس سے بھی احتراز کرنا چاہیے اور جب تک پہلا طعام ہضم نہ ہو لے اس پر دوسرا طعام داخل نہ کرنا چاہیے کیونکہ اس طرح سے بیماری کے جلدی پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ بلکہ بعض اوقات ہلاکت کا سبب ہو جاتا ہے۔ کسی نے اس کے متعلق یہ شعر کہا ہے۔

ثَلٰثٌ ھُنَّ مُھْلِکَۃُ الْاَنَامِ ۔۔۔ وَدَاعِیَۃُ الصَّحِیْحِ اِلَی السِّقَامِ
دَوَامُ مُدَامَۃٍ وَدَوَامُ وِطَاءٍ ۔۔۔ وَاِدْخَالُ الطَّعَامِ عَلَی الطَّعَامِ

تین چیزیں انسان کو ہلاک کرنے والی ہیں اور تندرست کو بیماری میں مبتلا کرتی ہے۔ ہمیشہ شراب پینا۔ ہمیشہ جماع کرنا اور طعام پر طعام داخل کرنا۔

اخنف بن قیس کا قول ہے کہ حکماء نے چار ہزار حکمت کی باتیں منتخب کیں پھر ان میں سے چار سو چھانٹیں، پھر ان میں سے چالیس۔ پھر چالیس سے چار چیزیں پسند کیں۔ اول یہ کہ عورتوں پر اعتبار نہ کرو، دوم یہ کہ معدہ پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔ سوم یہ کہ کثرت مال سے مغرور نہ ہو جاؤ، چہارم یہ کہ اتنا علم کافی ہے جتنا کہ نفع دے سکے۔ نوشیرواں بادشاہ کے پاس چار حکیم، عراقی، رومی، ہندی، اور سوڈانی جمع ہوئے۔ بادشاہ نے ان سے سوال کیا کہ ہر ایک کوئی ایسی دوا بیان کرو جس کے استعمال سے بیماری پیدا نہ ہو سکے۔ عراقی نے کہا ہر روز صبح کے وقت گرم پانی کے چند گھونٹ پینے سے یہ بات حاصل ہو جاتی ہے۔ رومی نے کہا ہر روز تھوڑی سی ہالیوں کی پھنکی کا استعمال رکھنے سے یہ مدعا حاصل ہو سکتا ہے۔ ہندی نے کہا کہ اس کا علاج یہ ہے کہ ہر روز صبح کے وقت ہلیلہ سیاہ کے تین دانہ کھا لیے جائیں۔ سوڈانی خاموش تھا حالانکہ ان سے حاذق تھا۔ بادشاہ نے اس سے پوچھا تم کیوں نہیں بولتے کہا جناب آغا گرم پانی گردوں کی چربی کو پگھلاتا ہے۔ اور معدہ کو سست کرتا ہے اور ہالیوں صفراء کو برانگیختہ کرتی ہے اور ہلیلہ سیاہ سودا کو بھڑکاتی ہے۔ بادشاہ نے کہا پھر تمہارے خیال میں وہ کونسی چیز ہے کہا وہ یہ ہے کہ جب تک بھوک نہ لگے کھانا نہ کھائیں اور ابھی بھوک باقی ہو کہ ہاتھ کھینچ لیں۔ اس طرح کرنے سے موت کے سوا کوئی بیماری نہیں آتی سب نے کہا سچ ہے۔ ایک قسم کے دو طعاموں کو جمع نہ کریں اور نہ دو گرم چیزوں کو جمع کریں۔ مثلاً انڈا اور گوشت اور نہ دو سرد کو۔ جیسے مچھلی اور دودھ اور نہ دو خشک کو، جیسے کنگنی اور مسور، سخت چیز زیادہ لیس دار اور جس کا کاٹنا مشکل ہو ان سب کا استعمال نہ کریں کیوں کہ ان کا ہضم کرنا معدے کے واسطے بڑا دشوار ہوتا ہے اور جب تک طعام معدہ میں ساکن نہ ہو لے پانی نہ پئیں۔ کیوں کہ یہ عادتیں معدے کے واسطے مضر ہیں۔ تمام علماء و اطباء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تمام امراض چھ چیزوں سے پیدا ہوتی ہیں۔ اول کثرت جماع۔ دوم رات کے وقت زیادہ پانی پینا۔ سوم رات کے وقت کم سونا، چہارم دن کے وقت زیادہ سونا، پنجم بھرے ہوئے معدے پر کھانا کھانا، ششم بول کا روکنا۔

Marfat.com

## دوسری فصل پانی پینے کی تدبیریں

جب تک پیاس غالب نہ ہو پانی نہ پئیں۔ پانی شیریں سرد نہر کا ہونا چاہیئے یا بہت پانی والے کنویں کا پانی ایک دم سے نہ پینا چاہیئے بلکہ تین سانس سے۔ اور ہر دفعہ بسم اللہ کہنی چاہیئے اور اخیر میں الحمد للہ پڑھنا چاہیئے۔ اور مٹی کے برتن میں پینا چاہیئے۔ اس قسم کا پینا ہنیا مرئیا ہوتا ہے بعض حکماء کا قول ہے کہ تانبے کے برتن میں پانی پینا ردی ہے اور لکڑی کے برتن میں پینا ہنی ہے۔ مری ہنیں، اور گرم پانی سے بلا ضرورت پرہیز کرنا چاہیئے۔ نمکین میلا اور بدبو دار پانی یہ سب ردی ہیں۔

اور ایسے برتنوں میں جن سے پانی نظر نہ آسکے جیسا کوزہ یا چھوٹے منہ کا برتن پانی نہ پینا چاہیئے بلکہ ایسے برتنوں سے دوسرے برتن میں پانی ڈال کر اور دیکھ کر پینا چاہیئے۔

## تیسری فصل حرکت کی تدبیریں

یاد رہے کہ ہر ایک طعام میں سے اس کے ہضم کے بعد معدہ میں کچھ فضلہ رویہ رہ جاتا ہے۔ اگر اس کو حرکت و ورزش سے تحلیل نہ کیا جاوے تو اس سے ضرر عظیم کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس واسطے مناسب ہے کہ حرکت خفیف معتدل کی جاوے تاکہ جسم گرم ہو جاوے اور وہ فضلہ تحلیل ہو جاوے اور حرکت اس وقت کرنی چاہیئے جب کہ معدہ طعام سے خالی ہو۔ اور یہی ریاضت ہے کہ حرکت خفیف معتدل کی جاوے جیسا کہ گھوڑے کی سواری یا آہستہ چلنا یا پڑھنا یا کسی کام میں مصروف ہونا یہ چہرے کو سرخ کرتی ہے پسینہ لاتی ہے۔ فضلات رویہ کو خارج کرتی ہے اتنی ریاضت نہ کرنا چاہیئے کہ جس سے تکان و کاہلی پیدا ہو کھانے کے بعد خصوصاً پر معدہ کے وقت ریاضت نہیں کرنی چاہیئے کیوں کہ اس سے امراض خطرناک پیدا ہونے کا احتمال ہے۔

**تدبیر** | چہارم سکون ہے ظاہر ہے کہ سکون یا قیام کی حالت میں ہوتا ہے یا بیٹھنے اور لیٹنے کی حالت میں مگر ان حالات میں ہمیشہ نہیں رہنا چاہیئے کیوں کہ ہمیشہ کا سکون

Marfat.com

اور آرام روح بدن کے لیے مضر ہے۔ ہاں محنت کے بعد سکون و آرام لینا ضروری ہے تاکہ تکان و تکلیف دور ہو جاوے۔

پانچویں تدبیر نیند ہے۔ حواس کا حرکت سے رجوع کرنا، اور نفس حساسہ کا منقبض ہو کر دماغ سے جوف کی طرف متوجہ ہونا نیند کہلاتا ہے۔ اس میں دو فائدے ہیں ایک تو یہ کہ جسم کے اعضا اس تکلیف و تکان سے جو بیداری میں باعث حرکات کے حاصل ہوتی ہے۔ آرام پاتے ہیں اور روح بھی افکار و ہموم سے استراحت حاصل کرتا ہے۔ اس واسطے نفس و بدن دونوں کے لیے نیند سے راحت عظیم حاصل ہوتی ہے۔ دوسرا یہ کہ نیند کے وقت حرارت غریزی معدہ میں داخل ہو جاتی ہے اور ہضم کو مدد دیتی ہے۔ اور انسان ہلکا پھلکا ہو کر بیدار ہوتا ہے نیند کی معتدل مقدار رات کے وقت چھ گھنٹے ہیں یا آٹھ گھنٹے اور دن میں قیلولہ کرنا چاہیئے خواہ ایک گھنٹہ ہو یا ایک لمحہ نیند کی کیفیت یہ ہے کہ پہلے تھوڑی دیر کے لیے دائیں پہلو لیٹ جائیں پھر بائیں پہلو لیٹ جائیں، سوتے وقت اور جاگتے وقت اللہ کا نام لینا چاہیئے۔

چھٹی تدبیر بیداری ہے یاد رہے کہ انسان کو اپنا وقت بیہودہ ضائع نہ کرنا چاہیئے، عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ میں پسند نہیں کرتا کہ تم میں سے کسی کو ایسی حالت میں دیکھوں جس میں وہ کوئی دینی یا دنیاوی کام نہ کر رہا ہو۔ اور شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے مجھے اس شخص پر افسوس آتا ہے جو اپنی عمر کو ضائع کرتا ہے۔ احنف بن قیس نے کہا ہے کہ عقل مند کو چاہیئے کہ تین باتوں سے غافل نہ ہو ایک ایسے علم سے جو آخرت کا توشہ بن سکے، دوسری کوئی صنعت جس سے دین و دنیا کے کام پورے ہو سکیں تیسرے علم طب جس سے اپنے جسم کی بیماری دفع کر سکے۔ پس اس قسم کے کاموں میں لگا رہنا اور وقت کو ضائع نہ کرنا بیداری کہلاتا ہے۔

ساتویں تدبیر جماع ہے۔ جماع کے متعلق یاد رکھنا چاہیئے کہ جب تک شہوت غالب نہ ہو اور منی مستعد نہ ہو جماع کرنا مناسب نہیں لیکن جب وہ حالت پائی جاوے تو فوراً منی خارج کرنی چاہیئے جس طرح ردی فضلہ استفراغات سے خارج کیا جاتا ہے۔ کیوں کہ اس وقت اس کے روکنے میں ضرر عظیم کا اندیشہ ہے۔ سوائے اس معیار مذکور کے جماع کے لیے

Marfat.com

ہیے کوئی خاص وقت یا مقدار مقرر نہیں کی جاسکتی اگرچہ وہ حالت سال میں ایک ہی دفعہ کیوں نہ ہو بغیر اس حالت کے جماع عموماً سب کے لیے مضر ہے اور خصوصاً صفراوی اور سوداوی مزاج کے لیے کیوں کہ ان کو بوجہ قلتِ رطوبات بہت نقصان پہنچاتا ہے۔ دموی اور بلغمی مزاج والے اگرچہ ان کو کثرتِ جماع کی طاقت ہوتی ہے۔ تو بھی ان کے لیے مناسب ہے کہ ایک ہفتہ میں ایک دفعہ یا دو دفعہ مقاربت کریں ورنہ ضررِ عظیم کا احتمال ہے۔ خصوصاً تکان اور تکلیف کی حالت میں اور اس ضرر کی وجہ یہ ہے کہ منی غذا کا خلاصہ ہے جو روح کا مادہ ہے۔ پس جب انسان جماعِ کثیر کا عادی ہو جاتا ہے۔ پہلے تو منی خارج ہوتی ہے پھر غذا اور رطوبات اصلیہ کا خون منی کی شکل میں آجاتا ہے۔ اور رطوبت اصلیہ کے فنا ہونے سے ہلاکت کا موجب بنتا ہے۔ علاوہ اس کے کثرت جماع سے بڑھاپا جلد آتا ہے۔ قوت کمزور ہو جاتی ہے بڑھاپے کے آثار قبل از وقت نمودار ہو جاتے ہیں۔ جماع کی ہیات بہت سی ہیں۔ مگر مفید ہیت یہ ہے کہ عورت پیٹھ پر لیٹ جاوے اور مرد اس کے اوپر چڑھ جاوے پھر اس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ و بوس و کنار کرے یہاں تک کہ شہوت بھڑک اٹھے پھر جلدی سے عورت کے اندام میں داخل کر دے اور حرکت کرے۔ پھر جب منی گر جاوے تو ایک گھنٹہ تک عورت کی گردن سے لپٹا رہے اور ذکر باہر نہ نکالے جب جسم میں بخوبی سکونت آجاوے تو دائیں جانب ہو کر باہر نکالے کہتے ہیں کہ اس قسم کے جماع سے اگر نطفہ قرار پا جائے تو لڑکا پیدا ہو گا۔ اس کے بعد مرد و عورت باریک نرم کپڑے سے اپنے اپنے اندام کو صاف کریں اور کپڑا علیحدہ علیحدہ ہونا چاہیئے۔ عمدہ جماع وہ ہوتا ہے جس کا نتیجہ دل کی تازگی طبیعت کی فرحت ہو اور برا جماع وہ ہے جس کا نتیجہ لرزہ و تنگی نفس و دل کی کمزوری و طبیعت کا متلانا اور محبوبہ کا پسند نہ آنا ہو۔ جماع کے واسطے چند امور ہیں ان میں سے تین قبل از جماع اور تین کا بحالت جماع اور تین کا بعد از جماع ہونا لازمی ہے۔ قبل از جماع میں سے ایک تو ملاعبت و چھیڑ چھاڑ ہے تاکہ عورت کا دل خوش ہو جاوے اور اس کی مراد آسانی سے پوری ہو جاوے اس کو جاری رکھے یہاں تک کہ عورت جلدی جلدی سانس لینے لگے اور اس کی گھبراہٹ بڑھ جاوے اور مرد کو اپنی طرف زور سے کھینچنا شروع کر دے۔ دوسری صورت کہ بیٹھی ہوئی حالت میں مقاربت

Marfat.com

نہ کرے کیوں کہ اس سے اسکو تکلیف ہوتی ہے۔ نیز پہلو کی طرف سے بھی جماع نہ کرے کہ اس سے وجع الخاصرہ (درد کمر) پیدا ہوتی ہے۔ اور عورت کو اپنے اوپر نہ چڑھائے کہ اس سے عورت بانجھ ہو جاتی ہے۔ بلکہ عورت کو چت لٹا دے اور اس کی ٹانگوں کو اوپر اٹھا دے اور یہ سب سے اچھی ہیئت جماع کی ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ دخول کے وقت اعوذ باللہ و بسم اللہ پڑھے اور عضو کو نرمی سے داخل کرے اور پستانوں کو ہاتھوں سے ملتا جاوے اور امور جو حالت جماع میں کرنے چاہئیں۔ ان میں سے اوّل یہ ہے کہ اس حالت میں خاموش رہے اور نرمی سے کام کرے۔ دوسرا یہ کوشش کرے کہ ہر دو کا انزال ایک وقت پر ہو۔ کیوں کہ اس سے عورت کے دل میں محبت پیدا ہوتی ہے۔ تیسرا یہ کہ جب مرد عورت کے انزال کا احساس کرے تو عضو کو جلدی خارج کرے کیوں کہ دیر تک رکھنے سے اس میں کمزوری پیدا ہوتی ہے لیکن اس سے جدا نہ ہوئے۔ اور وہ تین امور جو جماع کے بعد کرنے چاہئیں ان میں اول یہ ہے کہ عورت کو دائیں کروٹ سو رہنے کے لیے حکم دے تاکہ اگر نطفہ قرار پا جاوے تو لڑکا پیدا ہو۔ اگر بائیں پہلو پر سووے گی تو لڑکی پیدا ہوگی۔ دوم یہ کہ مرد فراغت کے بعد یہ آیت پڑھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَہٗ نَسَبًا وَّصِھْرًا وَکَانَ رَبُّکَ قَدِیْرًا .... ترجمہ، سب تعریف اس خدا کے لیے خاص ہے جس نے پانی سے انسان کو پیدا کیا اور اس کو نسب و رشتہ دار و نوالہ بنایا اور تیرا رب اس بات پر قادر ہے۔ سوم یہ کہ اگر سونے کا ارادہ کرے تو وضو کر کے سووے یہ سنت ہے اور اگر دوبارہ کرنا چاہے تو ذکر کو دھولے۔ بعض معتبروں نے ذکر کیا ہے جو شخص اپنی عورت کے ساتھ جماع کرنے سے پہلے بسم اللہ کہے اور سورۃ اخلاص پوری پڑھ کر تکبیر و تحلیل کہے پھر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً اِنْ کُنْتَ قَدَّرْتَ اَنْ تُخْرِجَ مِنْ صُلْبِیْ اَللّٰھُمَّ جَنِّبِ الشَّیْطَانَ وَجَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنِیْ ترجمہ اے اللہ اس فعل کو پاک اولاد کا سبب بنا اگر تو نے میرے لیے کوئی اولاد مقدر کی ہے تو اسے اور مجھ کو شیطان سے بچائے رکھ۔ پھر عورت کو داہنے کروٹ پر لیٹنے کا حکم کرے۔ اس جماع سے اگر کچھ ہوا تو انشاء اللہ اس حمل سے لڑکا پیدا ہوگا۔ مصنف کہتا ہے میں نے خود اس دعا اور طریقہ کو استعمال کیا بے شک

Marfat.com

صحیح اور مجرب ہے۔

آٹھویں تدبیر آب و ہوا ہے۔ یاد رہے کہ جسم کو ہوا کی نہایت سخت ضرورت ہے کیونکہ روح آنکھ اور کان وغیرہ اعضا ظاہری و باطنی ہوا کی مدد کے بغیر اپنا کام نہیں کر سکتے خصوصاً روح کہ اس کا قوام بدن کے ساتھ بغیر امداد ہوا محال ہے اور اس کی زندگی اور موت اسی پر موقوف ہے۔ ہوا روح کے لیے ایسی ہے جیسے جسم کے لیے غذا۔ عمدہ ہوا مشرقی ہوا ہے خصوصاً جو نہایت صاف لطیف خوشبودار ہو ایسی ہوا میں روح نہایت تر و تازہ ہوتی ہے اور شمالی جنوبی اور مغربی ہوا اگر معتدل ہو جائے تو اچھی ہے ورنہ پہلی ہوا سے اپنی ذات کے اعتبار سے فائدے میں کم ہوتی ہے اور تند اور تیز ہوا اور آندھی اور دھواں اور گرد و غبار اور ہوا بدبودار اور جو ہوا اعتدال سے نکل جائے یہ سب اچھی نہیں ہیں۔ یہ تمام ہوائیں روح کے واسطے مضر ہیں۔ پس ایسی ہواؤں سے پرہیز چاہیے اور لطیف طیب ہواؤں کے حاصل کرنے کی کوشش کرے۔

نویں تدبیر عوارضِ نفسانیہ ہے یاد رہے کہ غم اور ہم دل کی آفت ہیں۔ اور خوشی و خرمی دل کی راحت ہم کے یہ معنی ہیں کہ امور مہتم بالشان کے اہتمام کے وقت ظاہر بدن میں حرارت عزیزی ظاہر ہوتی ہے۔ اس وقت اگر غرضِ مطلوب حاصل نہ ہو تو اس سے ایک کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ جس کو ہم کہتے ہیں۔ اس وقت حرارت عزیزی طبیعت کے اندر داخل ہو جاتی ہے۔ جس سے طبیعت پر سودا غالب ہو جاتا ہے۔ اور بعض وقت یہاں تک غلبہ کرتا ہے کہ ناگہانی موت آ جاتی ہے اور جب ہم اور غم کی کثرت ہوتی ہے تو جسم دبلا ہو جاتا ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول ہے کہ مخلوقات میں سے انسان سب سے قوی ہے اور انسان سے قوی مستی ہے جو عقل کو زائل کر دیتی ہے اور سب سے قوی نیند ہے۔ اور نیند سے قوی غم ہے اور رنج و غم کی دوا کے بارہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص فکر یا غم میں مبتلا ہو گیا ہو اگر یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو رنج و غم سے نجات دے کر خوشی و خرمی نصیب کرتا ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ

الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَنُوْرَ بَصَرِيْ وَشِفَاءَ صَدْرِيْ وَجِلَاءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ وَغَمِّيْ..... پس انسان کو چاہیے کہ ایسی چیز کے لیے کوشش کرے جس کا حاصل ہونا اس کے لیے ممکن ہو اور کثرتِ خواہشات سے پرہیز کرے تاکہ غم اور ہم میں مبتلا نہ ہو اور جب غرض حاصل ہو جائے تو حد سے زیادہ خوش نہ ہو کیوں کہ حد سے زیادہ خوشی بھی ہلاک کر دیتی ہے۔ نیز غیض و غضب بھی عوارضِ نفسانیہ سے ہیں۔ اور یہ دونوں شیطان کی طرف سے ہیں اور شیطان آگ سے پیدا کیا ہوا ہے پس اس آگ یعنی غصے کو پانی سے بجھانا چاہیے۔ جیسا کہ صحیح حدیث میں وارد ہے کہ غصے کی حالت میں یا تو پانی سے نہا لیوے یا کامل وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھ لیوے پھر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَذْهِبْ عَنِّيْ غَيْظَ قَلْبِيْ وَاَعِذْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ .... یا الٰہی میرے گناہ بخش میرے دل کا غصہ دور کر اور شیطان مردود سے پناہ دے۔ اس تدبیر سے غصہ ہلکا ہو جاتا ہے نیز مال وغیرہ اسباب کے فوت ہونے پر غم کھانا بھی عوارضِ نفسانیہ سے ہے۔ پس اس تکلیف سے بچنے کے لیے انسان کو چاہیے کہ ایسی حالت میں افسوس نہ کرے اور خیال کرے کہ دنیا کا مال و متاع سب فانی ہے اور دل میں سوچے کہ اگر اس سے بھی کوئی بڑی مصیبت آجاتی تو اس سے زیادہ غم ہوتا۔ پس اس مصیبت کو اس کے مقابلے میں راحت سمجھ کر شکریہ ادا کرے نہ شکایت۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ جب مجھے کوئی مصیبت آتی ہے تو میں اس میں اپنے لیے تین نعمتیں خیال کرتا ہوں۔ اوّل تو یہ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر آسان مصیبت بھیجی ہے۔ نہ مشکل حالانکہ وہ اس پر قادر تھا دوسرا یہ کہ وہ مصیبت دنیاوی ہے نہ دینی حالانکہ وہ اس پر قادر تھا۔ سوم یہ کہ قیامت کے دن مجھے اجر ملے گا۔ کسی شاعر نے اسی مضمون کے متعلق

---

ـلـه اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندے اور بندی کا بیٹا ہوں میری جان تیرے قبضہ میں ہے تیرا فیصلہ میرے بارہ میں انصاف ہوتا ہے میں تیرے ہر نام کے واسطے سے جس کے ساتھ تو نے اپنا نام رکھا یا اپنی کتاب میں اتارا یا اپنی مخلوق سے کسی کو سکھایا یا پردہ غیب میں اپنے پاس محفوظ رکھا سوال کرتا ہوں کہ تو قرآن مجید کو میرے دل میں جگہ دے اور میری آنکھوں کا نور کر اور میرے سینہ کی شفا اور رنج و غم و فکر کو غلط کرنے کا سبب بنا۔

Marfat.com

کیا اچھا شعر کہا ہے۔

لَا تَلْقَ دَهْرَكَ إِلَّا غَيْرَ مُكْتَرِثٍ ۔۔۔ مَا دَامَ يَصْحَبُ فِيهَا رُوحَكَ الْبَدَنُ

فَمَا يَدُومُ سُرُورٌ مَا سُرِرْتَ بِهِ ۔۔۔ وَلَا يَرُدُّ عَلَيْكَ الْفَائِتَ الْحَزَنُ

جب تک روح اور بدن کا آپس میں اتحاد ہے تو اپنے زمانے میں بے پرواہ رہ اور غم نہ کھا۔ جن چیزوں سے تو خوش ہو رہا ہے وہ ہمیشہ نہیں رہیں گی اور فوت شدہ چیز غم کھانے سے واپس نہیں آسکتی۔

دسویں تدبیر صحیح بدن کے اعضا میں یہ ظاہر ہے کہ بدن ہمیشہ ایک حالت پر قائم نہیں رہتا بلکہ اس کو ایسی حالتیں پیش آتی رہتی ہیں جن کی وجہ سے بدن کا اہتمام کرنا پڑتا ہے۔ ان میں سے اول یہ ہے کہ غسل کیا جاوے تاکہ بدن کی میل کچیل دور ہوتی رہے۔ اگرچہ ہفتے میں ایک ہی دفعہ ہو جمعے کے روز غسل سنت ہے۔ اور تیل لگانا بھی غسل کے وقت سر کو بیری کے پانی سے اور بدن کو صابون سے دھونا چاہیے۔ اور سر میں کنگھی کریں اور مانگ نکالیں کیوں کہ یہ سنت ہے اس سے غم اور رنج دور ہو جاتا ہے۔ لیکن سردی کے موسم میں گرم پانی سے نہانا چاہیے۔ اور گرمی کے موسم میں سرد پانی سے اگر انسان کثرتِ کاروبار مزاولتِ اشغال سے تھک جاوے تو غسل کرنے سے تھکان دور ہو جاتی ہے۔ آنکھ کی تدبیر یہ ہے کہ ہر ایک رات سوتے وقت سرمہ کی تین یا پانچ یا سات سلائیاں آنکھ میں ڈالے۔ پہلی سلائی دائیں آنکھ میں اور دوسری سلائی بائیں آنکھ میں اور سب سے عمدہ سرمہ اثمد (یعنے سرمہ اصفہانی) ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ اثمد کو آنکھ میں ڈالا کرو کہ وہ آنکھ کو روشن کرتا ہے اور بالوں کو اگاتا ہے۔

دانتوں کی صفائی کی تدبیر یہ ہے کہ بیدار ہونے کے وقت اور ہر ایک نماز کے وقت اور منہ میں بدبو پیدا ہو جانے کے وقت مسواک کیا کرے مسواک کرنے میں دس فائدے ہیں منہ[۱] پاک و صاف ہوتا ہے۔ رب[۲] راضی ہوتا ہے۔ منہ[۳] سے خوشبو آتی ہے دانتوں[۴] کو صاف کرتی ہے۔ فصاحت مسوڑوں[۵] کو مضبوط کرتی ہے۔ معدے[۶] کو طاقت دیتی ہے۔ بلغم کو قطع کرتی ہے۔ فصاحت کو بڑھاتی ہے چہرہ[۸] کو رونق بخشتی ہے۔ فرشتے[۹] خوش ہوتے ہیں۔ مسواک

Marfat.com

درخت اراک (دن) یا ایسی لکڑی کی ہونی چاہیے جس کا ذائقہ زبان کو قبض کرنے والا ہو۔ مسواک کے سر کو پانی سے تر کر لیں۔ پھر بسم اللہ کر کے شروع کریں اور فراغت کے بعد اس کے سر کو دھو کر رکھ لیں داڑھی میں کنگھی کرنا سنت ہے ہر روز صبح کی نماز کے بعد ایک دفعہ داڑھی کو صاف کریں اور اس وقت سورۂ اخلاص اور سورۂ فاتحہ پڑھیں اس سے غم و رنج دور ہوتا ہے۔ اور دل خوش ہوتا ہے۔ ایسا ہی ناخن کو کٹوائیں، بغل کے بال نوچیں، موئے زہار مونڈیں، یہ باتیں ایک مہینہ میں دو دفعہ ہونی چاہئیں، معدہ کی صحت کی تدبیر یہ ہے کہ ہفتہ میں ایک دفعہ یا مہینہ میں دو دفعہ گرم پانی سے قے کی جاوے جس میں کچھ نمک ڈالا گیا ہو۔ یا صرف پانی سے ہی اور یہ سفوف استعمال کی جاوے مصطگی لونگ فلفل، زنجبیل، سماق ہر ایک ہم وزن لے کر سب کے مساوی شکر تری ملا کر سفوف بنا لیں اور کھانا کھانے سے پہلے ایک درہم اور اتنا ہی کھانے کے بعد کھا لیا کریں کہ یہ صحت معدہ کے واسطے مجرب ہے۔

بول و براز کو ہرگز روکنا نہ چاہیے اگرچہ سواری کی حالت میں ہی کیوں نہ ہو جس طرح جاری نہر کو روکنے سے اس کے اردگرد کی آبادیوں کو بوجہ کثرت رطوبت نقصان پہنچتا ہے۔ اسی طرح بول و براز کے روکنے سے اعضائے بدن کو نقصان پہنچتا ہے۔

داڑھی، سر ہاتھ اور پاؤں میں مہندی لگانا سنت ہے۔ نیز قوت باہ کو طاقت دیتی ہے آنکھ کی روشنی بڑھاتی ہے۔

سخت سردی اور گرمی کے وقت بدن اور سر کو پوشیدہ رکھنا چاہیے اور معتدل گرمی اور سردی کے وقت ان کو کھول دینا چاہیے۔

## پانچواں باب ان مراہم کے بیان میں جو قروح و جروح و دمامیل میں کام آتی ہیں

یاد رہے کہ مراہم کا فائدہ یہ ہے کہ وہ زخموں کو صاف کرتی ہیں اور ان سے پیپ اور رطوبات فاسد

Marfat.com

کو خارج کرتی ہیں۔ یہ رطوبات فاسدہ اغذیہ کے تعفن سے پیدا ہوتی ہیں۔ طبیعت ان کو زخم کے منہ کی طرف دفع کرتی ہیں۔ پھر جب دیر تک زخموں کے منہ پر ان رطوبات کا قیام ہوتا ہے تو گوشت کو کھا لیتی ہیں۔ اور زخم کو کھول دیتی ہیں۔ اور وسیع کر دیتی ہیں بلکہ بعض وقت روح کے مقام تک پہنچ کر ہلاکت کا باعث بنتی ہیں۔ اس واسطے ضروری ہے کہ ہر روز کوئی ایسی مرہم استعمال کی جاوے جو رطوبات فاسدہ کو قطع کرے اور زخم کے عمق میں بلا ضرر و مشقت گھس جائے اور رطوباتِ فاسدہ کو باہر نکال لائے اب اسی قسم کی ایک مرہم بیان کرتے ہیں۔

مرہم یہ ہے۔ مرتک۔ صبر سقوطری، ہر ایک مساوی مرتک کو خوب باریک پیس کر چھان کر صبر سقوطری کوٹی ہوئی کے ساتھ ملا کر گائے کے گھی سے خوب لت پت کریں جب قوام معتدل ہو جائے تو اس میں سے ہر روز قدرے ضرورت استعمال کریں جس قدر پرانی ہو گی اسی قدر اچھی ہو گی۔ اگر زخموں میں رطوبتِ فاسدہ کی کثرت ہو تو گھی میں سرکہ بھی ملا لینا چاہیئے۔ کیوں کہ یہ سرکہ فاسد گوشت کو کھا جاتا ہے اور میل کو نکالتا ہے اور درد کو تسکین دیتا ہے۔ زخم کو صاف کرتا ہے اور جلدی سے زخم کو بھرتا ہے۔ جسم کے زخم کا علاج جب کہ لوہا کسی لوہے یا پتھر وغیرہ تیز چیز سے زخمی ہو جائے اور خون جاری ہو جائے یا ہڈی ٹوٹ جائے سب سے پہلے جاری خون کو بند کرنا چاہیئے اس طرح پر کہ اخروٹ کے پتے لے کر باریک کوٹ کر زخم کے منہ کو بھر دیں اس سے خون فی الفور بند ہو جائے گا۔ اسی طرح پھٹکڑی ماجو اور مائیں کے دھوڑے سے بھی خون بند ہو جاتا ہے جب خون بند ہو جائے تو زخم کے منہ پر گرم گھی سے ٹکور کرنی چاہیئے۔ پھر گھیکوار کا گودا لیکر اور آگ پر بھون کر ٹھنڈا کر کے اور تھوڑا سا گھی ملا کر زخم پر رکھیں۔ اسی طرح صبح و شام کرتے رہیں جب گوشت پیدا ہونا شروع ہو جائے تو ایک دن میں ایک دفعہ کافی ہے۔

گوشت پیدا کرنے والی مرہم روغن زرد ایک حصہ چربی ایک حصہ زیتون کا تیل ایک حصہ سب کو آگ پر پگھلا کر مرہم بنا لیں اور کام میں لاویں گھوڑے کی لید کا باندھنا بھی خون کو فی الفور بند کر دیتا ہے۔ زخم بھرنے والی مرہم زاج، احمر چار درم، شب یمانی دو درم پوست انار خشک سولہ درم بازو ایک درم گائے کی چربی سو درم، پرانا زیتون کا تیل سب کو ملا کر مرہم بنا دیں۔

Marfat.com

مرہم سبز زخموں کے لیے۔ زنگار ایک اوقیہ، سرکہ تین اوقیہ، شہد تین اوقیہ سب کو ملاکر آگ پر چڑھاکر مرہم کا قوام بناکر اتارلیں ضرورت کے وقت مرغ کے پر کو مرہم سے لتھڑکر زخم کے منہ میں داخل کرے یہ مرہم زخم کی پیپ و مدہ کو خارج کرتی ہے۔ اور زخم کو بہت جلد اچھا کرتی ہے اور تمام اقسام کے زخموں کے لیے مفید ہے۔ جالینوس نے اپنے استاد بقراط سے ایک مرہم نقل کی ہے۔ شہد سرکہ، ہموزن دونوں کو ملاکر آگ پر چڑھادیں جب سرکہ جل جاوے تو باقی شہد میں موم خالص اور بکری کے گردے کی چربی و زیتون ملاکر مرہم بنادیں۔ اگر سبز رنگ کرنا چاہیں تو زنگار ملادیں۔ اگر سیاہ کرنا چاہیں تو رال ملادیں، اگر سرخ کرنا منظور ہو تو دم الاخوین ملادیں اور ہر قسم کے زخموں پر کام میں لاویں مرہم سفید کافور ایک اوقیہ لے کر انڈے کی سفیدی میں لت کریں اور ہر ایک اوقیہ موم خالص اور چار اوقیہ زیتون کا تیل ملاکر حسب دستور مرہم تیار کریں۔ مرہم معبود موم خالص ایک حصہ بکری کے گردے کی چربی دو حصے زیتون کا تیل چار تولہ سب کو آگ پر پگھلائیں۔ پھر مصطگی، لوبان، صنوبر تھوڑا تھوڑا باریک کرکے ملادیں اور مرہم تیار کریں۔ زخم کی دوا السن کا بیج باریک کرکے زخم پر ضماد کریں مردہ گوشت کو کھا لیتا ہے۔ زخم کے لیے مرہم سرکہ اور شہد مساوی ملاکر آگ پر پکاویں جب سرکہ جل جاوے اور شہد رہ جاوے تو نیچے اتار کر ایک اوقیہ انزروت پیس کر ملادیں۔ اور مرہم بناکر کام میں لاویں۔

مرد کے ذکر یا عورت کے فرج کے پھٹ جانے کا علاج مرتک، کافور، مساوی لے کر سرکہ میں ملادیں اور آگ پر گرم کرکے رکھ چھوڑیں اور اس سے علاج کریں۔ زخم کی دوا جو فی الفور زخم کو صاف کردے پھٹکڑی بریان اور تج دونوں کو ملالیں اور زخم پر شہد ملاکر اسپر دوا دھوڑیں تازہ زخم کا علاج میتھی کو کوٹ چھان کر روغن زرد یا زیتون کے تیل کے ساتھ ملاکر زخم پر ضماد کریں۔ ایضاً السی صاف کو سرکہ میں گوندھ کر زخم پر ضماد کریں علاج جو گوشت کو پیدا کرتا ہے دم الاخوین، انجبار، مساوی الوزن خوب باریک کریں اور زخم پر چھڑکیں اگر ان میں صمغ عربی زیادہ کریں۔ تو فائدہ میں سریع التاثیر ہو جاوے۔

ہاشمہ کا علاج یہ سر میں ایک قسم کا زخم ہوتا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ میتھی جوش دی ہوئی ایک حصہ زیرہ سبز ایک حصہ نمک ایک حصہ مرغ کی ہڈی کی سفیدی ان سب چیزوں کو کڑھی میں

Marfat.com

ڈال کر روغن زیتون کے ساتھ ملا دیں اور مرہم کا سا قوام کر کے آتار لیں اور زخم پر تین دن متواتر لگاویں، پھر ایک دن چھوڑ کر لگایا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہو جاوے گا ذرور جو زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ لبان، انزروت، مامیرا، سرمہ، کافور، پھٹکڑی، پوست انار سب کو باریک پیس کر دھوڑا بنالیں اور زخم پر چھڑکیں، مرہم جو زخم کو بند کرتی ہے مردہ سنگ موم، لوبان۔ سب کو پیس کر روغن زیتون میں ملالیں۔ اور مرہم کا قوام کر کے کام میں لادیں مرہم جو کانٹے وغیرہ کو نکال دیتی ہے۔ پھٹکڑی باریک پیس کر چھان کر انڈے کی سفیدی سے ملادیں اور اس جگہ کو جہاں کانٹا چبھا ہوا ہو پانی سے تر کریں اور اس پر اس مرہم کا پھایا لگائیں۔ اور دو چار گھڑی باندھا رکھیں۔ یہ کانٹے کے نکالنے میں مجرب ہے نیز یہ مرہم زخموں کے بھرنے میں مجرب ہے۔ سفیدہ کاشغری پانچ درم اور کافور چار درم موم پانچ درم سب کو روغنِ زیتون میں ملا کر حسبِ دستور مرہم بنالیں۔

# تیسرا باب دماغ کی خشکی کے علاج میں


اس میں آٹھ فصلیں ہیں۔

دماغ کی خشکی کے یہ معنے ہیں کہ انسان کو اپنے دماغ چہرے اور آنکھوں میں ایک بوجھ سا معلوم ہوتا ہے اور بعض اوقات ہذیان اور بیہودہ گوئی تک نوبت پہنچ جاتی ہے اور اس کو معلوم نہیں ہوتا۔ جب یہ حالت مستحکم ہو جاتی ہے تو عقل اور قوتِ بصارت میں فرق آ جاتا ہے اس کا سبب دماغ کی خشکی ہوتی ہے علاج شہد مصفا جھاگ دور کی ہوئی اور روغن زرد خالص عرق گلاب ہر ایک مساوی۔ سب کو نرم آگ پر پکا کر جب حلوے کا سا قوام ہو جائے آتار لیں اور ہر رات سونے کے وقت استعمال کریں۔ یہ دماغ کو نرم کرتا ہے۔ اور اس کے جوہر کو بڑھاتا ہے اور قوت بصارت کو تیز کرتا ہے۔ باہ کو طاقت دیتا ہے اعضاء کو مضبوط کرتا ہے اور یہ صحیح اور مجرب ہے۔ اگر انڈے کی زردی روغن زرد اور شکر تری ہر ایک مساوی لے کر اسی طرح حلوا بنا کر استعمال کیا جاوے تو یہ بھی وہی فائدہ دیتا ہے نشاف کا علاج یہ ایک سخت مرض ہوتی ہے۔ جو بخار کے بعد یا کسی وجہ سے سخت گرمی پہنچے

Marfat.com

کے بعد یا جنون کے بعد ہو جاتی ہے اور اس مرض والا سردی کو بہت پسند کرتا ہے اور سرد ہوا میں سونا چاہتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ اس کے سر کے بال گدی سے لے کر تالو تک ایسے ہی پیشانی سے لے کر تالو تک مونڈ ڈالیں پھر وسط دماغ پر زنا لوہا چار انگل مضموم کے برابر داغ دیں۔ اسے دائیں اور بائیں کان کے پیچھے ہی اور گدی کے بل لٹائیں اور شذ قورہ کا عرق نکال کر اس کے کانوں میں ڈالیں۔ اگر یہ میسر نہ ہو سکے تو ابابیل کا گوشت خشک کر کے باریک پیسیں۔ اور اس میں تھوڑی سی فرفیوں اور تھوڑا سا چونا اور مرغ کی خشک بنجال (بیٹھ) لیں اور انڈے کی سفیدی سے گوندھ کر اس کے ناک اور منہ میں ڈالیں اس کی وجہ سے خون جاری ہو جائے گا اور درد سے چلائے گا اور اللہ کے فضل سے اچھا ہو جائے گا۔ ایضاً مولی لے کر باریک پیسیں اور عورتوں کے دودھ میں ملا کر سر پر ضماد کریں اچھا ہو جائے گا۔

ملہوف کا علاج ملہوف کے واسطے یہ نصف دائرہ اور وہ اسماء جو اس کے بیچ میں لکھے صحیح و مجرب ہے۔ اس کو لکھ کر مریض کے سر پہ یا مریض کے کسی عضو پر لٹکائے رکھیں نصف دائرہ یہ ہے۔



شیخ رحمتہ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ جب کوئی ملہوف آدمی جس کی عقل زائل ہو چکی ہو۔ تیرے پاس آوے تو اس کے واسطے یہ آیت لکھ دو تو فی الفور اچھا ہو جائے گا۔[1] وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ۔

## مالیخولیا کا علاج

یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ صفراوی و سوداوی، صفراوی کی علامت کثرت کلام و ہذیان ہے۔ جس کو وہ خود نہیں سمجھتا۔ لوگوں پر حملہ کرتا ہے۔ بعض اوقات کسی کو پتھر مار کر قتل کر دیتا ہے۔ سبب اس کا یہ ہوتا ہے کہ جوہر دماغ کم ہو جاتا ہے

---

[1] اور نرسنگا میں پھونکا جائے گا تو جو کچھ آسمان و زمین میں ہے بیہوش ہو کر گر پڑیں گے سوا اس شخص کے جسے خدا بچانا چاہے۔

Marfat.com

اور خلط صفراوی کے بڑھ جانے سے دماغ میں خشکی آجاتی ہے۔ علاج مریض کو ایک کمرہ میں جو ہوا سے محفوظ ہو بند کردیں۔ اور اس کے دماغ پر دودھ دو ہیں نیز گائے کے مکھن میں میٹھا ملا کر اس کے دماغ اور تمام بدن پر مالش کی جاوے اور وہ حلوا جو ہم نے خفقۃ الراس و خشکی دماغ میں ذکر کیئے ہیں۔ کھلاویں۔ نیز انڈے کی زردی میں روغن زرد میٹھا ملا کر غذا کے طور پر مریض کو کھلاویں۔ اور گندم کی روٹی اور دودھ اور شکر تری غذا کے طور پر کام میں لاویں۔ رات کو سوتے وقت سر پر روغنوں کی مالش کریں تاکہ سو جاوے اور جب تک خود بیدار نہ ہو بیدار نہ کریں۔ اس علاج سے بفضل الٰہی طبیعت مریض کی اعتدال کی طرف راجع ہو جائے گی سوداوی کی علامت یہ ہے کہ مریض ڈرتا ہے۔ اکثر خاموش رہتا ہے۔ خلوت پسند کرتا ہے۔ قبرستان وغیرہ غیر آباد مقامات میں رہنا پسند کرتا ہے تفکرات و وساوس ردیہ اس پر غالب رہتے ہیں کسی جگہ میں ایک ساعت سے زیادہ نہیں ٹھہرتا۔ بعض وقت روتا ہے چلاتا ہے۔ سبب اس کا یہ ہوتا ہے کہ اس کے دماغ میں خلط سوداوی ردی زیادہ ہو جاتی ہے جس سے دماغ کی رطوبات خشک ہو جاتی ہیں۔ علاج اس کا یہ ہے کہ مریض کو بالاخانہ وغیرہ اونچے مقامات میں رہنے کو جگہ دیں جس میں ہوا اور روشنی کافی پہنچتی ہو۔ اور اس کے سامنے خوشبودار پھول رکھے رہیں اور اغذیہ چرب و مرغن کھلائی جائیں۔ دودھ، روغن زرد، عمدہ گوشت کا استعمال رہے اس کے سامنے پاکیزہ کلام و دلکش حکایات کہی جائیں اور خوش الحان آوازوں و نغموں سے اس کا دل خوش کیا جاوے اور اس کے دماغ و بدن پر سر دو تر روغنوں کی مالش کی جاوے اور تاکہ طبیعت بہ فضلِ شافی مطلق اعتدال کی طرف لوٹ آوے۔

# امراض سر کے بیان میں

**صداع** سر درد کو کہتے ہیں۔ اگر انسان کے سر میں دائیں طرف درد ہو تو صفراء سے ہوگا۔ اگر بائیں طرف ہو تو سوداء سے اور اگر سارے سر میں ہو تو خون کا باعث ہوگا۔ اس حالت میں اگر دونوں کنپٹیاں یا ایک کنپٹی میں ضرب پڑے اور آدھا سر درد کرے تو اس کو شقیقہ کہتے ہیں۔

Marfat.com

**علاج** لیموں، افیون، زعفران کو سرکہ و عرق گلاب میں گھس کر دونوں صدغین (کنپٹی) پر طلا کریں اگر ہو سکے تو خواب کرے۔ انشاءاللہ فی الفور افاقہ ہو جاوے گا۔ صحیح و مجرب ہے۔ حکماء کہتے ہیں کہ اگر سر درد سردی سے ہو تو گرم روغنوں کی مالش کریں اگر گرمی سے ہو تو سرد روغنوں کی مالش کریں۔ نیز حکماء کا خیال ہے کہ اگر سر درد صفراوی ہو تو اسہال کرنا چاہیئے اگر غلبہ خون کی وجہ سے ہو تو خون نکالنا چاہیئے اگر شدت حرارت سے ہو تو روغن گل، عرق کافور سے یا روغن کدو سے مالش کرنی چاہیئے۔ اگر سردی سے ہو تو روغن فرفیون ملنا چاہیئے۔

## درد سر صفراوی کے بیان میں

ایسے مریض کو شربت انار پلانا چاہیئے کہ فی الفور تسکین دیتا ہے سر درد کے وقت سر اور داڑھی میں کنگھی کریں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کلونجی لے کر ایک لطیف کپڑے میں باندھیں اور اس پر پانی ڈال کر نچوڑ کر اس کے قطرے نتھنوں میں ڈالیں۔

**ایضاً۔** کلونجی باریک پیس کر روغن زیتون میں ملاویں اور نچوڑ کر وہ تیل مریض کے نتھنوں میں ڈالیں۔

اگر آفتاب کی گرمی سے ہو تو روغن گل اور سرکہ، زعفران، مولی کا پانی سب کو ملا کر سارے سر پر مالش کریں۔

**علاج۔** اس سر درد کا جو سفر میں حرارت آفتاب سے ہو گیا ہو۔ انڈے کی سفیدی روغن گل میں ملا کر سر پر پتلا سا لیپ کر دیں کہ فی الفور آرام ہو جاوے۔

اگر حمام کی گرمی سے ہو جاوے تو نہار شربت انار پینا چاہیئے اور روغن گل مالش کریں اور معجون دردکھایئں علاج اس سر درد کا جو سردی یا سرد موسم میں ہو جاوے گرم تیل کی مالش کی جاوے کلونجی کا دھواں ناک میں لیا جاوے چقندر کا پانی ناک میں ڈالا جاوے۔

**ایضاً** صبر سقوطری و کافور کو باریک کر کے روغن زیتون میں ملا کر سر پر طلا کیا جاوے

Marfat.com

حرمل کے پتے جوش دے کر سر پہ باندھ دیں اور پہلے روغن زیتون مل لیں اور جو حرمل کو پکا کر سر پر باندھیں۔ **ایضاً** شجر مریم لے کر روغن زرد کے ساتھ پکاویں اور سر پر لیپ کریں فی الفور آرام ہو جاوے حکماء کا قول ہے کہ صفراوی سر درد کا سبب یہ ہوتا ہے کہ صفراوی بخارات سر کی طرف چڑھتے ہیں۔ کیوں کہ سر جسم کے لیے ایسا ہے جیسا ہانڈی پر سر پوش پھر جب معدہ کے بخارات دماغ کی طرف پہنچتے ہیں تو اس سے دماغ میں حرارت پیدا ہوتی ہے۔ بلغمی سر درد کے لیے زوفیون، افیون، زعفران، مرزنجوش ہر ایک مساوی لے کر باریک پیس کر پانی سے گولیاں بنا رکھیں، وقت ضرورت سرکہ میں گھس کر سر پر پتلا سا لیپ کریں۔

**ایضاً** حرمل کے پتے کوٹ کر، سر کو مونڈنے کے بعد اس پر ضماد کریں۔ **ایضاً** تھوم کے پتے باریک پیس کر سر پہ ضماد کریں **ایضاً** گل سرخ۔ مصطگی، تج۔ حب بلسان، زعفران، اذخر، اطر دن سنبل، صبر ہر ایک سے تھوڑا تھوڑا لے کر کونڈے میں باریک گھوٹ کر شہد خالص میں معجون تیار کریں۔ اور ہر رات بقدر ایک اوقیہ استعمال کریں اور روغن بنفشہ سے مالش کریں۔

**ایضاً**۔ مولی کو روغن زیتون میں جلا کر تیل کو صاف کر کے سر پر مالش کریں۔

**قوت دماغ** کے واسطے شونیز، خرفہ، قرنفل، سنبل ہندی سب کو باریک پیس کر شہد میں ملالیں اور رات کے وقت دماغ پر رکھیں، یہ دماغ کو مضبوط کرتا ہے بصارت کو بڑھاتا ہے۔ فائدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص چالیس دن صبح کے وقت ہر روز ایک مثقال حرمل استعمال کرے اس کے دل سے حکمت کا نور روشن ہوتا ہے اور بہت بیماریوں سے امن میں رہتا ہے۔

## سر درد اور آنکھوں سے آنسو بہنے کے علاج میں

پھٹکڑی سفید، نمک۔ مہندی، سب کو باریک پیس کر اور بیمار کے سر کے بال مونڈ کر اس دوا کا سر پر لیپ کریں بفضلہ تعالیٰ جلدی اچھا ہو جائے گا۔ فائدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کلونجی کو لازم پکڑو۔ کیوں کہ وہ موت کے سوا ہر بیماری کی دوا ہے نیز نفخ کو تحلیل کرتی ہے۔ کیڑوں کو قتل کرتی ہے۔ اگر کسی کپڑے میں باندھ کر سونگھی جائے تو زکام کو

Marfat.com

فائدہ دیتی ہے مسوں کو قطع کرتی ہے۔ پیشانی پر لیپ کرنے سے سر درد کو دور کرتی ہے اورام بلغمیہ کو دفع کرتی ہے۔ اگر سرکے میں پیس کر دانتوں کی درد والا غرارے کرے تو دانتوں کی درد کو فائدہ دیتی ہے۔ پیشاب کو جاری کرتی ہے۔

## نسخہ سر درد کے لیے

زیتون کے پتے اور اس کی جڑیں دونوں کو پانی میں ڈال کر پکائیں اور گرم گرم پانی سے سر درد والے کو غرغرے کرائیں تو فی الفور درد رفع ہو جائے۔ ایضاً نعناع (کھٹی انبی) کو آگ پر گرم کر کے پیشانی پر ضماد کرنے سے بھی سر کے درد کو تسکین ہوتی ہے۔ ایضاً بٹیرے کا چمڑا مریض کے سر پر لٹکانے سے بھی سر درد کو آرام ملتا ہے ایضاً سر کے بال مونڈ کر اس پر تھوڑا زعفران لوبان باریک پیس کر سر پر ضماد کرنے سے بھی سر درد کو تخفیف ہو جاتی ہے۔ **ایضاً** روغن بابونہ۔ روغن گل کی مالش سے بھی سر درد جاتا رہتا ہے۔ **ایضاً** نیز زعفران۔ عود، لبساس، لوبان، مصطکی، سعد کوفی، میعہ یابسہ بہ قسط تخم ریحان سندروس ہر ایک سے تھوڑا تھوڑا لے کر پانی میں پیس کر پیشانی پر ضماد کریں ایضاً آس (نیازبو) کے پتے سرکے میں گھوٹ کر سر پر لگائیں۔ ایضاً عرق گلاب، روغن گل، سرکہ بقدر ضرورت لے کر اسی کا کپڑا بھگو کر کنپٹیوں پر رکھتے جائیں انشاء اللہ آرام ہو جائے گا ایضاً جو کا آٹا نیز سرکے میں ملا کر سر پر ضماد کریں۔ ایضاً مصطکی باریک پیس کر گندم کے آٹے میں ملا کر اور انڈے کی سفیدی ڈال کر پیشانی پر ضماد کریں۔

## درد دماغ کا علاج

سکنجبین۔ فلفل، ملٹھی، حب راسن، بادام سب کو کوٹ کر تین دن دماغ پر لیپ کریں سر درد کے لئے دنبے کی دائیں پنڈلی کا مہرا لے کر مریض کے سر پر لٹکا دیں۔ ایضاً مرغ کے پتے سے مریض کے سر پر مالش کریں ایضاً صندل، کافور، ہر دو کو عرق گلاب میں پیس کر پیشانی پر ضماد کریں ایضاً اگر گرمی سے ہو تو کدو کا پانی پینے اور اُسی کے ساتھ سر دھونے سے سر درد دور ہو جاتا ہے۔ ایضاً دائیں انگلی سے بائیں (یعنی) کن پٹی اور انگوٹھے سے دائیں کن پٹی کو پکڑیں۔ پھر یہ سورت پڑھیں لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ــــــ الی آخر سورہ حشر پارہ ۲۸ پھر یہ پڑھے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا

Marfat.com

مِصْبَاحٌ ط اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ ط اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّھَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبَارَکَۃٍ زَیْتُوْنَۃٍ لَّا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ یَّکَادُ زَیْتُھَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْہُ نَارٌ ط نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ط یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ط وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ط وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ ارْتَفِعْ اَیُّھَا الْوَجَعُ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ایضاً دم کرنے والا اپنا ہاتھ مریض کے سر پہ رکھ کر یہ پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ اسْمُہٗ بَرَکَتُہٗ وَشِفَآءٌ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ اس کو تین یا سات دفعہ پڑھے۔


## باب آٹھواں دردِ سر کا علاج لکھنے سے

یہ حروف لکھے ا ح ا ل ح ع ح ا م ا ۲ ۔ اور سر پر لٹکا دے ایضاً رفیقی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ جو شخص ہرن کے چمڑے پر بیس دفعہ دیکھے اور اس کے ساتھ یہ آیت اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَہٗ سَاکِنًا ج ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَیْہِ دَلِیْلًا ہ ثُمَّ قَبَضْنٰہُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَّسِیْرًا اُسْکُنْ اَیُّھَا الصُّدَاعُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ یَقُوْلُ لِلسَّاکِنِ اضْرِبْ وَلِلضَّارِبِ اُسْکُنْ کسی کاغذ پر لکھ کر قسط لاون مصطکی سے دھونی دے اور مریض کے سر پر لٹکا دے۔ بفضل

---

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) لہ اللہ آسمانوں اور زمین کا روشن کرنیوالا ہے اور اسکا نور ایک چراغ کیطرح ہے اور چراغ قندیل ہیں قندیل شیشہ میں گویا کہ وہ چمکتا ہوا ستارہ ہے مبارک درخت زیتون سے جو کہ نہ مشرقی ہے نہ مغربی جلایا گیا ہے ایسے شفاف تیل سے کہ ممکن ہے کہ بغیر آگ چھونے سے روشن ہو جائے نور پر نور ہے اللہ تو جسے چاہتا ہے اپنے نور کی طرف ہدایت کر دیتا ہے اور اللہ لوگوں کے لیے مثال کے طور پر (یہ باتیں) بیان فرماتا ہے اور وہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے ایسے گھروں میں جن کی رفعت اور بلندی خدا کو منظور ہے اے درد اللہ کی مدد اور قوت کے ساتھ دور ہو جا ۱۲ لہ کیا تو اپنے رب کی طرف نہیں دیکھتا کس طرح اس نے سایہ پھیلایا ہے اگر چاہتا تو اسے ٹھہرا دیتا پھر ہم نے سورج کو اس پر نشان کر دیا پھر اس کو ہم نے اپنی طرف آہستہ آہستہ کھینچ لیا اے مرض تکلیف اور صداع اس عظیم خدا کی مدد سے جو ٹھہری ہوئی چیز کو حرکت اور چلتی کو رکنے کا حکم دیتا ہے ٹھہر جا ۱۲

Marfat.com

خدا شفا ہو جاوے۔ کسی کاغذ پر لکھ کر یہ آیت اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ جَعَلَهٗ سَاكِنًا اُسْكُنْ اَيُّهَا الصُّدَاعُ بِحَوْلِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهٖ وَبِحُرْمَةِ انوش فوبوش فربوش یرشوش انوش اهیاش ترش کترپوش اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجَعُ عَنْ حَامِلِ كِتَابِيْ اَللّٰهُمَّ اكْفِ وَاشْفِ حَامِلَ كِتَابِيْ هٰذَا اس کے ساتھ شامل کرے کہ اے سر درد اللہ کے حول اور قوت اور انوش فربوش، برپوش، انوش، اہیاش، ترش ترپوش کی طفیل سے ٹھہر جا نیز اس کو کسی کاغذ پر لکھ کر مریض کے کسی عضو پر باندھ دے ابو موسے کا یہ مجرب ہے۔ اور درد صداع کے بارہ میں ایک اور عجیب علاج ہے کہ بسم اللہ پوری لکھ کر کہیعص یعنی سورۂ مریم کے شروع سے لفظ خَفِيًّا تک لکھ کر بسم اللہ پوری سورۂ حم عسق شروع سے لفظ حکیم تک لکھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم كَمْ مِنْ نِعْمَةِ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ قَلْبٍ خَاشِعٍ وَكَمْ مِنْ نِعْمَةِ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ عِرْقٍ سَاكِنٍ وَغَيْرِ سَاكِنٍ[1] اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجَعُ بِحَقِّ مَنْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَفِيْ رِوَايَةٍ بَعْدَ الْبَسْمَلَةِ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَنْسٰى مَنْ ذَكَرَهٗ وَلَا يَنْسٰى مَنْ نَسِيَهٗ **ایضاً** تعویذ ذیل کو جھاؤ کی لکڑی پر لکھ کر مریض کے سر پر لٹکا دیں۔ تعویذ یہ ہے  مغفل **ایضاً** اتوار کے روز یہ عزیمت لکھ کر باندھے[2] بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اَللّٰهُمَّ اِشْفِ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ مِنْ شَدِّ جَمِيْعِ الطَّوَارِقِ وَاَوْجَاعِ الرَّاْسِ بِحَوْلِكَ اِنَّ الْاَمْرَ

---

[1] اللہ تعالیٰ کی کئی نعمتیں اسی سے خوف کرنے والے اور ڈرنے والے دلوں پر اور حرکت کرنے والے اور ٹھہری ہوئی رگوں پر موجود نہیں اے درد اس خدا کی طفیل جس کے لیے رات اور دن ساکن ہیں اور وہ سننے جاننے والا ہے ٹھہر جا اور بعض نے بیان کیا ہے کہ اس آخری بسملہ کے بعد پہلے یہ کلمات کہے پاک ہے وہ ذات جو نہ تو اپنے ذاکر کو بھولتا ہے اور نہ ان کو فراموش کرتا ہے جو اس سے غافل ہیں یہ سب کچھ لکھ کر اگر جائے درد پر باندھا جائے تو انشاء اللہ کلی شفاء نصیب ہوگی ۱۲

[2] اللہ اکیلے بے نیاز کے نام کے ساتھ جس نے نہ کسی کو جنا نہ کسی سے جنا گیا اور نہ کوئی اس کا شریک ہے اے اللہ فلاں شخص فلانے کے بیٹے کو تمام قسم کے حادثات اور سر کی دردوں سے اپنی مدد اور قوت سے شفا عطا کر یقیناً حکم تیرے ہاتھ ہے فلاں شخص سے ہر قسم کی دردیں اپنی مدد اور قوت سے دور کر دے ۱۲

Marfat.com

بِيَدِكَ وَاذْهِبْ عَنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ جَمِيعَ الْاَوْجَاعِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ **ایضاً** - جمعرات کے روز یہ عزیمت رقعہ پر لکھ دے - بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ رَبِّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَرَبِّ الْخَلَائِقِ اَجْمَعِيْنَ صَرِّفْ عَنْ حَامِلِ كِتَابِيْ هٰذَا اَلْمَ الَّذِيْ يَجِدُ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يَا شَافِيْ اشْفِهٖ وَعَافِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَشْفِيْهِ - روایت ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی کے زمانہ میں جب نوشیرواں مارا گیا تو اس کی ٹوپی حضرت عمر رضی کے پاس لائی گئی اور کہا گیا اے امیر المومنین یہ نوشیرواں کی ٹوپی ہے - جب وہ بیمار ہوا کرتا تھا تو اس کو سر پر رکھ لیتا تھا اور اچھا ہو جایا کرتا تھا - حضرت عمر رضی نے فرمایا نوشیرواں کی ٹوپی سر پر رکھنے سے شفا ہو جاوے یہ عجب ہے اس کو پھاڑ دو، جب پھاڑی گئی تو اس میں یہ عبارت لکھی ہوئی تھی - شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ - نُوْرٌ وَقُدْرَةٌ وَبُرْهَانٌ وَحِكْمَةٌ وَسُلْطَانٌ يَا هَادِيَ مَنِ اهْتَدٰى يَا مَنْ لَا يَنَامُ اَبَدًا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَحَبِيْبُهٗ اُسْكُنْ اَيُّهَا الصُّدَاعُ بِالَّذِيْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ -

**ایضاً** یہ عزیمت شہر رمضان کے آخری جمعہ کے روز لکھ کر رکھ چھوڑیں اور بوقت ضرورت کام میں لاویں عزیمت یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ اِلٰى يَسِيْرًا

**ایضاً** اس کو لکھ کر پاس رکھیں بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْمَنَّانِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّفِيْعِ الْمَكَانِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ

---

لہ اللہ کے نام کے ساتھ اے اللہ رب جبرائیل ومیکائیل اور کل خلقت کے اس میرے تعویذ کے اٹھانے والے سے سب قسم کے درد جو وہ محسوس کرتا ہے اپنی مدد اور قوت سے دور کر دے تحقیق تو ہر چیز پہ قادر ہے اے شافی اسے شفا دے اور معاف فرما اللہ کے نام کے ساتھ اس کو دم کرتا ہوں اللہ اس کو شفا عطا کرے

سے اللہ گواہی دیتا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں نور ہے اور قدرت و دلیل و حکمت و بادشاہ اے ہدایت کے متلاشی کو ہدایت کرنے والے اے وہ ذات جو کبھی سوتا نہیں اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور عیسیٰ علیہ السلام اس کا روح اور کلمہ ہے اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت کے نہیں محمد اللہ کے رسول اور دوست ہیں اے درد اس مولیٰ کے نام کی برکت سے جس کے لیے دن اور رات ساکن ہیں رک جاوہ اللہ سب سے زیادہ سننے والا جاننے والا ہے - ۱۲

لَا یَشْغَلُہٗ شَانٌ عَنْ شَانٍ شَعْشَعَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ اللّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ نَفَذَتْ حُجَّۃُ اللّٰہِ وَظَہَرَ اَمْرُ اللّٰہِ وَتَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰہِ وَبِفَضْلِ وَجْہِ اللّٰہِ اُخْرُجْ اَیُّہَا الْوَجَعُ مِنَ الرَّاْسِ عَنْ حَامِلِ کِتَابِیْ ھٰذَا بِحَقِّ حَقِّ اللّٰہِ وَبِحَقِّ وَجْہِ اللّٰہِ وَمَا جَرٰی بِہِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ اِلٰی خَیْرِ خَلْقِ اللّٰہِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اُسْکُنْ اَیُّہَا الْوَجَعُ مِنَ الرَّاْسِ عَنْ حَامِلِ کِتَابِیْ ھٰذَا کَمَا سَکَنَ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی اللَّیْلِ وَالنَّہَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَہٗ سَاکِنًا اِنْ یَّشَاْ یُسْکِنِ الرِّیْحَ وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْجِبَالِ لفظ اٰمَنَّا تک سورہ طٰہٰ پارہ سولہ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ..... دردِ شقیقہ و دردِ سر کے لیے ریشم کے کپڑے پر حروف ذیل لکھ کر مریض کے سر پر لٹکاویں ذھاج الف انشاء اللہ شفا ہو جاوے۔ خاص دردِ شقیقہ کے لیے یہ آیت پڑھے[۲] قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰہُ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِہٖۤ اَوْلِیَآءَ لَا یَمْلِکُوْنَ لِاَنْفُسِہِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا۔ **ایضاً**۔ شیخ عبدالسلام کا قول ہے کہ اگر ابیات ذیل چاندی کی انگوٹھی میں چاندنی راتوں کے زمانہ میں نقش کریں تو امراض سر سے لے کر امراض ناخن تک دور ہو جاتے ہیں اور اگر لوہے کی انگشتری میں شرط مذکور سے نقش کریں تو ناف سے لے کر قدموں کے امراض تک دفع ہو جاتے ہیں چاندی کی انگوٹھی کو سر پر باندھنا چاہیے اور لوہے کی انگشتری کو ناف پر اشعار حسب ذیل ہیں۔

---

[۱] ترجمہ عظیم الشان محسن خدا کے نام سے اس بلند مکان والے اللہ کے نام سے جسے ایک کام دوسرے کام سے روک نہیں سکتا زمین اللہ کے نام سے روشن ہو گئی اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اللہ سے حجت جاری ہو چکی اس کا حکم ظاہر ہو چکا۔ اللہ کے دشمن بگڑ گئے اے درد اس تعویذ والے شخص کے سر سے اللہ کی بزرگی کی وجہ سے نکل جا اللہ کے حق اور اللہ کے چہرہ کے حق اور ان چیزوں کے حق سے جن پر اللہ کے پاس سے آج تک قلم جاری ہو چکی ہے خلقت میں سب سے بہتر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی اولاد اور اصحاب تک درد اس تعویذ والے شخص کے سر سے ٹھہر جا جیسے رحمٰن کا عرش ٹھہر گیا اور اسی کے لیے ٹھہر گیا جو کچھ کہ دن اور رات میں ہے اور وہ سننے جاننے والا ہے[۲] کہہ کون آسمانوں اور زمینوں کا رب ہی کہہ دے اللہ کہہ کیا تم اس کے سوا ایسے والی بناتے ہو جو اپنی جانوں کے نفع اور نقصان کے بھی مالک نہیں۔

Marfat.com

حاشاہ ان یحرم الراجی مکارمہ — او یرجع الجار منہ غیر محترم
ومذ الزمت افکاری مدائحہ — وجدتہ لخلاصی خیر ملتزم
ولن یفوت الغنی منہ یدا تربت — ان الحیاء ینبت الازھار فی الاکم
ولم ارد زھرۃ الدنیا التی اقتطفت — یدا زھیر بما اثنی علی حرام

ترجمہ وہ اللہ پاک ذات ہے کوئی امیدوار اس کے احسانوں سے محروم نہیں رہتا اور کوئی اس کی ذات کے ساتھ پناہ لینے والا بے عزت نہیں ہوتا جیسے میں نے اس کی ثنا صفت کو اپنے اوپر لازم کیا ہے اس کو میں نے اپنی نجات کے لیے بہتر نسخہ پایا ہے کوئی تنگدست اس کی بارگاہ سے فراخی کے بغیر نہیں آتا تحقیق زندگی شگوفوں کو پردوں میں اگاتی ہے۔ میں کھو جانیوالی دنیاوی زینت کا طالب نہیں ہوں جس کی زہیر شاعر نے بڑھاپے کے وقت دعا کی تھی۔

# باب دسواں

سدر کے علاج میں۔ اگر انسان کی حالت اٹھتے وقت ایسی ہو جاوے کہ آنکھوں میں اندھیرا آجاوے اور سر میں چکر آجاوے یہاں تک کہ گرنے کے نزدیک آجاوے بلکہ بعض اوقات گر پڑے تو ایسی بیماری کو سدر کہتے ہیں۔ اس کا سبب خلط صفراوی ہوتی ہے جو معدہ میں بند ہوتی ہے علاج اس کا یہ ہے کہ نہار کے وقت لیموں کا عرق میٹھا ملا کر پلائیں اور ہر روز قے کریں تاکہ خلط صفراوی نکل جائے ہر ایک گرم و تیز چیز سے پرہیز رکھیں اور گائے کا دودھ اور گندم کی روٹی کھایا کریں **ایضاً** یہ عزیمت لکھ کر مریض کے سر پر باندھ دیں[1] بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین الم تر الی ربک کیف مد الظل لفظ دلیلا تک و بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم — **ایضاً** کاغذ پر لکھ کر مریض کے سر پر لٹکایا جاوے اللھم یا من لا ینام

---

[1] اور ہم قرآن سے مومنوں کے لیے شفا اور رحمت نازل کرتے ہیں اس سے اگلی آیت کا ترجمہ گذر چکا ہے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ)

Marfat.com

وَلَا یَخَافُ وَلَا یَمُوْتُ وَلَا یَغْفُلُ اِشْفِ عَبْدَكَ هٰذَا فَاِنَّهٗ یَخَافُ وَیَنَامُ وَیَمُوْتُ وَیَغْفُلُ اِشْفِهٖ مِنْ كُلِّ ضُرٍّ وَّعِلَّةٍ وَّدَاءٍ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

## گیارہواں باب

**قرع** (گنج) کے علاج میں اس کی تعریف کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ مشہور و معروف ہے علاج یہ ہے ۔ نیازبو، صنوبر کے بیج، مہندی، گھوڑے کا پیشاب کنیر کے پتے ۔ شہد بقدر ضرورت لے کر سب کو ملا کر مریض کے سر پہ مالش کریں ۔ اور رات بھر رہنے دیں ۔ صبح کے وقت گرم پانی سے دھو ڈالیں ہر روز اسی طرح کرتے رہیں یہاں تک کہ آرام ہو جاوے ۔

**ایضاً** ۔ برگ ریحان، برگ صنوبر، برگ کنیر سب کو گائے کے بول سے خمیر کر کے مریض کے سر پہ لگائیں ۔ کم از کم دس دن تک ایسا ہی کریں ہر روز رات کو لگایا کریں اور صبح گرم پانی سے دھو ڈالا کریں ۔

**ایضاً** کچی بینھی لے کر باریک پیسیں اور روغن نار میں ملا کر مریض کے سر پہ ضماد کریں ۔ سات روز تک ایسا ہی کریں امید ہے کہ نئے بال پیدا ہو جاویں گے یہ صحیح و مجرب ہے ۔

**ایضاً** بیخ انجیر برگ انجیر، دونوں کو ملا کر کڑاہی میں ڈالیں ۔ پھر اس پر روغن زیتون اتنا

---

لہ اللہ کے نام کے ساتھ جو کافی ہے عافیت دینے والے رب کے نام کے ساتھ نہیں طاقت گناہوں سے رکنے کی اور نہ قوت اطاعت کی مگر اللہ بلند ذی شان کی مدد سے ۱۲ ؎ اے اللہ جو کہ نہ سوتا ہے نہ خوف کرتا ہے نہ اس کے لیے موت ہے اور نہ غافل ہے اس بندہ کو شفا دے کیونکہ وہ ڈرتا ہے اور سوتا ہے مرے گا اور غفلت کرتا ہے اس کو ہر تکلیف دکھ و بیماری سے شفا بخش تو سننے اور جاننے والا ہے ۔

Marfat.com

ڈالیں جس سے پہلی دوا پوشیدہ ہو جاوے، پھر خوب جوش دیں اور نیچے اتار کر اس میں بکری کی چربی، رال، چونہ، گندھک، تھوڑی تھوڑی ڈالیں۔ پھر آگ پر چڑھائیں اور مرہم کا سا قوام کر کے اتار لیں اور اس میں سے گنج کی جگہ پر طلا کریں۔ صحیح و مجرب ہے۔

**ایضاً** گائے کا بھیجا وزن ایک دینار، ہڑتال سرخ نصف اوقیہ۔ گندھک نصف اوقیہ، روغن تار پین، جس سے یہ دوائیں تر ہو جاویں تین انڈوں کی زردی سب کو ملا کر مریض کو سر پر طلا کریں۔

# بارہواں باب سر کے زخموں کے علاج میں

بیتھی کے پانی سے سر دھو یا کریں کہ اس سے زخم بہت جلد اچھے ہو جایا کرتے ہیں۔

**ایضاً**۔ مہندی ایک اوقیہ، پھٹکڑی ایک مثقال۔ دونوں کو پیاز کے پانی اور سرکہ میں پیس کر سر پر لگائیں۔ اگر بچہ ہو تو روغن گل میں پیس کر لگا دیں۔

**ایضاً** کافور ایک حصہ۔ لیموں کا پانی ملا کر سر پر لگا دیں۔ اگر لیموں نہ ہو تو سرکہ میں۔

**ایضاً** گائے کا پتہ سر پر طلا کرنے سے بھی سر کے زخم اچھے ہو جاتے ہیں۔

# تیرہواں باب سر اور بدن کی جوئیں وغیرہ کے علاج میں

سمندر کے پانی سے یا پانی میں نمک ملا کر اس جگہ کو دھوئیں یا مولی کے شیرہ میں روغن زیتون ملا کر اور تھوڑا سا قرحا پیس کر موضع ماؤف پر ملا کریں۔

**ایضاً** مہندی، کافور، دونوں کو پیس کر پانی میں ملا کر سر پر طلا کریں بہ شرطیکہ جوئیں سر میں ہوں اور اگر سارے بدن میں ہوں تو مردہ سنگ، کافور، روغن زیتون، سرکہ تیز، بقدر ضرورت لیں۔ کافور اور مردہ سنگ کو سرکہ میں خوب ملا دیں اور روغن زیتون اضافہ کر کے بدن پر طلا کریں۔

**ایضاً** ہدہد کا تاج لے کر آگ پر جلا دیں اور حلوے سے ملا کر سر پر طلا کریں۔

**ایضاً** کافور، مہندی، دونوں کو پیس کر روغن زیتون میں ملا دیں اور موضع ماؤف پر طلا کریں۔

Marfat.com

ایضاً کمیز کے پتے خشک کر کے پیس کر روغن زیتون میں ملا کر موضع ماؤف پر ملا کریں۔

ایضاً صنوبر کی چھال باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا کر ملا کریں۔

ایضاً مولی کے شیرہ سے سر اور بدن کو دھوئیں۔

ایضاً کافور آگ پر رکھ کر اس کے بخارات موضع ماؤف تک پہنچا دیں انشا اللہ جوئیں مر جائیں گی مجرب ہے۔

## چودھواں باب بالوں کی اصلاح میں جو سر یا داڑھی سے گر پڑیں

بالوں کی اصلیت بخارات ہیں جن کو طبیعت فالتو سمجھ کر اندر سے بالوں کے اگنے کی جگہ پر پھینک دیتی ہے۔ پس اگر اخلاط صالح اور معتدل ہوں تو بال اپنے رنگ اور ماہیت میں اچھے ہوتے ہیں اور اگر اخلاط میں خشکی زیادہ ہو جائے تو بال پھٹ جاتے ہیں اور کمزور ہو جاتے ہیں۔

**علاج** اسبغول کا لعاب نکال کر روغن زیتون ملا کر استعمال کیا کریں اس سے بال نرم اور خوب صورت ہو جاتے ہیں۔ اگر بالوں میں رطوبت کا غلبہ ہو تو اس کا علاج یہ ہے۔ روغن زیتون کو نرم آگ پر گرم کریں اور مصطگی اور لادن ملا کر استعمال کریں۔

## بالوں کے گرنے کا علاج

لہس کا چھلکا روغن زیتون میں جوش دے کر مالش کریں۔

ایضاً سیہ کی کھال جلا کر روغن زیتون میں پیس کر بیمار جگہ پر مالش کریں۔

ایضاً بربوں اور نیشکر کی جڑ کو خوب باریک پیسیں اور ایک لوہے کی کڑاہی میں پرانا روغن زیتون ڈالیں اور پھر اس میں وہ دوا ڈال کر خوب ملا دیں اور بالوں کو لگا دیں۔

ایضاً چوہے کو جلا کر روغن زیتون میں ملا کر بالوں کی جگہ پر مالش کریں

ایضاً چمگادڑ کو جلا کر روغن زیتون میں ملا کر بالوں کی جگہ پر استعمال کریں۔

Marfat.com

# پندرہواں باب بالوں کے گرانے کا بیان

چھپکلی کو روغن زیتون میں جلا کر جس شخص کو کھلاویں اس کے بال گر جائیں گے۔

**ایضاً** چیونٹی کے انڈے اور ہڑتال اور فرفیون کو ملا کر کسی شیشی میں بند کریں جو شخص اس کی بو سونگھے گا اس کے بال گر جائیں گے۔

**ایضاً** ہڑتال ورقی اور چونہ ہر ایک مساوی کافور بقدر ضرورت سب کو باریک پیس کر اور وقت ضرورت عورت اس سے کام لے سب بال گر جائیں گے۔

**ایضاً** کبوتر کی بیٹ، چونہ، کافور، ہڑتال سب کو باریک پیس کر بوقت ضرورت کام میں لاویں۔

**ایضاً** چونہ۔ ہڑتال۔ نوشادر۔ سب کو باریک پیس کر کام میں لاویں۔

# سولہواں باب بالوں کے نہ اگنے کے بیان میں

اگر ایسی جگہ بال اُگ آئیں جو اُگنے کے قابل نہ تھی۔ اور ان کو دور کرنا چاہے تو تھوڑی سی افیون لے کر تیز سرکہ میں گھس کر اس جگہ سے بالوں کو نوچ کر طلا کر دیں انشاء اللہ بال دور ہو جائیں گے اور پھر کبھی نہ ہوں گے۔

**ایضاً** ہڑتال زرد کو باریک کپڑ چھان کر کے افیون کے پانی میں ملا کر بالوں کو نوچنے یا مونڈنے کے بعد طلا کریں کہ پھر کبھی پیدا نہ ہوں گے۔

**ایضاً** بالوں کو اکھاڑنے کے بعد جنگلی سبز مینڈک کا خون یا چچڑ (وہ کیڑا جو کتے کے کان میں ہوتا ہے) کا خون طلا کرنے سے بال دوبارہ پیدا نہیں ہوتے۔

(بغل کے بال نہ اگنے کے لیے) ہڑتال سرخ طلا کرنے سے پھر پیدا نہیں ہوتے۔

**ایضاً** بکری کے پتے میں نوشادر ملا کر بال نوچنے کے بعد طلا کرنے سے پھر بال پیدا نہیں ہوتے۔

Marfat.com

# سترھواں باب بالوں کے لمبا کرنے کے بیان میں اس میں دو نسخے ہیں

بکری کا خون و شہد سے کر روغن زیتون میں ملا کر بالوں پر لگانے سے لمبے ہو جاتے ہیں۔

ایضاً گندنا کا پانی نکال کر دنبے کے پتے میں ملا کر بالوں پر ملنے سے دراز ہو جاتے ہیں اور سفید بال رنگین ہو جاتے ہیں۔

# اٹھارہواں باب بالوں کے رنگنے و سیاہ کرنے کے بیان میں

مہندی کو پانی میں پکا کر اس میں سیاہ انگور پیس کر ملا دیں۔ پھر دونوں میں پانی ڈال کر قرع انبیق کے ذریعہ سے عرق نکالیں اور سفید بالوں پر ملیں تین دن متواتر لگانے سے بال سیاہ ہو جاویں گے۔

ایضاً عفص رومی بریاں پانچ درم برگ مہندی دو درم سنگ راسخ ایک درم کھانے کا نمک آدھا درم سب کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے رکھ چھوڑیں۔ بوقت ضرورت گرم پانی سے خمیر کر کے بالوں پر لگائیں اور اوپر چقندر کے پتے باندھ دیں۔ صحیح و مجرب ہے۔

ایضاً سبز اخروٹ کا چھلکا باریک پیس کر روغن گنجد میں ملا کر رکھ چھوڑیں اور بوقت ضرورت بالوں پر لگاتے رہیں سیاہ ہو جاویں گے۔

ایضاً ایک چمگادڑ لے کر اس کا دایاں حصہ جلا کر خوب باریک پیسیں کہ غبار کی طرح ہو جاوے پھر اس کو روغن زیتون میں ڈال دیں پھر بائیں حصہ جلا کر ویسا ہی عمل کریں اور بالوں پر لگائیں۔ بال سیاہ ہو جائیں گے۔

# انیسواں باب صفرا کے ساکن کرنے میں

شربت سکنجبین پینے سے اس کا غلبہ فرو ہو جاتا ہے۔ سکنجبین کے بنانے کی ترکیب شکر تری ۴ اوقیہ سرکہ تیز ایک اوقیہ پانی ڈیڑھ رطل شکر تری و سرکہ کو پانی میں ملا دیں، یہ سکنجبین خام کہلاتی ہے۔

Marfat.com

**پختہ سکنجبین** بنانے کی ترکیب شکر تری ایک رطل۔ سرکہ نصف رطل پانی چار رطل سب کو ملا کر نرم آگ پر پکائیں اور جب قوام درست ہو جاوے آتار لیں اور بوقت ضرورت اس میں سے ایک اوقیہ لے کر چھ اوقیہ پانی ملا کر استعمال کریں۔

## بیسواں باب کان کی درد بہرہ پن کے علاج میں

کان میں سردی پہنچنے سے ایک قسم کا سدہ پڑ جاتا ہے جس سے کان کا درد یا بہرہ پن عارض ہو جاتا ہے۔

**علاج** روغن زیتون لے کر اس میں تھوم۔ فلفل، مصطکی، قرنفل تھوڑا تھوڑا ڈال کر نرم آگ پر پکائیں یہاں تک کہ سفید سی جھاگ آنے لگے پھر آگ پر سے آتار لیں اور اس کے قطرے کان میں ٹپکائیں یا روئی کے پھویہ پر لگا کر رات کے وقت کان میں رکھیں اور صبح کے وقت نکال دیا کریں امید ہے کہ ایک ہی دفعہ آرام ہو جاوے گا ورنہ چند روز تک ایسا ہی کرتے رہیں۔

**ایضاً** روغن ترب نہایت مفید چیز ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ مولی کو کسی کونڈے میں نمک ڈال کر خوب رگڑیں جتنا پانی نکل آوے اس سے آدھا وزن روغن گنجد ملا کر پکا دیں جب پانی جل جاوے تو تیل کو کسی شیشہ میں ڈال کر رکھ چھوڑیں اور بوقت ضرورت کام میں لاویں۔

**سرکہ** کا دھواں لینا بھی درد کان کو فائدہ دیتا ہے۔

**بہرہ پن کا علاج** روغن ترب صبح و شام کان میں ڈالتے رہنے سے فائدہ ہو جاتا ہے اور نیز روغن ذیل بھی نہایت مفید ہے۔

**صفت۔** بکری کا پتہ ایک عدد۔ روغن گنجد دو اوقیہ سرکہ ایک چمچہ پانی دو چمچہ تھوم ایک اوقیہ سب کو ملا کر پکائیں جب تیل رہ جاوے تو کسی شیشی میں بند کر رکھیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

**ایضاً** ایک بڑے پیاز کو خالی کر کے اس میں روغن زیتون ڈال کر گرم راکھ میں رکھ

Marfat.com

دیں جب پک جاوے تو روغن کو علیحدہ کریں اور قطرے کان میں ڈالا کریں۔

# کان کے درد کا علاج

لومڑی کی چربی گرم کر کے کان میں ڈالیں نہایت مفید و مجرب ہے۔

**بہرہ پن کا علاج** بٹیرے کے خون میں روغن اخروٹ ملا کر کان میں ڈالتے ہیں نہایت مفید ہے۔

**کان کے درد کا علاج** اگر گرم ہوا کے چلنے سے ہو تو اس وقت دھینے کا پانی یا عرق گلاب یا لڑکی والی عورت کا دودھ کان میں ڈالیں ایسے ہی میٹھا روغن بادام ڈالنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ اور اگر سردی سے درد ہو تو سداب کا پانی روغن زیتون میں ملا کر پکائیں جب تیل باقی رہ جائے تو اس کے قطرے کان میں ڈالیں۔

**بہرہ پن کا علاج** گھوڑے کی گرما گرم لید لے کر اس کا پانی نچوڑ کر بہرہ کے کان میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو جاوے گی۔

**ایضاً** کرگس کا پتہ بہرے کے کان میں ڈالنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

**ایضاً** بٹیرے کا پتہ روغن بادام میں ملا کر بہرے کے کان میں ڈالنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

**ایضاً** جنگلی پیاز کا پانی روغن زیتون ڈال کر پکائیں۔ جب تیل رہ جائے تو اس کو کان میں ڈالیں۔

**ایضاً** بٹیرے کا پتہ، پیاز کا پانی دونوں کو گرم کر کے وقت ضرورت کان میں ڈالیں۔

**ایضاً** کچھوہ کی چربی گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

**ایضاً** روغن زرد کو گرم کر کے کان میں ڈالیں اور اس پر تھوڑا سا کھانے کا نمک چھڑکیں۔

**ایضاً** پیاز کا پانی، روغن بادام، دونوں کو ملا کر کان میں ڈالیں۔

Marfat.com

# اکیسواں باب آنکھ کے دردوں کے بیان میں

یاد رہے کہ آنکھ کی دردیں پانچ قسم کی ہوتی ہیں۔(۱) وہ سرخی جو آنکھوں میں ہو جاتی ہے اس کا سبب خلط صفراوی کی زیادتی ہوتی ہے۔

**علاج** تر ہندی کو پانی میں بھگو کر اس کا پانی آنکھوں میں ڈالیں۔ اور اسی کو گھوٹ کر آنکھوں اور پلکوں پر ضماد کریں۔ اور سو جائیں انشاءاللہ صبح ہونے تک آرام ہو جائے گا ورنہ یہی عمل بار بار کریں۔ اور جب خلط صفراوی آنکھوں میں مستحکم ہو جاتی ہے تو آنکھوں میں زرد پانی دکھائی دیا کرتا ہے، جو اندھاپن کا باعث ہو جاتا ہے اور اس پانی کے آنکھوں میں اترنے کی علامت یہ ہوتی ہے کہ بلا وجہ آنکھوں سے آنسو جاری رہتے ہیں اور انسان اپنی آنکھوں کے سامنے مچھر، مکھی وغیرہ چھوٹے چھوٹے جانوروں کو اڑتا ہوا دیکھتا ہے۔

**علاج** یہ ہے کہ پہلے صفراء کا مسہل لیا جاوے اور ان دو سرموں میں سے جو کہ آئندہ بیان کیئے جاویں گے استعمال کرے۔ اور گرم تیز نمکین اور حامض چیزوں کے کھانے سے پرہیز کریں۔

**۲-آشوبِ چشم** اس کی علامت آنکھوں کی سرخی ان کی رگوں کا پھولنا اور رطوبت اور آنکھ میں سنگریزی کا سا کھٹکنا ہے۔ اس کا سبب خلط دموی ہوتا ہے۔

**علاج** آنکھ کے پردے پر انڈے کی سفیدی اور گھیکوار کا گودا ملا کر ضماد کریں پھر اندھیری جگہ میں سکونت کریں اور بار بار آنکھوں کو ہاتھ نہ لگائیں کیونکہ یہ بات آنکھوں کے واسطے بہت مضر ہے۔ اگر رمد پک جائے جس کی علامت یہ ہوتی ہے کہ آنکھوں کے کنارے رطوبت سے جھک جاتے ہیں۔ تو اس وقت پہلے دو چیزوں کے ساتھ کسی قدر کلونجی بھی شامل کریں۔ پھر سو جائیں۔ انشاءاللہ صبح تک فائدہ ہو جائے گا صحیح اور مجرب ہے اور جب رمد مستحکم ہو جاتی ہے تو آنکھوں کی پلکیں موٹی ہو جاتی ہیں اور اندھا ہو جانے کا خوف ہوتا ہے اس کا علاج یہ ہے کہ سر کے نقرہ پر سینگی لگائی جائے اور ترش قابض چیزوں

Marfat.com

کا استعمال کیا جاوے۔ اور جو چیز کھائی جاوے اس میں سرکہ ڈالا جاوے اور کھٹا انار بہت مفید ہے۔

(۳) آنکھوں کی سفیدی یہ ایک قسم کا سفید پانی ہوتا ہے جو دماغ سے اترتا ہے اور سفید جھلی بن کر قوت بصارت کو ڈھانپ لیتا ہے اس کی سفیدی کا باعث خلط بلغمی ہوتی ہے اس کا علاج کرنا حکماء ماہرین کا کام ہے اور اس سرمہ کا استعمال بھی مفید ہے۔

توتیا لیموں کے پانی میں سات دفعہ پکایا جاوے۔ پھر اگر موتیا دس درم ہو تو ایک درم سنگ راسخ نمک طعام آدھا درہم فلفل دراز ربع درہم سب کو کوے کے پتے کے ساتھ خوب باریک پیس لیں اور بطور سرمہ استعمال کریں۔ چٹکی سے آنکھ میں ڈالیں اور جب اس کے استعمال سے آنکھ میں درد یا لذع معلوم ہونے لگے۔ تو دو تین راتیں چھوڑ دیں۔ یہاں تک کہ درد موقوف ہو جاوے پھر شروع کر دیں یہاں تک کہ اچھا ہو جاوے۔ کہتے ہیں کہ صرف کوے کا پتہ ہی بیاض عین کو دفع کر دیتا ہے۔ اگر پچاس سال کا ہو سا اور جب خلط بلغمی مستحکم ہو جاتی ہے تو اس سے زرد و سبز و نیلا پانی اترآتا ہے۔ اس وقت اس کا کوئی علاج نہیں۔

(۴) شبکوری ہے۔ اس کی علامت یہ ہے کہ مریض رات کے وقت کچھ نہیں دیکھتا سبب اس کا خلط سوداوی ہے علاج یہ ہے کہ بکری کا جگر لے کر چھری سے چیر کر آگ پر رکھیں، جب اس سے جھاگ پیدا ہو تو اس جھاگ میں قدرے فلفل ملا کر رات کے وقت آنکھ میں ڈالیں پھر سو جاویں اور دماغ پر گائے کا مکھن رکھیں۔ امید ہے کہ ایک دو رات میں آرام ہو جاوے گا۔ ورنہ دو تین راتیں اور استعمال کریں۔ نہایت مفید و مجرب ہے اور مرغن و مجرب غذا استعمال کریں کیونکہ شب کوری کا سبب خشکی کی کثرت و مجرب غذاء کی قلت ہے۔ جب شبکوری مستحکم ہو جاتی ہے تو اس سے عمی زنجی پیدا ہو جاتا ہے یعنی انسان کچھ نہیں دیکھتا مگر آنکھیں تندرست ہوتی ہیں یہ لا علاج بیماری ہے۔

(۵) ضعف البصر ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ انسان اونچی اور چھوٹی چیزوں کو نہیں دیکھ سکتا اور سوئی کے سوراخ میں دھاگہ نہیں ڈال سکتا۔ اس کے مدارج مختلف ہیں۔ بعض لوگ

Marfat.com

ایسے ہوتے ہیں کہ اگر باریک چیز کسی قدر نزدیک کر دی جائے تو دیکھ لیتے ہیں۔ یہ بھی ضعف بصر ہے۔ مگر یہ نسبت دوسرے اقسام کے ضرر و نقصان میں کم ہے اور بعض ایسے ہوتے ہیں کہ جب تک چیز ان کی آنکھوں کے بہت قریب نہ ہو کچھ نہیں دیکھتے۔ یہ پہلی قسم کی بہ نسبت زیادہ خراب ہے بعض ایسے ہوتے ہیں کہ اونچی اشیاء کو مطلقاً نہیں دیکھ سکتے بلکہ انہیں صرف ایک تصویر دکھائی دیتی ہے۔ اور سارا جسم انہیں ایک سپاٹ جسم معلوم دیتا ہے۔ الگ الگ اعضا معلوم نہیں کر سکتے بہ نسبت اقسام سابقہ بہت ہی ردی ہے۔ اور بعض ایسے ہوتے ہیں۔ کہ چھوٹی بڑی اشیا کو کما حقہٗ نہیں دیکھ سکتے بلکہ ان کو خیالی جسم میں دیکھتے ہیں۔ ایسے اشخاص کو تو دیکھے گا کہ بڑی کوشش سے اپنی آنکھوں کو کھولتے ہیں اور دور دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ ایک قسم کا اندھا پن ہوتا ہے اور مشکل سے علاج پذیر ہوتا ہے۔ ان سب اقسام کا سبب یا تو بڑھاپا ہوتا ہے یا کثرت سے سفید چیزوں کی طرف دیکھنا یا کثرت سے مطالعہ کرنا ہوتا ہے۔ مگر خالص سیاہ یا خالص سرخ یا خالص سبز چیزوں کی طرف دیکھنا آنکھوں کو ضرر نہیں دیتا بلکہ طاقت دیتا ہے

**علاج** ان سب اقسام کا یہ ہے کہ ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ استعمال کریں جن کو ہم آئندہ ذکر کریں گے اور غلیظ و ثقیل اشیاء سے پرہیز کریں نیز گائے کے گوشت و باجرہ و بینگن دلوبیا وغیرہ ثقیلہ سوداویہ اشیاء سے پرہیز کریں اور پیاز و لہسن۔ فلفل، زنجبیل وغیرہ گرم و تیز چیزوں سے اجتناب کریں۔ اور پلاؤ، دودھ۔ مرغ کا گوشت عمدہ گندم کی روٹی، تیتر، بیٹر کا گوشت کھایا کریں اور وہ حلوے جو ہم نے خفقۃ الراس میں ذکر کیا ہے کھایا کریں کہ یہ جوہر بصر کو بڑھاتا ہے۔ سبزیات کی طرف دیکھنا جاری پانی پر سیر کرنا خوبصورت اشیاء کی طرف دیکھنا بھی قوت بصارت کو زیادہ کرتا ہے۔ سرد پانی میں غوطہ لگا کر آنکھیں کھول دینا بھی آنکھ کی روشنی کو بڑھاتا ہے۔ جو شخص چاہے کہ رات کے وقت دن کی طرح دیکھے اس کو چاہیئے کہ سیہ کی دائیں آنکھ لے کر روغن زیتون میں جوش دے اور کسی تانبے کے برتن میں گھس کر رکھ چھوڑے اور بطور سرمہ آنکھوں میں لگایا کرے۔

Marfat.com

# بائیسواں باب آنکھوں کے علاج اور ان سرموں کے بیان میں جو آنکھ کے لائق ہیں

سرمہ جو دولتمندوں کے استعمال کے لائق ہے۔قوت بصارت کے جوہر کو بڑھاتا ہے اور سب سرموں سے زیادہ مفید ہے تندرست اور بیمار دونوں استعمال کر سکتے ہیں۔سونے کا برادہ ایک درم چاندی کا برادہ ایک درم موتی ایک درم صبر سقوطری ایک درم شکر تری ایک درم کستوری ایک درم کافور ایک درم سرمہ اصفہانی سب کے مساوی۔سب کو خوب باریک پیس کر پھر کسی شیشہ کی سرمہ دانی میں بھر کر رکھ لیں۔اور حسب دستور استعمال کریں نہایت مفید و مجرب ہے۔

## غریبوں کے لئے سرمہ

ضعفِ آنکھ کو طاقت دیتا ہے جوہر بصارت کو بڑھاتا ہے اور تندرست اور بیمار ہر دو کے واسطے مفید ہے۔

پارہ ایک درم (سکہ) سیسہ ایک درم، طوطیا ایک درم، صبر سقوطری ایک درم شکر تری ایک درم کافور ایک درم سرمہ اصفہانی سب کے برابر حسبِ دستور سرمہ بنا کر استعمال میں لاویں کہ نہایت صحیح و مجرب ہے۔

**ایضاً** سرمہ اصفہانی پانچ درم، توتیا پانچ درم، تھوڑی سی کستوری حسب دستور سرمہ تیار کر لیں۔

**ایضاً** زعفران۔دار فلفل۔سنبل۔کافور ہموزن سب کو خوب باریک کھرل کر کے حسب معمول سرمہ تیار کر کے کام میں لاویں۔

**ایضاً** یہ سرمہ میرے شیخ سیدی محمد سعید کا بتلایا ہوا ہے اور آنکھ کی ہر بیماری کے لیے مفید ہے زعفران نصف درم، دار فلفل دو درہم فلفل تین درم سب کو خوب باریک پیس کر سرمہ بنا دیں اور بطور سرمہ کام میں لاویں۔

## آنکھ کا علاج

تمر ہندی کو عرق گلاب میں مل کر کسی قدر زعفران شامل کر کے چند قطرے مریض کی آنکھ میں ڈالیں۔

Marfat.com

**آنکھ کا سرمہ** سیسہ کی داہنی آنکھ لے کر روغن بادام شیریں کے ساتھ کسی تانبے کے برتن میں جوش دے کر رکھ چھوڑیں اور بطور سرمہ استعمال کریں کہ رات کے وقت بھی دن کی طرح دیکھے گا۔

**ایک عجیب سرمہ** جتنا چاہو سیسہ اسکہ لے لو اور ایک لوہے کی کڑھی میں گندھک سے جلالو یہاں تک کہ راکھ ہو جاوے پھر اس میں اس راکھ سے دو چند تیز چونہ ملا دو اور سب کو انڈے کی سفیدی میں گوندھ لو اور تھوڑا سا اس میں صمغ عربی یا لعاب اسپغول ملا کر ایک مٹی کے پیالے پر لیپ کر دیں پھر ایک مٹی کی ہانڈی میں اس پیالہ کو رکھ کر منہ بند کر کے رات کے وقت کسی تنور یا کمہار کے آوے میں رکھ آویں صبح کے وقت نکال کر سرمہ بنالیں اور کام میں لاویں۔

**آنکھ کا سرمہ** فولاد۔ فلفل، زعفران۔ زنگار۔ پھٹکڑی سیاہ۔ نوشادر، توتیا ہر ایک دو درم۔ سرمہ اصفہانی چودہ درم سب کو باریک پیس کر کسی سبز مرتبان میں بند کر کے غلہ کے ڈھیر میں دبا دیں۔ پھر نکال کر باریک پیس کر سرمہ تیار کریں۔

**ایضاً** مرجان، کستوری، مصطگی، عود۔ قرنفل، جائفل، فلفل، زنگار، توتیا سفید سرمہ اصفہانی ہر ایک سے تھوڑا تھوڑا لے کر سب کو باریک پیس کر سرمہ بنالیں۔

**کحل شریف** توتیا سفید کو گرم کر کے عرق گلاب میں بجھا دیں اور مصری نمک ششہ سنگ راسخ۔ زنگار، پھٹکڑی، مصطگی ہر ایک سے توتیا مذکور کا آٹھواں حصہ لے کر پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے خشک کریں اور بطور سرمہ کام میں لاویں۔

**کحل عجیب** توتیا ہندی۔ نوشادر مصری۔ فلفل زنگار عراقی۔ سنگ راسخ، قرنفل مصری سمندر جھگ سب کو ملا کر باریک کریں اور اس سے دو چند سرمہ کے ساتھ ملا کر کام میں لایا کریں۔

**ایضاً** زعفران نصف درم فلفل دو درم باریک پیس کر سرمہ بنالیں اور استعمال کریں۔

**ایضاً** توتیا ایک اوقیہ۔ عودی قماری چار درہم زعفران ایک درم شتر مرغ کے انڈے کا چھلکا ایک درہم سب کو باریک کر کے سرمہ بنالیں۔

Marfat.com

# باب ضمادات عین کے بیان میں

کاسنی اگر دجو۔ تھوڑا تھوڑا لے کر روغن گل میں پیس کر آنکھ پر ضماد کریں۔ یہ ضماد آنکھ کے ورم اور سخت درد وغیرہ کو بہت مفید ہے۔

**ایضاً** چولائی کے پتے اگر دجو۔ روغن گل میں ملا کر ضماد کریں۔

**ایضاً** انڈے کی سفیدی۔ روغن گل میں ملا کر ضماد کریں۔

# آنکھ کا علاج تعویذ و عزمیت سے

یہ لکھ کر آنکھوں کے اوپر لٹکایا جاوے اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ لفظ عَلَیْھِمْ تک اس کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے۔ یہی آیت پیالہ میں لکھ کر اس پر شہد ملکر آنکھ میں ڈالیں۔

**ایضاً** اسماء ذیل لکھ کر آنکھ میں لٹکاویں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِیْمَانًا وَاسْتِسْلَامًا اَکْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ بھی لکھیں اَللّٰھُمَّ رَبَّ قَبْسٍ قَابِسٍ وَکِبْلٍ اَعْسٍ وَبَحْرٍ طَامِسٍ وَحَجَرٍ یَابِسٍ فِیْ عَیْنٍ مِعْیَانَ اَللّٰھُمَّ اعْمِ عَیْنَ مِعْیَانَ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ عَیْنُ الْمِعْیَانِ مَرْدُوْدَۃٌ عَلَیْہِ اَنْتَ اللّٰہُ اِمْنَعْ مَنْ شِئْتَ بِمَنْ شِئْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

# آشوب زدہ آنکھ کے علاج میں

ابو الطیب کا قول ہے کہ رمد سر کی رگوں کو اندر سے پکڑ لیتی ہے اور اس کا سبب یہ ہوتا ہے کہ سیہ خون سر میں جوش مارتا ہے۔

---

[1] آسمان و زمین کی پیدائش تمہارے پیدا کرنا سے زیادہ مشکل ہے، مگر اکثر لوگ نہیں جانتے۔

Marfat.com

**علاج** سیاہ بیل کا پتہ۔ شہد۔ آرد لوبیا سب کو ملا کر سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائیں۔

**رمد کا علاج** حب ریوند کو بکری کے پتے میں سات دن اس طرح کھرل کریں کہ ہر روز پانی ڈال کر کھرل کریں پھر دھوپ میں خشک کریں پھر سرمہ سا تیار کریں اس سے رمد بیاض دمعہ دور ہو جاتے ہیں۔

**ایضاً** توتیا۔ فلفل۔ زعفران۔ سیاہ پھٹکڑی، نوشادر۔ زنگار۔ سنگ راسخ ہر ایک مساوی مگر زعفران کچھ کم سب کو پیس کر بکری کے پتے میں ملا کر سرمہ تیار کریں اور کام میں لاویں۔

**فائدہ** جو شخص ان دو بیتوں کو یاد کر رکھے اس کی آنکھیں کبھی دکھنے نہ پاویں۔

| | |
|---|---|
| یَا نَاظِرَیَّ بِیَعْقُوْبَ اُعِیْذُ کَمَا قَمِیْصُ یُوْسُفَ اِذْجَاءَ الْبَشِیْرُ بِہٖ | مِمَّا اسْتَعَاذَ بِہٖ اِذْ مَسَّہُ اَلْکَمَدُ بِحَقِّ لِیَعْقُوْبَ اِذْھَبْ اَیُّھَا الرَّمَدُ |

اے میری دو آنکھو میں تم کو اس چیز کی پناہ میں لاتا ہوں جس سے یعقوب نے استفادہ کیا تھا جب کہ ان کو تکلیف پہنچتی تھی۔ یعنی یوسف کی قمیص جس کو بشیر لے کر آیا تھا۔ پس اے رمد یعقوب کی طفیل دور ہو جا۔

## باب ۲۶ آنکھ کی سرخی اور ڈھلکہ کا علاج لکھنے سے

جنگلی پیاز کے پتے پر لکھ کر مریض کی پیشانی پر باندھا جاوے[1] اَیُّھَا الرَّمَدُ وَالْمَرَدُوْدُ الْمُسْتَمْسِکُ بِعُرُوْقِ الرَّاْسِ عَزَمْتُ عَلَیْکَ بِتَوْرَاۃِ مُوْسٰی وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَزَبُوْرِ

---

[1] اے آنکھ کو سرخ کیے ہوئے بیماری جس نے سر کی رگوں کو پکڑ رکھا ہے میں تجھ پر موسیٰ علیہ السلام کی توریت عیسیٰ علیہ السلام کی انجیل اور داؤد علیہ السلام زبور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرآن کے ساتھ تعویذ کرتا ہوں پھر تم نے تجھ سے تیرا پردہ کھول دیا پس آج کے دن تیری نظر تیز ہے۔

Marfat.com

دَاؤدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَکَشَفْنَا غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

نیز یہ کلمات بھی مفید ہیں ان کو لکھ کر بیمار آنکھ والے کے سر پر لٹکایا جاوے مفید ثابت ہوگا۔ قُلْ ھُوَاللہُ اَحَدٌ اِنَّ فِی الْعَیْنِ رَمَدٌ حَمْرَآءُ فِیْ بَیَاضٍ حَسْبِیَ اللہُ الصَّمَدُ یَا اِلٰھِیْ بِاُعْتِرَاتِیْ بِاُعْتِزَازِکَ عَنْ وَلَدٍ عَاقٍ عَیْنِیْ یَا اِلٰھِیْ اَکْفِنِیْ شَرَّ الرَّمَدِ لَیْسَ لِلّٰہِ شَرِیْکٌ لَّہٗ وَلَا کُفُوًا اَحَدٌ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللہُ ——— آخر پہلے پارہ سے لفظ عَلِیْمُ تک نیز ازہری نے کہا ہے کہ ایک کاغذ پر بیس دفعہ (ص) لکھ کر ایک دفعہ لفظ۔س۔ و۔ع بھی لکھے پھر آیت اَللہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ لفظ یَشَآءُ تک لکھ کر باندھ کر مریض پر لٹکانے سے فائدہ ہو جاوے گا نیز یہ کلمات بھی اگر لکھ کر لٹکائے جائیں تو مفید ہوں گے۔ اَیُّھَا الرَّمَدُ الْمَرْمُوْدُ اِنَّا ظَاھِرُ الْمُنَجَّدُ السَّاکِنُ فِی الرَّاْسِ الْمُتَمَسِّکُ بِعُرُوْقِ الْجَبْھَۃِ یَا صَدِیْدُ الصُّیُوْدُ اللہُ عَلَیْکَ شَاھِدٌ مِّنَ الشُّھُوْدِ کَتَبَ اللہُ لَاَغْلِبَنَّ لفظ عَزِیْزٌ۔۔۔۔ تک اس کا بھی قریباً وہی مطلب ہے جو پہلے کا تھا۔

## باب ۲۷ آنکھ کی سُرخی وغیرہ کا علاج دوائیوں سے

نوتیا سفید۔ زعفران۔ نوشادر۔ قرنفل کہ ہموزن سب کو ملا کر باریک پیس لیں۔

**ایضاً** روغن قرنفل کا قطرہ آنکھ میں ڈالیں نہایت مفید ہے اس کے نکالنے کی ترکیب یہ ہے کہ حسب ضرورت قرنفل لے کر باریک کریں اور رات کے وقت شبنم میں رکھدیں صبح کے وقت کوئی روغنی پیالہ جس میں وہ دوا سما سکے لے کر اس کے منہ پر کوئی مضبوط نیا کپڑا باندھ دیں اور اس کو کسی برتن میں جس میں نصف تک پانی ہو رکھ دیں اور اس کپڑے کے اوپر دوا پھیلا دیں اور اُس پر توا رکھ کر اس کے اوپر کوئلہ رکھیں آگ کی حرارت سے دوا تیل ہو کر پیالہ میں جا پڑے گی

---

لہ کہہ تو اللہ ایک ہے آنکھ میں سرخی ہے سفیدی بیچ میں اللہ الصمد یعنی کافی ہے اللہ بے نیاز کی اے اللہ مجھے اس سرخی کے شر سے نجات دے اللہ کا کوئی شریک نہیں اور نہ کوئی ساجھی ہے۔

Marfat.com

نکال کر کام میں لاویں۔

## باب ۲۸ بیان سابق میں

شیاف احمر جو آنکھ کی سرخی وڈھلکہ وحصبہ و جدری سلاق چوند ھیاپن وغیرہ کو فائدہ دیتا ہے افیون اسقیل۔ زعفران۔ صمغ عربی۔ ہرایک ایک درم اقاقیا نصف درم شادنہ مغسول دو درہم سنگ راسخ چار درم سب کو باریک کرکے چھان کر سماق کے پانی وعرق گلاب وشیر عورت میں پیس کر سرمہ بنالیں۔

**ایضاً** بھٹکڑی سفید انڈے کی سفیدی دونوں کو پیس کر سرمہ بنالیویں۔

**فائدہ** آنکھ کے مریض کو کھانا تھوڑا کھانا چاہیئے۔

**ایضاً** زنجبیل۔ بازد سفید ہموزن پیس کر سرمہ بنالیویں نہایت مفید ومجرب ہے۔

## باب ۲۹ بیاض عین کے علاج میں

سرکہ۔ شیر عورت۔ شہد سب کو آگ پر پکائیں جب سرگین ہو جاوے تو آتار کر کام میں لاویں۔

**ایضاً** سفید مرغ کے پنچے جلا کر سرمہ بناویں یہ پھولے کے قطع کرنے میں مجرب ہے۔

**ایضاً** سنگ راسخ کوٹ کر تیز سرمہ میں تین روز بھگو رکھیں پھر باریک پیس کر بطور سرمہ استعمال کریں قطع بیاض کے لیے مفید ہے۔

**ایضاً** ہدہد کا پتہ۔ چیل کا پتہ دونوں کو سایہ میں خشک کریں اور باریک پیس کر صاحب بیاض استعمال کرے بہت جلد فائدہ ہوگا۔

**ایضاً** کنڈیاری کے پتے کوٹ کر اس کا پانی آنکھ میں ڈالیں مفید ہے۔

**ایضاً** انسان کا پاخانہ اور سرخاب کا پاخانہ باریک پیس کر آنکھ میں ڈالیں۔

**ایضاً** لمکرونده کا پتہ خشک کرکے سرمہ بنا کر آنکھ میں ڈالیں۔

**ایضاً** ہدہد کا پتہ و مچھلی کا پتہ سایہ میں خشک کرکے باریک پیس کر بطور سرمہ کام میں لاویں۔

**ایضاً** ہدہد کا گرما گرم خون بھی آنکھ میں ڈالنے سے یہی فائدہ ہوتا ہے۔

Marfat.com

**ایضاً** شیریں انار کا پانی آنکھ میں ڈالنے سے یہی فائدہ ہوتا ہے۔

**ایضاً** پنجال ابابیل، سرمہ اصفہانی۔ سنبل سب کو سرمہ بنا کر کام میں لاویں۔

**ایضاً** ہدہد کی آنکھ کا سرمہ بنا کر آنکھ میں ڈالیں۔

**ایضاً** کرگس کے دماغ کا سرمہ بنا کر اسی طرح کام میں لاویں۔

**ایضاً** ابابیل کا خون خشک کر کے اس کے ہموزن زعفران ملا کر بطور سرمہ استعمال کریں۔

**ایضاً** انسان کا پاخانہ خشک کر کے بطور سرمہ کام میں لاویں۔

**ایضاً** حیض کا خون مرد کی منی دونوں خشک کر کے بطور سرمہ استعمال کریں۔

**ایضاً** سفید کتے کا جگر دھوپ میں خشک کر کے سرخ کانچ سے پیس کر بطور سرمہ کام میں لاویں امید ہے کہ ایک دو دفعہ کے استعمال سے پھولا کٹ جائے گا۔

**ایضاً** گل چمبیلی کا پانی نچوڑ کر آنکھ میں ڈالنے سے پھولا کٹ جاتا ہے۔

**ایضاً** کلونجی دو حصہ۔ شب یمانی بریان ایک حصہ۔ دونوں کو عرق گلاب میں کھرل کر کے خشک کریں اور بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔ نہایت مفید ہے۔

**ایضاً** اس سے چالیس سال تک کا پھولا کٹ جاتا ہے۔ روغن زیتون خالص پانچ تولہ روغن گاؤ ۵ تولہ دونوں کو چراغ میں ڈال کر اسی کے کپڑے کی بتی سے جلائیں اور چراغ کے سر پر ایک چینی یا کوئی اور برتن لٹکاویں تاکہ دھواں اس میں جمع ہوتا جائے جب تیل جل جائے تو دھواں کو اتار کر اس میں اشیاء ذیل ملا کر سرمہ بنالیں۔ سرمہ اصفہانی۔ سمندر جھاگ۔ کستوری عرق مرجان سب کو باریک پیس کر سرمہ دانی میں ڈال رکھیں اور کام میں لاتے رہیں۔

**ایضاً** کاسنی کا پانی نچوڑ کر اس میں مصری ڈال کر اس کے قطرے آنکھ میں ڈالیں۔

**ایضاً** زبد البحر کو شہد کے ساتھ کھرل کر کے سرمہ بنا کر آنکھ میں ڈالا کریں۔

**ایضاً** ابابیل کی پنجال ایک حصہ سمندر جھاگ ایک حصہ، مصری ایک حصہ۔ انڈے کا چھلکا ایک حصہ سب کو باریک پیس کر سرمہ بنا کر آنکھ میں لگایا کریں۔

**ایضاً** لوبان کو شیر عورت میں کھرل کر کے آنکھ میں لگایا کریں۔

**ایضاً** پنجال ابابیل باریک پیس کر بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔

Marfat.com

## باب ۲۹ آنکھ کے ڈھلکہ کے بیان میں

لودھ پٹھانی ریٹس باریک پیس کر آنکھ میں ڈالیں۔

**ایضاً** سنبل۔صبر سقوطری۔کا ضماد آنکھوں کے اوپر کریں۔

**ایضاً** پتہ مرغ، پتہ چکور، پتہ خرگوش۔پتہ گرگ۔پتہ کرگس، پتہ بیل۔ہر ایک ان میں مرض مذکور کے واسطے مفید ہے۔شہد میں۔ملا کر کام میں لاویں۔

**ایضاً** توتیا۔سنگ راسخ۔دار فلفل۔زعفران۔سیاہ پھٹکڑی۔نوشادر۔زنگار۔ہر ایک مساوی۔سرمہ اصفہانی سب کے برابر حسب دستور سرمہ بنا کر کام میں لاویں۔

## باب ۳۰ تیزی بصارت کے بیان میں

توتیا ہندی۔ہلیلہ کابلی۔ہر ایک ایک درم مصری دو درم سب کو کوفتہ بیختہ کر کے بطور سرمہ استعمال کریں۔

**ایضاً** توتیا۔شب یمانی سفید دونوں کو باریک پیس کر عرق لیموں میں پکائیں جب خشک ہو جاوے تو سرمہ بنا کر آنکھ میں ڈالا کریں۔

**ایضاً** صبح کے وقت کسی برتن میں سرد پانی ڈال کر اس میں چہرہ و آنکھوں کو داخل کرنا قوت بصارت کو بڑھاتا ہے۔

## باب ۳۱ آنکھوں کے پردے اور تاریکی کے علاج میں

حب ریوند کو باریک کر کے شیر عورت کے ساتھ کھرل کریں اور بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں

**ایضاً** کنڈیاری کا عرق یا بنفشہ کا پانی نچوڑ کر آنکھ میں ڈالنا بھی یہی فائدہ دیتا ہے۔

**ایضاً** تخم پیاز، پتہ مرغ سیاہ کا سرمہ بھی یہی کام دیتا ہے۔

**ایضاً** کدو کا شیرہ آنکھ میں ڈالنا بھی یہی کام دیتا ہے۔

**ایضاً** زاج قبری ایک درم۔مصری چھ درم باریک کر کے بطور سرمہ کام میں لاویں۔

Marfat.com

ایضاً شیر عورت آنکھ میں ڈالنے سے آنکھوں کی تاریکی دور ہو جاتی ہے۔
ایضاً بجو کا جگر خشک کر کے بطور سرمہ آنکھ میں لگانا غشا (تاریکی) وعشا (شبکوری) کو دور کرتا ہے۔

## باب ۲۲ آنکھ کی خارش کے علاج میں

حرمل کی لکڑی جلا کر سرمہ سا بنا کر آنکھ میں ڈالنے سے خارش دور ہو جاتی ہے۔
ایضاً توتیا ہندی۔ ہلیلہ کابلی۔ ہر ایک ایک درہم مصری دو درہم سب کو باریک سرمہ سا پیس کر آنکھوں میں لگایا کریں۔
ایضاً زعفران۔ توتیا ہندی۔ فلفل۔ زنگار۔ سرمہ اصفہانی۔ سنگ راسخ انار کا چھلکا۔ قرنفل ہموزن لے کر سب کو باریک پیس کر بکری کے پتہ میں ڈال دیں جب پتہ خشک ہو جائے تو کوفتہ بیختہ کر کے بطور سرمہ کام میں لاویں۔

## باب ۲۳ آنکھ کے مردہ گوشت کے علاج میں

زیتون کا پانی چبا کر پہلا پانی پھینک دیں پھر دوبارہ چبا کر سوتے وقت آنکھ پر ضماد کریں اور چت سو جائیں یا چقندر کی جڑ کا پانی نکال کر تین دن تک سوتے وقت اس کے قطرے آنکھ میں ڈالیں۔
ایضاً مرتقونہ کی جڑ پانی میں پکائیں جب ایک حصہ پانی رہ جائے تو اس سے روئی تر کر کے سوتے وقت آنکھ پر رکھیں۔
ایضاً پارے کا کشتہ آنکھ میں ڈالنے سے بھی فائدہ دیتا ہے۔
ایضاً توتیائے سفید کو عرق گلاب میں کھرل کر کے بطور سرمہ استعمال کریں۔

## باب ۲۴ نزول الماء کے علاج میں

بٹیرے کے پتے کا سرمہ بنا کر آنکھ میں ڈالنا نزول الماء کو فائدہ دیتا ہے۔

Marfat.com

**ایضاً** نیل کی جڑیں جلاکر آنکھوں میں ڈالنا بھی یہی فائدہ رکھتا ہے۔

**ایضاً** صاف کستوری کو خالص شراب میں گھس کر بطور سرمہ آنکھ میں لگانے سے یہی فائدہ ہوتا ہے۔

**ایضاً** افیون ایک درم زعفران ایک درہم دونوں کو روغن زیتون میں ملا دیں اور سر کے بال منڈوا کر اس کا لیپ کریں۔

# باب ۳۵ آنکھ کے زخموں کے علاج میں

بٹیرے کا پتہ شہد میں ملا کر آنکھ میں لگایا کریں۔

**ایضاً** سفید مرغ کا پتہ آنکھوں میں لگانے سے یہی فائدہ ہوتا ہے۔

# باب ۳۶ پڑوال کے علاج میں

بٹیرے کا خون پڑوالوں پر لگانے سے پڑوالوں کو دور کر دیتا ہے۔

**ایضاً** سیاہ مرغی کا پتہ اور سیاہ مرغی کا بھیجا جلا کر پتے میں ملا کر بالوں پر لگائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

**ایضاً** جنگلی سداب کی جڑھوں کا پانی نکال کر اس میں مچھر کا خون ملا دیں اور پڑوالوں کو اکھاڑ کر اس کا طلا کریں۔

**ایضاً** بٹیر کا پتہ۔ نوشادر دونوں کو ملا کر پڑوالوں کو اکھاڑ کر طلا کریں اور کئی دفعہ بالوں کی جگہ پر قطرے ٹپکائیں انشاء اللہ پھر کبھی بال پیدا نہ ہوں گے۔

**ایضاً** سیاہ گائے کا پتہ اور سیاہ مرغی کا مغز دونوں کو ملا کر بالوں کو اکھاڑ کر طلا کریں۔

**ایضاً** سمندر جھاگ۔ چیچڑ دونوں کو ملا کر بالوں کو اکھاڑ کر ان کی جگہ پر طلا کریں انشاء اللہ تعالیٰ دوبارہ پیدا نہیں ہوں گے۔

**ایضاً** چوہے کی مینگنیاں (بیٹھ) پیس کر شہد میں ملا کر بال اکھاڑ کر چند دفعہ لگانے سے یہ مرض ہمیشہ کے لیے دور ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

ایضاً میعہ سائلہ ۔ کندر ۔ رال ۔ سب مساوی لے کر ان کا دھواں بنا کر بطور سرمہ استعمال کریں۔

## باب ۳۷ ناخونہ کے بیان میں

سانپ کا پتہ لے کر اس کا سرمہ بنا کر ناخونے والے کی آنکھ میں لگائیں۔

ایضاً ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسُفَانَهٗ مَدْعُوْمَانَهٗ مَلْطُوْنَهٗ لِمُيْرَانَهٗ اَيُّهَا الطَّيْرُ بِحَقِّ حَقِّ اللّٰهِ وَبِعِزَّةِ اللّٰهِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِلٰى خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ایک ہڈی پر لکھ کر آنکھ میں باندھے اور یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے۔

الایہ یہ تمام آیت سات دفعہ پڑھ کر دم کریں۔

ایضاً ترش انار مع اس کی چربی یا چھلی کے شہد میں ملا کر پکائیں یہاں تک کہ مرہم جیسا بن جائے اور بطور سرمہ کے آنکھوں میں لگائیں۔

## باب ۳۸ لطمہ (طمانچہ) کے علاج میں

جو آنکھوں سے آنسو جاری کر دے اور چہرہ کو ٹیڑھا کر دے یہ عزیمت ایک شیشہ کی پشت پر لکھ کر اس مرض والے کو دکھلایا جائے اور مذکورہ ذیل کلمات چھری یا تلوار پر لکھ کر تالو اور آنکھ پر پھیرا جائے ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ فَسَوَّاهُ اِسْتَوِ يَا وَجْهُ كَذَا وَكَذَا رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰهَا كَذَا اِسْتَوِىْ كَذَا وَكَذَا اِسْتَوٰى سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى الَّذِىْ خَلَقَ فَسَوّٰى كَذٰلِكَ يَسْتَوِىْ كَذَا وَكَذَا ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَآءِ لفظ طَآئِعِيْنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ تک اِسْتَوِ يَا وَجْهُ كَذَا وَكَذَا بِالَّذِىْ رَفَعَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

---

[1] اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور درست کیا اے فلاں شخص کے چہرے اسی طرح تو بھی درست ہو جا بلند کیا اس کی چھت کو اور درست کیا اسی طرح درست ہو جائے گا اور اسی طرح درست ہو تسبیح بیان کر اپنے

Marfat.com

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ اِسْتَوِيَا وَجْهُ كَذَا وَكَذَا اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ بِالْقُوَّةِ اِرْتَفِعِيْ بِعِزَّةِ عِزِّ اللّٰهِ بِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِلٰى خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَبِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ ۱۱ ۱۱ ط .. ل ۱۱۱۱ ر و د و ط و و ل و ا لا ہ و ا ۱ ا ط ۱۸۱ ا-

**ایضاً** عزیمت ذیل پڑھ کر دم کرے اَقْسَمْتُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْعِلَّةُ بِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِسُلْطَانِ اللّٰهِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِلٰى اٰخِرِ خَلْقِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔ لفظ لِلْمُؤْمِنِيْنَ تک ان سب الفاظ کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے یہ پڑھ کر سات دفعہ آنکھ پر دم کرے۔

**ایضاً** پیشانی پر اسماء ذیل تحریر کریں [1] اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجَعُ لِمَا سَكَنَ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ تَحْتَ الرَّحْمٰنِ وَلَهٗ مَا سَكَنَ لفظ الْعَلِيْمُ تک قم عق قص صغ صف

## باب ۲۹ چشم بد کے علاج میں

جس کو نظر بد لگی ہو اس پر یہ عزیمت پڑھ کر دم کریں۔ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ [2] عَيْنُ الْمِعْيَانِ

---

(حاشیہ صفحہ سابقہ) اعلیٰ رب کی جس نے پیدا کیا اور درست کیا اسی طرح درست ہو جا پھر اللہ تعالیٰ آسمان پر مستوی ہو گیا کل جہانوں کی پرورش کرنیوالے رب کے لیے درست ہو جائے فلاں شخص کا چہرہ جس طرح بلند کیا اس نے سات آسمانوں کو اور وہ سب کچھ جاننے والا ہے پھر اللہ تعالیٰ عرش پر مستوی ہو گیا پس برابر کیا اس نے ان کو سات آسمان اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے اللہ عزت کی وجہ سے اور اللہ کی برکت سے اور اس چیز کی برکت سے جن پر قلم جاری ہو چکی اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول کریم صلعم اور ان اسماء کی برکت سے اے تکلیف دور ہو جا ۱۲

[1] کیا تو نے اپنے رب کیطرف نہیں دیکھا کہ اس طرح اس نے سایہ پھیلایا ہے اور اگر چاہتا اسے ساکن بنا تا

[2] جب سورج سیاہ کیا جائے گا نظر لگانے والے کی آنکھ کانی ہو جائے جب آسمان پھٹ جائیگا نظر لگانے والے کی آنکھ اڑ جائے ہلاکت ہے ماپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے جب آسمان پھٹ جائیگا بد نظر لگانے والے کی آنکھ

Marfat.com

عُوِّرَتْ اِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ عَيْنَ الْمِعْيَانِ طُيِّرَتْ وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ عَيْنَ الْمِعْيَانِ حُقِّيْنَ اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ عَيْنَ الْمِعْيَانِ وَقَّتْ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ عَيْنَ الْمِعْيَانِ تَمُوْجُ وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ كُلُّ عَيْنٍ بَارِقٍ سَبِّحِ اسْمَ عَيْنَ الْمِعْيَانِ تَعُمُّ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ عَيْنَ الْمِعْيَانِ مَاشِيَةً آیت فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ لفظ الْعَلِيْمُ تک۔

ایضاً جو کوئی نظر لگا ہوا مرد یا عورت تمہارے پاس آوے تو ایک انڈا لے کر مریض کے سر پر رکھو اور تم اسماء ذیل پڑھتے جاؤ اور اس کے سر اور کندھوں پر ہاتھ پھیرتے جاؤ اسماء یہ ہیں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ آخر تک وَبِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ سات دفعہ پڑھ کر وہ انڈا مریض کو دے دو تاکہ وہ اس پر پھونک مارے اور تم یَا اللّٰهُ یَا رَبُّ یَا حَفِیْظُ یَا مَانِعُ۔ سات دفعہ پڑھو پھر اس انڈے کو سیاہ بالوں میں کچھ پانی ڈال کر توڑ دو تو اس میں سے سیاہ آنکھ نکل جائے گی۔

ایضاً۔ عزیمت ذیل لکھ کر باندھنا مفید ہوگا۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِیْمَانًا وَّاسْتِسْلَامًا وَاللّٰهُ اَکْبَرُ اِعْظَامًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اِفْضَالًا وَّاِنْعَامًا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ تَوْکِیْلًا وَّاسْتِسْلَامًا لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَکْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰکِنَّ

---

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) پھوٹ جائے۔ آسمان برجوں والے کی قسم ہے بدنظر کی آنکھ ابل پڑے آسمان اور رات کو آنے والے کی قسم ہے ہر آنکھ بارق ہے بدنظر کی آنکھ اللہ کی تسبیح بیان کر۔ بدنظر کی آنکھ کیا تیرے پاس قیامت کی بات پہنچی چلی ہوئی۔ ۱۲۔ سے اس اللہ کے نام کی برکت سے ہر چیز زمین اور آسمان میں ضرر نہیں دیتی اور وہ سننے جاننے والا ہے۔ ۱۲۔

سے کوئی معبود لائق عبادت نہیں اللہ تعالیٰ کے سوا یقین اور ایمان کے لحاظ سے اللہ بڑا ذی شان ہے شان اور بزرگی کے لحاظ سے سب تعریف اللہ کے لیے ہے احسان اور انعام کے لحاظ سے نہ نیکی پر طاقت ہے اور نہ برائی سے ہٹنے کی توفیق مگر اللہ علی وعظیم کی مدد سے اسے وکیل بنا کر اور اسلام لا کر البتہ آسمانوں اور زمین کی پیدائش لوگوں کو پیدا کرنے کی نسبت بڑا کام ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے اے اللہ محبت کرنے والے انسان اور پھونکنے والے نفس اور بہا لیجانے والے دریا اور اندھیری رات اور خشک پتھر اور دھنسانے والی مٹی اور جاری پانی اور چمکنے والے شعلہ کے رب اسے اللہ بدنظر کی آنکھ کو لگانے والے (یعنی اس بھیجنے ہی میں واپس لے جا اس میرے تعویذ کو

Marfat.com

اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ اَللّٰھُمَّ رَبِّ اِنْسٍ اِنْسٍ وَنَفْسٍ نَافِسٍ وَبَحْرٍ وَلَیْلٍ دَامِسٍ وَحَجَرٍ یَابِسٍ وَتُرَبٍ دَارِسٍ وَمَاءٍ فَارِسٍ وَشِهَابٍ قَابِسٍ اَرْدُدِ اللّٰھُمَّ عَیْنَ الْمُعِیَانِ فِیْ نَحْرِهٖ عَنْ حَامِلِ کِتَابِیْ ھٰذَا اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ لِکُلِّ عَیْنٍ نَظَرَتْ اِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ لِکُلِّ عَیْنٍ حَقَقَتْ وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ لِکُلِّ عَیْنٍ لَاسِفِیْنَ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ لِکُلِّ عَیْنٍ تَلِفَتْ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ لِکُلِّ عَیْنٍ تَمُوْجُ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ لِکُلِّ عَیْنٍ کَحْلَاءَ رَاسِقٍ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی لِکُلِّ عَیْنٍ سَهْلَاءَ وَحُوْلَاءَ لَآ اُقْسِمُ بِھٰذَا الْبَلَدِ لِکُلِّ عَیْنٍ تَفَادِیْ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا لِکُلِّ عَیْنٍ تَرَاهَا وَنَزْوُهَا بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَاِلَی اللّٰهِ وَعَزِیْمَةِ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ طَعْطَمَ عَیْنَ وَجَعْجَعَتْ وَطَارَتْ وَاسْتَطَارَتْ فَرَغَتْ فَانْفَقَعَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی آیت فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ لفظ الْعَلِیْمُ اور لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

نظر بد سے بچنے کے لیے اسے لکھ کر پاس رکھنا چاہیے۔ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی مَالِیْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ اَعْطَانِیْ رَبِّیْ اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ وَالسُّلْطَانِ الرَّفِیْعِ ذِی الْقُدْرَةِ الظَّاهِرَةِ وَالْجُوْدِ وَالْبَقَاءِ وَالثَّنَاءِ الْوَاحِدِ الْمُنْفَرِدِ بِالْوَحْدَانِیَّةِ وَاُعِیْذُهَا

---

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) باندھنے والے کی طرف سے جب ہر دیکھنے والی آنکھ کے لیے سورج سیاہ کیا جائیگا اور ہر مضبوط نظر کے لیے آسمان پھاڑا جائے گا ہر کم تولنے والے کے لیے ہلاکت ہے ہر آنکھ نیم جان کیلئے جب آسمان ہر الفت والی آنکھ کے لیے پھٹ جائے گا۔ قسم ہے برجوں والے آسمان کی ہر شوخ آنکھ کے لیے آسمان اور رات کے آنے والے کی قسم ہر شرگمیں نازک آنکھ کے لیے اپنے اعلیٰ رب کے نام کی تسبیح بیان کر ہر بھیڑیے کی مشابہ آنکھ اور کمزور آنکھ کے لیے جو کہ اسے دیکھتی اور پیچھا کرتی ہے اللہ کے نام سے اللہ کی مدد سے اللہ کی جانب سے اور اللہ کی طرف اور اللہ کی عزیمت کی وجہ سے لبریز ہو گئی آنکھ اور ٹیڑھی ہو گئی اور اڑ گئی مبتلا ہو گئی پس اچک گئی اللہ کے اذن سے ۱۲ ؎ بسم اللہ ہے میری نفس اور مال ہر چیز پر جو کہ میرے رب نے مجھے عطا کی ہے۔ میں اپنے آپ کو اس اللہ کے ساتھ جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں

Marfat.com

بِالَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ مِنْ شَرِّ کُلِّ عَیْنٍ نَّاظِرَةٍ وَّاُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّاَلْسِنَةٍ نَّاطِقَةٍ وَّاَیْدٍ بَاطِشَةٍ وَّاَرْجُلٍ مَّاشِیَةٍ وَّقُلُوْبٍ وَّاعِیَةٍ وَّصُدُوْرٍ حَاوِیَةٍ فَمَنْ یَّسْتَمِعِ الْاٰنَ یَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا وَّاُعِیْذُهَا بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ قَائِمٍ وَّحَاسِدٍ وَّمِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّارِدٍ فِیْ سَهْلٍ وَّاِسْنَادٍ وَّمَجَالِسَ وَطُرُقٍ اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ اُعِیْذُهَا بِرَبِّ عَبَسٍ عَابِسٍ وَّشِهَابٍ قَابِسٍ وَّلَیْلٍ دَامِسٍ وَّحَجَرٍ یَابِسٍ وَّمَآءٍ فَارِسٍ وَّنَفْسٍ نَافِسٍ اَللّٰهُمَّ بِشَرَفِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا وَّقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَحْجُبُ بِهَا حَامِلَ کِتَابِیْ هٰذَا مِنْ عَیْنِ الْمُعَایِنِ وَسُوْئِهٖ وَحَسَدِهٖ جَاءَتْ فَجُعْجِعَتْ طَارَتْ وَاسْتَطَارَتْ وَفِیْ عِلْمِ اللّٰهِ صَارَتْ اور آیت فَارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور آیت وَمَنْ یَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ لفظ مُسْتَقِیْمٍ تک وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔

## نیز نظر لگنے کا علاج

ایک پاک کپڑے یا دھاگے کو تین ہاتھ یعنی ڈیڑھ گز ناپ لیں اور ایک شخص یہ آگے لکھی ہوئی دعا پڑھتا جاوے جب

---

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) پناہ دیتا ہوں وہ زندہ اور قائم ہے جلال اور بزرگی والا ہے مضبوط پکڑ والا ذیشان بادشاہ اور ظاہرہ قدرت اور سخاوت اور بقا اور روشنی والا ہے وہ اپنی وحدانیت کے ساتھ یگانہ وکیل ہے میں اپنے نفس کو اس اللہ کے ساتھ جس کے سوا کوئی معبود لائق عبادت کے نہیں اور جو کچھ کہ آسمانوں اور زمینوں میں ہے اس کی تسبیح بیان کرتا ہے اور وہ غالب وحکمت والا ہے پناہ دیتا ہوں ہر دیکھنے والی آنکھ اور سننے والے کان اور بولنے والی زبان اور پکڑنے والے ہاتھ اور چلنے والے پاؤں اور یاد رکھنے والے دلوں منکسر سینوں کی بدی اور شرارت سے آیت پس جو کوئی اب سننے کی کوشش کرے اپنے لیے ایک نگہبان شعلہ تیار پاتا ہے اور میں پناہ مانگتا ہوں عظمت والے اللہ کے ساتھ ہر سختی کرنے والے سرکش کی شرارت سے جو خواہ کھڑا ہو یا بیٹھا اور حسد کرنے والے اور سرکش شیطان کے شر سے خواہ وہ نیچے زمین میں ہوں

Marfat.com

فارغ ہو تو پھر ناپیں اگر پہلے کی نسبت وہ کپڑا یا دھاگہ کم یا زیادہ ہو جائے تو معلوم ہوا کہ مریض کو نظر لگی ہے۔ پھر تین دفعہ اسی طرح کپڑا یا دھاگہ ماپتے جائیں اور دعا پڑھتے جائیں تیسری دفعہ انشاء اللہ کپڑا یا دھاگا جیسے کہ آپ نے پہلے ماپا تھا۔ اصل مقدار (تین ہاتھ) پر آرہے گا اور نظر بد کا اثر زائل ہو جائے گا اور اگر کپڑا یا دھاگا یہ دعا پڑھنے سے بالکل کم یا زیادہ نہ ہو تو سمجھنا چاہیئے کہ مریض کو نظر نہیں لگی ہوئی۔ اور بیماری ہے دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ[1] وَلَا بَلَاغَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ تین بار پڑھیں پھر سورۃ فاتحہ تین بار پڑھیں پھر یہ کلمات ایک بار پڑھیں[2] عَزَمْتُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْعَيْنُ الَّتِيْ فِيْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةَ فلان کی جگہ مریض کا بمع اس کی والدہ کے نام لیں بِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ عَظَمَةِ وَجْهِ اللّٰهِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِلٰى اٰخِرِ خَلْقِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَزَمْتُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْعَيْنُ الَّتِيْ فِيْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ بِحَقِّ شَرَاهِيَا بَرَاهِيَا اَدُوْنَايَ اَصْبَاؤُتْ اٰلِ شَدَّايَ عَزَمْتُ

---

(حاشیہ صفحہ سابقہ) یا بلند مقام پر مجلسوں میں موجود ہوں یا علیحدہ اپنے رب کو گڑگڑا کر اور آہستہ پکارو تحقیق وہ زیادتی کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا اور زمین میں اصلاح دامن کے بعد فساد مت مچاؤ اور خدا کو خوف اور طمع کی غرض سے پکارو یقیناً اس کی رحمت احسان کرنیوالوں کے قریب ہے میں اپنے لیے پناہ چاہتا ہوں ترشرہ کی ترشروئی اور چمکدار شعلہ اور اندھیری رات اور بہانے والے دریا اور خشک پتھر اور جاری پانی اور بھونکنے والے نفس کے رب کے ساتھ اللہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام اور سورہ قل ہو اللہ احد کی بزرگی اور برکت سے اس تعویذ کو باندھنے والے کے لیے بدنظر کی آنکھ اور بدی اور اس کے حسد سے حجاب و پردہ چاہتا ہوں وہ آئی مگر ٹھیری ہو کر گری اور اڑی مگر نہ اڑ سکی اور اللہ کے علم میں چلی گئی اپنی آنکھ کو دوبارہ لوٹا آنکھ تیری طرف ذلیل اور وہ افسوس کرتی ہوئی واپس ہوئی اللہ ہم کو کافی ہے۔ اور وہ اچھا محافظ ہے۔

[1] اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ کی مدد کے سوا کسی مقصود میں کامیابی نہیں ہو سکتی ۱۲

[2] اے فلاں شخص کی آنکھ میں تجھ کو دم کرتا ہوں اللہ کی عزت کی بزرگی اور اس کے نور اور چہرہ کی عظمت اور ہر اس چیز کے ساتھ جس پر کہ آج تک اللہ کیطرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک قلم جاری ہو چکی ہے نکل جا اے بری نظر فلاں شخص سے جیسے اللہ تعالیٰ نے یوسف علیہ السلام کو تنگی و تاریکی سے نکالا اور موسیٰ

Marfat.com

عَزَمْتُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْعَيْنُ الَّتِيْ فِيْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةَ بِحَقِّ شَهْتٍ بَهْتٍ اَشْهَتٍ بِاِقْطَاعِ النَّبْعِ اَلَّذِيْ لَا يَقْوٰى عَلَيْهِ لَا اَرْضٌ وَّلَا سَمَاءٌ اُخْرُجِيْ يَا نَظْرَةَ السُّوْءِ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ كَمَا اَخْرَجَ يُوْسُفَ مِنَ الْمَضِيْقِ وَجَعَلَ لِمُوْسٰى فِي الْبَحْرِ طَرِيْقًا وَّاِنْ كَانَتْ بَرِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ بَرِيْءٌ مِّنْكِ اُخْرُجِيْ يَا نَفْسَ السُّوْءِ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ نیز آیت وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ لفظ مُؤْمِنِيْنَ تک نیز آیت لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ لفظ يَتَفَكَّرُوْنَ تک فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَحُسْنِ عَوْنِهٖ۔

# باب صفیر یعنی یرقان کے علاج میں

اس کی دو قسمیں ہیں صفراوی، سوداوی۔ صفراوی کی علامت رنگ کی زردی اور آنکھوں کی سفیدی کی زردی۔ لاغری۔ علاج اس کا یہ ہے کہ بکری کے دودھ کا پانی نکال کر اس میں تمر ہندی بھگو کر صاف کرکے مصری ملا کر چند روز استعمال کریں اور ہر ایک گرم خشک تیز چیز سے پرہیز کریں۔ سوداوی کی علامت بول کا مکدّر اور غبارناک ہونا اور رنگ ٹیالا اور سیاہی مائل ہونا۔ بدن کی لاغری طبیعت کا خشک ہونا آنکھوں کی سفیدی کا سیاہ ہونا نیند کی کمی **علاج** اس کا یہ ہے کہ پیشانی کے مقدمہ اور ہر دو دست و پا کے انگوٹھے پر داغ دیں اور گائے کا تازہ دودھ خالص شہد و عمدہ روغن زرد ڈال کر پیا کریں اور ہر ایک چیز سے پرہیز کریں۔

**ایضاً** گدھے کی لید کا پانی نکال کر مریض کے نتھنوں میں چند قطرے ڈالیں۔

**ایضاً** خشیشۃ الصبیان دونو شاد رو شہد ملا کر پیا کریں۔

**ایضاً** گندھک زرد ایک حصہ۔ شہد دو حصہ نہار کے وقت استعمال کریں۔

---

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) علیہ السلام کے لیے دریا میں سے راستہ بنایا اگر تو نہ نکلی تو اللہ کے ذمہ سے خارج اور اللہ تجھ سے بری ہے اے بری طبیعت فلاں شخص کی لاحول کی برکت سے نکل جا اللہ بہتر حفاظت کرنیوالا ہے اللہ ہم کو کافی ہے اور وہ اچھا نگہبان ہے اللہ تعریف اور اچھی مدد کے ساتھ

Marfat.com

# باب ۴۱ کلف و نمش کے علاج میں

عموماً چہرہ پر بھورے یا سیاہی مائل داغ ہو جاتے ہیں اس کو کلف کہتے ہیں اور ہندی میں چھائیں اس کا سبب خلط سوداوی ہے جو چہرے کی جلد کے نیچے جمع ہو جاتی ہے۔

**علاج** اگر خشک ہو تو مہندی و لہسن بریاں کو سل پر باریک پیس کر موضع ماؤف پر طلا کریں اور ہر ایک رات و دن رہنے دیں اس کے بعد گرم پانی سے جس میں نمک دھوبی جوش دیا گیا ہو دھوویں اور پھر وہی دوا طلا کریں تین دفعہ ایسا ہی کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد آرام ہو جاوے گا اور اگر کلف متقرح ہو تو مہندی و پیاز بریاں کو روغن زرد میں گوندھ کر ضماد کریں اسی طرح چند روز کرتا رہے اور ہر ایک گرم پانی سے جس میں نمک ڈالا گیا ہو دھویا کرے اور گائے کا دودھ مکھن اور مصری کے ساتھ کھایا کریں اور باقی اغذیہ ثقیلہ سے پرہیز رکھیں۔

**ایضاً** مرکی۔ روغن بادام شیریں میں گھس کر کلف پر لگایا کریں۔ **ایضاً** سیاہ بیل کا پتہ۔ آرد لوبیا۔ انڈے کی سفیدی سب کو ملا کر کلف و نمش پر طلا کریں انشاء اللہ بہت جلد آرام ہو جاوے گا۔

**ایضاً** ارنڈ کا مغز پیس کر طلا کرنے سے بھی کلف و نمش دور ہو جاتے ہیں۔

**ایضاً** بڑ کا گودا۔ مغز بادام۔ دونوں کو سرکہ میں گھسکر طلا کرنے سے کلف دور ہو جاتا ہے۔

**ایضاً** چقندر۔ شب یمانی۔ کو پیاز کے پانی میں پیس کر لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

**ایضاً** پیاز کا پانی اور سرکہ دونوں کو ملائیں کلف و نمش برص و بہق کو دور کر دیتا ہے۔

**ایضاً** شیر انجیر میں آرد جو گوندھ کر کلف پر ضماد کرنے سے اس کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

# باب ۴۲ اس سیاہی و داغ کو دور کرنے میں جو چیچک کے بعد پڑ جایا کرتے ہیں

اونٹ کا پھیپھڑہ بغیر نمک پکا کر چہرے پر مالش کریں۔ **ایضاً** قلعی کا ٹکڑا لے کر روغن زیتون میں پکائیں اور اس روغن کو چند روز چہرہ پر ملتے رہا کریں اور منقی اور شہد کھایا کریں کہ اس

Marfat.com

سے چہرہ کی رنگت صاف ہوتی ہے۔ اور خوبصورتی بڑھتی ہے۔

**ایضاً** خرگوش کا خون گرما گرم طلا کرنے سے کلف ونمش دور ہو جاتا ہے۔

**ایضاً** شیر انجیر میں آرد جو گوندہ کر طلا کرنے سے چہرہ کی سیاہی دفع ہو جاتی ہے۔

**ایضاً** بندال کوٹ کر طلا کرنے سے بھی یہی نتیجہ پیدا ہوتا ہے۔ **ایضاً** مہندی ایک حصہ تخم شلغم دو حصہ دونوں کو پانی میں خوب باریک پیس کر چہرہ پر طلا کریں دو تین ساعت کے بعد دھوکر تازہ روغن چہرہ پر ملیں۔ **ایضاً** چوہے کی چربی طلا کرنے سے بھی یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔

## باب ۴۳ نکسیر و ناک کے زخم کے علاج میں

ترشی انار مع چربی اور شہد آگ پر پکائیں یہاں تک کہ مرہم کا قوام ہو جاوے اور ناک پر لگائیں۔

**نکسیر کا علاج** اس کا سبب خلط دموی کی کثرت ہوتی ہے۔ نکسیر چھوٹنا چیچک والے کے لیے مفید ہے۔ سرکہ عرق گلاب ناک میں رکھنے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔ ایضاً گدھے کی لید سرکہ میں پیس کر ناک پر ضماد کریں۔ **ایضاً** سرکہ سونگنے سے رعاف فی الفور بند ہو جاتی ہے **ایضاً** مریض کی پیشانی پر بِکُلِّ نَبَأٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لکھ دیں۔

**ایضاً** انڈے کا چھلکا جلا کر کسی نلکی سے ناک میں پھونکیں۔ **ایضاً** یہی کا چھلکا دو حصہ، سرکہ تین حصہ آگ پر پکائیں جب ایک تہائی رہ جاوے تو اس میں سے قطرے ناک میں ڈالیں۔

**ایضاً** کبوتر کی پنجال باریک کر کے سرکہ میں ملا کر سونگھیں۔ **ایضاً**۔ سرکہ کی میل مریض کے منہ میں ڈالیں فی الفور بند ہو جاوے۔

## باب ۴۴ زکام کے علاج میں

زکام کی حقیقت یہ ہے کہ ناک اور خیاشیم کے منہ میں دغدغہ پیدا ہوتا ہے اور دماغ اور چہرے میں خشکی لاحق ہوتی ہے۔ سبب اس کا ایک خشک مادہ ہوتا ہے جو دماغ سے اترتا ہے اور اس سے سر کی رطوبتوں کے مجاری میں ایک قسم کا سدہ واقع ہو جاتا ہے پھر جب

Marfat.com

گرمی یا دھوپ کی حرارت وغیرہ دماغ میں اثر کرتی ہے۔ تو وہ رطوبت کی تحلیل کرتی ہے۔ اور رقیق پانی ناک سے بہنے لگتا ہے۔

**علاج** کانوں کے سوراخ میں روئی کا پھویہ رکھیں اور میعہ کا دھواں لیں۔

**ایضاً۔** بڑا پیاز قطع کر کے روغن میں ملا کر گندم کی روٹی کے ساتھ کھا دے تا کہ زکام پختہ ہو جاوے جب پختہ ہو جاوے تو گندم کی روٹی یکسالہ دنبہ کے گوشت کے ساتھ کھا دیں۔

**ایضاً** کلونجی کو بریاں کروا کر کسی کپڑے میں باندھ کر سونگھتے رہیں۔ **ایضاً** حرمل کے دانے آگ پر ڈالیں اور اس کا دھواں ناک میں پہنچائیں۔ **ایضاً** تھوم کے بخارات ناک میں پہنچانے سے بھی زکام دور ہو جاتا ہے۔ **ایضاً** کلونجی کو روغن زیتون میں پیس کر روغن کو نچوڑ کر چند قطرے ناک میں ٹپکائیں۔

## باب ۴۵ شقاق لب کے علاج میں

سبز مازو پیس لیں اور صمغ بطم کو آگ پر پگھلا دیں۔ پھر مازو ڈال کر لبوں پر طلا کریں۔

**ایضاً** روغن گل یا روغن بنفشہ یا روغن بادام کے ملتے رہنے سے بھی لبوں کے پھٹ درست ہو جاتے ہیں۔

## باب ۴۶ منہ کے زخم و ورم کے علاج میں

تیز سرکہ سے غرغرہ کریں۔ **ایضاً** انار کا چھلکا پانی میں جوش دے کر اس سے غرغرہ کریں **ایضاً** تخم کشنیز روغن زیتون میں جوش دے کر مضمضہ کریں۔ **ایضاً** پھٹکڑی بریاں و نمک کو باریک پیس کر منہ میں چھڑکیں۔ اور غرغرہ بھی کریں۔ **ایضاً** انار کا چھلکا۔ سماق۔ برگ زیتون گل سرخ۔ قدرے زعفران سب کو باریک پیس کر منہ میں چھڑکیں اور غرغرہ بھی کریں۔

**ایضاً** چولائی کے پانی میں شہد ملا کر غرغرہ کریں۔ **ایضاً** مازو کو سرکہ میں جوش دے کر غرغرہ کریں سعد کوفی بھی مفید ہے۔ **ایضاً** جالینوس کا قول ہے کہ منہ کے زخم و لثہ وغیرہ امراض فم کے لیے حنا سے بڑھ کر کوئی چیز مفید نہیں ہے اگر مہندی کو سرکہ میں گوندھ کر منہ کے زخموں پر

Marfat.com

لگایا جاوے تو فی الفور فائدہ دیتا ہے۔ **ایضاً** سمندر جھاگ کو پانی میں جوش دے کر غرغرہ کرنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ **ایضاً** چنبیلی خشک گل گلاب خشک مہندی سیاہ سب کو پکا کر غرغرہ کریں۔ **ایضاً** صمغ عربی کو سرکہ میں جوش دے کر غرغرہ کریں۔

# باب ۴۷ گوشت خورہ کے علاج میں

شیرہ انار ترش کو تانبے کے برتن میں جوش دے کر غرغرہ کریں۔ رازی کہتا ہے کہ اس باب میں سندروس کے برابر کوئی دوا نہیں۔ اس کے علاوہ زنگار کو شہد و سرکہ میں پکائیں منہ کے زخموں اور زردی عفونتوں کے واسطے بہت مفید ہے۔

# باب ۴۸ دانتوں کے درد و زردی کے علاج میں

## دانتوں کے درد کا علاج

قرفہ قنطس دونوں کو پیس کر سرکہ میں پکائیں اور غرغرہ کریں۔ اگر دانت ہلتے ہوں تو اس کے ساتھ مازو بھی شامل کریں۔ اگر دانتوں میں کچھ ورم ہو تو بیٹھی کے جو شاندہ سے غرغرہ کریں۔

## دانتوں کی زردی کا علاج

زیتون کی جڑ سے مسواک کریں اور بیل کے پتے اور شہد کو ملا کر مضمضہ کریں۔

# باب ۴۹ دانتوں کے علاج میں

دانت بڑھے ہوئے ہوں۔ یا گھٹے ہوئے ہوں یا ٹوٹے ہوئے ہوں، یا بے سبب ہر وقت خون جاری رہتا ہو ان سب حالتوں میں ان کا سبب رطوبت فاسدہ متعفنہ ہوتی ہے **علاج** مازو مائیں گلاب کو سرکہ میں گوندھ کر دانتوں کی جڑوں پر ضماد کریں نیز انہیں اشیاء سے غرغرہ کیا کریں۔ **ایضاً** پھٹکڑی کو سرکہ میں پیس کر دانتوں پر ملیں۔ جالینوس و رازی کا قول ہے کہ درد والے دانت میں انڈے کی زردی و روغن زیتون گرم کر کے قطرہ ڈالنے سے درد ساکن ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

نیز بزرالبنج سفید کوٹ کر شہد میں ملا کر مقدار نخود مریض کو کھلائیں درد ساکن ہو جاتا ہے اگر بزرالبنج سفید۔ افیون دونوں کو تیز سرکہ میں جوش دے کر غرغرہ کریں درد فوراً دور ہو جاتا ہے اگر بزرالبنج سفید و افیون شہد میں گوندھ کر مریض کو بقدر نخود کھلائیں تو فی الفور درد موقوف ہو جاوے اگر درد سردی کی وجہ سے ہو تو ان پر زنجبیل ملنی چاہیئے اگر گرمی یا خلط غلیظ سے ہو تو سرکہ میں پانی ملا کر غرغرہ کریں فی الفور درد بند ہو جاتا ہے۔ اگر حنظل کو سرکہ میں پکا کر ایک ساعت منہ میں رکھیں تو درد دانت کو آرام دیتا ہے۔ مرکی کو پیس کر درد والے دانت پر چھڑکنے سے بھی یہی فائدہ ہوتا ہے۔

**ایضاً**۔ مائیں دالسی بھی اس کام میں مفید ہیں۔

## باب۵ ضرس یعنی داڑھ کی درد کے علاج میں

یہ دو قسم کی ہوتی ہے ایک تو کثرت برودت کے سبب سے دوسرے کیڑے کی حرکت سے جو داڑھ کے اندر مادہ متعفنہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔ **علاج فلفل**۔ لہسن دونوں گندم کے گوندھے ہوئے آٹے میں ملا کر ڈاڑھ پر ضماد کریں۔ ایسا ہی اگر فلفل و ہینگ کو باریک کر کے شہد میں ملا کر داڑھ پر لگا دیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں تا کہ لعاب نکلتا رہے۔ اگر اس تدبیر سے آرام نہ ہو تو ڈاڑھ میں کیڑا ہو گا۔ اس حالت میں سوئی کی نوک گرم کر کے ڈاڑھ کے کنارہ پر رکھیں اگر ڈاڑھ میں سوراخ ہو اور اگر سوراخ نہ ہو تو ڈاڑھ کو نکلوا دینا چاہیئے۔

**ایضاً** رازی کا قول ہے کہ دانتوں کے درد میں سرکہ و نمک سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں۔ یہ دوا لثہ (مسوڑوں) کو مضبوط کرتی ہے۔ نیز کہا ہے کہ دانتوں کی جڑوں سے مادہ فاسدہ نکالنے میں کوئی چیز شحم حنظل و سرکہ سے بڑھ کر مفید نہیں ہے۔ **ایضاً** حنظل کی جڑ کو باریک پیس کر سرکہ میں ملا کر ڈاڑھ پر طلا کریں تین دن ایسا کرنے سے بالکل آرام ہو جاتا ہے۔

**ایضاً** عاقر قرحا۔ حنظل کو باریک پیس کر روئی کے پھویہ پر لگا کر داڑھ میں رکھیں **ایضاً** حنظل۔ کریلہ جنگلی۔ دونوں پیس کر تیز سرکہ میں ملا کر ڈاڑھ پر ضماد کریں بہت مفید و مجرب ہے۔ **ایضاً** مہندی کو شہد میں گوندھ کر ڈاڑھ کے سوراخ میں بھریں۔ **ایضاً** فلفل کو روغن تارپین میں

Marfat.com

پیس کر سوئی کی نوک سے ڈاڑھ میں بھر دیں۔ ایضاً تخم حنظل کو سرکہ کے ساتھ آگ پر پکائیں اور ڈاڑھ میں پر کریں۔

## باب ۱۱ ڈاڑھ کا علاج کتابت کے ساتھ

ایک میخ کے ساتھ زمین پر یہ سات حرف کہف موفق تفنش کریں اور پہلے حرف میں میخ کا سر گاڑ دیں اور سورۃ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی۔ الخ سات دفعہ پڑھیں اور مریض اپنی انگلی سے ڈاڑھ کو پکڑے رہے۔ اگر درد ٹھہر جاوے تو میخ کو پہلے ہی حرف میں گاڑی رکھے ورنہ میخ کو دوسرے حرف میں گاڑ دے اور عمل کرتا جائے اگر درد تھم جاوے تو بس کرے ورنہ تیسرے حرف میں گاڑے اور عمل کرتا جائے اگر آرام نہ ہو تو آخری حرف تک یہی عمل کرتا جائے اور سورۃ کو اونچا نہ پڑھے یہ صحیح و مجرب ہے۔

**ایضاً** اسماء ذیل اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ لفظ مُوْتُوْا تک مُوْتُوْا کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھیں۔ اور درد والی داڑھ سے چباویں اور کتے کو ڈال دیں انشاء اللہ آرام ہو جاوے ایضاً روٹی کے ٹکڑے پر اسماء ذیل مسھد ۱۱۱۱۔ لکھ کر مریض ڈاڑھ سے چباویں ایضاً کسی لکڑی پر یہ اشکال ۱۱ وکر ۶۹۲ ۱۱ ان ۱۱۶ ط و ذا ان لکھیں اور ہر حرف پر میخ رکھ کر ہتھوڑی سے ٹھونکتے جائیں جس حرف پر درد تھم جاوے وہاں میخ گاڑ دیں پھر نہ نکالیں اگر میخ نکل جائے گی تو پھر درد شروع ہو جائے گا۔

**ایضاً** اشکال مذکور کسی دیوار پر لکھے اور مریض کو کہے کہ اپنی انگلی داڑھ پر رکھ لے پھر پہلے حرف پر میخ رکھ کر آہستہ آہستہ ٹھونکتا جائے وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا وَلَهٗ مَا سَكَنَ لفظ الْعَلِيْمُ تک پڑھتا جاوے اور مریض سے پوچھتا جاوے کہ درد تھم گیا یا نہیں جس حرف پر وہ کہہ دے کہ تھم گیا ہے وہاں ہی میخ کو گاڑ دے اور پھر نہ نکالے یہ کئی دفعہ کا مجرب ہے۔

Marfat.com

## باب ۵۲ دانتوں کے سفید کرنے میں

نمک، کوئلہ، شکر کو پیس کر شہد میں گوندھ کر دانتوں پر ملا کریں اس سے دانت نہایت صاف ہو جاتے ہیں۔ **ایضاً** عقیق نہایت باریک پیس کر دانتوں پر ملا کریں نہایت مفید ہے۔ **ایضاً** مازو باریک پیس کر تیز سرکہ میں ملاویں اور تھوڑا سا نمک ملا کر دانتوں پر ملا کریں بعد اس کے بکری کا سینگ جلا کر دانتوں پر ملیں نہایت سفید ہو جاتے ہیں۔

## باب ۵۳ ورم لسان کے علاج میں

مولف کہتا ہے کہ ایک شخص کی زبان سوج گئی یہاں تک کہ منہ میں نہیں سما سکتی تھی۔ میں نے اس کا جب فوقایا سے استفراغ کیا اور سنس کا پانی اس کی زبان پر رکھوا تا گیا۔ وہ اچھا ہو گیا۔ **علاج** تخم السی باریک کر کے منہ میں رکھنا ورم لسان کو فائدہ دیتا ہے۔

**ایضاً** عروق زیوج روغن زیتون میں پکا کر مضمضہ و غرغرہ کریں۔

**ایضاً** عروق ضرو پانی میں پکا کر تین دن تک غرغرہ کیا کریں۔

## باب ۵۴ لہات (زبالو) کے ورم کے علاج میں

نیز مسوڑوں و خناق کے علاج میں

اس حالت میں اغزیہ رویہ سے پرہیز کرنا چاہیئے اور سرکہ شہد ملا کر غرغرہ کریں یا تمرہندی یا سفرجل و زعفران کو پانی میں جوش دے کر سرکہ ملا کر غرغرہ کریں یا مازو سرکہ میں پکا کر غرغرہ کریں یا بیل کا پتہ شہد یا روغن زیتون میں ملا کر غرغرہ کریں۔ **ایضاً** اگر یہ ورم سات دن سے تجاوز کر جاوے تو ہنگ نصف درم سرکہ میں پیس کر اور پانی ملا کر ہر روز کئی بار غرغرہ کریں۔

## باب ۵۵ منہ کی بدبوئی کے علاج میں

یہ ایک بدبودار ہوا ہوتی ہے جو کلام کرنے کے وقت دانتوں سے نکلتی ہے۔ اس

Marfat.com

کا سبب ایک رطوبت فاسدہ متعفنہ ہوتی ہے۔ جو پیٹ میں فم معدہ پر پوشیدہ رہتی ہے۔

**علاج** قرنفل ثوم دونوں باریک پیس کر خالی معدہ اور سوتے کے وقت کھایا کریں اور چند روز مداومت کریں کہ نہایت مفید و مجرب ہے۔

**ایضاً** برگ گندنا۔ حب رند ہر دو کو باریک کر کے دانت و زبان و تالو پر ملا کریں۔

**ایضاً** آرد جو دو حصہ۔ نمک طعام ایک حصہ دونوں کو ٹکیا بنا کر جلالیں۔ پھر پیس کر ملالیں یہ دانتوں کی زردی اور منہ کی بدبوئے کو دور کرتی ہے۔ سبز جاوتری شہد میں ملا کر زبان پر رکھنے سے بھی یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ **ایضاً** قرنفل مصطگی پھٹکڑی سفید انار کا چھلکا سب کو باریک کوفتہ بیختہ کر کے دانتوں۔ تالو۔ زبان پر ملیں۔

## باب ۵۶ اورام حلق کے علاج میں

حلق کا ورم اگر سات روز سے تجاوز کر جاوے تو ہینگ نصف درم کو سرکہ میں ملا کر غرغرہ کریں نہایت مفید و مجرب ہے۔

### الطباق المری کا علاج

اس مرض میں مریض کچھ نگل نہیں سکتا کھانے پینے سے لاچار ہو جاتا ہے اس مرض کو ترکی زبان میں ہکجیک بولتے ہیں۔

**علاج** انڈے کی زردی تھوڑا سا نمک کسی قدر مکھن سب کو ملا کر حلق میں ڈالیں دن میں چند بار ایسا ہی کریں۔

## باب ۵۷ بحوحۃ الصوت (گلا بیٹھ جانا) کے علاج میں

ہوا کی نالی میں خلط بلغمی کا زیادہ ہو جانا اس کا سبب ہوتا ہے۔

**علاج** زنجبیل کا مربہ اور شیریں اشیاء کا استعمال کرنا اور ترش اشیاء و دودھ سے پرہیز کرنا اس مرض کے واسطے نہایت مفید و مجرب ہے۔ **نیز** سیاہ مرچ و مگھاں یعنی دار فلفل و جلجلان اور جوز الطیب و جوزۃ الشرک اور لسان العصفور اور قاقلہ ان سب کو

Marfat.com

باریک کوٹ کر بکری کی دبر درجنت، کاٹ کر اس میں رکھ کر دونوں طرف سے سی دیں اس کے ساتھ نصف سیر موٹی بھیڑی کے گوشت میں پکاویں اور پانچ سات روز صبح خالی پیٹ کھاویں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

**ایضاً** آردباقلا۔ تخم السی۔ بادام مقشر۔ حب صنوبر سب کو باریک کر کے خالص شہد میں گوندہ لیں اور اس میں سے تھوڑا تھوڑا زبان کے نیچے رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔

**ایضاً** صمغ کتیرا۔ صمغ عربی۔ ہر ایک دو مثقال حب صنوبر چار مثقال سب کو باریک پیس کر اس میں سے تھوڑا تھوڑا زبان کے نیچے رکھتے رہیں اور نگلتے رہیں۔ **ایضاً** فلفل، دار فلفل۔ کشنیز۔ جائفل ہماوزنی۔ سب کو باریک کر کے بطریق مذکور استعمال کریں۔ **ایضاً** ہینگ کو گرم پانی میں ملا کر پینے سے آواز کی سختی اور گلا بیٹھنے کو بڑا فائدہ ہوتا ہے۔

# باب۵۸ داءالثعلب کے علاج میں

اس کے معنی یہ ہیں کہ انسان کے سر یا داڑھی کے بال گر جاتے ہیں۔ اس کا سبب، خلط سوداوی کی زیادتی ہوتی ہے۔ **علاج** پہلے مسہل سوداء دیا جاوے پھر سارا سر استرے سے مونڈا جاوے پھر پانی میں نمک و نخالہ جوش دے کر اس پانی میں ایک کھردرا کپڑا بھگو کر سر کو خوب زور سے ملیں تاکہ فاسدہ چمڑا سرخ ہو جاوے پھر استرے سے شرط (پچھنے) لگائے جاویں تاکہ خون نکل آوے۔ پھر درمنہ ترکی جلا ہوا اور راکھ شہد میں ملا کر اور پیاز کے پانی میں گوندھ کر سر پر طلا کریں۔ اور ایک رات و دن رہنے دیں۔ اسی طرح یہی عمل سات دن تک کرتے رہیں جب بال اگنے لگ جاویں اور سر کو ڈھانپ لیں تو پھر منڈا ڈالیں کہ اس کے بعد نہایت عجیب بال پیدا ہوں گے۔

**ایضاً** پیاز لے کر مریض جگہ پر خوب زور سے گھسیں پھر بھیڑیے کی چربی سے ندہیں کرتے رہیں یا سانپ کا چمڑا جلا کر راکھ سا بنا کر اس جگہ پر چھڑکتے رہیں اور بھیڑیے کی چربی سے مالش کرتے رہیں۔

**ایضاً** حبوب ذیل ہر روز رات کے وقت تین گولی کھاتے رہیں۔ تخم حنظل سقمونیا

Marfat.com

کشنیز، ہر ایک مساوی سب کو کوٹ کر بقدر جنگلی بیر گولیاں بنائیں اور استعمال میں لائیں۔

## باب ۵۹ خنازیر کے علاج میں

برگ رنڈے کر اس کا تیل نکال کر خنازیر پر لگاتے رہیں۔ انشاء اللہ خنازیر دب جائیں گے۔ **ایضاً** صبر سقوطری۔ مرمکی۔ زنگار۔ سب کو باریک پیس کر۔ گھی۔ شہد۔ سرکہ میں گوندھیں اور ہر روز گرم پانی سے دھو کر اس کے اوپر اس کا طلا کیا کریں۔ نہایت مفید، صحیح، اور مجرب ہے۔

## باب ۶۰ داد کے علاج میں

اس کا سبب خلط سوداوی کی زیادتی ہوتی ہے۔ **علاج** داد کی جگہ کو نمک سے کھجائیں یہاں تک کہ خون نکل آئے۔ پھر اس پر بکری کی مینگنوں کی راکھ روغن تارپین سے گوندھ کر طلا کریں اور دودھی جتنا ہو سکے استعمال کریں نہایت مفید و مجرب ہے۔ **ایضاً** پھٹکڑی بریاں گندھک۔ صابون۔ سرکہ سب کو ملا کر داد پر ضماد کریں۔ **ایضاً** صمغ عربی کو سرکہ میں حل کر کے داد ضماد کریں۔ **ایضاً** گندھک۔ صابون یا رودر۔ سب مساوی لے کر سرکہ میں گوندھ کر ضماد کریں۔ **ایضاً** چیتا کا گوشت و چربی روغن زیتون میں ملا کر کے داد پر ضماد کریں۔ یہ دوا داد کے واسطے سب ادویہ سے زیادہ نافع ہے۔ **ایضاً** پہلے داد کے مقام پر جونکیں لگوائیں۔ پھر اس پر پھٹکڑی و شہد۔ سرکہ ملا کر ضماد کریں، داد پر روغن تارپین کا لگانا بھی فائدہ کرتا ہے۔ **ایضاً** گندھک تیز سرکہ میں پیس کر ضماد کرنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے **ایضاً** بے بجھا چونہ، تھوڑا سا تازہ سداب دونوں کو ملا کر داد پر ضماد کریں۔

## باب ۶۱ بہق کے علاج میں

یہ سفید زردی مائل داغ ہوتے ہیں جو سینہ یا شکم وغیرہ پر نمودار ہوتے ہیں اور برص کے مشابہ ہوتے ہیں۔ **علاج** نطرون و سداب سے دھو کر پھر چقندر کے پتوں سے دھوویں۔ بیخ کبر کو باریک کر کے سرکہ میں ملا کر طلا کریں۔ **نیز** قلفل۔ نطرون۔ آرد ترمس زبد البحر۔ سب کو

Marfat.com

پیس کر سرکہ میں ملاکر ضماد کریں۔

**شگوفہ** انگور کا کھانا بھی فائدہ دیتا ہے۔ **ایضاً** عرق لیموں میں کوڑی گلاکر موضع بہق پر طلاکرنا فائدہ میں سریع التاثیر ہے۔ **ایضاً** برگ زکار باریک پیس کر نچوڑیں اس میں روغن زیتون ملاکر موضع بہق پر ضماد کریں صحیح و مجرب ہے۔

## بہق و برص کا علاج

بٹیر کا پتہ برص و بہق پر پالش کرنے سے نہایت فائدہ ہوتا ہے۔ **ایضاً** پہلے مسہل سودا دینا چاہیئے۔ پھر شیطرج۔ ترب۔ مجیٹھ۔ عاقرقرحا۔ خردل سب کو باریک پیس کر سرکہ میں ملاکر طلاکریں۔ اور اشیاء بلغم افزا سے پرہیز کریں اور شراب کھنہ استعمال کریں کہ مفید ہے۔

**بہق اسود کا علاج** افتیموں کو جوش دے کر پہلے اسہال لیں۔ پھر نسخہ ماقبل سے طلاکریں کہ انشاء اللہ اچھا ہو جا دے گا۔

## باب ۶۲ بغل گند کے علاج میں

مجیٹھ و مصطکی ہر دو کو پانی میں جوش دیں۔ یہاں تک کہ پانی سرخ ہو جاوے پھر اس پانی سے بغل کو دھویا کریں۔ **ایضاً** مر احمر کو عرق گلاب میں پیسکر اس میں کپڑا تر کر کے بغلوں پر پھیرا کریں۔ کئی دفعہ کئی روز کرتے رہیں۔ کہ بدبو دور ہو جاوے گی۔

**ایضاً** صابون بغل پر طلاکرنے سے بھی یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ **ایضاً** مرتک (سفید شدہ مردہ سنگ) کو روغن گل میں ملاکر ضماد کریں مفید ہے۔

## باب ۶۳ حمرہ (سرخ دانے) کے علاج میں

جو موسم گرما میں کندھوں و جوڑوں پر نکل آیا کرتے ہیں

Marfat.com

**تعریف** اس کی حقیقت یہ ہے کہ گرمی کے موسم میں بہت پانی پینے سے اور گرم کھانا کھانے سے انسان کے بدن پر یہ دانے نمودار ہو جاتے ہیں اس کا سبب خون کا جوش ہوتا ہے۔ علاج حب الزند (رندا یک درخت ہے مبارک کثیر المنافع) یعنی اس درخت کے بیج کو پیس کر ہانڈی میں پکائیں پھر اس میں شہد و چاول ڈال کر حسب معمول پکا کر سات روز تک یہی کھائیں۔ علاج اس سرخی کا جو ننگے پاؤں چلنے سے ہو جاتی ہے۔ ننگے پاؤں چلنے سے تین نقصان ہوتے ہیں۔ نقصان جماع، نقصان صحت نقصان بصر علاج اس کا یہ ہے کہ قلفہ کا ساگ، چاول و سمسم کھا دیں اور انہیں اشیاء کو گھوٹ کر سری پر طلا کریں ایک سرخی بباعث کثرت کام و محنت و مشقت کے ظاہر ہوا کرتی ہے اور اس سے کمر میں درد۔ وجع الخاصرہ و عرق النساء وغیرہ امراض ہو جایا کرتے ہیں۔ ان کا علاج یہ ہے کہ قرنفل۔ زیرہ سیاہ۔ خرفہ سیاہ، تخم پیاز۔ سب کو باریک پیس کر شہد میں معجون بنا دیں اور سات روز تک کھا دیں۔ ایضاً حرمل کو فتہ بیختہ کر کے سرکہ میں ملا کر طلا کریں۔
**ایضاً** پرانا سینگ جلا کر گرم کلہ کے پانی میں ملا کر سرخ دانوں پر طلا کریں۔

# باب<sup></sup>۶۴ علاج اس زنخ کا جو مفاصل ہاتھوں اور بازوؤں میں بیٹھ جاتی ہے

یاد رہے کہ زنخ کئی قسم کی ہوتی ہے۔ سرد خشک۔ گرم و تر، سرد و تر۔ لیکن یہ زنخ سرد خشک ہوتی ہے۔ اور مریض کی ساقین و ذراعین میں بھر جاتی ہے۔ جس سے بدن پر سخت خارش پیدا ہو جاتی ہے۔ اور خارش کرنے کے بعد زرد پانی نکل آتا ہے۔ ابو الطیب کہتا ہے کہ علاج اس کا یہ ہے کہ تخم خرفہ باریک پیس کر سات دن تک پیتے رہیں۔

**ریح المفاصل والورک کا علاج** **تخم** میتھی باریک پیس کر اس پر اتنا سرکہ ڈالیں جس سے وہ پوشیدہ ہو جاویں۔ ساتھ اس کے شیرہ کرنب بھی شامل کریں جب گاڑھا قوام ہو جاوے تو اتار کر کسی کپڑے پر

Marfat.com

لیپ کر کے مریض جگہ پر طلا کریں۔ اسی طرح چند روز کرتے رہیں یہاں تک کہ شفا ہو جاوے
**ایضاً** چند روز غاریقون کا استعمال رکھیں کہ مفید ہے۔ **ایضاً** وشق کا شہد میں ملا کر چند روز
تک چاٹا کریں۔ **ایضاً** کلونجی ایک اوقیہ، عاقرقرحا چار درم۔ تخم حنظل دو درم، سب کو باریک
کوٹ کر ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈالیں اور روغن زیتون سے ادویہ کو ڈھانپ کر دھوپ
میں پندرہ روز تک رہنے دیں۔ پھر اس روغن سے مالش کیا کریں۔ اس کا نام دہن الناقد
ہے۔ کیوں کہ وہ جلد سے گوشت و ہڈی تک نفوذ کر جاتا ہے۔ **ایضاً** حنظل کو روغن زیتون میں
پکا کر اس تیل سے مالش کریں مفید ہے۔

## باب ۶۵ اس زردی کے علاج میں جو ہاتھ پاؤں پر ہو جاوے

روغن گاؤ۔ موم سفید، جاؤشیر، گندھک زرد، مرغ کی چربی، بکری کے گردہ کی چربی سب
کو ملا کر مرہم سا بنا لیں۔ اور اعضا پر مالش کیا کریں۔ **ایضاً** بادنجان، حناء، قشر الفکرون سب
کو باریک پیس کر اس جگہ پر طلا کریں۔

### ہاتھ پاؤں کے پھٹ جانے کا علاج

روغن زیتون خالص، سرکہ، پیاز کا پانی سب کو آگ پر ملا کر مالش کیا
کریں انشاءاللہ آرام ہو جاوے گا۔ **ایضاً** ریوند چینی، سلیمانی، ہر ایک ۵ درم پارہ ۲ ڈھائی
درم، لوبان، دردمنہ ترکی ہر ایک پانچ درم سب کو پیس کر پھٹے میں بھریں، نہایت مفید ہے۔

## باب ۶۶ مسّوں کے علاج میں

یہ ایک قسم کی روئیدگی ہے جو انسان کے جسم میں میخ کی طرح اُگ پڑتی ہے۔ اس کا سبب
خلط سوداوی اور بلغمی کی کثرت ہے علاج پہلے مسہل سوداء لیا جاوے اور پھر ان مسوں میں
سے بڑے مسے کو کسی ریشم کے دھاگے سے باندھ دیں اور استرے سے اس کا سر کاٹ
دیں اور سہاگہ، نالہ، چونہ۔ نوشادر سب مساوی لے کر باریک پیس کر۔ اس پر چھڑک دیں تاکہ
دوا اندر گھس جائے اور اس کی جڑ کو کھا جائے اور اس عمل سے درد ہو تو گھی گرم کر کے

Marfat.com

ٹکور کریں اور اوپر بھی ٹپکائیں تاکہ درد ٹھہر جائے جب وہ بڑا مسہ مرجائے گا تو باقی سے خود ہی مر جائیں گے۔ نہایت مجرب اور صحیح ہے۔ **ایضاً** زرگروں کا پانی جس میں سونا اور چاندی بجھایا کرتے ہیں۔ لیکر مسوں پر لگادیں اور خشک ہونے دیں۔ **ایضاً** بکری کی مینگنی نمک طعام۔ زنجبیل ہر ایک مساوی کوٹ کر آگ پر چڑھادیں۔ جب گرم ہو جاوے تو اتاریں اور اس میں سے تھوڑا تھوڑا لے کر پانی ملاکر مسوں پر طلا کریں۔ **ایضاً** خرگوش کا بھیجا مسوں پہ تین دن متواتر لگانے سے بھی یہی نتیجہ پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح انجیر و آرد جو کو پکا کر مسّے پر لگانا بھی فائدہ کرتا ہے۔

## باب ۶ انگلیوں کے ورم اور داخس یعنی جینڈر کے علاج میں

داخس کی تعریف یہ ہے کہ کوئی انگلی اپنی جڑ سے لے کر ناخن تک ورم کر جاوے اس کا سبب خون کی حرارت ہوتی ہے۔ جو وہاں جمع ہو جاتی ہے۔ **علاج** انگلی پر لیموں چیر کر باندھ دیں اور ایک رات و دن باندھے رکھیں اور مازو باریک پیس کر سرکہ میں گوندھ کر انگلی پر ضماد کریں اور انگلی کو سرد پانی میں رکھیں۔ **ایضاً** کبوتر کی تازہ بیخال داخس پر ضماد کرنے سے داخس پھٹ جاتا ہے اور بہت جلد افاقہ ہوتا ہے۔

**ورم کا علاج** آرد شعیر ہانڈی میں ڈال کر اس پر شہد۔ زیتون۔ پانی ڈالیں اور پکا کر انگلی پر ضماد کریں۔

**ایضاً** گرم ورم کے لیے انڈے کی سفیدی۔ زیرہ، تھوم، صابون، روغن زرد، روغن زیتون۔ حرمل، کاسنی۔ اشنان سب کو باریک پیس کر زنگار ملا کر ورم پر ضماد کریں۔

**ایضاً** عنب الثعلب، کدو کا چھلکا، سداب گلاب سب کو پیس کر ضماد کریں۔ **ایضاً** کشنیز، سداب، مردار سنگ، روغن گل، سرکہ، آرد جو سب میں سے تھوڑا تھوڑا لے کر سرکہ میں پکا کر ورم پر ضماد کریں۔ قوی التحلیل ہے۔

Marfat.com

# باب ۶۸ وجع الظہر۔ وجع الورک۔ وجع المفاصل۔ نقرس کے علاج میں

کمر و جوڑوں کی درد کے لیے ہینگ ایک حصہ، کلونجی ایک حصہ دونوں کو باریک کر کے شہد خالص میں معجون بنا دیں۔ اور صبح و شام بقدر ۴ رتی کام میں لاویں مجرب و صحیح ہے۔

**ایضاً** بیخ کبر۔ بیخ آک۔ بیخ بادیان۔ بیخ صنوبر۔ بیخ سوہانجنہ۔ کرفس۔ انیسوں سب کو تھوڑا تھوڑا لے کر ایک دیگچہ میں ڈالیں اور پانی سے بھر کر جوش دیں۔ اور چارپائی کے نیچے رکھ کر کمر درک وغیرہ اعضاء کو بھاپ دیں۔ **ایضاً** حرمل کو باریک پیس کر روغن زیتون ملا کر آگ پر مثل حلوا بنا دیں اور اس میں سے تھوڑا تھوڑا ہر روز بوقت نہار استعمال کریں۔

## نقرس کا علاج

بھیڑیئے کی ہڈی باریک پیس کر اس میں آرد حلبہ ملا دیں۔ پھر ان میں سرکہ ڈال کر پکائیں اور جہاں درد ہو اس کا ضماد کریں **ایضاً** قثاء الحمار (جنگلی کریلا) سرکہ میں پکا کر ضماد کریں نہایت مفید ہے۔ **ایضاً** بکری کی چربی۔ روغن حنا، آگ پر ملا لیں پھر کمر کو گرم پانی سے دھو کر اس روغن سے مالش کریں۔ سات روز تک کریں نہایت مفید ہے۔ **ایضاً** فلفل، زنجبیل، جوزۃ الشرک بموزن لے کر باریک کریں اور بکری کے پتے میں ملا کر کمر و درک پر طلا کریں۔ **ایضاً** حنظل لے کر ٹوٹے ٹوٹے کریں اور خوب پکائیں پھر اتار کر سرد کریں۔ پھر صاف کر کے دوبارہ جوش دیں۔ اور صاف کریں اور شہد ملا کر پھر جوش دیں۔ اور سخت قوام کر کے گولیاں بقدر نخود بنا لیں ایک گولی صبح اور ایک شام استعمال کیا کریں۔ نہایت مفید و مجرب ہے۔ **ایضاً** شیرہ کرنب۔ آرد حلبہ۔ سرکہ میں پیس کر ضماد کرنا بھی نہایت مفید ہے۔ **ایضاً** سیہ کی چربی کمر و مفاصل پر مالش کرنا نہایت صحیح و مجرب ہے۔ **ایضاً** مصطگی دس درم، شکر تری دس درم۔ ان کو باریک کر کے تین درہم شہد میں ملائیں اور صبح و شام بقدر ۶ ماشہ اس میں سے استعمال کریں۔ **ایضاً** معجون مسک بھی نہایت مجرب ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے مسک۔ سلیخہ۔ سنبل ہندی۔ پکھان بید ہر ایک سے دو درہم۔ تخم کرفس، مصطگی۔ کمون۔ زعفران ہر ایک سے تین درم۔ سنائکی۔

Marfat.com

قرنفل۔ عود ہر ایک سے نصف درم سب کو کوفتہ بیختہ کرکے سہ چند میں معجون بنالیں اور بقدر ۲ ماشہ صبح و دو ماشہ شام استعمال کریں۔ **ایضاً** عاقرقرحا ایک درم حب الرشاد پانچ درم۔ زنجبیل ایک درم سب کو کوفتہ بیختہ کرکے سہ چند شہد میں معجون بنالیں اور صبح و شام بقدر برداشت طبع کام میں لاویں۔ **ایضاً** فلفل سیاہ، ملح طعام دونوں کو خوب باریک کرکے ان سے دوگنا آرد جو ملاکر ٹیں گوندھ کر کمر پہ طلا کریں صحیح و مجرب ہے۔

## باب ۶۹ مرفق و رکبہ (کہنی و گھٹنے) کی ورم کے علاج میں

اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ اعضا باعث برودت و یبوست کے ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔ مغز خیارین۔ حلبہ۔ سرکہ، ہر سہ مساوی لیکر روغن زیتون یا روغن گنجد ملاکر آگ پر جوش دیں اور اس میں کسی قدر تھوم و نمک بھی ڈال دیں۔ پھر اس روغن سے اس جگہ کو مالش کریں اور جو کچھ باقی بچے اس سے رات کے وقت اس جگہ پر ضماد کریں۔ صبح کے وقت دوا کو دور کریں۔ اور پھر تیل و کرم گرم کرکے مالش کریں۔ اور عضو کو آہستہ آہستہ کھینچیں دن کے وقت مالش کریں۔ اور عضو کھینچا کریں۔ اور رات کے وقت وہی دوا لیپ کیا کریں۔ صبح کو پھر دوا دور کرکے مالش و تمدید کریں۔ اسی طرح کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ عضو سیدھا ہو جاوے یہ تدبیر مجرب و صحیح ہے۔ نیز حلبہ کا جوشاندہ جو ہم نے باب ادویہ میں بیان کیا ہے استعمال کریں۔ نیز شہد خالص و روغن زرد میں کسی قدر تھوم ڈال کر استعمال کیا کریں۔

### گھٹنے کی ریحی درد

حرمل زیتون۔ پرانا گھی۔ حرمل کو پیس کر روغنوں میں ملاکر آگ پر پکائیں اور اس روغن سے عضو کی مالش کریں **ایضاً** بکری کی مینگنیں سرکہ میں اور بکری کے خون میں ملاکر عضو ماؤف پر طلا کریں۔ **ایضاً** بابونہ برگ کتان۔ بھوسی گندم۔ پانی میں جوش دے کر عضو پر نطول کریں۔ **ایضاً** بکری کی مینگنی دو جزو آرد جو ایک جزو سرکہ و روغن زیتون میں پکاکر ضماد کریں نیز پرانی چربی کی مالش بھی فائدہ دیتی ہے۔ **ایضاً**۔ عروق نعرفزہ عروق مرغنیس بھوسی گندم میں ملاکر جوش دیں اور گھٹنوں پہ باندھیں۔

Marfat.com

### کمنیوں کی ورم عظیم کا علاج

اس کا سبب خلط بلغمی و دموی کا اجتماع ہے۔

**علاج** گھٹنے کے اطراف پر پچھنے لگا دیں اور سرکہ میں مرتک پیس کر ضماد کریں۔ اور اغذیہ لطیفہ کا استعمال کریں اور غلیظ سے پرہیز۔ **ایضاً** ایرنڈ ایک اوقیہ۔ روغن گاؤ ایک اوقیہ۔ شہد۔ خل ہر ایک ایک اوقیہ سب کو ملا کر کپڑے پر بچھا دیں اور درد کی جگہ پر لگا دیں۔

## باب ورم ساقین و وجع قدمین کے علاج میں

اس کو داء الفیل بھی کہتے ہیں اس میں ساق یعنی پنڈلی سوج کر ہاتھی کی پنڈلی کی مانند ہو جاتی ہے۔ اس کا سبب یہ ہوتا ہے کہ خلط غلیظ سوداوی خلط بلغمی سے مل کر اس کا باعث ہوتی ہے۔ **علاج** دونوں پنڈلیوں پر ہر دو طرف پچھنے لگاویں اور مرتک سرکہ میں پیس کر ضماد کریں اور سرکہ و شہد پیا کریں اور لطیف معتدل غذا کھایا کریں۔

### قدم اور پنڈلی کے درد کا علاج

ہر روز تین درم روغن بادام تین دن تک استعمال کریں۔

## باب تشقاق الرجلین یعنی پاؤں کے پھٹ جانے کے علاج میں

روغن زیتون ملا کریں یا سرکہ و پیاز روغن زیتون میں پکا کر پھٹ کے اندر ڈالا کریں۔
**ایضاً** بکری کا پھیپھڑا انگاروں پر بھونیں۔ پھر چھری سے پھاڑ کر تشقاق پر رکھیں جب اس کی حرارت محسوس ہو تو اٹھائیں اسی طرح چند بار کریں۔

**ایضاً** راؤند عمدہ، حب سلیمانی، پارہ، لوبان، درمنہ ترکی ہر ایک مساوی کوفتہ بیختہ کر کے پانی میں گوندھ کر ضماد کریں۔

Marfat.com

# باب ۷۲ قولنج کے علاج میں

یہ ایک خشک ریح ہوتی ہے جو بخارات کو پیٹ اور انتڑیوں میں جانے سے روکتی ہے اُس کے غلبہ کے وقت انسان ناک چڑھاتا ہے اور سانس روکتا ہے۔ یہاں تک کہ روح نکلتا ہوا معلوم دیتا ہے۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ گرم، سرد۔ گرم کی علامت یہ ہوتی ہے کہ بیماری حرارت وگرم مواد نیند سے بیدار ہونے کے وقت بھڑک اٹھتی ہے۔ **علاج** اس کا یہ ہے کہ صبح کے وقت گھیکوار کا گودہ استعمال کرے کہ اس بیماری کو پیٹ سے نکال دیتا ہے اور سرد کی علامت یہ ہے کہ سخت سردی و بادل و بارش و سرد ہوا کے وقت زیادہ ہو جاتی ہے۔ **علاج** یہ ہے کہ صبر سقوطری۔ حب الرشاد۔ فلفل۔ زنجبیل سب مساوی لے کر کوفتہ بیختہ کریں۔ اور اس کے مساوی شکر تری ملا کر سفوف بناویں اور اس میں بقدر ۲ ماشہ استعمال کریں۔ **ایضاً** ہدہد پکا کر کھانا اس مرض کے دفعیہ کے لیے اکسیر ہے **ایضاً** سوتے ہوئے سنئے کو جگا کر اس کی جگہ پر قولنج والا بول کرے تو مریض اچھا ہو جاوے گا اور کتا مر جائے گا۔ **ایضاً** تریاق صغیر و شہد ملا کر بقدر ایک ماشہ استعمال کرنا بھی فائدہ دیتا ہے۔

# باب ۷۳ رعشہ (اعضا کا کانپنا) کے علاج میں

دانیال کا ضماد جس کی ترکیب یہ ہے پنیر۔ رال۔ دونوں کو پیس کر سرکہ ملا کر عضو مریض پر ضماد کریں۔ **ایضاً** چمگادڑ کو تانبہ کے برتن میں روغن زیتون میں پکائیں یہاں تک کہ چمگادڑ اس میں مہرا ہو جاوے۔ پھر اس تیل کو صاف کر کے عضو مریض پر لگائیں، یہ تیل فالج، نقرس اور رعشہ میں مفید ہے۔ **ایضاً** روغن سداب کا حمام میں جا کر پینا بھی مفید ہے۔ مقدار خوراک ایک اوقیہ۔

Marfat.com

## باب ۴ جسم کے پھول جانے کے علاج میں

درخت سرو کے پتے پانی میں پیس کر اس کا پانی پکائیں اور اس میں جو کا آٹا گوندھیں اور پکائیں اور روغن زیتون سے وہ روٹی کھائیں تین دن ایسا ہی کریں۔ **ایضاً** ہینگ بقدر چار رتی پانی میں حل کر کے صبح کے وقت پینا بھی نہایت مفید ہے۔ **ایضاً** گل خزانہ، زیرہ سیاہ، تھوم، کرا دیہ سب کو باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا کر متورم جگہ پر طلا کریں بکری کا گوشت کھائیں۔ اور دودھ سے پرہیز کریں۔ **ایضاً** تخم بصل۔ تخم کرفس، تخم لبسا س سب کو باریک پیس کر شہد خالص میں معجون بنائیں اور صبح و شام بقدر چھ ماشہ استعمال کریں۔

## باب ۵ وجع الصدر (درد سینہ) کے علاج میں

عاقرقرحا۔ فلفل۔ زنجبیل۔ تھوم۔ لوبان کبریت۔ صمغ صنوبر۔ سب کو تھوڑا تھوڑا لیکر روغن زیتون میں ملاویں اور درد کی جگہ پر لیپ کریں۔ **ایضاً** شربت بنفشہ بھی اس مرض میں مفید ہوتا ہے۔ جس کی ترکیب یہ ہے۔ بنفشہ دو اوقیہ لے کر اس میں دو رطل پانی ڈال کر آگ پر چڑھا دیں جب دوا کی ساری قوت پانی میں آجاوے اور بنفشہ کے پتے سفید ہو جاویں، صاف کر کے مصری یا کھانڈ ملا کر شربت کا قوام تیار کریں جب ضرورت ہو چار تولہ پانی میں ملا کر نہار پیا کریں۔

## باب ۶ ذات الجنب (درد پہلو) کے علاج میں

بیخ بادیان۔ بیخ کبر۔ دونوں کو باریک کر کے جوش دیں اور اس پانی میں آرد جو خمیر کر کے کسی کپڑے پر لیپ کر کے پہلو پر ضماد کریں مگر پہلے روغن گل یا روغن زیتون سے مالش کر لیں مفید ہے۔

## باب ۷ برد قدیم۔ پرانی سردی کے علاج میں

علاج شہد خالص میں زیرہ سیاہ ڈال کر چند روز صبح کے وقت استعمال کریں۔

Marfat.com

**ایضاً** کلونجی کو باریک کریں۔ پھر پیاز کا پانی ایک حصہ، روغن زیتون ایک حصہ سب کو ملا کر سات دن تک نہار استعمال کریں۔ **ایضاً** اشیاء ذیل سے تبخیر کریں۔ زنگار۔ فرفیون، فلفل سیاہ۔ فلفلدراز۔ زنجبیل۔ ثوم۔ ہاہیوں۔ حنظل۔ مر۔ صبر۔ نمک سب سے تھوڑا تھوڑا لے کر کوٹ کر دھونی دیں۔ اور ہوا اور سردی سے بچاویں۔ **ایضاً** نخود تین حصہ۔ حلبہ تین جزو گندم آٹھ جزو سب کا آٹا بنا کر روغن گاؤ شہد ڈال کر حسب دستور حلوا بنالیں۔ اور اکیس دن تک استعمال کریں۔ اور سیاہ گلٹے کا دودھ پیا کریں۔ تمام امراض باردہ کے لیے مفید ہے۔ اور جس شخص کو پسینہ نہ آتا ہو اس کے استعمال سے آجاوے گا۔ **ایضاً** زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید کلونجی، ہابیوں، پودینہ کوہی سب کو کوٹ کر شکر تری ملا کر سفوف بنادیں اور بقدر برداشت طبع نہار استعمال کریں۔

## باب بوطابق (مرگی) کے علاج میں

برادہ ذہب۔ ہینگ، زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید، صنوبر، بزرکتان۔ باقلا سیاہ سب کو پیس کر انڈے کی زردی میں ملاویں اور کسی برتن میں آگ ڈال کر ان ادویہ سے مریض کو دھونی دیں۔ **ایضاً** کلونجی۔ فلفل۔ ثوم۔ ہر ایک مساوی لے کر شہد خالص میں معجون بنائیں اور صبح و شام بقدر برداشت طبع کام میں لاویں۔

## باب ضیق النفس (دمہ) کے علاج میں

اول منضج دے کر مسہل دیویں۔ پھر معجون مسک پر مداومت کریں۔ ترکیب معجون مسک کستوری سلیخہ۔ سنبل۔ ساذج ہندی۔ پکھان بید۔ ہر ایک سے دو درہم بزرکرفس مصطکی زیرہ سیاہ۔ زعفران ہر ایک تین درم۔ مرمکی۔ قرنفل۔ عود۔ ہر ایک نصف درم سب کو کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں ملا کر معجون تیار کر لیں۔ اور بقدر ایک مثقال کھاویں انشاء اللہ بہت جلد آرام ہو جاوے گا۔ **ایضاً** سداب کا پانی شہد میں ملا کر استعمال کرنے سے کمال فائدہ ہوتا ہے۔ **ایضاً** تخم السی۔ اصل السوس۔ دونوں باریک کر کے شہد یا روغن زرد میں

Marfat.com

ملا کر کام میں لادیں۔

## باب ۱۸ ضیق وسعال (دمہ و کھانسی) کے علاج میں

اول مسہل لیں۔ پھر معجون ذیل استعمال کریں کہ نہایت مفید ہے۔ بلغم کو تحلیل کرتی ہے۔ سخت کھانسی کو دفع کرتی ہے۔ اگر برش (برشعشا) کھانے کا عادی ہو تو اس معجون کے استعمال سے برش کی عادت متروک ہو جاتی ہے۔ معجون یہ ہے حرمل۔ فرفیون، ہر ایک دو درم افیون پانچ درہم عاقرقرحا پانچ درم۔ سب کو کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند چہار چند شہد خالص میں معجون بنا دیں بوقت خواب بمقدار نصف درم استعمال کریں تین دن میں آرام ہو جاوے **ایضاً** تخم حرمل ایک سو درم۔ فرفیون تین درم۔ نوشادر تین درم۔ کلونجی تین درہم زنجبیل پانچ درہم۔ افیون پانچ درہم سب کو کوفتہ کر کے سہ چند شہد خالص میں ملا کر معجون تیار کریں اور صبح و شام بمقدار نصف درم چالیس روز تک استعمال کریں۔ **ایضاً** تخم السی، اصل السوس دونوں کو باریک پیس کر شہد یا گھی میں ملا کر بقدر چھ ماشہ صبح و شام استعمال کریں۔ امید ہے کہ تین روز میں آرام ہو گا۔ صحیح و مجرب ہے۔ **ایضاً** سعد (ناگرموتھ) کو کوٹ کر شہد میں ملا کر استعمال کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

## باب ۱۹ دہیل و اورام۔ قروح۔ (پھوڑوں ورموں زخموں) کے علاج میں

ان سب کا سبب خون فاسدہ ہوتا ہے جو جلد کے نیچے بند ہو جاتا ہے۔ علاج السبغول تیز سرکہ میں بھگو کر پھوڑے یا ورم پر لگائیں۔ اس سے ورم جلد کے نیچے ہی مر جاتا ہے۔ اور درد دور ہو جاتی ہے۔ بہ شرطیکہ مادہ فاسدہ کم ہو۔ اگر مادہ فاسد زیادہ ہو تو وہ مادہ ایک جگہ جمع ہو جاتا ہے اور اس سے ایک بڑا سا جسم بن جاتا ہے۔ جس کو پھوڑا کہتے ہیں۔ اس وقت آرد گندم۔ آرد میتھی کو روغن کنجد، یا روغن زیتون میں پکا کر پھوڑے پر ضماد کریں

Marfat.com

اس سے خون پک جاتا ہے۔ اور پیپ اور ریم ہو جاتی ہے پس اس کو نشتر سے چھیڑ دیں اور مادہ فاسدہ نکال دیں۔ پھر مرتک سیر کے میں پیس کر طلا کریں۔ اس سے باقی رطوبت فاسدہ خشک ہو جائے گی اور درد کو تسکین ہو جاوے گی۔ اور آرام ہو جاوے گا۔ **ایضاً** گندم کا چھان تیز سرکہ میں پکائیں اور اس کے ساتھ ابتداء ورم میں ورم پر ٹکور کریں **ایضاً** بزرکتان (السی) میتھی ہر دو مساوی لے کر کوفتہ بیختہ کر کے پانی اور شہد میں پکائیں اور لیٹی کر کے ورم کی جگہ پر باندھیں۔ **فائدہ** جب رطوبت عفنہ بدن کے کسی حصے میں جمع ہو جاتی ہے تو اس سے پھوڑے اور ورم پیدا ہوتے ہیں اور جلد کے نیچے کے گوشت کو کھا جاتی ہے۔ بشرطیکہ اس کے علاج سے غفلت کی جائے اس کا علاج چھ طرح سے کرنا چاہیے۔ **اول** ہر روز جو رطوبت فاسدہ پیدا ہو اسکو ان مراہم سے جس کا ذکر ہم نے باب الادویہ میں کیا ہے کم کریں **دوسرا** وہ غذائیں استعمال کریں جو گوشت صالح پیدا کریں مثلاً گندم اور جوار کی روٹی گھی یک سالہ دنبے کا گوشت **تیسرا** ان چیزوں سے پرہیز کریں جو پیپ کو زیادہ پیدا کرتی ہیں۔ مثلاً ہر قسم کا دودھ اور نشاستہ وغیرہ **چوتھا** اغذیہ غلیظہ سے پرہیز کریں مثلاً کچے اور بھونے ہوئے دانے اور ہریسہ وغیرہ ثقیل غذاؤں سے **پانچواں** اغذیہ ثقیلہ سوداویہ سے پرہیز کریں مثلاً باجرہ۔ مسور۔ جو۔ لوبیا۔ بادنجان گائے کا گوشت کیوں کہ ان سے گوشت فاسد پیدا ہوتا ہے۔ جس سے ہمیشہ قروح و جروح نکلتے رہتے ہیں۔ **چھٹا** ہر ایک ترش و نمکین تیز چیز سے پرہیز کریں۔ کیوں کہ یہ اشیاء زخم کو خراب کرتی ہیں۔ اور گوشت کو پیدا ہونے نہیں دیتیں۔

## علاج ورم

عنب الثعلب۔ کدو تازہ کا چھلکا۔ حی عالم (رس اگلاب) سب کو کوٹ کر ورم کی جگہ پر ضماد کریں۔ کہ اورام کے لیے مفید ہے **ایضاً** کشنیز۔ سداب۔ مرداسنگ۔ سرکہ۔ روغن گل۔ آرد جو سب میں سے تھوڑا تھوڑا لے کر سرکہ و روغن میں گھوٹ کر ضماد کریں۔ **ایضاً** روغن زیتون میں پانی ملا کر جوش دیں اور موضع ورم پر طلا کریں اگر اس میں تھوڑا سا شراب بھی ملا دیا جاوے تو تحلیل ورم میں قوی ہو جائے۔ جس زخم کے علاج سے طبیب عاجز ہو گئے ہوں اس پر ضبغ (بجو ایک جانور کا نام ہے) کی چربی

Marfat.com

مالش کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ **ایضاً** اشق کو روغن زیتون میں جوش دے کر اس تیل سے ورم پر مالش کریں یہ اورام و دمامیل کو تحلیل کر دیتا ہے۔ **فائدہ** اگر کوئی انسان اپنے اعضا کے اندر ورم یا دمل کے مادہ کی حرکت محسوس کرے اس سے پہلے کہ مادہ ابھی عضو میں جمع نہ ہوا ہو تو چاہیئے کہ ریحان کی لکڑی لے کر اس کے ایک کنارے کو آگ لگا کر عضو کے اس مکان پر داغ دے دیں جہاں کہ حرکت مادہ محسوس ہوتی ہو۔ اس تدبیر سے ورم بڑھنے نہ پا دے گا اور کامل نفع ہو گا۔

## باب ۸۲ وجع السرہ (درد ناف) کے علاج میں

اس کی ماہیت یہ ہے کہ ناف کی رگیں ڈھیلی ہو جاتی ہیں اور جب ہاتھ رکھا جاوے تو وہاں کے شرائین کی حرکت عظیم ہوتی ہے اور قرقر کی آواز سنائی دیتی ہے۔ سبب اس کا سیر ہونے کے بعد حرکت کثیر یا محنت وافر ہوتا ہے۔ **علاج** گندم کی روٹی گرما گرم ناف پر رکھیں اور کپڑے سے باندھ دیں صبح و شام باندھے رکھیں۔ پھر ترش انار کو مع اس کے گودے کے گھوٹ کر اس کا شیرہ پئیں اور غذا گندم کی روٹی اور شہد رکھیں۔

**ایضاً** کوئی لوہے کا ٹکڑا لے کر اس کو آگ میں گرم کریں کہ انگارے کی طرح سرخ ہو جاوے پھر اس پر تیز سرکہ ڈالیں اور اس کے بخار پر ناف کو رکھیں۔

## باب ۸۳ ورم لبیر (برڈادم) کے علاج میں

عروق دردار لے کر اس کو خوب دھوئیں پھر اس کو باریک پیس کر جوش دیں پھر آرد جو ملا کر روغن زیتون میں پکا کر موضع ورم پر لگائیں۔ اسی طرح سات روز کریں یہ اس حالت میں ہے جب کہ ورم کو پانچ سال گذر گئے ہوں اگر ورم تین سال کا ہو تو کوار گندل کو بکری کے گوشت کے ساتھ پکائیں نیچے اتار کر پہلے اس جگہ پر اس کی بھاپ پہنچا دیں۔ پھر فضلہ کو گھوٹ کر موضع ورم پر لگائیں۔ **ایضاً** تھوم تین عدد لے کر چھیلیں اور روغن زیتون میں پکائیں یہاں تک کہ سیاہ ہو جاوے پھر اس سے مالش کریں **نیز** روغن سداب بھی

Marfat.com

یہی فائدہ دیتا ہے ۔اس کے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ سداب ایک رطل روغن زیتون ڈیڑھ رطل دونوں کو ملا کر چالیس روز دھوپ میں رکھ چھوڑیں اس کے بعد صاف کر کے کام میں لا دیں ۔

## باب۴۸ جوشش خون،سکتہ داء الفیل،کوڑے کی ضرب و دق مدنی زنار دا ) کے علاج میں

جوشش خون کا سبب دل کی حرارت اور پھیپھڑہ کا درد ہے ۔جو جگر میں اثر کرتا ہے **علاج** اس کا یہ ہے کہ کشنیز کو سرکہ میں ایک رات دو دن بھگو دیں ۔پھر صاف کر کے شکر سفید ملا کر استعمال کریں اور غذاء میں سرکہ ڈالیں ۔تیز ترش انار کا پانی پیا کریں ۔

**علاج سکتہ** اس کی علامت یہ ہے کہ مریض بے حس و حرکت ہو جاتا ہے اور مردہ سا معلوم ہوتا ہے ۔اس کا سبب خلط ثقیل سرد خشک کی زیادتی ہوتی ہے ۔جو شدت سردی سے مستحکم ہو جاتی ہے ۔ علاج روغن زیتون میں توم و مصطگی پکا کر مریض کے بدن پر خوب زور سے مالش کریں اور اس کے پیٹ اور ہر دو قدم اور دل کو گرم کر کے پانی سے دھوئیں اور زور سے چٹکیاں لیویں ۔اگر ان تدابیر سے حرکت کر آوے تو فبہا ورنہ اس کے ناخنوں کے نیچے سوئی چبھوئیں اگر اس طرح بھی نہ ہلے تو ایک ساعت ٹھہر کر پھر دوبارہ یہی عمل کریں اگر پھر بھی حرکت نہ کرے تو خدا پر چھوڑ دیں اور اگر کسی تدبیر سے حرکت میں آجاوے تو پہلے گرم پانی میں نمک ڈال کر پلایا جاوے تاکہ قے کر ڈالے ۔پھر دودھ چاول ۔مرغ کا گوشت ۔روغن زرد ۔شہد ۔گرم شوربے کھلائیں اور باقی چیزوں سے پرہیز کریں انشاء اللہ اچھا ہو جاوے گا ۔

**کوڑے کی ضرب کا علاج** بکری یا دنبے کا چمڑا اتار کر لفافہ کی طرح مضروب کو چڑھا دیں اس سے خون اپنی اپنی جگہ پر آجاوے گا پھر جلد اتار کر مضروب جگہ پر مرتک کوفتہ بیختہ کر کے دھوڑیں ۔انشاء اللہ آرام

Marfat.com

ہو جاوے گا۔

**عرق مدنی (نارووا) کا علاج** اس کی اصلیت یہ ہے کہ چمڑے کے نیچے حرکت دودیہ ہوتی ہے۔ اس کا سبب خراب و گندے شہروں میں رہنا اور اغذیہ غلیظہ رویہ کا کھانا ہے۔ علامت اس کی یہ ہے۔ کہ پہلے اس جگہ پر ورم ہوتا ہے۔ پھر اس سے لمبے لمبے دھاگے نکلنے شروع ہوتے ہیں۔

**علاج** یہ ہے کہ روز علے الصباح ایک درم ایلوا شہد میں ملا کر کھائیں تین روز تک ایسا ہی کریں اور اس کے دھاگے نکالنے کے واسطے یہ تدبیر کریں کہ حلبہ کو روغن زرد میں پکا کر موضع ماؤف پر باندھیں نیز اس روغن میں سے بقدر برداشت طبع نوش کریں۔

**فائدہ۔** بعض انسانوں کے بدن میں کسی جگہ ایک بڑا سا دانہ نکل آیا کرتا ہے اور اس کے ساتھ ہی چھوٹے چھوٹے دانے آپس میں پھنے ہوئے نکل آتے ہیں۔ اس کا سبب خراب کھانا پینا اور گندی و خراب جگہوں میں رہنا ہوتا ہے۔ اس کا آسان علاج یہ ہے کہ بڑے دانہ کو ہر طرف سے داغ دیا جاوے۔ پھر اس کے بعد سرکہ میں مرتک گھوٹ کر ضماد کیا جاوے یہ ضماد ایک رات دن رکھیں۔ اس کے بعد ثوم و نمک کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر ضماد کریں اس سے بدن کے تمام دانے مر جائیں گے۔

# باب ۸۵ حرق النار و حرارت الشمس اور اس حرارت کے علاج میں جو موسم گرما میں لگتی ہے

**سفر میں سورج کی گرمی سے بچنے کی تدبیر** انڈے کی سفیدی، روغن گل میں ملا کر چہرہ پر طلا کریں۔

ایضاً شربت انار پینا، روغن گل سر پہ ملنا معجون ورد (گلقند) کھانا بھی فائدہ دیتا ہے۔

**آگ سے جلنے کا علاج** فی الفور سرکہ دگھی کی جھاگ موضع محروق پر طلا کریں۔ ایضاً انڈے کی سفیدی کسی اونی کپڑے یا السی کے کپڑے پر لگا

Marfat.com

کر موضع محروق پر طلا کریں۔ **ایضاً** مسور۔ آرد جو۔ انڈے کی سفیدی سب کو پکا کر موضع محروق پر رکھیں **ایضاً** کسی ببل (پنجابی دل) کے پتے جلا کر راکھ بنا کر موضع محروق پر دھوڑیں۔

## اس گرمی کا علاج جو موسم گرما میں لگتی ہے

پھٹکڑی سفید کو بارش کے پانی میں حل کریں اور بدن پر ملیں انشاءاللہ گرمی سے آرام رہے گا۔ **ایضاً** گلاب کا سرکہ مغز خیارین میں۔ پیس کر بدن پر طلا کریں۔

# باب ۸۶ جدری (چیچک) کے علاج میں

چیچک کا علاج کتابت سے سات دانہ جو کے لے کر ہر ایک دانہ پر تین دفعہ کلمات ذیل پڑھ کر دم کرے۔ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِھِمْ وَھُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَھُمُ اللّٰہُ مُوْتُوْا مُوْتُوْا فَقُلْ یَنْسِفُھَا رَبِّیْ نَسْفًا فَیَذَرُھَا قَاعًا صَفْصَفًا لَّا تَرٰی فِیْھَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا یَا اَیُّھَا الْبَنَاتُ الْمَنْبُوْتُ مُتْ مُتْ مُتْ بِاِذْنِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ۔ **علاج** اگر چیچک کا اثر چہرہ پر رہ جاوے تو بیری کے خشک پتے لیکر باریک کوٹ کر مہندی کے ساتھ ملا دیں اور پانی میں گوندھ کر چہرہ پر طلا کریں انشاءاللہ آرام ہو جاوے گا **ایضاً** عنقل (جنگلی پیاز) کو قطع کر کے اس میں اتنا روغن زیتون ڈالیں جس سے پیاز پوشیدہ ہو جائے اور پکا دیں اور اس میں موم زرد اور تھوڑا سا گندھک زرد اور تھوڑا سا نمک ملا کر چہرہ پر طلا کریں اس سے خارش کو بھی فائدہ ہوتا ہے۔ **ایضاً** کنیر کے پتے جوش دے کر آدھ سیر پانی نکالیں اور

---

ترجمہ کیا تو نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل پڑے اور وہ ہزاروں تھے پس ان کو اللہ تعالیٰ نے کہا مر جاؤ مر جاؤ مر جاؤ پس کہدے اڑا دے گا ان کو میرا رب اڑانا پس ان کو چٹ میدان کر کے چھوڑے گا ان میں تو نہ ٹیڑھا پن اور ٹیلا نہ دیکھے گا اور اے اگی ہوئی کلی اسی اللہ کے حکم سے جو کہ زندہ ہے اور مرے گا نہیں مر جا ۱۲ منہ

Marfat.com

پاو پختہ روغن میں پکائیں یہاں تک کہ روغن خشک ہو جاوے تیل رہ جاوے پھر اس میں دو:
اوقیہ موم ملاکر مرہم سا بنالیں اور چیچک کے داغوں پر طلا کریں انشاءاللہ آرام ہو جاوے گا۔
ایضاً صبر سقوطری۔ گلاب کے پانی میں حل کر کے چیچک کے داغوں پر مالش کیا کریں۔

## چیچک والے کی آنکھ کا علاج

اگر چیچک کی حالت میں خوف ہو کہ کہیں آنکھ میں دانے نہ نکل آئیں تو سماق کا پانی دونوں آنکھوں میں ڈالتے رہیں امن رہے گا۔

## چیچک کا علاج

سرکہ تیز انگوری۔ پیاز۔ مہندی۔ افیون سب چیزوں کو کوٹ کر سرکہ میں ڈالیں اور اس سے مجدور کے بدن کو ملتے رہیں اس سے اس کے بدن میں آگ کی حرارت معلوم نہ ہوگی فائدہ اگر کوئی انسان جدری سے بیمار ہو جائے اور آنکھوں میں چیچک نکل آنے کا خوف ہو تو جس شخص نے اس کو پہلے دیکھا ہو جب کہ چیچک نکل رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ اپنی آنکھ کا آنسو اس کی آنکھ میں ڈال دے۔ آنکھ چیچک سے محفوظ رہے گی۔

# باب ۸۷ فاد فارسی یعنی حمرہ کے بیان میں

پھٹکڑی تلسی کا پانی۔ دونوں کو ملاکر حمرہ میں طلا کریں۔ نیز اس مرض کے لیے ان کلمات کو لکھ کر زیتون کے روغن میں ملادیں اور مالش کریں اور مالش کے بعد اس کے اوپر اسی کے درخت کا وہ حصہ جو پانی میں نہ ڈوبا رہا ہو بالکل خشک ہو جانے کے بعد کوٹ کر اور پانی سے لیٹی سی بنا کر اس بیماری کی جگہ باندھ دیں کلمات یہ ہیں؎ فینفیت میت متت شلل لسم بتشللشل۔

# باب ۸۸ انوتلیس یعنی شب کوری کے علاج میں

کلمات ذیل تین ہڈیوں پر لکھیں اور کسی اندھیری جگہ میں مریض کو کھلائیں کلمات یہ ہیں۔

---

؎ وہ مردہ کی طرح مار دیا جائے گا تو سکڑ کر گیا اب تو خشک ہو گیا تجھ سے خون جاری نہ ہو گا۔

Marfat.com

اتصطلاء کبس الطکلاوکف المیکیف کیکیف .... **علاج** دار فلفل کو باریک کر کے بکری کے جگر (کلیجی) میں بھر دیں اور آگ پر بھونیں اس میں سے جو جھاگ نکلے اس کو جمع کریں اور سرمہ بنا کر آنکھوں میں لگائیں اور کلیجی کھاویں۔ **ایضاً** صابون دورتی۔ شہد دو تولے دونوں کو ملا کر کھانے سے بھی شب کو فائدہ ہوتا ہے۔

## باب۸۹ طیریعنی آتشک کے علاج ہیں

دار چکنا ایک درم۔ رسکپور دو درم۔ آرد شیبرہ تو دسب کو ملا کر پانی سے گولیاں بمقدار نخود بنائیں اور گولی نگلنے کے بعد ایک دو دانے لونگ چبائیں **ایضاً** افیوں ۴ درم کستوری ۴ رتی۔ پارہ دو درم پہلے پارے کو عرق لیموں میں کشتہ کریں۔ پھر باقی دوائیوں کو ملاویں اور پانچ تولے آرد جو اور تھوڑا سا گھی ملا کر گولیاں بمقدار نخود بنالیں اور ہر صبح کے وقت ایک گولی شروع کریں تین تک بڑھا سکتے ہیں۔ دودھ کا استعمال رکھیں۔ ترش اشیاء سے پرہیز کریں یہ نسخہ صحیح اور مجرب ہے، **ایضاً**، پارہ بارہ درم۔ دار چکنا دو درم۔ آرد گندم بیس درم پارہ اور دار چکنا کو لیموں کے پانی میں پیسیں یہاں تک کہ دونوں کشتہ ہو جاویں۔ پھر آٹا ملا کر ایک سو گولی بنا لیں اس دوا سے بدن تر و تازہ ہو جاتا ہے اور آتشک دور ہو جاتی ہے۔ اور گولی کھانے کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے تین دن گولی استعمال کریں۔ پھر جلاب لیں اس کے بعد پھر دس دن گولی استعمال کریں اور ہر روز تین گولی کھائیں۔ اس کے بعد پھر مسہل کریں یہاں تک کہ بالکل آرام ہو جائے اور استعمال کے دنوں میں ترش اور سرد تر اشیاء سے پرہیز کریں انشاءاللہ تعالیٰ آرام ہو جاوے گا۔ **ایضاً** شنگرف پانچ درم لے کر اس کے تین حصے کریں اور ہر روز کسی محفوظ جگہ میں بدن کو کپڑوں سے ڈھانپ کر ایک حصہ دوا سے دھونی لیں۔ پھر سو جاویں۔ تاکہ پسینہ آجاوے انشاءاللہ ایک ہی دن میں اچھا ہو جاوے گا **ایضاً** روغن ذیل اس نامراد علت کے دفع کرنے میں اکسیر کا کام دیتا ہے حکما اس روغن کو اپنے سینے کی کوٹھڑی میں محفوظ رکھتے تھے۔ اس روغن کو گرمی کے وقت ملنا چاہیئے نہ سردی کے وقت اور مریض کو سردی اور ہوا اور ہر ایک ترش اور سرد اشیاء سے پرہیز کرنا چاہیئے اور مفاصل

Marfat.com

پر مالش کرنی چاہیئے اور ہر روز دو دفعہ مالش کریں۔ تین دن تک ایسا ہی کرتے رہیں چوتھے روز بدن کو صابون سے خوب دھوئیں اور نہاتے وقت سردی سے پرہیز کریں پھر از سر نو حسب دستور سابق مالش کریں۔ اور چوتھے روز نہایا کریں انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوگا۔ یہ نسخہ صحیح اور مجرب ہے روغن یہ ہے مصطگی، لوبان، شنگرف۔ روغن زیتون عرق گلاب ہر ایک دس درم۔ پارہ پندرہ درم۔ دار چکنا ایک درم۔ بکری کی چربی اسی درم ادویہ کو کوٹ کر چربی میں ملا کر آگ پر چڑھائیں جب مرہم سا قوام ہو جائے تو حسب ہدایت بالا استعمال کریں۔ **ایضاً** یہ نسخہ غریبوں کے لیے ہے پارہ۔ روغن زیتون۔ موم زرد ہر ایک سات درم۔ دار چکنا۔ ایک درم ادویہ کو باریک کر کے روغن زیتون و موم ملا کر مرہم بنالیں اور حسب ہدایت مالش کیا کریں۔

# باب ۹۰ جرب و حکہ (خارش تر و خشک کے علاج میں

نیز اس حرارت کا بجھانا جو بدن انسان میں محسوس ہو۔

جب انسان میں مادہ سوداوی جوش مارتا ہے تو اس سے خارش پیدا ہو جاتی ہے **علاج** کلونجی زیرہ سیاہ۔ تخم بسباس شہد خالص ادویہ کو باریک کر کے شہد میں ملائیں اور نہار استعمال کریں۔ **ایضاً** عشبہ مغربی کو پکا کر اس کا عرق نہار کے وقت استعمال کریں اور اس کے بعد کھانا کھلائیں **ایضاً** شہد خالص۔ روغن زرد خالص ہر ایک ۵ تولہ کبریت دو درم گندھک پیس کر شہد و روغن میں ملا کر کھایا کریں کہ نہایت صحیح و مجرب ہے۔ **ایضاً** فلفلدراز فلفل سیاہ۔ بسباس۔ زیرہ سیاہ۔ کلونجی، گندھک۔ آملہ سار۔ ہر ایک ایک اوقیہ سب کو پیس کر دو رطل مویز منقے ملا کر معجون بنالیں اور ایک اوقیہ موم خالص اور ایک اوقیہ موم زرد کو روغن زیتون میں ملا کر مرہم بنالیں۔ مرہم سے مالش کریں اور معجون کھاویں **ایضاً** ایک بڑا پیالہ لے کر پانی سے بھر دیں اور اس میں مقدار دو رطل منقے ڈال کر خوب زور سے ملیں جو جھاگ اوپر آوے اتارتے جائیں پھر اس میں روغن زیتون۔ گندھک۔ آملہ سار ملا کر آگ پر پکائیں اور اس تیل سے مالش کیا کریں۔ مجرب ہے۔ **ایضاً** تاربچن ایک حصہ۔ لب لاب ایک حصہ لبلاب کو باریک پیس کر روغن میں ملائیں اور گولیاں بنا کر بمقدار چار رتی استعمال کریں۔ **ایضاً** گندر پانی میں

Marfat.com

پیس کر خارش پر طلا کرنے سے بہت جلد آرام ہو جاتا ہے **ایضاً** زیرہ سیاہ اور زیرہ سفید ہر دو مساوی لے کر باریک کوٹیں ایک ہڈی لے کر اس میں سوراخ کریں اور اس کی سفیدی نکال کر دونوں زیرہ پر کر دیں۔ اور تھوڑی سی گندھک ڈال دیں پھر اس ہڈی پر گوندھا ہوا آٹا لیپ کر کے گرم راکھ میں رکھ دیں تاکہ پک جائے پھر نکال کر خوب باریک پیسیں اور روغن زیتون میں ملا کر خارش کی جگہ کو کسی سخت کپڑے سے کھرچنے کے بعد مالش کریں۔ **ایضاً** دھتورا پیس کر شہد میں ملائیں اور تین دن تک استعمال کریں **ایضاً** پیکھرا۔ مہندی ہر دو مساوی پیس کر انڈے کی زردی میں ملا دیں اور خارش کی جگہ پر استعمال کریں **ایضاً** کلونجی۔ گندھک۔ آملہ سار۔ ہر دو مساوی باریک کوٹیں اور روغن زیتون میں ملا کر آگ پر پکائیں اور اس تیل سے خارش کی جگہ پر مالش کیا کریں۔ **ایضاً** لبلاب کو باریک پیسیں اور کسی برتن میں ڈال کر گائے کا پتا ڈال دیں۔ تاکہ دوا پتے کو پی جائے پھر اس کی گولیاں بنا کر ایک ایک گولی صبح اور شام استعمال کیا کریں۔ **ایضاً** عنصل (جنگلی پیاز) چھیل کر درمیانی حصہ لے کر اس کا پانی نکالیں جس قدر پانی ہو اس سے نصف روغن زیتون ملا دیں۔ پھر مصطگی و گندھک باریک پیس کر ان میں ملا دیں اور آگ پر چڑھا دیں جب ادویہ روغن و آب پیاز میں خوب خلط ملط ہو جاویں تو اتار لیں اور خارش کی جگہ کو سخت کپڑے سے مل کر اس سے مالش کریں **ایضاً** کاسنی کو روغن زیتون و پانی۔ نمک میں پکا دیں اور صاف کر کے اس روغن سے مالش کریں۔ **ایضاً** روغن زرد پانچدرم گندھک آملہ سار پانچدرم مغز اخروٹ دو درہم، اخروٹ و گندھک کوٹ کر روغن میں ملا دیں اور آگ پر ملا کر اس سے مالش کریں۔ **ایضاً** بسکھپرہ باریک کوٹ کر اس میں نمک بہ زردی بیضہ مرغ ملا دیں اور موضع خارش پر طلا کریں۔ اور دھوپ میں بیٹھ جائیں پھر نہا ڈالیں۔ **ایضاً** پیاز کو روغن زیتون میں جلائیں۔ پھر صاف کر کے اس میں موم زرد اور تھوڑا سا گندھک آملہ سار ملا کر مرہم سا بنائیں اور خارش کی جگہ پر ملیں **ایضاً** کنیر کے پتے جوش دے کر ایک رطل پانی لیں اور اس میں نصف رطل روغن زیتون ڈال کر پکائیں کہ سب پانی جل جاوے۔ پھر اس میں دو اوقیہ موم زرد پگھلا کر مرہم سی تیار کریں اور جرب اور جدری پر لگایا کریں نہایت مفید ہے۔ **ایضاً** عناب کے پتے بوزن بیس تولہ ہر روز

Marfat.com

جوش دے کر بقدر ضرورت پانی لے کر اس میں شکر سفید ملا کر پانچ روز پینے سے حکہ وجرب کا قلع وقمع ہو جاتا ہے۔ **ایضاً** سرکہ اور گھی ملا کر استعمال کرنے سے بھی یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ **ایضاً** تھوم، بورہ ارمنی ملا کر ضماد کرنے سے بھی خارش کو فائدہ ہوتا ہے **ایضاً** چوک سرکہ میں پیس کر ملنے سے بھی یہی فائدہ ہوتا ہے۔ **ایضاً** سرکہ اور روغن گل کے ملنے سے بھی یہی کام نکلتا ہے۔ **ایضاً** نخود سیاہ سرکہ میں پیس کر طلا کرنے سے بھی یہی فائدہ ہوتا ہے۔

## باب ۹۱ اس مریض جسم کا علاج جس کی ٹانگیں، ہاتھ، پاؤں، تمام بدن ڈھیلا ہو گیا ہو اور اس کو اس سے سخت تکلیف ہوتی ہو،

**علاج** صبر تین اوقیہ۔ غاریقون تین اوقیہ۔ زعفران ایک درہم حب السلاطین تین درہم سنا مکی تین درہم فرفیون دو درہم سب کو فتہ بیختہ کر کے شہد خالص میں معجون بنائیں اور ہر روز بقدر دو رتی صبح اور دو رتی شام استعمال کریں اور کئی روز تک کھاتے رہیں۔

**تمام امراض کا علاج** عمدہ روغن زیتون کسی صاف برتن میں ڈالیں اور کلمات ذیل پڑھتے جائیں۔ اور لکڑی سے زیتون کو ہلاتے جائیں پھر اس روغن سے مریض کے بدن پر مالش کریں۔ کلمات یہ ہیں۔ سورہ اخلاص، والمعوذتین۔ و سورہ توبہ کا خاتمہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ اِلٰی قَوْلِہٖ لِلْمُؤْمِنِیْنَ اور سورہ حشر کا خاتمہ ان سب کو سات دفعہ پڑھ کر روغن پر دم کریں حسب ہدایت بالا مالش کیا کریں۔ **ایضاً** کلمات ذیل کا لکھ کر پاس رکھنا تمام آفات سے بچاتا ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا جَمِیْعَ الْعِلَلِ وَالْاَمْرَاضِ وَالْاَدْوِیَا وَالْاَوْجَاعِ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَبِعَظْمَۃِ اللّٰہِ وَبِجَلَالِ جَلَالِ اللّٰہِ وَبِنُوْرِ اللّٰہِ وَ بِسُلْطَانِ سُلْطَانِ اللّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَبِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا۔

---

لہ شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے اور رحمت بھیج اے اللہ ہمارے (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com

**ایضاً** کلمات ذیل لکھ کر پینے سے تمام امراض سے محفوظ رہتا ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ وَیُذْهِبْ غَیْظَ قُلُوْبِهِمْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ..... آخر سورہ توبہ تک اس کو کسی سفید برتن یا سفید کپڑے پر لکھ کر دھو کر روزہ افطار کرتے وقت پی جایا کریں **ایضاً** تمام امراض کے واسطے دعا ذیل لکھ کر پیا کریں یہ دعا جبریل امین نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سکھائی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے طبیبوں کے علاج کی ضرورت نہیں ہوتی دعا یہ ہے بارش کا پانی لیں اور اس پر سورہ الحمد۔ آیۃ الکرسی۔ سورۂ اخلاص معوذتین وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ ہر ایک ستر دفعہ پڑھیں آخر میں ستر دفعہ درود پڑھ کر دم کر کے رکھ چھوڑیں اور ہر روز صبح کے وقت تھوڑا سا اس پانی میں سے پی لیا کریں سات روز متواتر کریں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے مجھے قسم ہے اس

---

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) سردار اور مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر اسے سب قسم کی تکالیف اور بیماریوں۔ دردوں میں تم پر اللہ کی عزت وعظمت وجلال ونور غلبہ کے ساتھ قسم دیتا ہوں نیز لا الہ الا اللہ ولا حول کے ساتھ رحمت نازل کرے اللہ تعالیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل اور اصحاب پر اور سلام ہوئے اور شفا دے مومنوں کے دلوں کو اور دور کر دے ان کے دلوں کا غصہ اور اتارتے ہیں ہم قرآن شریف سے جو کہ مومنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہی اللہ تعالیٰ مجھے شفا بخشتا ہے کہہ دے یہ قرآن شریف ان لوگوں کے لیے جو اس پر ایمان لائیں سراسر ہدایت اور شفا ہے البتہ تمہارے پاس تمہارے درمیان ہی سے رسول آیا ہے ہے اللہ کے سوا کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ اکیلا ہے کوئی اس کا ساتھی نہیں اس کا سارا ملک ہے اور اس کے لیے سب قسم کی تعریف ہے وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ خود ہمیشہ زندہ رہے گا اس کے لیے موت نہیں اس کے اختیار میں ہے بہتری اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

Marfat.com

ذات پاک کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ جو شخص اس پانی سے ایک گھونٹ بھی پی لے گا۔ تو ہر ایک بیماری اس کے گوشت وپوست اعضاء عروق وغیرہ اجزاء اجسام سے خارج ہو جاوے گی۔ اس کو فصد وغیرہ کی ضرورت نہ ہوگی نہ اسے درد ناف و درد کمر ستائے گا ضیق النفس رہے۔ اندھاپن، گنگاپن۔ وغیرہ امراض خطرناک اس کے پاس نہیں پھڑکیں گی۔ نیز ہر بیماری سے شفایاب ہونے کے لیے عمدہ روغن زیتون کو آگ پر جوش دیں اور ساتھ انیس دفعہ سورہ فاتحہ پڑھ کر سورہ آل عمران میں سے آیت[1] ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا...... لفظ صُدُوْر تک اس کے بعد سورہ فتح کی آخری آیات مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ سے لیکر آخر سورہ تک پڑھیں ان دونوں آیتوں میں کل کے کل حروف معجم آجاتے ہیں پھر اس تیل سے مریض کے بدن پر مالش کریں یا ان آیات کو کسی برتن میں لکھ کر اسے دھو کر اور کچھ زیتون کا تیل ملا کر بار بار پلاویں انشاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔

## ہر بیماری کا علاج دوا سے


یہ نہایت عظیم الشان دوا ہے غلبہ صفرا وسوداء بخار امراض قلب۔ درد شکم، جرب حکہ۔ درد کمر وغیرہ عامہ وخاصہ سب کے واسطے نہایت مفید ہے دوا یہ ہے۔ انجیر زرد عمدہ لے کر پانی ڈال کر پکاویں یہاں تک کہ اس کا قوام غلیظ سیاہ ہو جاوے۔ پھر اشیاء ذیل۔ مویز منقی۔ سرکہ۔ شہد۔ روغن زرد، روغن زیتون۔ بسباس نانخواہ۔ بزرکتان۔ مرغنیس۔ حرمل۔ کلونجی۔ جوزۃ الشرک۔ جوزۃ الطیب۔ اصل السوس۔ زعفران۔ زیرہ سیاہ۔ اندرجو۔ عاقرقرحا۔ زنجبیل قرنفل قرفہ۔ سنبل کوٹنے والی چیزوں کو کوفتہ بیختہ کر کے اشیاء مائعات میں ملاویں اور کسی بوتل میں بھر لیں۔ پھر اس میں سے بقدر چھ ماشہ ہر روز نہار استعمال کیا کریں۔

**فائدہ** اگر مریض کا حال معلوم کرنا ہو کہ اچھا ہوگا یا نہیں۔ یا بیماری طویل ہوگی یا نہیں تو اسماء ذیل کو ایک انڈے پر لکھیں اور رات کے وقت مریض کے سر کے پاس وہ انڈا پوشیدہ رکھ دیں، صبح کے وقت نکال کر دیکھیں اگر سیاہ یا سرخ ہو گیا ہو تو سمجھو کہ مر جائے گا اور اگر رنگ متغیر نہ ہوا ہو تو انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا اسماء یہ ہیں۔

---

[1] پھر اللہ تعالیٰ نے تم پر ایسے سخت غم کے بعد تمہارا غم غلط کرنے کو تھوڑی سی اونگھ اتاری۔

Marfat.com



ایضاً جذام۔برص۔اختلاط عقل۔سودا۔جرب۔درد۔سعال۔درد جگر۔وصلابت طحال وغیرہ امراض باردہ کا علاج بذریعہ سیاہ۔کلونجی اصل السوس۔زیرہ سفید، خشخاش، سمسم۔فلفل زنجبیل۔قرنفل جوزۃ الشرک۔جوزہ الطیب۔حرمل، بزرکتان۔نانخواہ، ہر ایک ایک حصہ زعفران نصف حصہ۔نخود سیاہ۔مویز منقی دو حصہ۔شہد خالص، روغن زرد سہ چند اشیاء کو فتنی کو فتہ بیختہ کرکے شہد روغن میں ملائیں اور روغنی مرتبان میں ڈال کر سات روز بعد بمقدار ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام کھایا کریں۔

## باب ۹۲ طاعون و مغص (پیچش) کے علاج میں

یہ ایک قسم کی وبا ہوتی ہے۔جس سے شکم متورم ہو جاتا ہے جلد باریک ہو جاتی ہے اس میں چمک سی نمودار ہوتی ہے۔سبز رگیں ظاہر ہو جاتی ہیں۔سبب اس کا ناموافق اغذیہ کھانا اور گندے وخراب شہر میں رہنا ہوتا ہے۔**علاج** یہ ہے کہ اونٹ کا دودھ بمعہ اس کے بول کے پینا چاہیئے۔اور باقی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیئے۔**ایضاً** لوہے کو آگ میں سرخ کر کے پانی میں کئی دفعہ بجھا دیں اور کام میں لادیں

**ایضاً** روغن فرفیون ملنا چاہیئے نہایت مفید ہے۔**ایضاً** اسماء ذیل لکھ کر پاس رکھیں۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَشْرَقَ نُوْرُ اللّٰہِ ظَهَرَ کَلَامُ اللّٰہِ نَفَذَ حُکْمُ اللّٰہِ اِسْتَعَنْتُ بِاللّٰہِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَبِلَطِیْفِ صُنْعِ اللّٰہِ وَبِجَمِیْلِ سِتْرِ اللّٰہِ

---

لہ اللہ رحمٰن اور رحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں چمک اٹھا اللہ کا نور ظاہر ہو گیا اللہ کا کلام جاری ہو چکا اللہ کا حکم میں اللہ سے مدد مانگتا ہوں اللہ پر ہی بھروسا کرتا ہوں اور اللہ کی کاریگری کی لطافت اور اللہ کے پردہ کی خوبی کی وجہ سے اللہ ہی کی طرف پناہ لیتا ہوں اور اللہ ہی کو اپنے سب کام سونپتا ہوں جو کچھ اللہ نے چاہا نہیں طاقت عبادت کی مگر اللہ کی مدد سے میں نے اللہ کی چھپی ہوئی مہربانیاں اور اللہ کی کاریگری کی خوبی اور اس کی پردہ پوشی کی بزرگی اور اس کے ذکر

Marfat.com

الَتَجَاتُ عَلَى اللهِ فَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَى اللهِ مَاشَاءَ اللهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ تَحَصَّنْتُ بِخَفِيِّ لُطْفِ اللهِ وَ بِلَطِيْفِ صُنْعِ اللهِ وَبِجَمِيْلِ سِتْرِ اللهِ وَبِعَظِيْمِ ذِكْرِ اللهِ وَبِعِزَّةِ سُلْطَانِ اللهِ وَدَخَلْتُ فِيْ كَنَفِ اللهِ وَاسْتَجَرْتُ بِرَسُوْلِ اللهِ اَللّٰهُمَّ بِسِتْرِكَ الْحَصِيْنِ الَّذِيْ سَتَرْتَ بِهٖ ذَاتَكَ وَلَاعَيْنُ تَرَاكَ وَلَاتَصِلُ اِلَيْكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَااَللهُ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا اَللهُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ اللهُ اَللهُ اَكْبَرُ مِمَّا نَخَافُ وَنَحْذَرُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ وَعَظِيْمِ الْبَلَاءِ فِي الْمَالِ وَالنَّفْسِ وَالْاَهْلِ وَالْاَوْلَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا صَاحِبِ الْحَوْضِ وَالْكَوْثَرِ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ كَمَا شَفَّعْتَ فِيْنَا نَبِيَّكَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَعَمِّرْ مَنَازِلَنَا وَكُنْ فِيْ عِزَّتِنَا وَلَا تُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ **ایضاً جو** شخص طاعون کے دنوں میں ہر روز سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ دو سو اسی دفعہ پڑھے وہ طاعون و وبا سے محفوظ رہے گا۔ اور جو اس کو پانچ دفعہ لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ تمام حوادث و آفات سے محفوظ رہے گا۔ **ایضاً** رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ کسی نے آپ سے بیان

---

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) کی عظمت اور اس کے غلبہ کی عزت کو اپنا قلعہ بنایا ہے اور میں اللہ کی مدد کے تحت میں داخل ہوا ہوں اور میں نے (خدا کی طرف) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے سے پناہ لی ہے اے اللہ میرے عیوب پر پردہ ڈال ایسا مضبوط جس کے ساتھ تو نے اپنی ذات کو پوشیدہ کر رکھا ہے چنانچہ کوئی آنکھ نہ تجھ تک پہنچ سکتی ہے اور نہ تجھے دیکھ سکتی ہے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے اے اللہ اے اللہ اللہ سب سے بڑا ہے اللہ عالیشان ہے جن چیزوں سے ہم ڈرتے اور خوف کرتے ہیں اللہ سب ذیشان سے بڑھ کر ہے اللہ بہت بڑا ہے اللہ کی جتنی ثنا و صفت ہم بیان کر سکتے ہیں اس سے بھی بڑا ہے۔ اللہ کل کائنات سے بڑا ہے اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں نیزے اور طاعون سے اور سخت مصیبت سے جو کہ مال یا نفس یا اہل و اولاد میں واقع ہو اے اللہ رحمت بھیج ہمارے سردار محمد پر اور ان کی آل اور اصحاب پر نیز سلام بھیج صاحب حوض کوثر پر اے اللہ جس طرح تو نے ہمارے حق اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت قبول کر رکھی ہے ہمیں ڈھیل دے اور ہمارے گھروں کو آباد رکھ اور ہماری عزت بڑھا اور گناہوں کی وجہ سے ہلاک نہ کرنا اپنی رحمت کی وجہ سے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے (حواشی صفحہ ہذا) مہربان رب کی طرف سے ان کو سلام کہا جائے گا۔

Marfat.com

کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں وبا عظیم صادر ہوئی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی کیفیت دریافت کی۔ اس شخص نے کہا کہ پہلے ہی روز قوم کا چھٹا حصہ فوت ہو گیا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سجدہ کیا اور کہا الٰہی و سیدی و مولائی کیا یہ واقعہ میری امت میں بھی ہو گا۔ پس جبریل امین نازل ہوئے اور کہا یارسول اللہ اللہ تعالیٰ آپ کو سلام دیتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ اپنی امت کو یہ دعا سکھا دیں اس دعا کو گائے یا بیل وغیرہ حلال جانور پر ایک دفعہ پڑھیں اور اس کے بعد سات دفعہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کریں اور اس جانور کو ذبح کر کے لوگوں میں تقسیم کریں جو کوئی ایک لقمہ بھی اس سے کھائے گا وہ وبا و طاعون سے محفوظ و مامون رہے گا وہ دعا مبارک یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ یَا مُؤْمِنُ یَا مُهَیْمِنُ یَا قَرِیْبُ خَلِّصْنَا مِنَ الْوَبَآءِ وَالطَّاعُوْنِ یَا اَللّٰهُ الْاَمَانُ یَا اَللّٰهُ الْاَمَانُ یَا اَللّٰهُ الْاَمَانُ یَا ذَا النِّعْمَةِ السَّابِقَةِ یَا ذَا الْكَرَامَةِ الظَّاهِرَةِ یَا ذَا الْحُجَّةِ الْبَالِغَةِ خَلِّصْنَا مِنَ الْوَبَآءِ وَالطَّاعُوْنِ یَا اَللّٰهُ الْاَمَانُ یَا اَللّٰهُ الْاَمَانُ یَا اَللّٰهُ الْاَمَانُ یَا قَآئِمُ لَا یَزُوْلُ یَا عَالِمُ لَا یَنْسٰی یَا بَاقِیُ لَا یَفْنٰی خَلِّصْنَا مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَآءِ یَا اَللّٰهُ الْاَمَانُ یَا اَللّٰهُ الْاَمَانُ یَا اَللّٰهُ الْاَمَانُ یَا حَیُّ لَا یَمُوْتُ یَا صَمَدُ لَا یَطْعَمُ یَا غَنِیُّ لَا یَفْتَقِرُ خَلِّصْنَا مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَاءِ

---

لے اے اللہ میں تیرے ناموں کی برکت سے سوال کرتا ہوں مومن (امن دینے والا) مہیمن (نگہبان) اے قریب ہم کو وبا اور طاعون سے نجات دے اے اللہ امن دے اے اللہ محفوظ رکھ اے اللہ شر سے بچا اے قدیمی انعام کرنے والے اے ظاہر احسان کرنے والے اور پوری دلیل والے ہمیں وبا و طاعون سے محفوظ رکھ یا اللہ ہمیں امن میں رکھ یا اللہ ہمیں امن میں رکھ یا اللہ ہمیں امن میں رکھ اے ہمیشہ قائم رہنے والے اے کبھی نہ بھولنے والے عالم اے نہ فنا ہونیوالے باقی ہمیں طاعون اور وبا سے محفوظ رکھنا اے اللہ امن میں رکھنا یہ کلمہ تین بار اے وہ زندہ جس کیلئے کبھی بھی موت نہیں اے وہ بے نیاز جو کھانے کا محتاج نہیں اے وہ غنی جو کبھی اور کسی کا محتاج نہیں ہمیں طاعون اور وبا سے بچائے رکھنا اے اللہ بچائے رکھنا تین بار کہو اے سب سے بڑھ کر رحم والے اے سب سے بڑھ کر قدیم اور سب سے بڑھ کر عظمت والے اور سب سے بڑھ کر احسان کرنے والے ہمیں طاعون اور وبا سے امن میں رکھنا اے اللہ امان دینا تین بار کہے اے وہ رب جو بڑی سلطنت والا ہے اور جو اپنے ملک میں

Marfat.com

يَا اللّٰهُ الْاَمَانُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ يَا اللّٰهُ يَا رَحِيْمُ يَا قَدِيْمُ مِنْ كُلِّ قَدِيْمٍ يَا عَظِيْمُ يَا كَرِيْمُ مِنْ
كُلِّ كَرِيْمٍ خَلِّصْنَا مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَآءِ يَا اللّٰهُ الْاَمَانُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ يَا مَنْ هُوَ فِيْ سُلْطَانِهٖ
عَظِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ مُلْكِهٖ قَدِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ عِلْمِهٖ مُحِيْطٌ يَا مَنْ هُوَ عِزُّهٗ لَطِيْفٌ يَا مَنْ هُوَ
لُطْفُهٗ شَرِيْفٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ مُلْكِهٖ غَنِيٌّ خَلِّصْنَا مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَاءِ يَا اللّٰهُ الْاَمَانُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ
يَا مَنْ اِلَيْهِ يَهْرُبُ الْعَاصُوْنَ يَا مَنْ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ يَا مَنْ اِلَيْهِ يَرْغَبُ الرَّاغِبُوْنَ يَا
مَنْ اِلَيْهِ يَلْتَجِي الْمُلْتَجِئُوْنَ يَا مَنْ اِلَيْهِ يَفْزَعُ الْمُذْنِبُوْنَ خَلِّصْنَا مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَآءِ يَا اللّٰهُ
الْاَمَانُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِبَقَآئِكَ يَا عَالِمُ يَا قَائِمُ يَا غَفُوْرُ يَا بَدِيْعُ الْبَقَاءِ يَا وَاسِعُ
اللُّطْفِ يَا حَافِظُ يَا حَفِيْظُ يَا مُغِيْثُ يَا صَمَدُ يَا خَالِقُ يَا نُوْرُ قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرُ كُلِّ نُوْرٍ يَا اَللّٰهُ
خَلِّصْنَا مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَآءِ يَا اللّٰهُ الْاَمَانُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ يَا مَنْ هُوَ فِيْ قَوْلِهٖ فَصْلٌ يَا مَنْ
هُوَ فِيْ مُلْكِهٖ قَدِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ حِلْمِهٖ لَطِيْفٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ عَطَائِهٖ شَرِيْفٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ اَمْرِهٖ
حَكِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ عَذَابِهٖ عَدْلٌ خَلِّصْنَا مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَاءِ يَا اللّٰهُ الْاَمَانُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَالُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى يَا اَوَّلَ الْاَوَّلِيْنَ يَا اٰخِرَ الْاٰخِرِيْنَ يَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِيْنَ خَلِّصْنَا مِنَ الْوَبَاءِ وَالطَّاعُوْنِ يَا اللّٰهُ الْاَمَانُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَسْئَالُكَ اَنْ تُجِيْرَنَا مِنْ
عَذَابِكَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلِاٰبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا وَلِاَوْلَادِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ
وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ نَجِّنَا مِنْ جَمِيْعِ الْكُرُبَاتِ وَاعْصِمْنَا مِنْ
جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ وَخَلِّصْنَا مِنَ الْبَلِيَّاتِ وَادْفَعْ عَنَّا الْوَبَآءَ وَالطَّاعُوْنَ نَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ
وَهُجُوْمِ الْوَبَاءِ وَمِنْ مَوْتِ الْفُجَاءَةِ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ دَرْكِ الشَّقَآءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَنَعُوْذُ بِكَ
مِنْ جَمِيْعِ قَضَايَاكَ وَبَلَايَاكَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا دَحِيْلُ يَا بَرْجِيْلُ يَا تَمْشِيْشًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) بے پرواہ ہے ہمیں طاعون وو باء سے بچائے رکھنا اے اللہ پناہ میں رکھنا تین بار کہنا چاہیے
اے وہ ذات پاک جس کی طرف گنہگار دوڑتے ہیں اور جس پر متوکل بھروسا رکھتے ہیں۔ جس کی طرف رغبت کرنے والے
رغبت کرتے ہیں اے وہ ذات جس کی طرف حاجتمند التجا کرتے ہیں جس کی طرف گناہگار گھبرا کر متوجہ ہوتے ہیں ہمیں
طاعون اور وبا سے مامون رکھ تین بار کہو اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے بقا کی وجہ سے اے

Marfat.com

# باب ۹۳ زحیر (مروڑ) کے علاج میں

زحیر کے یہ معنی ہیں کہ انسان ہر ساعت قضا حاجت کے واسطے جاتا ہے اور فضلہ نکالنے کے لیے بڑا زور لگاتا ہے۔ لیکن بہت تھوڑا خارج ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات گوشت کے ٹکڑوں کی طرح چھوٹے چھوٹے ٹکڑے خارج ہوتے ہیں۔ سبب اس کا طبیعت کی سردی و خشکی ہوتی ہے۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) عالم اے قدیم اے بخشنے والے اے بقا کے خالق اے فراخ مہربانی والے اے حافظ اے رکھوالے اے فریاد سننے والے اے بے نیاز اے خالق اے نور ہر قسم کے نور سے پہلے اے (سراپا) کل کا کل نور اے اللہ ہم کو طاعون اور وبا سے بالکل بچائے رکھنا اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں تین بار کہے اے وہ ذات جس کا قول فیصلہ شدہ ہے اے وہ جو اپنے ملک میں قدیم اپنے حکم کی وجہ سے مہربان اپنی بخشش میں بزرگ اپنے کاموں میں حکمت والا اپنے عذاب میں عدل والا ہے ہم کو طاعون اور وبا سے بالکل محفوظ رکھنا اے اللہ ہر قسم کے شر سے امن میں رکھنا چاہیے تین بار کہنا چاہیے اے اللہ میں تجھ سے تیرے اچھے ناموں کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے سب سے اول سب سے آخر سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے ہمیں طاعون و وبا سے ہر طرح سے مامون رکھنا یا اللہ الامان یا اللہ الامان یا اللہ الامان اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو ہمیں اپنے عذاب سے اپنی پناہ میں رکھے اور ہم کو اور ہمارے بڑوں اور ماؤں اور اولاد و قبیلہ اور کل مسلمان مردوں اور عورتوں اور ایمان دار مردوں اور عورتوں خواہ زندہ ہوں یا مردہ کو بخش دے اور ہم کو ہر قسم کی تکالیف سے نجات دے اور سب طرح کی آفتوں سے محفوظ رکھ اور کل مصیبتوں سے رہائی دلا اور ہم سے وبا اور تکلیف اور بیماریوں اور دردوں کو دور کر اپنی رحمت سے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے اے اللہ میں تجھ سے کل فتنوں اور طاعون سے پناہ چاہتا ہوں۔ نیز ہر قسم کے غم اور مصائب کے اکٹھا آنے اور دفعتاً مرنے سے پناہ چاہتا ہوں اور بدبختی پانے اور تیرے فیصلہ سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں اور تجھ سے پناہ چاہتا ہوں۔ تیرے کل فیصلوں اور مصیبتوں سے اے زندہ اور قائم رکھنے والے تیری رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور رحمت بھیج ہمارے سردار محمدؐ اور ان کی آل اور اصحاب پر اور سلام

Marfat.com

علاج یہ ہے کہ گندم کا دلیہ دودھ اور گھی شامل کرکے گرما گرم کھا کر کپڑے لپیٹ لیں تاکہ پیٹ نرم ہوجاوے اور پسینہ آجاوے۔ اس علاج کو صبح و شام کام میں لاویں **ایضاً** جوار کی روٹی گائے کے تازہ دودھ سے کھانا زحیر کو فائدہ پہنچاتا ہے۔

## درد شکم کا علاج

سورۂ الم نشرح ایک پیالہ میں لکھیں اور اس میں زیرہ سفید و زیرہ سیاہ۔ بسباس۔ کلونجی تھوڑا تھوڑا لے کر پیالہ میں پانی ڈال کر اور ادویہ شامل کرکے پی جاویں انشاء اللہ آرام ہوجائے گا **ایضاً** نقش ذیل زمین پر لکھیں اور سوئے کا کنارہ اس کے ہر حرف پر رکھیں اور عزیمت ذیل ہر حرف پر سات دفعہ پوشیدہ پڑھتے جائیں اور مریض اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھے جس حرف پر درد موقوف ہوجاوے عزیمت کا پڑھنا بند کردے۔ نقش یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| د | ط | ب |
| ج | ه | ز |
| ح | ا | و |

عزیمت یہ ہے[1] لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ۔ الخ سورۂ حشر تک **ایضاً** حرمل باریک پیس کر روغن زیتون ملا کر آگ پر گرم کرکے بمقدار ایک تولہ ہر روز کھاویں تین روز تک ایسا ہی کریں **ایضاً** زیر دان۔ حنظل کرنب کا پانی۔ گدھے کی لید کا پانی۔ چوہے کی مینگنیں۔ شہد۔ نمک۔ سب کو ملا کر فتیلہ بناویں اور دھونی لیں اس سے شکم و کمر کا مواد پیچھے آئے گا اور آرام ہوجائے گا۔ **ایضاً** سفرجل ربی کو شہد میں پکا کر معجون بنائیں پھر اس میں اشیاء ذیل۔ انار کا موتہ۔ فلفل۔ قرفہ۔ مصطگی۔ صمغ عربی لوبان، ہر ایک مساوی لے کر شامل کریں۔ اور صبح و شام بقدر دو تولہ استعمال کریں۔ **ایضاً** زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ زعتر۔ حب الرشاد۔ کلونجی۔ ہر ایک مساوی۔ شکر سفید سب ادویہ سے سہ چند سفوف بنا کر کام میں لاویں۔ **ایضاً** ستر دفعہ مریض قل ہو اللہ احد پڑھ کر دم کریں۔ **ایضاً** معجون ذیل پیٹ کے تمام امراض کے واسطے نہایت مفید ہے رطوبات فاسدہ کو قطع کرتی ہے۔ اعماق عروق میں گھس جاتی ہے اور سدہ کو کھول دیتی ہے۔ اس کے استعمال سے جسم میں کوئی بیماری نہیں رہتی دوا یہ ہے۔ صبر

---

[1] اگر ہم اس قرآن کو پہاڑ پر اتارتے تو وہ بھی اللہ کے ڈر سے خوف کھا کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتا۔

Marfat.com

سقوطری۔ حب الرشاد۔ کلونجی۔ کالا دانہ فلفل زنجبیل۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہر ایک مساوی سب کو باریک کوفتہ بیختہ کرکے شہد خالص میں معجون بنالیں اور ہر روز نہار کے وقت بمقدار ایک تولہ استعمال کیا کریں۔

## باب ۹۴ اسہال کے روکنے کے بیان میں

اس کا سبب کلی معدہ کی حرارت ہوتی ہے۔ اگر رطوبت بھی ساتھ شامل ہو تو براز کا رنگ سفید ہوگا۔ علاج میدہ کا حریرہ کھانا چاہیے ایک نسخہ میں لکھا ہے کہ جوار کی روٹی سرکہ یا لسی ترش میں ملیدہ کرکے تین روز تک استعمال کرنے سے اسہال رک جاتے ہیں۔ اگر خون سے اسہال جاری ہوں تو گندم کی خمیری روٹی یا جوار کی خمیری روٹی کو ترش دودھ میں میدہ کرکے آگ پر چڑھادیں اور ہلاتے جائیں جب گرم ہو جاوے تو اس کو گرما گرم کھائیں نہایت مفید ہے ایضاً مازو کو خوب باریک کرکے دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے ایضاً پوست انار دو درم۔ پھٹکڑی سفید ایک قیراط سفوف بنا کر استعمال کرنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے ایضاً سفید کتے کا پاخانہ بقدر چار رتی پانی کے ساتھ کام میں لانے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔

## باب ۹۵ نفخ بطن (پیٹ کا پھولنا) کے علاج میں

یہ ایک سخت مرض ہے اس میں خواہ انسان کچھ کھاوے یا نہ۔ پیٹ پھول جاتا ہے اس کا علاج یہ ہے کہ عرق دردار عرق بطم۔ مائیں خورد۔ عرق صفصاف (بیخ کاسنی) سب کو یکسر پکائیں اور اس کا پانی استعمال کریں تین دن تک یہی علاج کرتے رہیں۔ ایضاً عرق ریاحین کو خوب جوش دیں اور جوش کی حالت میں روغن زرد ملادیں پھر اتار کر سرد کریں اور نوش کریں۔

## باب ۹۶ نفخ بطن کے علاج میں

اصول لیباس کو خوب باریک کرکے شہد خالص میں ملائیں اور نہار کے وقت کام میں

Marfat.com

لائیں اگر شہد نہ مل سکے تو صرف دوائی کو ہی جوش دے کر اس کا پانی نوش کریں۔ ایضاً پوست انار بقدر دو درم آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب ایک تہائی پانی جل جاوے تو باقی کو صاف کر کے کسی سٹھاس سے میٹھا کر کے کام میں لاویں تین دن یا پانچ دن یا سات دن تک ایسا ہی کرتے رہیں ایضاً گوشت کے شوربہ میں الائچی ڈال کر استعمال کرنے سے بھی یہی فائدہ ہوتا ہے۔

## باب ۹۷ اسہال خون کے علاج میں

معجون سرول کا استعمال رکھیں صفتہ حب السرول - بادیان - دونوں کو باریک کر کے معجون بنا دیں اور صبح و شام بمقدار ایک تولہ کام میں لادیں ایضاً دم الاخوین دو درہم مرغ کی ہڈی دو درہم مرغ کی ہڈی کو جلا کر اس میں دم الاخوین ملا کر سفوف بنا لیں اور اس میں سے بقدر ایک ماشہ نہار استعمال کریں نہایت مفید و مجرب ہے۔ ایام علاج میں گوشت و چربی سے پرہیز کریں اور صرف گندم کی روٹی اور پانی پہ اکتفا کریں - امید کہ تین دن میں آرام ہو جاوے گا۔

ایضاً روغن زیتون صاف و عمدہ ہر روز بقدر ایک اوقیہ استعمال کریں اور بیس تیس روز تک استعمال کرتے رہیں نہایت مفید و مجرب ہے۔

## باب ۹۸ معدہ و شکم کے درد کے علاج میں

زیرہ سیاہ بریاں - تخم کرفس ہر ایک ایک درہم سفوف بنا کر (پانی سے استعمال کریں) اس درد کا علاج جو ناف سے نیچے ہوا کرتی ہے یہ مرض سخت ہوتی ہے ابوالطیب کہتا ہے کہ اس مرض کا علاج یہ ہے کہ زرنیخ (ہڑتال) عاقرقرحا - بادیان سب کو باریک پیس کر شہد خالص میں معجون بنائیں اور نہار بقدر چار رتی استعمال کریں - تین دن تک کھاتے رہیں۔

## باب ۹۹ غثیان و قے کے علاج میں

یہ عزیمت لکھ کر مریض کے پیٹ پر باندھ دیں۔ فخ ۳ فا نعتشف ۳ عجل

Marfat.com

اُخْرُجِیْ اَیَّتُہَا الْقَرِیْنَةُ الْمَطْعُوْنَةُ مِنْ کَذَا وَکَذَا بِحَقِّ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ السَّلٰمِ الْمُؤْمِنِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ - ایضاً بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ - اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ اَسْاَلُ اللّٰھُمَّ بِحَقِّ مَلٰٓئِکَتِکَ الصُّفُوْفِ وَالْحَشْرِ یَوْمَ الْوُقُوْفِ اِرْحَمْ عَبْدَکَ مِنَ الْقَیِّ عَلٰی نَعْمِ الْکُفُوْفِ اِنَّکَ رَبٌّ مَّعْرُوْفٌ وَسِرِّیْ اِلَیْکَ مَکْشُوْفٌ عَافِ فُلَانَ ابْنَ فُلَانَةَ لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ -

# باب ۱۱۰ معدہ کے اضطراب کے علاج میں

کمیز کے پتے کوٹ کر پانی میں جوش دے کر وہ پانی پی جاویں - اس سے نفع ہو کر آرام ہو جاوے گا - ایضاً بیل کا پتہ پیاز کے پانی میں ملا کر پینے سے بھی یہی فائدہ ہوتا ہے -

# باب ۱۱۱ وجع الفواد (کوڑے) کے علاج میں

اس میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی اس کے دل کو دبا رہا ہے - **علاج** شکر تری تھوڑا سا قرنفل ملا کر بکری کے دودھ کے ساتھ صبح و شام استعمال کریں - نہایت مفید و مجرب ہے **ایضاً** حرمل تھوڑی سی لے کر باریک کریں روغن زیتون کے ساتھ استعمال میں لاویں -

## نفث الدم (خون تھوکنا) کا علاج

بکری کا سینگ جلا کر شہد خالص میں ملائیں اور تھوڑا سا اس میں سے نہار استعمال کریں -

---

۱؎ نکل اے باغیہ نیزہ زدہ شدہ اس شخص سے بادشاہ پاک ذات سلامتی و امن دینے والے غالب حکمت والے کے حق کے ساتھ ۲؎ یہ کہ مجھ پر سرکشی نہ کرو اور اسلام لا کر میرے پاس حاضر ہو جاؤ اے اللہ میں تجھ سے صف باندھنے والے فرشتوں حساب کے لیے کھڑے ہونے والے ان کے حق سے تو اس بندہ کو کتے سے رحم کر اور اچھی طرح سے روک کر تو اب معلوم ہے کہ میرا بھید تجھ پر ظاہر ہے فلاں بن فلاں کو عافیت دے ہر چیز کے لیے قرار گاہ ہے عنقریب تم جان لو گے -

Marfat.com

**امراض قلب** میں کرنب کو پکا کر سرمہ کے ساتھ ملا کر کام میں لانا بہت مفید ہے فائدہ حسن طبیب قریش کا قاعدہ تھا کہ جب کسی انسان کو کوڑی کا درد ہوتا تو وہ کلونجی کو شہد خالص میں ملا کر مریض کو تین دن تک کھلاتا جس سے اس کو آرام ہو جاتا۔ ایضاً کلونجی حرمل باریک کوٹ کر شہد خالص میں ملا کر ہر روز تھوڑا تھوڑا استعمال کرنا بھی فائدہ دیتا ہے۔

## باب ۱۰۲ درد جگر کے علاج میں

اسی کے ضمن میں۔ خفقان قلب۔ ذات الجنب۔ زردی رنگ۔ سلسل بول۔ تقطیر البول، وجع المفاصل بھی شامل ہے علاج بسباس ایک رطل۔ کلونجی چار اوقیہ۔ حب الرشاد دو اوقیہ ترنجبین دو اوقیہ۔ زیرہ چھ اوقیہ۔ آرد حلبہ ایک رطل۔ آرد اکلیل ایک رطل کشنیز ایک رطل سب کو کوفتہ بیختہ کر کے دو حصے کریں۔ ایک حصہ کو تیز سرکہ میں گوندھیں اور دوسرے کو شہد میں سرکے والے حصہ میں سے کچھ کھالیں۔ اس کے بعد شہد والے حصے میں سے۔ نہایت مفید و مجرب ہے ایضاً عاقر قرحا باریک پیس کر خالص ملا کر استعمال کرنے سے درد جگر کو آرام ہوتا ہے ایضاً عزیمت ذیل لکھ کر مریض کو پلائیں اور نیز اس کی چار پائی پر لٹکا دیویں عزیمت یہ ہے اَللّٰہُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلٰی اٰخِرِ تَرْتَفِعُ اِرْتَفِعْ اَیُّهَا الْوَجَعُ وَالرِّیْحُ مِنْ جَوْفِ کَذَا وَکَذَا بِالَّذِیْ دَفَعَ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ وَبِالَّذِیْ دَفَعَ اِدْرِیْسَ مَکَانًا عَلِیًّا بِاَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ..... ایضاً بیڑے کا جگر لے کر اس میں نمک ملا دیں پھر خشک کر کے باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا دیں اور ہر روز تھوڑا سا نہار استعمال کریں ایضاً اونٹ کا بول پینا جگر کے تمام امراض کو مفید ہے۔ ایضاً بجو کی زبان لے کر اس کو نمک لگا دیں اور خشک کر کے باریک کر کے سفوف بنا دیں اور اس میں سے تھوڑا...

---

[1] اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ آخر تک۔ دور ہو جا اے درد اور ہوا فلاں شخص کے پیٹ سے اس ذات پاک کی قسم دیتا ہوں جس نے آسمان کو ایسے طور پر اٹھایا ہے کہ زمین پر نہیں گر سکتا مگر اس کے حکم سے اور جس نے ادریس علیہ السلام کو بلند مقام پر اٹھایا ہزار ہزار لاحول کی برکت سے

Marfat.com

سے گرم پانی کے ساتھ استعمال میں لاویں۔ ایضاً بیج کاسنی۔ لبباس کے پانی میں جوش دے کر صاف کر کے روغن بادام ملا کر پینا بھی فائدہ کرتا ہے۔ ایضاً عاقر قرحا۔ ضرورا ایک درخت کا نام ہے اسکے پانی میں جوش دے کر استعمال کرنے سے بھی یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔

## باب ۱۰۳ گردہ کے علاج

قثاء الحمار (یعنی گھگڑویل) بقدر برداشت طبع کوٹ کر پانی ملا کر استعمال کریں ایضاً گھگرویل۔ تخم خیارین۔ تخم کدو۔ تخم خربوزہ۔ تخم زہ تیزک۔ تخم چرونجی۔ سعد کوفی۔ ملٹھی۔ زیرہ سفید سب کو کوفتہ بیختہ کر کے روغن زیتون میں ملا کر بقدر برداشت طبع استعمال کریں۔ ایضاً۔ کلونجی حرمل۔ سداب۔ سب کو کوفتہ بیختہ کر کے شہد میں ملائیں اور استعمال میں لائیں۔

## باب ۱۰۴ طحال کے علاج میں


اس کا سبب یہ ہوتا ہے کہ طحال میں استرخاء آجاتا ہے۔ اس کی علامت یہ ہوتی ہے کہ تلی بڑھ جاتی ہے۔ اور پیاس لگتی ہے۔ اور باوجود زیادہ کھانے کے مریض دبلا ہوتا جاتا ہے علاج ہے کہ جھاؤ کی شاخیں پانی میں پکائیں اور بقدر ضرورت پانی لے کر تیز سرکہ ملا کر استعمال کرتے رہیں امید ہے کہ سات دن میں آرام ہو جائے گا۔۔ یہ بڑا مفید صحیح اور مجرب ہے۔ ایضاً کلونجی ایک تولہ تیز سرکہ میں پکائیں اور رات کے وقت رکھ چھوڑیں اور صبح کے وقت پی جائیں سات دن استعمال کریں ایضاً تخم ترب۔ زنجبیل۔ بسفیرہ۔ مجیٹھ۔ سب کو تیز سرکہ میں پیسکر موضع طحال پر ضماد کریں۔ ایضاً یہ نسخہ صحیح اور مجرب ہے اور جو شک کرے محروم ہے۔ عروق صفصاف۔ عروق الحمیضہ دونوں کو لے کر اور تھوڑا سا نمک ملا کر ایک نئی ہانڈی میں ڈال کر اتنا جوش دیں کہ پانی سرخ ہو جائے پھر وہ پانی تین دن تک نہار استعمال کرتے رہیں۔ انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔ ایضاً تخم ارنڈ۔ آرد جو۔ دونوں کو تیز سرکہ میں پیسکر تھوڑا سا گرم کر کے موضع طحال پر ضماد کریں۔ ایضاً بیخ کبر کو سرکہ میں پکا کر ہر روز صبح کے وقت استعمال کرنا بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔ ایضاً بیخ کرفس کو پانی میں گھوٹ کر پینے سے بھی یہی فائدہ

Marfat.com

پہنچتا ہے۔ ایضاً مجیٹھ دو درہم کو پانی میں پیس کر شہد ملا کر استعمال کرنے سے بھی یہی فائدہ پہنچتا ہے۔ ایضاً موضع طحال پر روغن گل سے کئی مدت تک مالش کرنے رشائی کو نرم کر دیتا ہے اس کے بعد ایک جلاب کرنے سے بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ ایضاً قثاء الحمار کو تیز سرکہ میں پکا کر تھوڑا سا استعمال کرنا تلی کو زائل کرتا ہے۔ ایضاً تخم کرب۔ سرکہ کی سکنجبین میں پیس کر استعمال کرنے سے تلی کم ہو جاتی ہے ایضاً تخم ارنڈ۔ بیخ حمیصنہ دونوں کو سرکہ میں پیس کر طحال پر ضماد کریں بہت مفید ہے۔

## باب ۱۰۵ طحال کا علاج کتاب سے

اگر تو اس کو آزمانا چاہے تو پہلے اسماء ذیل کو کسی کاغذ پر لکھ کر بکری کی تلی پر لٹکا دیں اور اس کو سات دن کے بعد ذبح کریں تو اس میں طحال نہ ہو گی۔ اسی طرح انسان کی طحال پر ان اسماء کو لکھنا چاہیئے۔ اسماء یہ ہیں۔ حاب حفا حفا حر، دبوحرع هد حماع دیردیج حامیا وطائرا دوع ع محاحا دسلوھم یعلبکطاع لحدبی اَجِیْبُوْیَاخُذَامُ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ بِرَفْعِ الطِّحَالِ عن هٰذا الْاٰدَمِیِّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَحْرُفِ ...... بوارحی نے کہا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک کاغذ پر دس دفعہ صرف (ع) نیز پانچ دفعہ ف اور یہ آیت[1] وَ یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ لفظ نَسْفًا تک لکھ کر طحال والا شخص پاس رکھے تو اس مرض سے نجات پاوے گا ایضاً شنبہ اور سہ شنبہ کے دن ان اسماء کو لکھ کر سات روز تک طحال پر لٹکانے سے مرض جاتا رہے گا اسماء یہ ہیں۔



دس دفعہ لفظ (رع) اور آٹھ دفعہ لفظ (حا) ایضاً ان اسما کو لکھ کر باندھنے سے بھی فائدہ ہو گا۔ سبب ساب سبساب بھمطان نقوش نقاش متکسکس متکسلسان[2] اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خَامِدُوْنَ اَخْمِدْ اَيُّهَا الطِّحَالُ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ ...

---

[1] ترجمہ تجھ سے پہاڑوں کی بابت سوال کرتے ہیں تو کہہ دے کہ ان کو میرا رب اچھی طرح اڑا دے گا

Marfat.com

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ نیز اسّی دفعہ حرف ع لکھ کر تیز سرکہ سے مٹا کر ہر روز پئیں تین روز میں آرام ہو جاوے گا نیز نقش ذیل قلعی کی انگشتری میں جڑوا کر سات روز بائیں طرف اور سات روز دائیں طرف لٹکانے سے طحال ضائع ہو جاتی ہے۔ مصنف کہتا ہے کہ یہ صحیح و مجرب ہے نقش یہ ہے۔

| |
|---|
| داحاحع امالدما اماد |
| ای ورمرواحوںھ |
| ماہ لع نکوع |

# باب ۱۰۶ وجع القلب وخفقان یعنی درد دل اور اس کے تڑپنے کے علاج میں

عرق گاؤزبان ایک رطل شہد خالص نصف رطل دونوں کو ملا کر پکاویں جب خوب پک جاوے تو اس میں سے بقدر ضرورت استعمال کریں کم از کم تین دن تک استعمال کرتے رہنا چاہیے **ایضاً** معجون رصاص جس کی ترکیب حسب ذیل ہے۔ استعمال کریں امراض دل کے واسطے نہایت مفید ہے۔ مصطکی ۴ اوقیہ یا اونس کشتہ قلعی ۴ اوقیہ شکر تری ایک رطل یا پونڈ شہد خالص ایک رطل مصطکی اور کشتہ کو شہد اور مصری میں ملا کر معجون بنائیں اور صبح شام تھوڑا تھوڑا استعمال کریں۔ یہ معجون ایسے شخص کو بھی جس کا دل گرمی کے مارے بھٹی کی طرح جوش مار رہا ہو فائدہ دیتی ہے۔ اور نہایت صحیح اور مجرب ہے۔

**ایضاً** اس درد دل کے لیے جو سردی سے ہو مفید ہے۔ فلفل زیرہ سیاہ دونوں کو کوفتہ

---

سلہ ترجمہ نہیں وہ مگر ایک ہی چیخ بس دفعتہ وہ بیہوش بیہوش ہو جائیں گے گم ہو جا اسے تلی کی بیماری ان اسموں کی برکت سے پس قریب ہے کہ کفایت کرے گا اللہ تعالیٰ تم کو ان کے شر سے اور وہ سب سے بڑھ کر سننے والا اور جاننے والا ہے۔

Marfat.com

بیختہ کر کے شہد خالص میں ملائیں اور ہر روز تھوڑا سا کھائیں۔

## خفقان قلب کا علاج

اگر خفقان سے انسان کی یہ حالت ہو کر جو کھائے نکل جائے اور بعض وقت یہ حالت ہو کہ کھانے سے سیر نہ ہو اور پینے سے سیر نہ ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ تخم پیاز کو کرفس کے پانی اور تیز سرکہ میں ملا کر پکا دیں۔ اور ہر روز صبح کے وقت استعمال کریں۔ **ایضاً** گائے کے دودھ کو پھاڑ کر اس کو آگ پر جوش دیں پھر اتار کر ٹھنڈا کریں پھر اس میں شجرہ مریم ملا دیں پھر اس کا استعمال کریں **ایضاً** حرمل ایک حصہ کلونجی ایک حصہ دونوں کو باریک پیس کر کھانڈ میں ملا کر استعمال کریں۔ **ایضاً** حرمل ایک درم پانی میں گھوٹ کر سات دن تک صبح وشام استعمال کریں۔

**ایضاً** دنبہ کا دل پکا کر کھانا خفقان قلب اور دل کے رنج وغم کو دور کرتا ہے۔

## باب ۱۰۷ دل کا علاج کتابت اور عزیمت کے ساتھ

تولہ جبرائیل الحق

میکائیل — عزرائیل

| | | |
|---|---|---|
| د | ط | ب |
| ج | ه | ز |
| ح | ا | و |

۱۲۱۱ [illegible]

تعویذ ذیل چینی کے چوڑے برتن میں لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں اور نیز اس شخص کے گرد یہ الفاظ بھی لکھیں اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَشْفِیْنِ تک اور وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ لفظ قَادِرٌ تک

زقیشی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ جو شخص روزہ رکھ کر نئے چینی کے پیالہ میں بیس دفعہ حا حطی (رح) اور پانچ دفعہ ہا۔ ہوزھ لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر پیئے اللہ تعالیٰ اس کو ہر مرض سے خصوصاً خفقان قلب سے محفوظ رکھتا ہے۔ **ایضاً** عزیمت ذیل کسی چینی کے برتن میں لکھیں اور پانی سے دھو کر شہد ملا کر پیئیں۔ تو خفقان قلب کو فائدہ ہوتا ہے۔ **عزیمت یہ ہے** [1]

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ـــــ

## باب ۱۰۸ وجع المعدہ کے علاج میں

یاد رہے کہ معدہ بدن کا حوض ہے اگر اس حوض سے رطوبات صالح بدن میں پہنچیں گی

---

[1] اگر ہم اس قرآن کو پہاڑ پر اتارتے تو اسے بھی تو اللہ کے خوف سے ڈرنے اور پھٹنے والا دیکھتا۔

Marfat.com

تو بدن تندرست و صحیح رہے گا ورنہ نادرست و بیمار رہے گا۔ معدہ کا بیمار ہونا تمام امراض کا باعث ہوتا ہے۔ اور بیماری معدہ کے یہ معنی ہوتے ہیں کہ اخلاط اربعہ میں سے کوئی خلط فاسد معدہ کے اجزاء میں محتقن ہو جاوے اس کی بیماریاں چار قسم کی ہوتی ہیں (۱) شہوت کلبیہ اس کے معنی یہ ہیں کہ انسان خواہ کتنا ہی کھا جاوے مگر اس کی طبیعت سیر نہیں ہوتی اور ہضم معتدل سے پہلے ہی ہضم ہو جاتی ہے۔ ایسا شخص بغیر طعام کے کچھ دیر تک بھی صبر نہیں کر سکتا۔ اس کا سبب خلط صفراوی کی کثرت ہوتی ہے جو معدہ میں بند ہو جاتی ہے علاج یہ ہے کہ عرق شکر تری ڈال کر پیا جاوے اور قے کیجاوے اور گندم کی روٹی جلاب (عرق گلاب میں شکر ملا کر) کے ساتھ کھایا کریں جو چیز سرد و تر ہو بطور غذا استعمال کریں۔ (۲) شہوۃ کاذبہ ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ انسان کے اعضاء غذا کی طرف بدرجہ کمال مشتاق ہوتے ہیں۔ مگر جب کھانا لایا جاوے تو طبیعت نفرت کرتی ہے اور ایک دو لقمہ کھا کر چھوڑ دیتی ہے۔ اس کا سبب خلط دموی کی کثرت ہے جو معدہ میں بند ہو جاتی ہے۔ علاج یہ ہے کہ سرکہ و گرم پانی ملا کر قے کی جاوے پھر انار کا پانی دانوں اور گودے سمیت کوٹ کر نکالا جاوے اور استعمال کیا جاوے اور سالن و شوربہ میں انار دانہ و سرکہ شامل کیا جاوے (۳) غثیان ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ انسان کو بالکل طعام کی خواہش نہیں ہوتی اور جی متلاتا رہتا ہے۔ اگر کھانا کھائے تو فوراً قے کر دیتا ہے اس کا سبب خلط بلغمی زائد کا معدہ میں بند ہو جانا ہوتا ہے۔ علاج یہ ہے کہ پہلے سرکہ اور شہد سے قے کریں پھر ترش انار کھایا کریں اور اس سفوف کا استعمال رکھیں۔ مصطگی۔ فلفل۔ قرنفل، زنجبیل زیرہ سیاہ پوست سماق ہر ایک مساوی لے کر کوفتہ بیختہ کر کے سفوف بنائیں۔ قبل و بعد از طعام استعمال کیا کریں اور گندم کی روٹی چوزہ مرغ کے شوربے کے ساتھ کھایا کریں (۴) شبع کاذب اس کے یہ معنی ہیں کہ انسان طعام کی خواہش کرتا ہے۔ لیکن جب طعام لایا جاتا ہے اور ایک دو لقمے کھا لیتا ہے تو ایسا معلوم کرتا ہے کہ پیٹ بھر گیا اس کا سبب یہ ہے کہ خلط سوداوی فاسد معدہ میں جمع ہو جاتی ہے۔ علاج یہ ہے کہ پہلے نمک۔ سرکہ شہد میں پانی ملا کر قے کریں پھر شراب عسلی استعمال کریں جس کی ترکیب یہ ہے۔ شہد خالص ایک رطل، مصطگی ایک درہم۔ فلفل ایک درہم۔ زنجبیل ایک درہم سب کو پیس کر شہد میں ملا کر محفوظ رکھیں اور حاجت

Marfat.com

کے وقت استعمال کریں اور گندم کی روٹی چوزہ مرغ کے شوربے اور گوشت بطور غذا استعمال کریں ایضاً سبز نعناع کو باریک کوٹ کر گندم کے آٹے میں ملا کر روٹی بناویں اور معدہ پہ باندھیں اور نیز استعمال بھی کریں ایضاً زیرہ سیاہ بریان۔ تخم کرفس ہر ایک مساوی کوفتہ بیختہ کرکے بقدر ایک درہم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ ایضاً سفوف ذیل بلغم کو قطع کرتی ہے۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ رطوبات فاسدہ کو قطع کرتی ہے۔ جمی ہوئی ریح کو خارج کرتی ہے منہ کی خوشبو بڑھاتی ہے آواز کو صاف کرتی ہے قوت باہ و حافظہ کو زیادہ کرتی ہے۔ نسیان کو دفع کرتی ہے۔ سفوف یہ ہے فلفل۔ زنجبیل ہر ایک مساوی کوفتہ بیختہ کرکے دو چند کھانڈ شامل کرکے سفوف تیار کریں اور بقدر ایک تولہ نہار استعمال کریں۔ ایضاً شربت انار معدہ کو قوت دیتا ہے اور درد سر کو دور کرتا ہے اور امراض صفراویہ کو دفع کرتا ہے اور ہضم کرتا ہے اور رنگ سرخ کرتا ہے۔

## فواق یعنی ہچکی کا علاج

قے کرنا اس کا اعلیٰ علاج ہے۔ سانس بند کر لینا چاہیے یا سداب کا پانی نکال کر اس میں شہد خالص ملا کر استعمال کریں۔

## باب ۱۰۹ جونک کے حلق میں چلے جانیکے علاج میں

پیاز کے پانی میں کلونجی جوش دے کر غرغرہ کریں۔ اور اس میں سے تھوڑا سا پانی ناک میں ٹپکائیں جونک نکل آئے گی۔ ایضاً ریحان رنیاز بو۔ تلسی کے پتوں کو جوش دے کر اس کے پانی سے غرغرہ کرنا بھی فائدہ دیتا ہے۔ ایضاً کوئی ٹیڑھا آلہ حلق میں ڈال کر اس سے جونک پکڑ کر نکالیں ایضاً فلفل باریک پیس کر بذریعہ کسی نلکی کے ناک یا حلق میں پھونک دیں۔ ایضاً کلمات ذیل لکھ کر باندھنے سے جونک نکل جاوے گی۔ انشاء اللہ اَللّٰھُمَّ

یَا خَالِقَ الْخَلْقِ وَیَا مَنْ کَلَّمَ مُوْسٰی بِالْحَقِّ وَجَعَلَ عِیْسٰی رُوْحَہٗ بِالْحَقِّ وَخَلَقَ اٰدَمَ بِالْحَقِّ اَخْرِجِ الْعَلَقَۃَ مِنَ الْحَلْقِ وَنَاطَقَ الْحَجَرَ بِالْحَقِّ اَخْرِجْ بِالَّذِیْ اَخْرَجَ مِنْہَا مَاءَھَا وَمَرْعٰھَا کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَھَا لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِیَّۃً اَوْضُحٰھَا جِبْرَائِیْلُ

Marfat.com

عَلیٰ رَأسِھَا مِیکَائِیْلُ عَلیٰ وَسْطِھَا وَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلیٰ ذَنَبِھَا اِنْقَشَعَتْ تَسْعَشَعَتْ اِنْقَشَعَتْ عَزَمْتُ عَلَیْکَ اَیَّتُھَا الْعَلَقَۃُ بِسُوْرَۃِ الْاِخْلَاصِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ق ل ہ و ا ل ل ہ ا ح د ا ل ل ہ ا ل ص م د ل م ی ل د و ل م ی و ل د و ل م ی ک ن ل ہ ل ستف و ا ح د۔

## باب۱۱ دیدان اپیٹ کے کیڑے مثل کدو دانہ، چنونہ، ہلھپ کے علاج میں

بعض کیڑے بڑے ہوتے ہیں جن کو عربی میں حیات اور پنجابی میں ہلھپ کہتے ہیں یہ بڑے ضرر رساں وخطرناک ہوتے ہیں اور بعض چھوٹے ہوتے ہیں مثلاً کدو دانہ وچنونہ یہ بہ نسبت بڑوں کے کم ضرر رساں ہوتے ہیں۔ اشیاء خام جو معدہ میں کامل طور پر منہضم نہ ہوں ان کا سبب ہوا کرتی ہیں۔ **علاج** صبر سقوطری پانچ درہم۔ حب الرشاد پانچ درہم۔ دونوں کو باریک پیس کر شہد خالص میں ملاویں اور نہار استعمال کریں۔ اس سے کیڑے مردہ ہوکر خارج ہو جاویں گے **ایضاً** نارنگی زرد کا خشک چھلکا باریک پیس کر دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے دیدان خارج ہو جاتے ہیں۔ **ایضاً** تقوم کی دس نزیان شہد خالص میں ملا کر کھانے سے بھی یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے **ایضاً** درمنہ ترکی تین درہم۔ حب قرطم پانچ درم دونوں کو کوٹ کر ترش دودھ کے ساتھ پھانکنے سے بھی یہی مطلب حاصل ہوتا ہے **ایضاً** زیرہ سیاہ۔ پودینہ کوہی دونوں مساوی

---

لہ اے اللہ کل مخلوق کے پیدا کرنے والے اور وہ ذات جس کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام نے یقیناً کلام کیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سچے طور پر اپنا روح بنایا اور سچائی کے ساتھ آدم علیہ السلام کو پیدا کیا نکال لے جونک کو حلق سے۔ اسے سچائی کے ساتھ اس نے پتھر کو بلا دیا نکال دے راس جونک کو اس ذات کی مدد سے جس نے زمین سے اس کا پانی اور چارا نکالا گو یا کہ جس دن اس کو دیکھیں گے وقت خفتن بلکہ دوپہر تک بھی نہ ٹھہر سکیں گے جبریل اس کے سر پر ہے میکائیل اس کے درمیان اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے آخری حصہ پر خشک ہو گئی اور پراگندہ وبوسیدہ ہو گئی اے جونک میں تجھ پر تعویذ کرتا ہوں سورہ اخلاص کے ساتھ۔

Marfat.com

کوفتہ بختہ کر کے نہار استعمال کریں ایضاً موئے اونٹ کا گوشت لے کر رکھ دیں یہاں تک کہ بدبودار ہو جائے پھر اس کو روزہ رکھ کر بعد میں استعمال کریں نہایت مفید ہے۔ ایضاً زیرہ سیاہ کو سرکہ میں پیس کر پیٹ کے اوپر طلا کرنے سے پیٹ کی کدو دانے مر جاتے ہیں۔

## باب ۱۱ استسقا کے علاج میں

اس کی حقیقت یہ ہے کہ تمام بدن سوج جاتا ہے۔ اور پیٹ پھول جاتا ہے۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔ اول لحمی۔ اس کی علامت یہ ہے کہ اگر ورم میں انگلی کھبوئی جاوے ورم کی جگہ دب جاتی ہے اور تھوڑی دیر کے بعد اٹھتی ہے۔ اس کا علاج بہ نسبت باقی اقسام کے آسان ہے قسم دوم طبلی، اس کی علامت یہ ہے کہ اگر مریض کے پیٹ پر ہاتھ ماریں تو طبل کی سی آواز سنائی دے۔ یہ پہلی قسم سے خطرناک ہے۔ تیسری قسم زقی ہے۔ اس کی علامت یہ ہے کہ ورم بڑا ہوتا ہے اور پیٹ مشک کی طرح پھولا ہوا ہوتا ہے۔ چمڑا باریک ہو جاتا ہے اور سبز رگیں بدن پر نمودار ہوتی ہیں۔ اور مریض جب حرکت کرتا ہے یا کروٹ لیتا ہے تو اس کا پیٹ اس برتن کی طرح جس میں دودھ پڑا ہوا چھلکتا ہے یہ قسم سب سے ردی ہے ان سب کا سبب یہ ہوتا ہے کہ خلط بلغمی خلط دموی کی طرف مستحیل ہو جاتی ہے علاج مشترک کشنیز کو سرکہ میں بھگو کر استعمال کیا کریں تین دن تک یہ دوا کریں اور غذا گندم کی روٹی چوزہ مرغ کے شوربہ کے ساتھ کھائیں۔ اس کے بعد مسہل بلغم لیں پھر اس دوائی کو اسی طریقہ سے شروع کریں اور صبح کے وقت شہد خالص بھی استعمال کیا کریں۔

**علاج استسقا زقی** چونکہ اس قسم میں جلد اور گوشت کے درمیان زرد پانی جمع ہو جاتا ہے اس لیے اس کا علاج اس پانی کا نکالنا ہے۔ اس کے بعد کباب چینی اور کشنیز کو سرکہ میں جوش دے کر پیتے رہیں اور پانی سے پرہیز رکھیں اور اس کی جگہ عرق استعمال کریں۔

**استسقا لحمی کا علاج** اس قسم میں پہلے تنقیہ عام کر کے اس کے بعد معجون فلاسفہ یا معجون تریاق کا استعمال کریں اور نفخ کی جگہ پر صبر کو سرکہ

Marfat.com

میں پیس کر طلا کریں اور ہر ساعت تج کا پانی پیتے رہیں۔

**استسقاء طبلی کا علاج** نطرون کا عصارہ بقدر دو رتی عرقیات میں ملا کر استعمال کریں اور نیز قثاء الحمار پانی میں پکا کر ہر روز استعمال کریں پہلے روز ایک گھونٹ دوسرے روز دو تیسرے روز تین اس سے آگے نہ بڑھیں۔

## باب ۱۲ سعال یعنی کھانسی کے علاج میں

بلغمی کھانسی کی علامت یہ ہے کہ کھانسی کے وقت بلغم نکلتی ہے اس کا سبب یہ ہے کہ خلط بلغمی سینہ پھیپھڑہ میں بند ہوتی ہے **علاج** شہد خالص ایک رطل کندر ایک درہم مصطکی ایک درہم ہر دو اشیاء کو شہد خالص میں ڈال کر آگ پر چڑھا دیں۔ یہاں تک کہ مصطکی و کندر پگھل جاوے پھر نیچے اتار لیں اور اس میں کلونجی۔ پیپلی۔ زنجبیل۔ فلفل۔ ہر ایک ایک درم سب کو نیم بیختہ کر کے اس میں ملاویں اور بقدر دو درہم استعمال کریں اور چاول جس میں سیاہ مرچ ڈال کر پکائے گئے ہوں بطور غذا کھاویں خشک کھانسی جس کے ساتھ بلغم خارج نہیں ہوتی اس کا سبب سوداوی ہوتی ہے۔ اور سینہ اور پھیپھڑہ میں بند ہو جاتی ہے **علاج** تیتھے لے کر چار پانچ دفعہ جوش دیں۔ اور ہر دفعہ کا پانی گرا کر تازہ پانی ڈالتے جائیں پھر خوب باریک پیس کر اس کے ہم وزن گندم کا آٹا ملا دیں اور گائے کے دودھ میں حریرہ بنا کر شکر تری کے ساتھ استعمال کریں۔ صبح و شام دن میں دو دفعہ یہ نسخہ پئیں **ایضاً** کندر۔ مصطکی ہر ایک ایک درم سب کو کوٹ کر روغن زیتون تین اوقیہ میں ملا کر آگ پر چڑھاویں جب چیزیں روغن میں پگھل جاویں تو نیچے اتار لیں اور اس میں سے بقدر ایک درہم سوتے وقت استعمال کریں۔ ایسا ہی مرمکی کوٹ کر اس میں کھانڈ ملا کر سفوف بنائیں اور اس میں سے بقدر چار رتی غلبہ سرفہ کے وقت استعمال کریں فی الفور فائدہ ہوتا ہے اگر ایک دن میں فائدہ نہ ہو تو دو تین روز تک استعمال کرتے رہیں گندم کا آٹا اور تیتھے کا آٹا دونوں کی روٹی بنا کر شہد کے ساتھ کھایا کریں۔

Marfat.com

## گرم کھانسی کا علاج

اس میں ماء الشعیر (جو کا پانی) روغن بادام ملا کر پینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ ایسا ہی مغز کدو مصری کے ساتھ ملا کر استعمال کرنا گرم کھانسی کو مفید ہے بکری کا دودھ اس قسم کی کھانسی میں فی الفور فائدہ دیتا ہے گوند کتیرا ماء الشعیر میں ملا کر مصری ڈال کر استعمال کرنا بھی مفید ہے۔ تخم خشخاش پانی میں پکا کر مصری سے میٹھا کر کے پینا بھی بڑا فائدہ دیتا ہے۔ آرد باقلا کو روغن بادام میں ملا کر حبوب بنا دیں اور چوستے رہیں اس سے بھی گرم کھانسی کو کمال فائدہ دیتا ہے۔

## پرانی سرد کھانسی کا علاج

جالینوس اور سولہ دیگر حکیموں کا خیال ہے کہ میعہ (سلارس) کو عرق گلاب میں ملا کر پینا سرد کھانسی کو بڑا فائدہ پہنچتا ہے۔ شہد خالص پینا بھی فائدہ مند ہے۔ کھجور کا کھانا بھی سرد کھانسی کو رفع کرتا ہے۔ تھوم بھی پرانی کھانسی میں مفید ہوتا ہے۔ مرکی بقدر دانہ باقلا منہ میں رکھنا بھی پرانی کھانسی کا دشمن ہے۔ گاجر پاک صاف کر کے بریاں کر کے کھانا بھی مفید ہے۔ **لعوق قطران** بھی سعال مزمن کو رفع و درفع کرتا ہے۔ خشک کھانسی میں گندم کے نشاستہ کی روٹی مغز بادام ملا کر پکا کر کھانا مفید ہے۔ ایسا ہی اس کھانسی میں ماء الشعیر میں صمغ عربی ملا کر مصری سے میٹھا کر کے پینا فائدہ مند ہے۔ ایسا ہی موٹی مرغی کا شوربہ بھی اس کھانسی کو دفع کرتا ہے۔ گنجد سفید میں کھانڈ ملا کر کھانا بھی اس قسم کی کھانسی میں مفید ہے۔

## اس کھانسی کا علاج جس میں خون کی آمیزش بھی ہو

اس کا سبب دل کی حرارت اور پھیپھڑہ کا درد ہوتا ہے۔

**علاج** کشنیز کو ایک رات و دن سرکہ میں بھگو دیں۔ پھر مصری ملا کر کام میں لا دیں۔ ایضاً شہد و روغن زرد میں کند ملا کر آگ پر پگھلا دیں پھر سرد کر کے اس میں سے تھوڑا تھوڑا استعمال کریں **ایضاً** مازو باریک کیا ہوا۔ پھٹکڑی بریاں۔ مرغی کی ہڈی کا آٹا سب کو ملا کر ہر روز صبح کے وقت پانی کے ساتھ بقدر ۴ رتی پھانک لیا کریں **ایضاً** تھوم کو عرق گلاب میں پکا کر استعمال کرنا بھی یہی کام دیتا ہے۔

Marfat.com

# باب ۱۱۳ فصد و حجامت کے بیان میں

یاد رہے کہ خون کا نکالنا خوب نہیں کیوں کہ اس سے قوت جسمانی جو روح کے ثبات کا ذریعہ ہے کم ہو جاتی ہے۔ جو حکما نہایت ضرورت کے وقت فصد لیتے ہیں وہ رگ اکحل، (ہفت اندام) کا فصد لیتے ہیں جب کہ بدن میں خون کی طغیانی دیکھتے ہیں اور پھر بھی تھوڑا سا خون نکالتے ہیں اس کے علاوہ دیگر رگوں کا فصد بھی جو خاص بیماریوں کے واسطے مخصوص ہیں لیتے ہیں باوجود اس بات کے فصد میں بھی خطرہ ہوتا ہے۔ ہاں حجامت (پچھنے یا سینگی لگوانا) بہ نسبت فصد کے بہتر ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تین چیزوں میں شفا ہے۔ شہد میں۔ حجامت میں۔ داغ لگانے میں۔ حجامت بھی بلا ضرورت نہیں کرنی چاہیئے اور بے ضرورت حجامت و تمام مسہلات کا ترک کرنا انسان کی سلامتی کی بہترین تدبیر ہے اگر ضرورت پڑے مثلاً آنکھوں کی سرخی اور رمد عظیم کے لیے سر کے نقرہ (گڑھا) کی حجامت کریں۔ یعنی سینگی لگوائیں اور بلادہ حواس و ثقل رأس و کثرت نوم کے لیے کندھوں پر پچھنے لگاویں دل پر پچھنے لگانا دل کی کدورات و رطوبات فاسدہ کو صاف کرتا ہے ہر دوران و ہر دو ساق پر پچھنے لگانا بدن میں پھوڑے پھنسی نکلنے کو روکتا ہے اور امراض دمویہ و سوداویہ کو دفع کرتا ہے۔ اور حجامت کے وقت سورہ فاتحہ و آیۃ الکرسی پڑھنی چاہیئے تاکہ اس علت سے جلد شفا ہو جاوے حجامت کے بعد سرد پانی سے غسل کریں اور پچھنیوں کے ڈنکوں پر مرتک (مردا سنگ) کو فتہ بیختہ کر کے چھڑکنا چاہیئے کہ اس سے درد کو تسکین ہوتی ہے۔ اور پچھنیوں کا باقی خون خشک ہو جاتا ہے۔ اور کھانا کچھ دیر ٹھہر کر کھانا چاہیئے نمکین چیزوں و ترشیات سے پرہیز کرنا چاہیئے حجامت ایام البیض یعنی تیرھویں تاریخ چاند سے لے کر پندرہ تاریخ تک کرنی چاہیئے اور فصد صرف موسم ربیع میں کرنا چاہیئے کیوں کہ اس موسم میں خون جوش مارتا ہے۔ اطبا حجامت کو فصد کے قائم مقام سمجھتے ہیں پس رگ اخدع کی حجامت چہرہ، کان، آنکھ کے واسطے مفید ہے اور کندھے

Marfat.com

کی حجامت عورتوں کے رحم کے واسطے مفید ہے۔ اس کے قریب ایک رگ ہے جس کو نیرب کہتے ہیں اگر وہ کٹ جاوے تو خون نہ تھمنے کے سبب انسان مر جاتا ہے۔ نقرہ کی حجامت سر کے فصد کے قائم مقام ہے۔ کان کے نیچے کی حجامت دانت لثہ کے واسطے مفید ہے۔ کندھوں کے درمیان کی حجامت، ہاتھوں، بازوؤں، سینہ کے امراض کے واسطے فائدہ مند ہے۔ مقعد کی حجامت۔ معدہ۔ سرین۔ ورک۔ پاؤں کی امراض کے واسطے مفید ہے چاروں انگلیوں کی حجامت خارش۔ دل۔ ورنج بواسیر کے واسطے مفید ہے جو شخص پچھنے لگادے اسے لازم ہے کہ سرمہ اصفہانی کا استعمال کرے اور اس روز کتاب کا مطالعہ نہ کرے اور نہ دوسرے دن کیوں کہ یہ آنکھوں کے واسطے مضر ہے۔ جالینوس کہتا ہے کہ ایام ربیع میں فصد لینا افضل ہے جب کہ خون جوش میں آیا ہوا ہو۔ پس دائیں ہاتھ کی اکحل کا فصد سودا اور دبیق کو مفید ہے اور دائیں ہاتھ کی رگ باسلیق کا فصد سینہ کے درد کو دور کرتا ہے۔ بائیں ہاتھ کی فصد طحال ورمد و وجع الورک کے لیے مفید ہے۔ داہنی خنصر و بنصر کی رگ اسلیم کا فصد ضیق النفس کے واسطے مفید ہے۔ اور بائیں ہاتھ کی خنصر و بنصر کی رگ اسلیم کا فصد طحال کو فائدہ دیتا ہے۔ زبان کا فصد ثقل لسان کو فائدہ کرتا ہے۔ نابالغ کا فصد نہیں کرنا چاہیئے کہ اس سے دماغ میں فتور ہو جاتا ہے۔ اور ہمیشہ روزہ رکھنے والے اور مریض الحصاۃ اور حاملہ عورت کا فصد نہ لینا چاہیے البتہ حاملہ عورت بوقت اشد ضرورت ماہ چہارم و پنجم و ششم میں فصد کھلوا سکتی ہے۔ فصد کے بعد سرمہ اصفہانی کا استعمال کرنا چاہیئے اور فصد میں تین دن پہلے اور تین دن پیچھے جماع نہ کرنا چاہیئے اور عمدہ گندم کی روٹی تیز سرکہ کے ساتھ یا شہد کے ساتھ استعمال کرنی چاہیئے اور بکری کے گوشت۔ مسور۔ دودھ ترش۔ انڈوں۔ لسی سے پرہیز کریں اور جو شخص اسی سال کی عمر کا ہو یا مرد کثیر الجماع ہو یا عورت کثیر الجماع کو فصد نہیں کھلوانا چاہیئے۔

## باب ۱۱۴ رنج و غم کے علاج میں

زیرہ سیاہ۔ مہندی۔ تخم ریحان۔ سب کو مساوی لے کر پیاز کے پانی میں گوندھ کر ٹکیہ

Marfat.com

بنائیں اور سات دن ہر روز صبح کے وقت ایک ٹکیہ استعمال کریں۔ ایضاً تخم ریحان، مغز کرکم، عصفر، کسنبہ، زیرہ، کلونجی، مہندی، زنجبیل، نعناع۔ سب کو باریک کوفتہ بیختہ کر کے شہد و سرکہ میں گوندھ لیں اور تھوڑا تھوڑا کام میں لاویں۔

## باب ۱۱۵ حمیات (بخاروں) کے علاج میں

یاد رہے کہ حمیات کے بہت سے اقسام ہیں مگر ہم ان میں سے انکا ذکر کرتے ہیں جو کثیر الخطرہ ہیں یہ باعتبار اخلاط اربعہ چار قسم ہیں۔ **اوّل** حمے الغب یعنی جو ایک دن رہے اور ایک دن اتر جاوے اس کا سبب خلط صفراوی ہوتا ہے۔ **علاج** عرق لیموں میں کھانڈ یا مصری ملا کر تین روز تک پئیں اور غذا گندم کی روٹی اور چوزہ کا شوربہ ہونا چاہیے اگر تین دن تک آرام ہو جاوے تو فبہا ورنہ مسہل صفرا دینا چاہیے اس کے بعد پھر دوا سابق استعمال کریں۔ **دوسرا** وہ بخار جو ہر روز آوے۔ اس کا سبب خلط دموی کی کثرت ہوتی ہے **علاج** یہ ہے کہ ہر روز سرکہ کا استعمال کریں تین روز تک ایسا ہی کریں اگر فائدہ نہ ہو تو پچھنے لگواوے انشاء اللہ اچھا ہو جاوے گا۔ **تیسری** قسم حمے مطبقہ ہے اس میں ظاہر بدن قلیل الحرارت معلوم ہوتا ہے۔ اور اندر سخت حرارت محسوس ہوتی ہے یہ حالت سات دن تک رہتی ہے۔ اس کے بعد تمام بدن ظاہر و باطن آگ کی طرح بھڑک اٹھتا ہے جس سے دماغ میں بھی سخت حرارت سرایت کر جاتی ہے اور عقل میں فتور آجاتا ہے اور سرسام و ہذیان کلام تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ پھر سخت پسینہ آتا ہے۔ جس کا انجام یا سلامتی ہوتی ہے یا موت اور سب بخاروں سے خطرناک ہوتا ہے۔ **علاج** ابتدا میں ہر روز سرکہ و شہد سے قے کرنی چاہیے اور جوار کے شوربہ کے ساتھ کھایا کریں۔ قسم **چوتھی** حمے ربع ہے۔ جو دو روز اترا رہتا ہے اور ایک روز آجاتا ہے۔ اور تھوڑی حرارت سے شروع ہوتا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ حرارت بڑھتی جاتی ہے اور بدن میں سوئے کی چوب کی طرح چوب پڑتی ہے۔ پھر پسینہ آتا ہے۔ یہ بخار اگرچہ جلدی پیچھا نہیں چھوڑتا مگر باقی بخاروں سے کم خطرناک ہے اس کا سبب خلط سوداوی کی زیادتی ہوتی ہے۔

Marfat.com

علاج یہ ہے کہ روغن زرد تازہ اور شہد خالص میں دودھ ملا کر استعمال کریں جب بخار شروع ہو تو گرم پانی پئیں اور بخار کی حالت میں بار بار گرم پانی پئیں کہ اس تدبیر سے بخار جلدی منقطع ہو جاتا ہے۔ حمی نافض (لرزہ کا بخار) کا علاج اس حالت میں انسان کے دل میں سخت سردی عارض ہوتی ہے جس سے اس کا سارا بدن کانپتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر اس پر بہت موٹے کپڑے ڈالے جائیں اور کئی آدمی اس کے اوپر لیٹ جائیں تو سب اس کی سردی سے ہلتے ہیں اس کے بعد حرارت کا درجہ شروع ہوتا ہے۔ پھر پسینہ آنا شروع ہوتا ہے۔ پھر تسکین ہو جاتی ہے۔ اور یہ ہر روز آتا ہے اس کا سبب خلط دموی اور خلط بلغمی کا معتاد سے زیادہ ہونا ہے۔ علاج ہر روز شہد و سرکے سے قے کرائیں پھر قے کے بعد شراب عسلی جس کی ترکیب باب (۱۰۷) میں آچکی ہے۔ استعمال کریں غذاء پاکیزہ گندم کی روٹی و دنبہ کا شوربہ ہونا چاہیئے۔ کہ نہایت مفید و مجرب ہے ایضاً آیت ذیل کو کسی برتن میں لکھیں اور سرد پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور اس کی پشت و چہرہ پر چھینٹے ماریں یہ آیت ہے اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰى اِلٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى الَّذِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ۔

## باب ۱۱۶ طوارق حمیات (بخاروں) کے حملے کے علاج میں

اگر بخار صبح کے وقت حملہ کرے تو یہ نار یہ ہے اس کے موکل کو بلانا چاہیئے اس کے بلانے کا طریقہ یہ ہے کہ اسماء ذیل پڑھ کر دم کریں میامنہ۔ کنانتہ۔ برغانتہ۔ ممیلکہ۔ تسکفنہ۔ فوکانہ، قدیر۔ اگر طلوع آفتاب کے وقت حملہ کرے تو یہ شمسیہ ہے۔ اس کے فرشتے کو بلا دیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ اسماء ذیل پڑھ کر دم کریں وحیل وحبیل ودفہاھل وعزائیل وحرفییل دتابیل طحایل مفھایل۔ وکمکایل وردقیابیل اللہ کبیر المتعال۔ اگر چاشت کے وقت حملہ کرے تو ترابیہ ہے تو یعقوب ترابی کو بلانا چاہیئے۔ یعنی اسماء ذیل کو پڑھ کر دم کریں، تبلطیخ وجوھر کشف ترھرشاھیل نیقوفرق البھیب جبار جیاد اگر زوال کے وقت حملہ کرتے تو وہ مائیہ ہے اس کے فرشتے اسحاق کو بلانا چاہیے اسماء ذیل پڑھنے چاہییں بطمشا مش مشنیرا ید مشہ لھوتی حجح ھکل مکوکتہ باطش طوطش۔

Marfat.com

اگر ظہر کے وقت حملہ کرے تو وہ غمامیہ ہے۔ پس میموم غمام کو بلانا چاہیئے اور یہ بڑا فرشتہ ہے اس کے بلانے کے واسطے یہ الفاظ پڑھیں بشسٹط۔ مرسٹرہ جھشجبش ھو بالبش لیبطیم سکینہ اِنَّ اللہ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی۔ یعنی تحقیق اللہ تعالیٰ دانے اور گٹھلی کو پھاڑتا ہے۔ اگر عصر کے وقت حملہ کرے تو اسماء ذیل لکھ کر لٹکانے چاہیئے۔ ا قسمتُ عَلَیْکُمْ اَیَّتُھَا الْاَرْوَاحُ وَالْاَرْیَاحُ بِاَسْمَاءِ اللہِ وَاَطْرُدُکُمْ بِنُوْرِ وَجْہِ اللہِ وَاَزْجُرُکُمْ بِقُدْرَۃِ اللہِ وَبِمَا جَرٰی بِہِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللہِ اِلٰی خَیْرِ خَلْقِ اللہِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاعْتَزِلُوْا وَاحْذَرُوْا عِقَابَ اللہِ الَّذِیْ لَہٗ اِسْمٌ لَا یَنْسٰی وَنُوْرٌ لَا یُطْفٰی وَعَرْشٌ لَا یَزُوْلُ وَکُرْسِیٌّ لَا یَتَحَرَّکُ فَاِنِّیْ اَطْرُدُکُمْ وَاَزْجُرُکُمْ عَنْ حَامِلِ کِتَابِیْ ھٰذَا وَکُلِّ مَنْ عَلَّقَ عَلَیْہِ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءَ بِکِتَابِ اللہِ الْمَکْنُوْنِ الَّذِیْ لَا یَمَسُّہٗ اِلَّا الْمُطَھَّرُوْنَ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَکِیْمٍ حَمِیْدٍ اَنْزَلَہٗ بِعِلْمِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ یَشْھَدُوْنَ وَکَفٰی بِاللہِ شَھِیْدًا لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ یَا مَعْشَرَ الْاَرْوَاحِ وَالْاَرْیَاحِ وَاَطْرُدُکُمْ بِاَسْمَاءِ اللہِ مَنْ ذَلَّتْ رِقَابُ الْجَبَابِرَۃِ لِجَبْرُوْتِیَّۃٖ وَتَدَکْدَکَتِ الْجِبَالُ مِنْ بَھَآءِ نُوْرِہٖ وَسَاخَتِ الْاَرْضُ زَجْرًا مِّنْ سَخَطِہٖ وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا بِہٖ تُؤْمِنُوْنَ وَبِاٰیَاتِ اللہِ تَسْتَھْزِءُوْنَ اَمْ حَذَرًا عَذَابِ اللہِ وَسَطْوَتِہٖ مَلٰٓئِکَتِہٖ اَنْتُمْ تُکَذِّبُوْنَ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّہٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّکُمْ تَنْطِقُوْنَ وَتُکْتَبُ اَوْلَا یا سا یصم یا حاجیم جنا کم النحا جیم خاخیم رحیم واجیم لوخیا حبم لیا ھیم بلیا ھم شوخیا لیم اکا زم مکارم لبیا ھج محططامم شوحیام اسیارم ملنسکرلما بوداخیم نجیاشم نجایم اشوط مشارا بشھانم سباط ملسیا طھو یا طاثا مرب جبریل و میکائیل صحاحا بلحتوا بلاھحا بومالخ اشیا لخ حط حط یخبوط بشریط مشھبا بطاشا طاشا شیش بشرط علنا ثم مسلیا سبم ھواھیم احاریم مکیوش ملکبوش زنغنوش قال اخرج منھا فَاِنَّکَ رَجِیْمٌ اِلَی الصَّاغِرِیْنَ بِالطَّوَاسِیْمِ وَالْحَوَامِیْمِ بِالطُّوْرِ قٓ

كِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ
كَانَ زَهُوْقًا فَانْعَزِلْ اَيُّهَا الْحُمّٰى وَالْمَرَضُ وَالْعَارِضُ بِحَقِّ الَّذِيْ اَظْلَمَ اللَّيْلَ وَاَضَاءَ
النَّهَارَ وَخَلَقَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ بِوَجْهِهٖ لَاُخْرِجَنَّكُمْ وَلَاُحْرِقَنَّكُمْ وَلَازْجُرَنَّكُمْ حَثِيْثًا فَلَيْسَ
لَكُمْ اِلَيْنَا سَبِيْلًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا اَللّٰهُمَّ اشْفِ حَامِلَ كِتَابِيْ هٰذَا وَاحْرُسْهُ مِنْ
جَمِيْعِ الْاَرْيَاحِ وَالْاَرْوَاحِ مِمَّنْ يُّرِيْدُ ضَرَرَهٗ وَاٰمِنْهُ مِمَّا يَخَافُ بِالَّذِيْ تَجَلّٰى لِلْجَبَلِ
الْعَظِيْمِ فَخَرَّ مُوْسٰى الْكَلِيْمُ اِعْتَزِلْ اَيُّهَا الرِّيْحُ الْمُعْتَدِيْ فَلَيْسَ لَكَ مَقِيْلٌ يَا سِيَا سِيْر
مسميا بريا كليا ؤل يارحميايل يا عميايل صوبها لرسوبها من غيرسا س سبهائس
بيا سير سنيرا سهمتسن كليثر معستير برما سير وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ
تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ شاها شهرشاه اَشَاهَتْ وُجُوْهُكُمْ وَا فْتَرَقَ جَمْعُكُمْ بهشوم تيشوم ليشوم مشهشوم
خلخشرم ملحتوم ابدهبوم شيهودم بهوم كلهم ابهوم نوروبه تستظهرون اهبطا اهبط
بِالَّذِيْ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ اِلٰى قَوْلِهٖ تُخْرَجُوْنَ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا
لَا تُرْجَعُوْنَ لفظ الكريم ك يَا مَعْشَرَ الْمُتَعَرِّضِيْنَ لِابْنِ اٰدَمَ مَكْرُكُمْ مُنْقَطِعٌ وَشَرُّكُمْ مُنْدَفِعٌ
بِاَسْمَآءِ اللّٰهِ الْعِظَامِ الَّتِيْ لَا انْفِصَامَ لَهَا ساها ملساها اساسا مباسا جيجيا سيا لوهيا
امهينا اساسير اطاطو اهبطاطل واشبعر كينهواش ارطوش جلجوش جبار اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا
يَاْتِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا مِنْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا وَبِحَقِّ الْكَلِمَاتِ الَّتِيْ تَكَلَّمَ بِهَا الشَّيْخُ الْكَبِيْرُ
صَاحِبُ كُرْسِيِّ الْحَدِيْدِ وَالْبَاْسِ الشَّدِيْدِ عِنْدَ بَابِ الْهَيْكَلِ الْكَبِيْرِ بِبَابِلَ اِلَّا مَا اَجَبْتُمْ وَعُوْنِيْ وَاَطَعْتُمْ
اَمْرِيْ بِحَقِّ النُّوْرِ وَالْاِيْمَانِ وَالتَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِيْمِ وَبِحَقِّ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ
وَبِحَقِّ اللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاءِ
فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ وَبِحَقِّ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَلَا

---

لہ اے ہوا اور دھوئیں میں تم کو اللہ کے ناموں کے ساتھ قسم دیتا ہوں اور اللہ کی وجہ کے نور کے ساتھ ہانکتا ہوں اور اسکی قدرت کے ساتھ جھڑکتا ہوں اور اس چیز کے ساتھ کہ جس پر قلم جاری ہو چکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک تم ہٹ جاؤ اور اس خدا کے غضب سے ڈر جاؤ جس کا نام کبھی نہیں بھولتا اور نور نہیں بجھتا (باقی صفحہ آئندہ)

Marfat.com

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

اگر عصر اور عشاء کے درمیان حملہ کرتا ہے تو یہ صحابیہ ہے پس میمون صحابی کو بلانا چاہیے جس کی ترکیب

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اور عرش نہیں زائل ہوا اور کرسی حرکت نہیں کرتی تحقیق میں تم کو دور کرتا ہوں اپنی اس تحریر کے اٹھانے والے سے اور ہر اس شخص سے جو کہ ان اسماء کو باندھے اللہ کی اس لکھی ہوئی کتاب کی برکت سے جسے پاکوں کے سوا کوئی چھو نہیں سکتا حکیم و حمید رب کی طرف سے اتری ہے۔ اپنے علم کے ساتھ اس نے اسکو اتارا ہے اور فرشتے گواہ ہیں اور اللہ تعالیٰ گواہ کافی ہے اسکو آنکھیں نہیں پا سکتیں اور وہ انکو دیکھتا ہے اور وہ باریک بین خبردار ہے وہ اول آخر ظاہر باطن اور ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔ اے روحوں اور ہواؤں کے گروہ میں تم کو ان ناموں کے ساتھ دفع کرتا ہوں جن کے آگے جاہ و جلال والوں کی گردنیں ذلیل ہو گئیں اور اس کے نور کی وجہ سے پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے اور حرکت میں آ گئی زمین اس کے خوف کی وجہ سے اور جھک گئے چہرے زندہ اور قائم خدا کے آگے تحقیق برباد ہوا جس نے ظلم اٹھایا کیا تم اس کے ساتھ ایمان رکھتے ہو اور کیا تم اللہ کی آیتوں کے ساتھ تمسخر کرتے ہو کیا تم اللہ کے عذاب کی دہشت اور اسکے فرشتوں کی ہیبت کو تھوڑا خیال کرتے ہو پس آسمانوں اور زمینوں کے رب کی قسم ہے کہ یہ سچ ہے جس طرح کہ تم بولتے ہو طور اور کھلے دفتر لکھی ہوئی کتاب کی قسم ہے اور دریائے شور کی اور کہدے سچائی آئی اور جھوٹ دفع ہو گیا کیوں جھوٹ راندی ہوئی چیز ہے۔ پس جا تارہ اے بخار اور مرض و عارضے اس ذات کے حق کی وجہ سے جس نے رات کو اندھیری کیا اور دن کو روشن اور سورج و چاند بنائے اس کی وجہ سے ہیں تم کو ضرور نکال ڈالوں گا اور یقیناً جلا دوں گا اور سچ مچ دفعہ کر دوں گا کھینچ کر پس تم کو ہماری طرف کوئی راستہ نہیں اور صبح و شام خدا کی پاکی بیان کر واے اللہ میری اس تحریر کے اٹھانے والے کو شفا دے اور سب قسم کی بری روحوں اور ہواؤں سے جو کہ اسے تکلیف پہنچانے کا ارادہ رکھتی ہوں نگاہ رکھ اور اس کو کل خوفناک اشیاء سے امن میں رکھ اس ذات کی برکت سے جس نے پہاڑ پر تجلی کی اور موسیٰ کلیم اللہ بیہوش ہو کر گر گیا۔ پس اے زیادتی کرنے والے مواد تو دور ہو جا تیرے لیے ٹھہرنے کی کوئی جگہ نہیں اتر اتر اس ذات کی وجہ سے جو کہ زندہ کو مردے سے پیدا کرتا ہے۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ ہم نے تم کو یونہی پیدا کیا ہے۔ اور تم ہماری طرف کبھی نہیں لوٹو گے۔ اے بنی آدم کے در پے ہونے والے گروہ تمہارا فریب ٹوٹ چکا تمہارا شر دور ہو گیا ان عظیم الشان ناموں کی برکت سے جو ٹوٹ نہیں سکتے تم جہاں کہیں بھی ہو گے خدا تم کو لے آئے گا۔ مشرق و مغرب کے ان کلمات کی برکت سے جن کے ساتھ لوہے کی کرسی والے بزرگ نے کلام کی میری پکار کا جواب دو میرے حکم کی اطاعت کرو۔ نور۔ ایمان۔ توراۃ۔ انجیل۔ زبور۔ قرآن۔ جنت۔ دوزخ کے حق سے اور رات

Marfat.com

یہ ہے کہ اسماء ذیل پڑھ کر دم کرے ببشر بشر تعلوش براریخ دبرانة سُبحان من علی العرش استوٰی ...... یعنی پاک ہے وہ ذات جو عرش پر مستوی ہے اگر عشاء کے وقت حملہ کرے تو جان لو کہ قبروں کے فرشتے سرعل کے گروہ سے ہے اس لیے سرعل کو بلانا چاہیے یعنی اسماء ذیل پڑھنے چاہییں مند ملکۃ کنانہ فرعنہ ید توکیہ کرمیہ کبیر کبیر اور اگر عشاء کے بعد حملہ کرتا ہو تو ملک عشاء کو بلاؤ یعنی اسماء ذیل پڑھ سشر دوسشر شات طریا طیور بلنمس سیہ بطل بادنزوا مفرقدوس اور رات کی چوتھائی حصہ میں حملہ کرے تو یہ یہودیہ ہے فرشتہ غوراو کو اسماء ذیل سے بلانا چاہیئے اهیا شراهیا ادونای اصاوت الشدای احشا قریشا الھیمایا جبار اللہ اَلَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالرَّحْمٰنُ ..... اور اگر تہائی رات میں حملہ کرے تو جان لو ردم سے ہے پس اس کے واسطے اسماء ذیل پڑھیں نیمولوشم حیطوش اسمکیس الطیموس ایرمض ادشنش ھُوھٰذَا اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا۔ اور اگر آدھی رات کو حملہ کرے تو جان لو کہ نصاریٰ میں سے ہے اس کو اسماء ذیل سے دفع کرو۔ اُقْسِمُ عَلَیْکُمْ بِالْاِنْجِیْلِ الَّذِیْ اُنْزِلَ عَلٰی عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ رُوْحُ اللّٰہِ وَکَلِمَتُہٗ یَا مُحَمَّدُ یَا عُمَرُ فَعَصُوْا وَحَتُّوْا امیلما اشجعا اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ اور اگر دو تہائی رات کو حملہ کرے تو جان لو کہ یہ مسلمانوں کا گروہ ہے ان کو ان اسماء سے دفع کرے ۲۵۱ و ۱۵۱ شموہو ۲ حجاد براد حجوش کشوکش فلوش اطردوا الحمی عَجِّلُوْا بِعِزَّۃِ مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اور اگر حملہ کرے اخیر ثلث رات میں تو جان لو کہ وہ ترکیہ ہے اور یہ اس کے نام ہیں نعامرش ۴ نوش ۲ ترتر ۲ مرمر ۲ ملیوش کلیوش لش برنوص حتجیح ۲۔ اِرْفَعْ بِقُدْرَۃِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اور اگر حملہ کرے وقت چڑھنے صبح کے جان لو کہ وہ ویلم ہے اور ان ناموں

---

(باقی حاشیہ) اور اس چیز کے حق سے جس پر اس نے اندھیرا کیا۔ اور چاند سے جب کامل ہو جائے تم طبق بعد طبق سوار ہو گئے اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی کو ساجھی بنائے گا گویا وہ آسمان سے گرا اور پرندے اسے اچک کر لے گئے یا ہوا اسے دور مکان میں اڑا لے گئی اور ذات پاک کی برکت سے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ عرش عظیم کا رب ہے اور نہ طاقت نیکی کی نہ بچاؤ گناہ سے مگر اللہ علی اور عظیم کی برکت سے

Marfat.com

سے دم کرنا چاہیے طوملیغ طلیا نخ ھیما اھیما کحفا کحفا فرعون وھامان و قارون فی النار اھ بحمد اللہ۔

## باب ۱۱۷ حرارت غریبہ کے بجھانے میں جو حالت مرض میں بھڑک اٹھتی ہے

حرارت زائدہ کا علاج۔ تیز سرکہ۔ انگور ترش ۔مہندی ۔ افیون سب کو پانی میں پیس کر گرمی والا اپنے سر سے پاؤں تک طلا کرے۔ اگر کسی کو پسینہ زیادہ آتا ہو اور وہ اسے کم کرنا چاہے تو اسے چاہیے کہ مازو اور سفیدہ کاشغری کو روغن گل میں پیس کر بدن پر طلا کرے اور جس کو پسینہ نہ آتا ہو اور پسینہ زیادہ چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ جند بیدستر کو روغن زیتون میں پیس کر بدن پر طلا کریں خوب پسینہ آوے گا۔

## باب ۱۱۸ عطش مفرط یعنی بیحد پیاس اور معدہ کی سوزش کے بجھانے کے علاج

ماء الشعیر میں شکر تری ملا کر پینا پیاس کو بجھاتا ہے ترش دہی بھی پیاس کو فرد کرتی ہے لعاب اسبغول و عرق گلاب بھی پیاس کو بجھاتا ہے۔ تمر ہندی ۔زرشک شیریں ۔گل بنفشہ صمغ عربی کا خیساندہ بنا کر پینا بھی دافع العطش ہے بھیڑیا کا پتا و کتیرا پیس کر تازہ دودھ میں پکا کر پینا بھی پیاس کو دور کرتا ہے۔ کوے کا پتہ سرکہ میں حل کر کے پینے سے ایک مہینہ بھر پیاس نہیں لگتی۔

## باب ۱۱۹ بھوک و پیاس کے علاج میں


اونٹ کا جگر خشک کیا ہوا و نمک طعام و آرد گندم ہر ایک مساوی شہد میں معجون بنا کر کھانے سے چالیس روز تک بھوک پیاس نہیں لگتی۔ ایضاً آرد گندم میں مساوی نمک طعام ملا کر پکائیں اور اس پر اونٹ کا خشک کیا ہوا جگر ڈال کر سب کو پکا دیں پھر اس کی بقدر اخروٹ گولیاں بنا دیں اور ایک گولی بھوک کے وقت کھاویں کھانے سے بے پرواہ کر دے گی

Marfat.com


اور دل کو طاقت دے گی بیل کی زبان شہد میں ملا کر کھانے سے بھی یہی مطلب نکلتا ہے۔

# باب ۱۲ بخار کا علاج بذریعہ ادعیہ وتعویذات کے

زیتون (دارنڈ) کے تین پتے لے کر پہلے پر لفظ عَصَتْ جَهَنَّمُ دوسرے پر نَخَرَتْ جَهَنَّمُ تیسرے پر عَظَشَتْ جَهَنَّمُ لکھ کر یکے بعد دیگرے دھونی دیں اور یہ کلمات وتعویذات لکھ کر بخار والے کی گردن میں لٹکائے جاویں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اسے واللہ تین دفعہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ اسے واللہ تین دفعہ لَمْ یَلِدْ لَا وَ اللّٰهِ تین دفعہ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ لَا وَ اللّٰهِ۔ اتنا لکھنے کے بعد یہ تین تعویذ بھی نیچے والے لکھیں۔




| | | | |
|---|---|---|---|
| ه | ل | ل | ا |
| ا | ل | ل | ه |
| ل | ه | ا | ل |
| ل | ا | ه | ل |





نیز بخار کے لیے کنیر کے تین پتے لے کر ایک میں جیور دوسرے میں کیور تیسرے میں خیور اور تینوں میں یہ کلمات بھی لکھیں اِذْهَبِ الْحُمّٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ یعنی اے بخار اللہ کے حکم سے چلا جا۔ جب بخار شروع ہونے لگے تو پہلے اور دوسرے سے یکے بعد دیگرے دھونی دیں اور تیسرے کو مریض کی گردن میں لٹکاویں نیز پیاز کی تین طرفوں میں ایک طرف جھنم عجاجہ دوسری طرف جَهَنَّمُ مقباضۃ تیسری طرف جَهَنَّمُ مظلمہ سوداء النارِ لکھ کر آگ میں ڈال دیں نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حسن اور حسین بخار سے بیمار ہو گئے اور مجھے غم پیدا ہوا جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آ کر کہا کہ ایک پیالہ پانی کا بھر کر اس پر سورہ فاتحہ جس میں کہ (ف) کا لفظ نہیں ہے پڑھ کر دم کریں اور اس پانی سے ان کے

---

۱؎ تو کہہ دے کہ اللہ ایک ہے، ہاں قسم اللہ کی اللہ بے نیاز ہے سچ ہے اللہ کی قسم اس نے کسی کو نہیں جنا ہرگز نہیں اللہ کی قسم اور نہ کسی سے جنا گیا مطلق نہیں اللہ کی قسم اور نہ کوئی اس کا شریک ہے بالکل نہیں اللہ کی قسم ۱۲ منہ

Marfat.com

ہاتھ پاؤں سر اور کل گوشت پوست کو کئی بار دھو ڈالیں۔ پس آپ نے ایسا ہی کیا اور شفا ہو گئی
ایک حدیث میں روایت ہے کہ غسل دیتے وقت زبان سے یہ دعا بھی پڑھنی چاہیے اَللّٰھُمَّ اِنَّمَا
فَعَلْتُ ذٰلِكَ تَصْدِيْقًا بِرَسُوْلِكَ وَاِرَادَةَ شِفَائِكَ بِسْمِ اللهِ اِذْهَبِيْ بِاُمِّ[1] نیز تین
ٹکڑوں پر یہ کلمات لکھ کر ہر روز ایک ٹکڑے سے دھونی دیں پہلے پر اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ[2] اَلْاٰنَ
خَفَّفَ اللهُ عَنْكُمْ دوسرے پر فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللهُ عَنْكُمْ تیسرے پر
پر اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللهُ عَنْكُمْ نیز کسی پاک کپڑے پر مذکور ذیل آیات
لکھ کر مرغی کی ہڈی پر لپیٹ کر آگ میں ڈال دیں جب وہ جل جائے تو اس کے جلے ہوئے چھلکے




لیکر ایک پاک کپڑے میں باندھ کر مریض کے ہاتھ پر
باندھ دیں نیز زیتون کے اکیس پتوں پر یہ کلمات
لکھ کر ہر روز سات سات سے دھونی دیں اَشْرَقَتِ
الشَّمْسُ بِنُوْرِ رَبِّ الشَّمْسِ سُبْحَانَ مَنْ اَشْرَقَتْ
بِنُوْرِهِ الشَّمْسُ یعنی چمک گیا سورج اللہ کے نور سے
پاک ہے وہ ذات جس کے نور سے سورج چمک اٹھا نیز بخار اور سب قسم کی تکلیفوں کے لیے مفید ہے
ایک پاک برتن میں خاتم مثلث جس کا ذکر پہلے گذر چکا ہے اور اس کے گرد اگرد یہ کلمات لکھیں[3] اِنَّ
الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰى اُولٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰى
اِبْرٰهِيْمَ اور ان کلمات کو بارش کے پانی یا عرق گلاب سے دھو کر مریض کو پلا دیں نیز یہ کلمات
تین کاغذوں پر لکھ کر ان سے دھونی دی جائے اور ہر دھونی کے ساتھ سات سات دفعہ زبان
سے بھی یہ کلمات پڑھتے جائیں اَعُوْذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ اَذْهِبِ
الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا۔

---

[1] اے اللہ خبر اس نسبت میں نے ایسا محض تیرے رسول کی تصدیق اور تیری شفا حاصل کرنے کو کیا ہے اے ام ملدم
اللہ کے نام کی برکت سے چلا جا [2] ہم نے تم کو کوثر عطا کیا ہے پس رب کے لیے نماز ادا کرو اور قربانی دے تحقیق تو زینہ اولاد نہ
رکھنے والا رہے گا اب خدا نے تم سے تخفیف کر دی ہے ۱۲ [3] جن لوگوں پر ہماری طرف سے نیکی سبقت لے
گئی وہ دوزخ سے بچے رہیں گے ہم نے کہا اے آگ ابراہیم کے لیے سرد اور سلامتی والی ہو جا ۱۲

Marfat.com

یعنی میں اللہ کی ذات اور قدرت کے ساتھ سب قسم کی تکلیف اور بدیوں سے پناہ چاہتا ہوں لے لوگوں کے رب مصیبت کو دور کردے اور شفا دے تو ہی شفا دہندہ ہے شفا تیری ہی طرف سے ہے۔ ایسی شفا عطا کر کہ مرض باقی نہ رہے نیز بھیڑیے کے بالوں کی دھونی بخار کو مفید ہے نیز عنکبوت ٹڈی کی دھونی بھی مفید ہے نیز تین کھجوروں پر حسب ذیل کلمات لکھ کر گودا مریض کو کھلادیں اور جو کھجور مریض کھاتا رہے اس کی گٹھلی سے دھونی دیں اور ہر روز ایک کھجور کھلائی جائے پہلی پر لکھے بِسْمِ اللّٰہِ تَارَتْ دوسری پر بِسْمِ اللّٰہِ حَوْلَ الْعَرْشِ دَارَتْ اور تیسری پر بِسْمِ اللّٰہِ فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ غَارَتْ نیز کلمات ذیل ایک فراخ برتن میں لکھ کر پانی سے گھول کر مریض کو پلادیں لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا یَا غَفَّارُ یَا سَتَّارُ بِحَمْدِ اللّٰہِ یعنی بہشت میں لوگ نہ سورج دیکھیں گے نہ مہلک سردی اے بخشش کرنے والے عیوب پر پردہ ڈالنے والے اللہ تعالیٰ کی تعریف کے ساتھ نیز یہ تدبیر بھی ایسی ہے جس کو کم لوگ جانتے ہوں گے اور مجھے ایک بزرگ کے ہاتھ سے لکھا ہوا ملا تھا وہ یہ ہے کہ مریض بخار کی پیٹھ پر اذان واقامت لکھ دیں فی الفور اچھا ہو جاوے گا ایضاً مریض بخار کو اسماء ذیل لکھ کر دیں کہ اپنے پاس رکھے ازالہ بخار کے لیے مجرب ہے اسماء یہ ہیں اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ جِلْدِیَ الرَّقِیْقَ وَعَظْمِیَ الدَّقِیْقَ مِنْ شِدَّةِ الطَّرِیْقِ اِلٰی اُمِّ مِلْدَمٍ اِنْ کُنْتِ اٰمَنْتِ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ فَلَا تُؤْذِی الرَّاْسَ وَلَا تُفْسِدِی الْفَمَ وَلَا تَاْکُلِ وَلَا تَشْرَبِی الدَّمَ وَتَحَوَّلِیْ عَنْ حَامِلِ ھٰذَا الْکِتَابِ اِلٰی مَنْ جَعَلَ مَعَ اللّٰہِ اِلٰـھًا اٰخَرَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا۔ ایضاً اسماء ذیل کسی کاغذ پر لکھ کر بخار والے کے گلے میں لٹکادیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ اِلٰی فُلَانِ بْنِ

---

لے ترجمہ اے اللہ رحم کر میرے پتلے چمڑے پر اور باریک ہڈیوں پر اس چلنے کی سختی سے اے ام ملدم اگر تو اللہ عظیم پر ایمان رکھتی ہے پس سر کو ایذا نہ دے اور چہرے کو خراب نہ کر اور گوشت نہ کھا اور خون نہ پی اور میری اس تحریر کو اٹھانے والے سے ایسے شخص کی طرف چلی جا جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک کرتا ہو اور رحمت نازل کرے اللہ اپنے رسول محمد پر اور اس کی اولاد پر سلام بہت ۱۲ لے ترجمہ اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے رخصت ہے عزیز و حکیم کی طرف سے ہر عارضہ سے اللہ کے اذن سے اے آگ سرد اور با سلامت ہو جا ابراہیم پر اور ہم اتارتے ہیں قرآن سے جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے یا اس شخص کی طرح جو کہ ایک اجڑی اپنی چھتوں پر گری بستی پر گرا ۱۲

Marfat.com

فَدَ نَہٗ مِنْ کُلِّ مَا یَعْرِضُ لَہٗ بِاِذْنِ اللّٰہِ یَا نَارُکُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ لفظ اٰخِرِیْنَ تک وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ اَوْ کَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَۃٍ وَّھِیَ خَاوِیَۃٌ عَلٰی عُرُوْشِھَا لفظ قَدِیْرٌ تک۔

## باب ۱۲۱ حمی باردہ کا علاج کتابت سے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ یَا شَافِیْ یَا اللّٰہُ ایک پرچہ میں لکھے دوسرے پرچہ میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ یَا کَافِیْ یَا اللّٰہُ تیسرے میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ یَا مُعَافِیْ یَا اللّٰہُ۔ ان کلمات کا ترجمہ پہلے باب میں گذر چکا ہے۔ پہلے کاغذ کو پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ اسی طرح دوسرے کو تیسرا جب کہ سخت بخار چڑھ جائے اسی طرح تین دفعہ کیا جائے۔ لیکن بیمار کو اس لکھے ہوئے مضمون پر مطلع نہ ہونا چاہئے۔

## باب ۱۲۲ حمی حادہ کے علاج میں

حلتیت یعنی ہینگ نصف درم ٹھنڈے پانی میں حل کریں اور نہار پی جاویں انشاء اللہ شفا ہو جاوے گی ایضاً سقمونیا بقدر دو ماشہ عرق گلاب میں ملا کر پی لینے سے اسہال ہوں گے اور بخار اتر جاوے گا **ایضاً** لہسن ایک ماشہ خوب باریک کر کے ایک اوقیہ روغن زیتون میں ملا دیں اور نہار استعمال کریں انشاء اللہ تین دن کے استعمال سے بخار جاتا رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ دَلَّتْ بِسْمِ اللّٰہِ فَرَّتْ بِسْمِ اللّٰہِ مَرَّتْ بِسْمِ اللّٰہِ انْصَرَفَتْ بِسْمِ اللّٰہِ اَدْبَرَتْ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ۔ یُخْرِجُ مِنْ بُطُوْنِھَا لفظ النَّاسِ تک اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَھُوَ یَھْدِیْنِ لفظ یَشْفِیْنِ تک قُلْ ھُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ھُدًی وَّشِفَاءٌ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاٰیَاتِ الْکَرِیْمَاتِ وَمَنْ نَزَلَتْ عَلٰی قَلْبِہٖ اَنْ تَشْفِیَ حَامِلَ ھٰذَا الْکِتَابِ اللہ کے نام کی برکت سے پیٹھ پھر گئی اور بھاگ گئی اور گذر گئی۔ لوٹ گئی پیچھے ہٹ گئی باقی آیات کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے۔ اے اللہ ان بزرگ آیتوں کی برکت سے اور اس ذات کی برکت سے جس کے دل پر یہ نازل ہوئیں ان کلمات کے اٹھانے والے کو شفا مرحمت فرما ان کلمات کو لکھ

Marfat.com

کر باندھا جاوے نیز تین بادام لے کر پہلے پر حَسْبُنَ دوسرے پر مَسَّتْ تیسرے پر انْقَضَتْ لکھ کر ہر روز ایک سے دھونی دیں صحیح اور مجرب ہے نیز کھجور کی تین گٹھل لے کر یہ کلمات لکھیں اور یکے بعد دیگرے ان سے دھونی دیں کلمات یہ ہیں کونا ۲ بونا ۳ احاجاع یاامامد لا تاکل اللحم ولا تشرب الدم حافظ رازی علی بن یمان سے روایت ہے یہ تعویذ لکھ کر مریض کے سر کے نیچے رکھنے سے بخار جاتا رہتا ہے۔

تیمی کا قول ہے کہ جو شخص تیرہ دفعہ حرف یا لکھے اور اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قول عَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضُعْفًا اضافہ کرے اور مریض کے سر پر ٹکا دیوے اور لکھنے کے وقت وضو کے ساتھ ہووے تو انشاء اللہ بحکم خدا بخار ٹوٹ جائے گا۔

یا حی

یا بدوح

وحسبنا اللہ ولاحول
ولا قوۃ الا باللہ
العلی العظیم

**ایضاً** بیمار نہا کر مہندی یا کسی اور درخت کی لکڑی سے دائیں بازو پر لا الٰہ الا اللہ اور بائیں پر محمد رسول دائیں پنڈلی پر جبرئیل اور بائیں پر میکائیل دائیں پہلو پر اسرافیل بائیں پر عزرائیل لکھے انشاء اللہ شفا ہو جاوے گی صحیح اور مجرب ہے۔

## باب ۱۲ عشق اور محبت کے فراموش کرنے کے علاج میں

عشق کے یہ معنی ہیں کہ انسان کسی خوبصورت چیز کو نہایت پسند کرتا ہے مگر اس کو حاصل نہیں کر سکتا اس واسطے اس کا ذکر کرتا رہتا ہے اور اس سے ایک قسم کا جنون وحیرانی کثرت شوق کے باعث لاحق ہو جاتی ہے اور یہ حالت یہاں تک پہنچ جاتی ہے کہ نصیحت وملامت بھی کارگر نہیں ہوتی بلکہ ملامت کے بار دسے عشق کی آگ اور تیز ہوتی ہے سب سے افضل علاج تو مطلوب کا وصال ہے۔ اگر اصلی مطلوب ومحبوب کا وصال نہ ہو سکے تو اس کی تصویر سے بھی تسکین ہو سکتی ہے۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو کسی دوسرے خوبصورت کی تصویر اس کے سامنے رکھی جائے اور اس کی تعریف کی جاوے تاکہ اس کا دل اس کی طرف راغب ومائل ہو جاوے ورنہ خرید وفروخت وغیرہ سلسلہ تجارت میں جکڑا جاوے یا علم نحو۔ علم منطق، فلسفہ، علم اصول وغیرہ

Marfat.com

علوم ذہنیہ دقیقہ کی طرف اس کی طبیعت مائل کی جاوے یہ سب تدابیر عشق کا خیال ترک کرنے میں بہت مفید ہیں۔ ایضاً جس کا دل کسی مرد یا عورت سے متعلق ہوجاوے اور وہ وصال پر قادر نہ ہو اور چاہیئے کہ اس کا خیال دل سے محو ہوجاوے تو اسے چاہیئے کہ حروف ذیل کسی پیالے یا ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھ کر نہار چاٹ لیوے تین روز تک کرے اور ہر روز تین دفعہ کرے انشاء اللہ محبوب کا خیال اس کے دل سے محو ہوجائے گا۔ **حروف** یہ ہیں اب وال دل اور ساتھ آیات ذیل پڑھتا جائے اَلْیَوْمَ نَنْسَاکُمْ کَمَا نَسِیْتُمْ لِقَاءَ یَوْمِکُمْ ھٰذَا وَنَسِیَ مَا قَدَّمَتْ یَدَاہُ۔ وَلَقَدْ عَہِدْنَا اِلٰی اٰدَمَ فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَہٗ عَزْمًا **ترجمہ** ہم نے تم کو فراموش کردیا ہے جیسا کہ تم ہم کو آج کے دن ملنا بھول گئے تھے۔ اور بھول گیا جو کچھ کہ اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا تحقیق ہم نے آدم علیہ السلام کے ساتھ پہلے عہد کیا تھا۔ مگر وہ بھول گیا اور ہم نے اس کا گناہ کرنے کا ارادہ نہیں پایا **ایضاً** اسماء ذیل ہتھیلی پر لکھ کر چاٹے اسماء یہ ہیں یکموش۔ یکموش۔ ابھموش دیکموش [1] اَللّٰھُمَّ کَمَا تَمْحِیْ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءَ اَمْحِ مَحَبَّۃَ کَذَا وَکَذَا مِنْ قَلْبِ کَذَا وَکَذَا **ایضاً** کورے پیالے یا کاغذ میں اسماء ذیل لکھ کر چاٹیں اسماء یہ ہیں سفوف [2] سفوات اَللّٰھُمَّ بَرِّدْ مُحَبَّۃَ فُلَانَ ابْنِ فُلَانٍ مِنْ قَلْبِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ کَمَا بَرَّدْتَ نَارَ النَّمْرُوْدِ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ خَبِیْثَۃٍ کَشَجَرَۃٍ خَبِیْثَۃِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَھَا مِنْ قَرَارٍ وَلَا مَکِیْنٍ کَذٰلِکَ لَا یَکُوْنُ لِفُلَانَۃَ بِنْتِ فُلَانَۃَ فِیْ قَلْبِ فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃَ قَرَارٌ وَلَا مَکِیْنٌ وَخَنْزَرْ یَا خَنْخَشْ سراہ لفما اَفْسَخْ عَنْ مُحَبَّۃِ کَذَا وَکَذَا۔ **نیز** جس شخص پر شہوات نفسانیہ غالب ہوجائیں یعنی کسی پر عاشق ہوجائے تو ایک پاک برتن میں خدا پاک کے وہ اسماء جس نے تحریر کئے جائیں جن میں لفظ ی آتا ہو جیسے عَلِیٌّ۔ عَظِیْمٌ رَحِیْمٌ۔ کَرِیْمٌ۔ عَلِیْمٌ

---

[1] ترجمہ اے اللہ جس طرح چاٹنے سے یہ الفاظ مٹ گئے ہیں اسی طرح تو میرے دل سے فلاں کی محبت مٹا دے ۱۲

[2] ترجمہ اے اللہ فلاں بن فلاں کی محبت میرے دل سے ایسی سرد کردے جیسے تو نے نمرود کی آگ حضرت ابراہیم کے لیے ٹھنڈی کردی برے کلمہ کی مثال ایسی ہے جیسے کہ خراب درخت ہو جو کہ زمین کے اوپر سے جلد اکھڑ گئے اور اسے کوئی قرار نہیں ہوتا اسی طرح فلاں کو میرے دل میں کسی طرح کا قرار اور محبت نہ رہے۔

Marfat.com

قَدِیْرٌ- وغیرہ سات روز تک صبح سویرے پہلے پہل پانی میں گھول کر پلائے جائیں نیز کلمات ذیل کفن کے ٹکڑے پر لکھ کر بکری کی سینگ میں رکھ کر موم سے بند کر دیں اور اس کو کسی پرانی قبر میں ہفتہ یعنی شنبہ کے روز سورج نکلتے وقت دبا دیں کلمات یہ ہیں۔ بعلفلج۲ بطلطلسم۲ سلسلم وَقِیْلَ الْیَوْمَ نَنْسَاکُمْ کَمَا نَسِیْتُمْ لِقَاءَ یَوْمِکُمْ هٰذَا کَذٰلِکَ یَنْسٰی کَذَا مِنْ کَذَا یَیْئَسُ مِنْکَ کَمَا یَئِسَ الْکُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِیْ اَعْمٰی وَقَدْ کُنْتُ بَصِیْرًا قَالَ اَتَتْکَ اٰیٰتُنَا فَنَسِیْتَهَا کَذٰلِکَ الْیَوْمَ تُنْسٰی کَذٰلِکَ یُنْسٰی ×و××و×اھ

نیز ایک برتن میں جس میں کہ پہلے کھانا یا سالن وغیرہ نہ ڈالا گیا ہو یا نئے کاغذ میں کلمات ذیل لکھ کر مریض عشق کو کھلائے جائیں سقس۳ سنس۲ اَللّٰهُمَّ بَرِّدْ مَحَبَّةَ ×و× مِنْ قَلْبِ ×کَمَا بَرَّدْتَ نَارًا لِنَمْرُوْدَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَمَثَلُ کَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ اِلٰی مِنْ قَرَارٍ وَلَا مَکِیْنٍ فِیْ ×اھ۔ ان کلمات کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے۔

## باب ۱۲۵ مربوط یعنی سست نامرد جسکی منی باندھی گئی ہو کا علاج ادویہ سے

ربط یعنی قوت رجولیت کے بند ہونے کی تین قسمیں ہیں ایک تو جان یعنی جنوں کی طرف سے دوسرے بنی آدم کے جادو کرنے سے تیسری یہ کہ طبعاً و اصالتاً نامرد ہو جو جنوں کی ہوا سے ہوتی ہے اس کی علامت یہ ہے کہ مرد کی منی عورت کو لپٹنے سے پہلے ہی خارج ہو جاتی ہے علاج یہ ہے کہ دو انڈے لے کر ایک پر وَالسَّمَاءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ لکھے اور اس کو مرد کھا جاوے اور دوسرے میں وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ لکھے اور

---

لہ آج ہم تم کو ویسے ہی بھول گئے جیسے تم نے ہماری آج کے دل کی ملاقات کو فراموش کر رکھا تھا اسی طرح بھول جائے فلانہ فلاں عورت کو اور اس طرح وہ مایوس ہو جائے تجھ سے جیسے کافر قبروں والوں سے ناامید پھرتے ہیں وہ کہے گا اے رب تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا میں تو دنیا میں دیکھتا تھا اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیرے پاس میری آیات آئیں مگر تو نے ان کو فراموشی کر دیا اسی طرح آج تو فراموش کر دیا گیا ہے ۱۲-

ٰٓلہ اور آسمانوں کو ہم نے ہاتھوں سے بنایا ہے۔ اور ہم فراخی دینے والے ہیں ۱۲

Marfat.com

اس کو عورت کہا جاوے اور تیرے میں وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ لکھے اور اس میں سے آدھا مرد کہا جاوے اور آدھا عورت انشاء اللہ اس مصیبت سے رہا ہو جاوے گا اور جو قسم بنی آدم کے جادو سے ہو اور اس پر ایک مہینہ سے لے کر ایک سال تک عرصہ گذر رہا ہو تو چاہیئے کہ فلفل سفید۔ قرنفل۔ دارچینی۔ الائچی خورد۔ کائپھل بجائے فل خردل ان سب کو مساوی لے کر کسی ہانڈی میں بہت سے پانی میں جوش دے کر مریض کو اس کا بخار پہنچاویں تا کہ پسینہ آجاوے اور مریض کھل جاوے اور اگر اس حالت کو ایک سال سے لیکر دس سال تک گذر گئے ہوں یا اس سے بھی زیادہ تو اس کا علاج یہ ہے کہ مذکورہ بالا ادویہ میں ذکر ثعلب و ذکر گورخر ملا کر مریض کو سات دن تک کھلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہو جاوے گا۔ لیکن طبعی نامردی علاج ہوتا ہے۔ البتہ وہ علاج جو مسحور کی حالت میں لکھا گیا ہے۔ اس کی طرف رجوع کرنا شاید کچھ مفید ہو سکے۔

## باب ۱۲۶ (مربوط) کا علاج کتابت و عزیمت سے


اسماء ذیل کسی پیالہ میں لکھ کر پانی سے دھو کر پی لیں۔ نیز انکا تعویذ بنا کر مریض کے بازو پر باندھ رکھیں۔ اسماء و آیات یہ ہیں۔ سورہ فاتحہ۔ سورہ اخلاص والمعوذتین وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ صَفْصَفًا تک وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُؤْمِنُوْنَ تک وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا قَدِيْرًا تک وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ الخ قربان کلمات کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے اس پر مرد و عورت کا نام بھی لکھیں پھر یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْمَعَ بَيْنَ فُلَانٍ وَّ فُلَانَةٍ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ **ایضاً** سیاہ مرغی لے کر محفوظ رکھیں جب وہ انڈے دینے لگے تو چھری یا تلوار کے کناروں پر اسماء ذیل لکھ کر انڈے کے دو حصے کریں آدھا

---

ـه اور زمین کو ہم نے بچھایا ہے اور ہم بہتر بچھانیوالے ہیں ۱۲ ـه اور ہر چیز کا ہم نے جوڑا پیدا کیا ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔

Marfat.com

مرد کو کھلائیں آدھا عورت کو اسمار یہ ہیں مالا عہ مالادلہ ولہ ۲عاعا ایضاً مریض کی ناف کے نیچے آیت ذیل لکھ کر رکھیں آیت یہ ہے اِنَّ الَّذِیۡنَ یُحَادُّوۡنَ اللّٰہَ وَرَسُوۡلَہٗ کُبِتُوۡا کَمَا کُبِتَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ ۔ ایضاً صنوبر کی چھال جلا کر شہد میں ملا کر چاٹنا بھی شہوت کو کھول دیتا ہے ۔ ایضاً مرغ کے سر کے دائیں طرف کا بھیجا مصطگی میں پیس کر شہوت بستہ والا کام میں فائدہ کمال رکھتا ہے ۔ ایضاً سورۃ واقعہ لکھ کر عورت اور مرد کو پانی میں حل کر کے پلانا نہایت ہی مفید ہوگا نیز معقود کے زانو پر یہ تعویذ لکھیں فوراً کھل جائے گا۔



نیز شاشی (کسی جانور کا نام ہے) کے سر کو پانی میں اچھی طرح سے دھوئیں اور اس کے ساتھ معقود شخص نہائے یا غسل کرے تو مفید ہوگا نیز یہ کلمات چودہ کھجوروں پر لکھ کر سات مرد اور سات عورت کو کھلائی جائیں۔ کلمات یہ ہیں فقج مخمت تو اس مصیبت سے نجات ملے گی نیز ایک صاف برتن میں پندرہ دفعہ سورہ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر لکھ کر معقود کو پلایا جائے نیز ایک برتن میں سورہ بقرہ کامل لکھ کر پانی میں دھو ڈالیں اور اس پانی میں مریض نہادے تو شفا پاوے نیز اگر خارپشت کے ذکر کو بھون کر اس مرض کا بیمار کھائے تو بفضل خدا فائدہ پائے نیز رخمہ (کرگس کی طرح کا ایک جانور ہوتا ہے اسے نوق بھی کہتے ہیں) کو بھون کر کھاویں اور اس کی ہڈیوں سے دھونی دیں۔ بہت ہی مفید ہوگا نیز علک صنوبر کو جلا کر شہد ملا کر کھانا بھی فائدہ سے خالی نہیں نیز کتے کا سر اور مچھلی کا چمڑا لے کر تین دن تک دھونی دیں بندش کھل جائے گی [1]

## باب ۱۲۷ شہوت بستہ کا علاج ادویہ کے ساتھ

کبابہ ہندی ۔ فلفل سیاہ ۔ فلفلدراز ۔ جائفل ۔ کانپھل ۔ تج ۔ قرنفل ۔ اندر جو ۔ ہلیلہ زرد ۔ ہلیلہ کابلی

---

[1] ترجمہ تحقیق وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول سے دشمنی کرتے ہیں اس طرح ہلاک کی جائیں گے جیسے ان سے پہلے برباد کیے گئے ۱۲ [2] اس بارہ میں اصل کتاب میں اور بہت سے کلمات و تعویذات درج ہیں جو کہ زیادہ طویل ہونے کی وجہ سے درج نہیں کیے گئے ۱۲

الائچی خورد۔ الائچی کبیر۔ خولنجاں۔ تیرہ تیزک ۔ دارچینی۔ حب الزلم۔ کلونجی۔ فلفل سفید۔ بسباسہ نودری سفید۔ سب کو کوفتہ بیختہ کرکے سہ چند شہد میں معجون بنائیں اور بقدر برداشت طبع استعمال کریں
**ایضاً** کائپھل۔ جائفل۔ الائچی صغیر۔ الائچی کلاں۔ ہر ایک مساوی کوفتہ بیختہ کرکے شہد میں ملاکر معجون بنائیں اور سوتے وقت کام میں لاویں۔ **ایضاً** کائپھل۔ جاپھل۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ کبابہ ہندی۔ خولنجاں عقرقرحا۔ سب کو کوفتہ بیختہ کرکے شہد میں معجون بنائیں بقدر برداشت طبع استعمال کرو **ایضاً** فلفلدراز۔ قرنفل۔ فلفل سفید۔ ہالیوں مساوی لے کر کوفتہ بیختہ کرکے شہد میں معجون بنائیں اور استعمال کریں۔ **ایضاً** کبابہ ہندی۔ دارچینی۔ مساوی لے کر کوفتہ بیختہ کرکے شہد میں ملاکر استعمال کریں **ایضاً** خولنجان کائپھل۔ جاپھل۔ مساوی لے کر کوفتہ بیختہ کرکے شہد میں معجون بنائیں **ایضاً** اندرجو۔ قرنفل۔ ریوند چینی۔ ترہ تیزک۔ فلفل سفید۔ سب کو باریک کوٹ کر شہد میں ملائیں اور کام میں لائیں **ایضاً** خولنجاں۔ سنبل الطیب۔ تنج۔ دارفلفل۔ جائفل۔ شیطرج ہندی۔ ادرک۔ کائپھل۔ نیاز بو۔ سب کو کوفتہ بیختہ کرکے شہد میں ملاکر استعمال کریں۔

## باب ۱۲۸ معقود کا سحر باطل کرنے میں

مسحور کو چاہیئے کہ اتوار کے روز آدھ سیر قلعی لیوے اور نماز صبح کے وقت چارپائی پر بیٹھ کر اس کو گلا دے اور گلاتے وقت وہ اسما جن کا ذکر ذیل میں آتا ہے پڑھتا جاوے اسی طرح سات دفعہ قلعی کو گلاوے اور ہر دفعہ پانی میں سرد کرتا جاوے۔ اس روز بکری کی چربی سے دھونی دیوے پھر پیر کے روز گھر کے وسط میں بیٹھے اور قلعی کو گلاتا جاوے اور اسما پڑھتا جاوے اور پانی میں سرد کرتا جاوے اس روز یہ عمل چھ دفعہ کرے آخر میں گوگل کی دھونی دیوے۔ منگل کے روز پھر اسی طرح کرے مگر اس روز پانچ دفعہ عمل کرے اور مصطکی سے دھونی دیوے بدھ کے روز بھی عمل جاری رکھے اور قلعی کو چار دفعہ گلا کر اور سرد کرکے آخر میں لوبان سے دھونی دیوے۔ جمعرات کے روز یہ عمل قلعی کو تین دفعہ گلا کر جاری رکھے اور حرمل کی دھونی دیوے جمعہ کے روز یہ عمل دو دفعہ کرے اور آخر میں عود کی لکڑی سے دھونی دیوے ہفتہ کے روز یہ عمل ایک دفعہ کرے اور آخر میں عنبر کی دھونی دیں انشاء اللہ سحر باطل ہو جاوے گا اسما

Marfat.com

یہ ہیں۔ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عَمِلَتْهُ الْاَیْدِیْ وَمَا مَشَتْ عَلَیْهِ الْاَرْجُلُ وَمَا تَکَلَّمَتْ بِهِ الْاَلْسُنُ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا غُلِّقَتْ عَلَیْهِ الْاَبْوَابُ وَمَا اجْتَمَعَ عَلَیْهِ الْاَعْدَآءُ وَالْاَحْبَابُ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِیْ جَوْفِ الْمَصَابِیْحِ وَمَا عُمِلَ فِیْ سُنُوْنِ الرِّمَاحِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الدُّفُوْنِ وَمَا دُفِنَ فِی السُّقُوْفِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الطِّیْنِ وَالطَّیْرِ وَالسَّمَعِ وَلَحْمِ الْخِنْزِیْرِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَمَا دُفِنَ تَحْتَ الْعُتْبَةِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی النُّحَاسِ وَمَا نُقِشَ فِی الرَّصَاصِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الْقَزْدِیْرِ وَالْقُلُوْبِ وَمَا اُمِرَ فِیْ خِرْقَةِ الْمَطْلُوْبِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الشَّعْرِ وَمَا دُفِنَ فِی الْمَقَابِرِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عَمِلَهُ الْیَهُوْدُ وَالْیَهُوْدِیَّاتُ وَمَا دُفِنَ فِی الْقُبُوْرِ الْمُنْسِیَّاتِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الشَّجَرَةِ وَمَا دُفِنَ فِی الْکُهُوْفِ وَالْمَطْمُوْرَةِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الثِّمَارِ وَمَا عُمِلَ فِی الْاٰثَارِ وَالْوُدْیَانِ وَالْبِحَارِ وَالْاَحْجَارِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا دُفِنَ فِی السَّوَاقِیْ وَمَا دُفِنَ فِی الْاَوَانِیْ بِحَقِّ السَّبْعِ الْمَثَانِیْ وَالَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ بِالسَّبْعِ اَرْضِیْنَ وَسَبْعِ سَمٰوٰتٍ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ بِفَضْلِ سِتَّةِ اَیَّامٍ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ بِفَضْلِ خَمْسِ صَلَوَاتٍ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ بِفَضْلِ اَرْبَعِ کُتُبٍ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ بِفَضْلِ الثَّلٰثَةِ اِبْرَاهِیْمَ وَمُوْسٰی وَعِیْسٰی اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ بِفَضْلِ ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا اَفْسِخْ سِحْرَ السَّاحِرَاتِ وَمَکْرَ الْمَاکِرَاتِ وَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ الْمُتَمَرِّدِیْنَ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِیْ دَمِ الْحَوَائِضِ وَمَا دُفِنَ فِی الْمَرَابِضِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الْعَنْکَبُوْتِ وَمَا دُفِنَ فِیْ اَرْکَانِ الْبُیُوْتِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الْاَقْدَامِ وَمَا کُتِبَ بِالْاَقْلَامِ اَفْسِخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الْفُخَّارِ وَمَا دُفِنَ فِی النَّارِ بِحَقِّ الْمَلِکِ الْجَبَّارِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ نیز معقود

---

ترجمہ یا خفیف (خفیف کے معنی اس جگہ تخفیف کرنیوالے یا بوجھ ہلکا کرنیوالے کے معلوم ہوتے ہیں) جو کچھ لوگوں نے میرے خلاف عمل کیا ہے یا قدم چلائے ہیں یا زبانوں نے کلام کی ہے دور کر دے جس پر کہ دراز بند کئے گئے ہوں اور جس پر کہ دوست دشمن جمع ہوئے ہوں اور جو کچھ چراغوں کے درمیان اور نیزوں کے کناروں میں عمل کیا گیا ہو۔

Marfat.com

کا سحر باطل کرتے کے لیے۔ عولج (ایک قسم کے کانٹے ہوتے ہیں) کی شاخیں لے کر ریحان کے ساتھ ملاکر پکائیں جب ایک تہائی رہ جائے تو پانچ روز متواتر ہر روز لون پاؤ پی لیں دیگر خاتم بطرز مثلث جو پہلے گزر چکی ہے اور اس کے گرد وَ اتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیَاطِیْنُ۔ وَحِیْلَ بَیْنَهُمْ وَمَا یَشْتَهُوْنَ۔ ترجمہ اور انہوں نے تابعداری کی جو کچھ کہ شیطان پڑھتے تھے حائل کیا گیا ان کے اور ان کی بری خواہشوں کے درمیان ایک برتن میں لکھ کر پانی سے مٹا کر گھر میں چھڑک دیں صہاجی نے کہا ہے کہ ایک نادر کا غذ پر پانچ (ل) اور ایک (خ) لکھ کر قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَهُوْقًا لکھ کر رات کو اسے ریزہ ریزہ کر کے دوسرے روز سحر زدہ کی گردن میں لٹکا دیں۔

---

(بقیہ حاشیہ صہ گزشتہ) اس سے نجات دے اور دفنوں اور چھتوں میں بھی جو کچھ عمل کیا گیا ہو اور جو کچھ پرندوں یا کیچڑ کانون اور خنزیر کے گوشت میں عمل کیا گیا ہو اس سے بھی نجات دے اور جو کچھ سونے یا چاندی میں عمل کیا گیا ہو نیز نجات دے اس بد عمل سے جو کہ پاؤ دان کے نیچے کیا گیا ہو یا جو کہ تانبے یا قلعی میں نقش کیا گیا ہو یا جو کچھ کہ دلوں یا محبوبہ کے کپڑا میں کیا گیا ہو نیز اس بد عمل سے بھی رہائی دلا جو کہ بالوں یا پرانی چیزوں درختوں یا غاروں اور نہہ خانوں میں کیا گیا ہو نیز اس بد عمل سے بھی جو ٹیلوں اور نشانوں اور پانی کی روؤں اور دریاؤں یا پتھروں میں کیا گیا ہو یا جو بد عمل کہ پانی پینے کی جگہوں یا استعمال کے برتنوں میں کیا گیا ہو اس سے بھی نجات دے سورہ فاتحہ اور ان فرشتوں کی برکت سے جو عرش اور اس کے گرد کی چیزوں کو اٹھاتے ہیں اور ساتوں زمینوں اور ساتوں آسمانوں کی برکت سے نیز رہائی دلا مجھ کو چھ دنوں اور پانچوں نمازوں اور چاروں کتابوں۔ توریت۔ انجیل۔ زبور۔ قرآن شریف اور حضرت ابراہیم موسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام اور حضرت ابوبکر کی برکت سے اور خلاصی دلا مجھے اس وسیلے بے نیاز خدا کی برکت سے جو کہ اولاد اور بیویوں سے پاک ہے اے اللہ دور کر دے جادوگرنیوں کا جادو اور مکاروں اور انسانوں اور جنوں کا فریب اور شرارتیں اور دور کر دے جو کچھ کہ بد عمل حیض کے خون اور حیوانوں کی رہائش کے مکانوں اور ہڈیوں اور گھروں کے گوشوں میں کیا گیا ہو نیز دور کر دے جو کچھ کہ قدموں میں بد عمل کیا گیا ہو یا قلموں سے لکھا گیا ہو اور جو کہ پکے ہوئے برتنوں میں کیا گیا ہو یا آگ میں دبا یا گیا ہو بادشاہ زبردست کے حکم سے ولا حول آخر تک۔

Marfat.com

# باب ۱۲۹ تقویت باہ (جس سے جماع کی طاقت بڑھے) کے بیان میں

یاد رہے کہ قوت باہ کبھی تو گرم طبیعت میں بباعث کثرت حرارت ضعیف ہو جاتی ہے یا گرم اغذیہ و اشربہ کی استعمال سے ضعیف ہو جاتی ہے اور کبھی کثرت برودت سے ضعیف ہو جاتی ہے مگر ایسے شخص میں جس کی مزاج سرد ہو یا اس کو اشیاء بادہ کے استعمال کا اتفاق بکثرت ہوا ہو۔ پس اگر کثرت حرارت سے ضعیف ہو جاوے تو لسی پکی خوب پینی چاہیے اور خمیری روٹی کھانی چاہیے اور ترشیات کا استعمال کرنا چاہیے اگر سردی سے قوت باہ کمزور ہو جائے تو شہد خالص کف گرفتہ میں گندر پگھلا کر اس میں سے بقدر دو تولہ صبح و دو تولہ شام استعمال کریں اور غذا گندم کی روٹی اور یکسالہ دنبہ کا گوشت ہونا چاہیے کہ نہایت مفید ہے فائدہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مرد پر بوقت مجامعت عورت کی طرف سے ایک قسم کا رعب چھا جاتا ہے۔ اس وجہ سے مرد کی حرکت باطل ہو جاتی ہے اور اس کا قضیب ایستادہ نہیں ہو سکتا اور انسان اس کو بوجہ ناواقفیت نامردی و سستی خیال کرتا ہے۔ حالاں کہ ایسا نہیں ہوتا بلکہ اس کو اصطلاح اطبا میں احتشام کہتے ہیں۔

**معجون فلاسفہ** جس کو مادۃ الحیات بھی کہتے ہیں۔ نامردی و ضعف قوت باہ کے ازالہ میں نہایت مفید ہے۔ بلغم فاضلہ کو خارج کرتی ہے۔ دل کو طاقت دیتی ہے مفرح و ہاضم ہے چہرہ کی رنگت صاف کرتی ہے ذہن و حافظہ کو بڑھاتی ہے۔ زبان کی طاقت کو تیز کرتی ہے سردی کو دور کرتی ہے سلس البول کو رفع کرتی ہے منی کو بڑھاتی ہے۔ عضو خاص کو مضبوط کرتی ہے۔ دانتوں کو مستحکم بناتی ہے۔ اور جاع کمر و مفاصل کو دور کرتی ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے **صفت فلفل**۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ دارچینی۔ آملہ۔ ہلیلہ۔ شیطرج ہندی۔ مزراوند، بیخ بابونہ۔ حب صنوبر۔ جوز ہندی۔ بیدبید ستر۔ ہر ایک ایک اوقیہ ثعلب مصری تین اوقیہ سب کو باریک کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں ملا کر معجون بنا دیں اور بقدر مقدار اخروٹ استعمال میں لاویں۔ ایضاً یہ نسخہ تقویت جماع کے لیے نہایت عجیب ہے۔ یہ سلطان تلمسان کے لیے بنائی گئی تھی۔ وہ کہتا ہے کہ میں اس کی برکت سے چالیس باکرہ عورتوں کو ایک رات میں خوش کر سکتا تھا۔ سنگدان چوزہ مرغ ادرک۔ کابھل۔ جائفل۔ دار فلفل۔ دارچینی۔ الائچی کلاں۔ خولنجان۔ اندرجو۔ قرنفل۔ تج

Marfat.com

کبابہ ہندی۔ حب الرشاد۔ ملح اندرانی۔ ہر ایک اوقیہ زعفران ½ اوقیہ سب کو کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں ملا کر معجون بنائیں اور کسی روغنی برتن میں ڈال کر تین روز آگ کے قریب رکھیں پھر اس کی بمقدار نخود گولیاں بنا رکھیں اور جماع کے وقت گولی زبان کے نیچے رکھ کر مصروف کار ہوں تو عجیب کیفیت ظاہر ہو صحیح و مجرب ہے ایضاً قرنفل مصطگی۔ کبابہ ہندی۔ الائچی خورد۔ جائفل۔ کائپھل۔ زنجبیل۔ تج۔ عاقر قرحا۔ سب کو کوفتہ بیختہ کر کے شہد میں معجون بنائیں اور کام میں لاویں۔ ایضاً بھیڑیا کا احلیل خشک کر کے اپنے پاس رکھیں جماع کے وقت مقدار نخود بھون کر نگل جائیں اور بہت عجیب ہے ایضاً بڑی چیونٹی ایک سو عدد پکڑ کر دہایک سفید کے روغن میں ڈال دیں۔ تین ہفتہ تک پڑی رہنے دیں بعد ازاں صاف کر کے احلیل پر مالش کریں اس سے تیزی پیدا ہوتی ہے۔ اور اعصاب مضبوط ہوتے ہیں ایضاً عاقر قرحا سرد مزاج والے میں قوت جماع کو زیادہ کرتا ہے عاقر قرحا ۵ تولے کر اس میں اسی قدر آرد با قلا ملا کر ایک تھیلی میں ڈالیں اور اس میں احلیل اور خصیتین کو رکھ کر چند روز باندھے رہیں کہ نہایت مفید ہے ایضاً یہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے۔ لوبان ایک رطل مغز نفل نصف اوقیہ۔ قرفہ رتج ) نصف اوقیہ سب کو کوفتہ بیختہ کر کے دو رطل شہد میں ملا کر معجون بنائیں اور صبح و شام بقدر جوز ہندی استعمال کیا کریں۔ ایضاً زیرہ سیاہ اوقیہ۔ تخم نشبت۔ انیسون چار اوقیہ سب کو باریک پیس کر سہ چند شہد ملا کر معجون بنائیں اور صبح و شام بقدر جوز ہندی کام میں لاویں ایضاً سداب کو پانی میں پکاویں جب اس کا اثر نکل آوے تو صاف کریں اور اس میں شہد ملاویں پھر ان میں ادویہ ذیل کوفتہ بیختہ کر کے ملاویں اور بقدر جوز ہندی صبح و شام استعمال کریں ادویہ یہ ہیں کندر حب الرشاد۔ زنجبیل۔ ہر ایک مساوی ایضاً مرغ کا خصیہ لے کر کسی کلیا میں رکھیں اور اس کے اوپر نیچے نمک اندرانی بھر کر دیں اور گل حکمت کر کے آگ دے دیں تو وہ ایک سفید رنگ کا سنگریزہ ہو کر نکلے گا اس میں سے تھوڑا سا منہ میں رکھنا وقت پر بہت فائدہ دیتا ہے۔ ایضاً پیاز کوٹ کر اس کا پانی نچوڑیں۔ جتنا یہ پانی ہو اس کا دوگنا شہد میں دونوں کو ملا کر آگ پر پکائیں کہ پانی خشک ہو جاوے اور شہد باقی رہ جاوے پھر اس شہد میں سے تھوڑا سا لے کر بھگوئے ہوئے چنوں کے ساتھ استعمال کریں اور قوت

Marfat.com

باہ کے بڑھانے میں نہایت مفید ہے۔ ایضاً قرنفل دو درہم۔ قرفہ۔ جوز بویہ۔ فاقلہ صغار ہر ایک دو درہم۔ سنبل الطیب۔ سعد کوفی۔ آملہ ہر ایک دو درہم سب کو کوفتہ بیختہ کر کے دو چند وزن ادویہ شہد میں ملا کر معجون بناویں اور صبح و شام بقدر ایک تولہ استعمال کریں۔ ایضاً معجون نعناع اس کام میں نہایت مفید و مجرب ہے۔ معدہ کو گرم کرتی ہے۔ منی کو بڑھاتی ہے رنگ سرخ کرتی ہے۔ منہ کی بدبوئی کو دفع کرتی ہے۔ دانتوں کو مضبوط کرتی ہے۔ ریح کو توڑتی ہے۔ قولنج کو دفع کرتی ہے۔ دل کو قوت دیتی ہے۔ بواسیر کو دور کرتی ہے۔ سنگریزہ کو توڑتی ہے قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ احلیل کو سخت کرتی ہے۔ قوت باصرہ کو طاقت دیتی ہے۔ حکماء اطبا کی احتیاجی سے چھوڑاتی ہے۔ جس کی ترکیب حسب ذیل ہے۔ تخم نعناع۔ تخم کرفس۔ تخم سویا۔ تخم شلغم۔ تخم پیاز۔ تخم الرشاد۔ تخم رازیانہ۔ تخم خردل۔ کلونجی۔ ہر ایک دس درم۔ مصطگی۔ قرنفل۔ قرفہ۔ عقرقرحا۔ انیسوں۔ بسباسہ۔ ہر ایک تین درم زعفران ایک مثقال۔ عود ہندی۔ مسک۔ کستوری۔ ہر ایک نصف درم ہر دوا کو الگ الگ کوٹیں پھر سب کو ملا کر چھان لیں۔ پھر ایک سو درم کھانڈ کا قوام کر کے ادویہ اس میں ملاویں۔ پھر پچاس درم شہد خالص اوپر سے ملاویں اور بیس روز تک دانہ گندم میں معجون کے برتن کو دبا دیں پھر نکال کر صبح شام بمقدار ایک مثقال۔ استعمال کیا کریں نہایت مفید ہے۔ ایضاً سرخ گاجریں لے کر ان کو مٹی سے صاف کریں پھر ان کا نڑا نکال کر پھینک دیں۔ باقی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے کسی ہانڈی میں ڈال کر شہد خالص سے پوشیدہ کر کے آگ پر قوام کریں۔ پھر اتار کر ادویہ ذیل شامل کریں۔ زنجبیل۔ جوز بوا۔ قرنفل۔ قرفہ۔ خولنجان۔ ہر ایک ایک درم زعفران نصف درم۔ سنبل۔ مصطگی ہر ایک نصف درم سب کو کوفتہ بیختہ کر کے شہد میں ملاویں اور بوقت حاجت جماع سے تین گھڑی پہلے پانچ درم استعمال کریں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔ ایضاً عنبر ایک درم۔ مسک ایک درم۔ عرق گلاب دو درم۔ زعفران تین درم ادویہ کو عرق گلاب میں خشک کر کے شہد خالص میں معجون بنائیں اور بوقت ضرورت دو گھڑی پہلے بقدر دانہ عدس (مسور) استعمال کریں۔ ایضاً یہ نسخہ حکما کا حلوا سے کہلاتا ہے۔ جسم کو تندرست رکھتا ہے۔ روح کو خوش کرتا ہے۔ اور خیزی پیدا کرتا ہے۔ منی کو بڑھاتا ہے۔ ترکیب یہ ہے

Marfat.com

سفید پیاز کا پانی نصف رطل۔ شہد خالص ایک رطل پہلے دونوں کو ملا کر آگ پر چڑھا دیں یہاں تک کہ پانی خشک ہو جائے۔ شہد باقی رہ جائے پھر اس میں اشیاء ذیل شامل کریں۔ سنبل ہندی۔ عود ہندی ایک ایک درم۔ قرفہ۔ زعفران۔ دار فلفل۔ الائچی۔ جوز بوا۔ ہر ایک تین درم مشک نصف درم سب کو کوفتہ کر کے شہد میں ملا دیں اور ایک روغنی برتن میں بند کر کے ایک ہفتہ رہنے دیں۔ اس کے بعد ہر روز بقدر دو تولہ استعمال کریں۔ ایضاً جو شخص ہر روز انڈے کی زردی صبح کے وقت کھاوے تو شہوت بھڑک اٹھتی ہے۔ اور اگر ہر روز تین عدد زردی بیضہ اور پیاز استعمال کی جاوے تو قوت باہ بکثرت بڑھے۔ ایضاً جو شخص پیاز کوٹ کر کسی برتن میں ڈالے اور اس پر مصالحہ گرم ڈال کر روغن زیتون میں انڈوں کی زردی کے ساتھ بھونے اور ہمیشہ استعمال کرے تو قوت جماع بے شمار پاوے ایضاً اونٹنی کے دودھ میں شہد ملا کر ہمیشہ استعمال کرنا بھی یہی فائدہ دیتا ہے۔ ایضاً پر دار سیاہ موٹی چیونٹیوں کو پکڑ کر کسی بوتل میں بند کر دیں اور ان پر روغن زیتون خالص ڈال کر پانچ روز تک دھوپ میں لٹکائے رکھیں پھر تیل کو صاف کر کے احلیل پر مالش کیا کریں کہ اس سے اعصاب بڑے قوی ہو جاتے ہیں۔ ایضاً تھوم بقدر ضرورت لے کر خوب باریک پیسیں کہ حلوا کی طرح ہو جاوے پھر اس میں اس کے نصف برابر عاقر قرحا کوفتہ بیختہ کر کے ملا دیں پھر اس میں روغن زرد عمدہ اور شہد خالص ہر دو ادویہ سے دو چند ملا کر آگ پر قوام کریں پھر سرد کر کے رکھ چھوڑیں اور اس میں سے بقدر ایک اوقیہ نہار استعمال کیا کریں۔ اس کے استعمال سے شہوت برانگیختہ ہوتی ہے اور خنزیر پیدا ہوتی ہے۔ قوت حافظہ بڑھتی ہے۔ بلغم زائدہ خارج ہوتی ہے۔ دانت مضبوط ہوتے ہیں۔ درد کمر دور ہو جاتی ہے۔ قوت باہ زیادہ ہوتی ہے۔ منی بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ ایضاً تخم جرجیر۔ فلفل۔ زنجبیل۔ تخم کرفس سب مساوی کوفتہ بیختہ کر کے شہد خالص میں معجون تیار کریں اور بقدر نصف اوقیہ نہار استعمال کیا کریں۔

ایضاً سانڈا (گاوئزہ) کے احلیل کو خشک کر کے سرمہ سا بنا کر رکھ چھوڑیں جماع کے وقت اس میں سے بقدر ایک ماشہ شہد میں ملا کر چاٹ لیں۔ نہایت ہی عجیب ہے۔ ایضاً سیہ نر کا بھون کر کھانا بھی اطبا کے نزدیک یہی تاثیر رکھتا ہے۔ ایضاً سیہ کی چربی سے

Marfat.com

عضو خاص پر مالش کرنا قوت جماع کو بڑھاتا ہے ۔ ایضاً جو شخص چاہے کہ رات بھر مصروف رہ سکے اس کو چاہیئے کہ جتنے انڈوں کی زردی وہ ہضم کر سکے لاوے اور اسے کڑاہی میں ڈال کر اس کے اوپر تازہ گھی و مکھن بقدر ضرورت ڈال دے اور جوش دے یہاں تک کہ گھی کی خوشبو آنے لگے ۔ پھر اس میں بقدر ضرورت شہد ڈال دے اور اس سب کو گندم کی روٹی کے ساتھ سیر ہو کر کھالے ۔ پھر تین گھنٹہ کے بعد عورت سے مقاربت کرے رات بھر اس کی تاثیر باقی رہے گی ایضاً تخم کونچ کو خوب باریک پیس کر شہد میں ملا کر کھانے سے بھی یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے جالینوس کا قول ہے کہ جو شخص وطی کرنے سے کمزور ہو جاوے اس کو چاہیئے کہ ایک چمچہ شہد اور بیس دانہ مغز بادام و سو دانہ تخم چرونجی ہر روز نہار استعمال کیا کریں ۔ ایضاً تخم پیاز کوفتہ بیختہ کر کے شہد خالص میں ملا کر چاٹنا بھی اسی کام آسکتا ہے ایضاً نخود میں پیاز ڈال کر پکائیں پھر اس میں عاقر قرحا و زنجبیل باریک پیس کر ملائیں اور اس کو سیر ہو کر کھاویں یہ بھی مفید ہے ایضاً تخم کرفس کو کوفتہ بیختہ کر کے شکر تری (کھانڈ) اور گائے کے گھی میں لت کر کے چند روز استعمال کرنے سے بھی یہی فائدہ ہوتا ہے ایضاً شیر کی چربی میں نمک ملا کر دھوپ میں خشک کر کے پھر حاجت کے وقت اس میں سے تھوڑا سا لے کر زبان کے نیچے رکھنا بھی بہت مفید ہے ۔ ایضاً فرفیون تین ماشہ فلفل دو تولہ ان دونوں کو سرکے میں پیس کر نخود کے برابر گولیاں بنائیں اور ان گولیاں مرغ کے شوربے کے ساتھ کھائیں ۔ نیز ایک گولی حاجت کے وقت منہ میں رکھ لیا کریں ۔ ایضاً ہالیون کو روغن زرد میں جوش دیں پھر اس میں انڈے کی زردی اور گرم مصالحہ ملا دیں اور اس میں سے تھوڑا سا بوقت ضرورت کھایا کریں ایضاً اس نقش کو تانبے کی قلم سے کسی کاغذ پر لکھ کر زبان کے نیچے رکھنے سے یہی فائدہ ہوتا ہے بم ۹۲۶۱۱۱۸۱۱۵ ۱۹۱۶۹۱۱۱۹۱۱۱۵۶۸۹۱۸۶ ام ایضاً ایک رطل تھوم صاف کر کے اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ جس سے وہ ڈھپ جائے پھر اس کو اتنا پکائیں کہ حلوے کی طرح ہو جائے پھر ادویہ ذیل کوفتہ بیختہ کر کے اس میں ملا دیں اور ہر روز تھوڑا سا اس میں سے استعمال کریں ادویہ یہ ہیں فلفل شہد ۔ فلفل دراز ۔ دار چینی ۔

ایضاً لونگ نصف درم ہر روز تازہ دودھ کے ساتھ پینا قوت رجولیت کو بڑھاتا ہے

Marfat.com

ایضاً تخم پیاز۔ تخم کونچ۔ تخم ترب۔ تخم شلغم سب مساوی کوفتہ بیختہ کرکے شہد میں معجون بنادیں اور بقدر ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام استعمال میں لادیں ایضاً یہ نسخہ خواص ہندیہ سے ہے اہل ہند اس کو نہایت مجرب خیال کرتے ہیں۔ جب کتا اور کتی باہم ملے ہوئے ہوں اس حالت میں کتے کی دم جڑ سے کاٹ لیں اور چالیس روز تک زمین میں دفن کردیں جب نکالیں گے تو صاف ہڈیاں باقی ہوں گی ان ہڈیوں کو کسی کپڑے میں سی کر مجامعت کے وقت کمر پر باندھ لیں جب تک یہ باندھے رہیں گے انزال نہ ہوگا۔ ایضاً چمگادڑ کا خون دونوں قدموں پر طلا کرنے سے بھی عجیب کیفیت طاری ہوتی ہے۔ ایضاً شہد اور روغن زرد رات کے وقت ملا کر پینا اس بارہ میں عجیب کیفیت دکھلاتا ہے۔ ایضاً اجلیل کودنبے کے پتے سے طلا کرکے مقاربت کرنا بھی عجیب لطف دکھلاتا ہے۔ ایضاً اسماء ذیل انگور کے پتے پر لکھ کر بائیں ران پر باندھیں اسماء یہ ہیں اَبجَدَ ھَوَّزَ حُطّی کَلِمَنْ سَعْفَصْ قَرَشَتْ تَخَذْ ضَظَغْ وَقِیْلَ یٰاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ وَیٰا سَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ کُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَھَا اللّٰہُ اَمْسِكْ اَیُّھَا الْمَآءُ النَّازِلُ مِنْ صُلْبِ فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃٍ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

## باب ۱۴۰ عورت کی شہوت بستہ کرنے میں تاکہ اُس پر دوسرا قادر نہ آسکے

مؤلف کہتا ہے کہ جو شخص عورت کی شہوت بند کرنا چاہے کہ اس پر دوسرا قادر نہ ہوسکے اس کو چاہیئے کہ اپنے عضو خاص کو بھیڑیئے کے پتے سے طلا کرے اور عورت سے مجامعت کرے پھر کوئی اس کے ساتھ مقاربت نہیں کرسکے گا۔ مؤلف کہتا ہے کہ ایک سپاہی آدمی نے مجھے اپنی کہانی سنائی کہ میں جوانی کے وقت میں موصل کے شہر میں ایک گانے والی لونڈی پر عاشق تھا مگر وہ دولتمند لوگوں کو مجھ سے زیادہ پسند کرتی تھی۔ اور مجھے اس سے غیرت آتی تھی۔ لیکن اس کو ان کی طرف مائل ہونے سے روک نہیں سکتا تھا۔ میں نے ایک طبیب کے پاس اس حال کی شکایت کی اور اس سے کہا کہ آپ براہ مہربانی کوئی ایسی دوا دیں جس سے میرے دل سے اس کی محبت جاتی رہے حکیم نے کہا محبت کا تیرے دل سے نکلنا تو مشکل ہے۔ لیکن میں تجھے ایک دوا بتاتا ہوں اس کو استعمال کرکے جب تو اس کے ساتھ ہم بستری کرے گا تو پھر تیرے سوا کوئی دوسرا

Marfat.com

اس پر قادر نہ ہوسکے گا۔ پھر مجھے حکم دیا کہ بھیڑیئے کا پتہ استعمال کرو یہ کہہ کر اپنے پاس سے مجھے تھوڑا سا دے دیا میں نے اس کو استعمال کیا جیسا کہ اس نے کہا تھا۔ اس کے بعد ان دولتمندوں میں سے جب کوئی اس لونڈی کے ساتھ ہم بستری کرنا چاہتا تھا تو اس کا آلہ مخصوص ٹیڑھا ہو جاتا تھا اور اس کی ہمت پست ہو جاتی تھی اور دوسرا آدمی اس کی مقاربت پر قادر نہیں ہوسکتا تھا۔ پس دولت مندوں نے اس کو چھوڑ دیا اب وہ میرے پاس رغبت سے آئی اور اوروں کے پاس جانے سے توبہ کی پھر میں نے اس کے ساتھ شادی کر لی اور اس کو اپنے ساتھ ملک شام میں لے گیا **ایضاً** بھیڑیئے کے عضو خاص کو عورت کے رحم پر باندھنا بھی یہی فائدہ دیتا ہے۔ **ایضاً** بھیڑیئے کا خون احلیل پر طلا کرنا یہی طاقت رکھتا ہے۔ **ایضاً**۔ بجو کا پتا احلیل پر طلا کرنا بھی اسی کام آتا ہے۔ **ایضاً** بھیڑیئے کا خصیہ خشک کر کے پیس لیں اور روغن زیتون میں ملا کر عضو خاص پر طلا کریں اور عورت سے مقاربت کریں۔ پھر کوئی دوسرا اس پر قادر نہیں ہوسکے گا۔ **ایضاً** سیاہ مرغی اور سیاہ مرغ کا پتہ اور کوّے کا پتہ اور بھیڑیئے کا پتہ اور شہد سب کو ملا کر جو شخص احلیل پر طلا کرے اور جس عورت سے چاہے مجامعت کرے تو وہ عورت اس سے ایسا پیار کرے گی کہ پھر کوئی شخص اس پر قادر نہ آسکے گا۔ یہ نسخہ صحیح مجرب ہے اس میں کوئی شک نہیں **ایضاً** سیاہ کوّے کا پتہ اور اسی کا بھیجا ملا کر عضو تناسل پر طلا کریں اور جس سے چاہیں مجامعت کریں پھر کوئی دوسرا اس پر قادر نہیں آسکے گا۔ **ایضاً** عورت کے بال جو کنگھی کرتے وقت اس کے سر سے گرتے ہیں لے کر جلاویں اور عورت کی بے خبری میں احلیل پر ذرور کر کے مجامعت کریں تو وہ عورت اس کے سوا دوسرے سے محبت نہ کرے گی **ایضاً** بجو کا خصیہ خشک کر کے باریک کریں اور روغن گنجد میں ملا کر احلیل پر طلا کریں تو مقاربت کے وقت عجب لذت اٹھائیں اور غیر اس پر قادر نہ ہوسکے۔ ف اگر عورت چاہے کہ اس کا مرد کسی غیر کے ساتھ زنا نہ کر سکے تو اس کو چاہیئے کہ اسماء ذیل لکھ کر اپنے پاس رکھے اسماء یہ ہیں۔ عَقَدْتُ سَمْعَكَ وَبَصَرَكَ وَذَكَرَكَ لَا يَقُوْمُ اِلَّا فِي الْحَلَالِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ - ۱۱۱۶ ام ۵۵ ا ۱۷ ا ۱۲ ا ۷ ح ۷ ع ۲۶۸ اَجِيْبُوْا يَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ لِعَقْدِ ذَكَرِ فُلَانٍ + عَنِ الْحَرَامِ ــــــ **ایضاً** بجو کا گوشت خشک کر کے باریک

Marfat.com

پیس کر اور روغن بنفشہ میں ملا کر عضو تو الد پر طلا کریں اور مقاربت کریں تیرے سوا کوئی اس پر قادر نہیں آسکے گا۔ ف اگر کوئی شخص ایک زانی اور زانیہ یا کسی مرد اور عورت میں جدائی ڈلوانا چاہے تو اس کو چاہیے کہ ایک سبز درخت کی ٹہنی پر سات دفعہ لفظ بدوح لکھے پھر اس کو کاٹنا شروع کر دے اور کاٹتے وقت یہ الفاظ کہتا جائے قَطَعْتُ قَلْبَ فُلَانٍ عَنْ فُلَانٍ مَحَبَّۃَ فُلَان عَنْ فُلَانٍ ۔ پھر اس ٹہنی کو کسی پرانی قبر میں دفن کرے اور دفن کے وقت یہ آیت ذیل پڑھے اَلْیَوْمَ نَنْسَاکُمْ کَمَا نَسِیْتُمْ لِقَاءَ یَوْمِکُمْ ھٰذَا کَذٰلِکَ یَوْمَ یُنْسٰی فُلَانُ بْنُ فُلَانَۃٍ مَحَبَّۃَ فُلَانَۃُ بِنْتِ فُلَانَۃَ یَمُوْتُ قَلْبُہٗ کَمَا مَاتَ عَلَیْھِمْ صَاحِبُ الْقَبْرِ۔

# باب[۱۳۱] لذت جماع کے بیان میں

سفید مرغ کا بھیجا شہد میں ملا کر آلہ مخصوص پر طلا کرنا لذت جماع کو بڑھاتا ہے موم کو روغن زیتون میں گلا کر طلا کرنا بھی یہی کام دیتا ہے۔ ایضاً اونٹ کی کوہان کی چربی گلا کر طلا کرنے سے فریقین لذت سے مسرور ہو جاتے ہیں۔ ایضاً عاقر قرحا جماع کے وقت چباوے اور ذکر پر طلا بھی کرے تو عجیب لذت پاوے ایضاً بجو کا برازا حلیل پر مالش کرے تو بڑی لذت پاوے اور خوبی کمال پیدا ہو ایضاً بھیڑیے اور مینڈھے کا پتہ ملا کر احلیل پر طلا کرنے سے عورت لذت سے بیزار ہو جاوے ایضاً مرغی کا پتہ جماع کے وقت احلیل پر طلا کریں اور لذت جماع اٹھاویں ایضاً افیون۔ زنجبیل۔ عاقر قرحا۔ ہر ایک مساوی۔ کستوری نصف جزو سب کو باریک پیس کر روغن بلسان میں ملا کر احلیل و خصیتین کو مالش کریں۔ ایضاً بورہ ارمنی۔ شہد۔ روغن بلسان۔ سب کو ملا کر احلیل پر مالش کریں ایضاً دارچینی باریک پیس کر شہد میں ملائیں اور بوقت ضرورت عضو خاص پر طلا کریں ایضاً گاؤزرساندم کا پتہ شہد۔ زنجبیل۔ فلفل سب کو ملا کر طلا کریں ایضاً عورت کے دودھ سے آلہ مخصوص پر مالش کرنا بھی لذت جماع کو بڑھاتا ہے۔ ایضاً کبابہ کے چبانے اور احلیل پر طلا کرنے سے بھی لذت عظیم پیدا ہوتی ہے۔ ایضاً عاقر قرحا۔ زنجبیل کو باریک پیس کر روغن زنبق میں ملا

Marfat.com

کرموئے زہار و خصیتین و احلیل پر طلا کرنا لذت جماع و طاقت جماع کو قوی کرتا ہے۔

## باب ۱۳۲ عورت کی شہوت تیز کرنے اور کم کرنے کے بیان میں

اگر عورت کے اندام نہانی میں بیر بھوٹی (ایک قسم کا سرخ کیڑا ہوتا ہے جو موسم برسات میں پیدا ہوتے ہیں) بے خبری کی حالت میں رکھی جاوے تو اس کی شہوت بھڑک اُٹھے **ایضاً** اگر ایک حصہ زنگار اور نصف حصہ نوشادر پانی میں ملا کر عورت اس سے استنجا کیا کرے تو اس کی قوت اور خواہش جماع بہت بڑھ جاوے اگر عورت کی شہوت قطع کرنی چاہیں تو چاہیے کہ سُرخ بیل کا ذکر خشک کر کے اس میں سے بقدر ایک مثقال عورت کو کھلائیں شہوت جماع منقطع ہو جاوے گی۔ **ایضاً** شجرہ مریم کو نعناع کے پانی میں تسمیق کر کے نصف نصف دانگ کی گولیاں بنائیں اور ایک گولی عورت کو کھلائیں۔ عورت کی شہوت کم ہو جاوے گی۔

## باب ۱۳۳ عضو خاص کی کمزوری کا علاج

زبد البحر (سمندر جھگ) پانی میں پیس کر ذکر پر طلا کرنا اسکو موٹا کرتا ہے۔ صحیح و مجرب ہے **ایضاً** فلفل جنگلی پیاز۔ خولنجاں۔ ہر ایک ایک جزو۔ کستوری نصف جزو سب کو کوفتہ بیختہ کر کے شہد و مربہ زنجبیل میں ملائیں اور ذکر کو پہلے شیر گرم (نار فاتر) پانی سے خوب دھو کر پھر اس دوا سے خوب ملیں **ایضاً** چند جونک لے کر کسی بوتل میں ڈال کر گھوڑے کی لید میں اکیس روز تک دفن کر دیں تا کہ وہ تیل ہو جائیں پھر اس تیل سے ذکر کی مالش کیا کریں انشاءاللہ کامیابی ہو گی یہ صحیح و مجرب ہے۔ **ایضاً** جس کا عضو خاص چھوٹا ہو اور بڑا کرنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ جماع کے وقت سے اس کو مار فاتر (نیمگرم) سے اتنا ملے کہ وہ گرم ہو جاوے اور خون پھوٹ پڑے پھر اس پر مربہ زنجبیل کے شہد کی مالش کرے مفید و مجرب ہے **ایضاً** فلفل۔ سنبل۔ مساوی کوفتہ بیختہ کر کے زنجبیل کے مربہ کے شہد میں ملا کر مالش کیا کریں۔ **ایضاً** پہلے نیمگرم پانی سے آلہ مخصوص کو یہاں تک ملیں کہ سرخ ہو جاوے پھر ایک باریک کاغذ پر زفت رومی کا لیپ کر کے ذکر پر لپیٹ کریں اس کو کئی دفعہ کریں۔ **ایضاً** جونک کو کسی

Marfat.com

شیشی میں ڈال دیں اور اس کے اوپر روغن زیتون ڈالیں جس سے وہ پوشیدہ ہو جاویں پھر چند روز دھوپ میں رکھ کر تیل صاف کر لیں اور اس سے چند روز متواتر مالش کرتے ہیں۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔ ایضاً نرگس کی جڑ باریک کر کے قضیب پر ملنے سے طوالت و غلظت میں بڑھتا ہے۔

## باب ۱۳۴ فرج باردو سیلان رحم و ضیق و بدبو زائل کرنے کے علاج میں

تجربہ کاروں کا اتفاق ہے کہ ابتداء بخار میں جب کہ عورت کو بخار چڑھ رہا ہو اس سے مجامعت کرنا لذت عظیم بخشتا ہے ایسے ہی جب کہ عورت زیادہ چلنے یا سواری وغیرہ حرکت کثیر سے تھکی ماندی ہو وجہ یہ ہے کہ اس وقت رحم گرما جاتا ہے۔ جب رحم سرد ہوتا ہے تو لذت نہیں آتی پس اگر رحم بلغم کی وجہ سے سرد ہو تو اس کا علاج یہ ہے۔ کہ مازو پھٹکڑی تخم ریحان۔ پوست انار سب کو مساوی لے کر اور ایک کپڑے میں لپیٹ کر شافہ بناویں۔ اور عورت ہر روز اس کو اپنے اندام نہانی میں رکھے ایضاً بکری کی پشم کا گرد و غبار بھی بطور شافہ استعمال کرنا رطوبت زنان کو خشک کرتا ہے۔ ایضاً مازو پھٹکری۔ تخم ریحان۔ پوست انار سب مساوی کوفتہ بیختہ کر کے گائے کے پتہ میں ملاویں پھر پشم کا ٹکڑا اس میں تر کر کے عورت اپنے اندام نہانی میں رکھے اور اس پر مداومت کرنے سے تمام رطوبات بلغمیہ خشک ہو جاویں گی۔ ایضاً سنبل الطیب باریک پیس کر عرق گلاب میں تر کریں اور عورت اس میں پشم تر کر کے فرج میں رکھے اس سے اس کی بدبو دور ہو جاتی ہے ایضاً اگر عورت پھٹکڑی کو پانی میں حل کر کے اس سے استنجا کرتی رہے تو اندام نہانی تنگ ہو جاتا ہے ایضاً جفت بلوط و پوست انار کو پانی میں جوش دے کر کسی بڑے ٹب میں پانی ڈال کر عورت اس میں بقدر برداشت طبع بیٹھا کرے چند روز کے استعمال سے رحم کی برودت زائل ہو جاوے گی اور نقص دور ہو جائے گا۔ ایضاً چھال درخت صنوبر چار حصہ تخم ریحان ایک حصہ سعد کوفی ایک حصہ مازو ایک حصہ۔ سب کو کوٹ کر بہت سے پانی میں جوش دیں اور اس پانی سے عورت ہر روز طہارت کیا کرے انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔ ایضاً پھٹکڑی سرمہ سیاہ ہر ایک مساوی لے کر خوب باریک کریں اور عورت اس میں سے تھوڑا سا لے کر اندام نہانی پر چھڑکے تو بھی فائدہ حاصل ہو۔

Marfat.com

## باب ۱۳۵ نابالغ لڑکی کے بالغ کرنے اور اس کے رحم سے خون جاری کرنے کے علاج ہیں

اگر کسی لڑکی کا خون حیض جاری کرنا چاہیں تو چاہیئے کہ چونہ وصابون دونوں کو ملا کر اس میں سے بقدر دانہ باقلا اس کے فرج میں رکھے اور جماع کرے انشاء رحم کھل جاوے گا۔ اور خون جاری ہو جاوے گا ایضاً جونک خشک کر کے باریک پیس کر لڑکی اپنے فرج میں شافہ کرے اس سے بھی خون جاری ہو جاتا ہے۔

## باب ۱۳۶ ثیب کے بکر بنانے میں یعنی وطی کردہ شدہ عورت کو کنواری کی مانند کر دینا

شیخ نے کہا ہے کہ اگر کوئی شخص جاننا چاہے کہ عورت بیاہی ہوئی ہے۔ یا کنواری تو چاہیئے کہ وہ عورت رات کے وقت تھوم کی ایک تری چھیل کر فرج میں رکھے اگر صبح کے وقت تھوم کی بو اس کے منہ سے آوے تو سمجھ لو کہ بیاہی ہوئی ہے۔ ورنہ کنواری۔

اگر کوئی شخص بیاہی عورت کو غیر مستعملہ کنواری کی طرح کرنا چاہے تو چاہیئے کہ کندر زبکری کی مینگنی دونوں کو کوفتہ بیختہ کر کے بلسان کے پانی سے گوندھ لیں، اور عورت اس سے شافہ کیا کرے بکر ہو جاوے مجرب ہے ایضاً مازو کوٹ کر پانی میں جوش دیں پھر اس میں روئی کا پھویہ بھگو کر عورت اپنے اندام میں رکھا کرے ثیب سے بکر ہو جاوے۔ ایضاً بیل کے پتہ میں صوف تر کر کے عورت فرج میں رکھے اور بکر ہو جاوے ایضاً مجیبہ۔ پوست انار کو پانی میں جوش دیں اور اس کے پانی میں ریشم تر کر کے عورت مقام مخصوص میں رکھے۔ ایضاً پھٹکری۔ مازو، سنگ راسخ سب باریک پیس کر پانی میں جوش دیں پھر اس پانی میں صوف تر کر کے عورت اپنے عضو مخصوص میں رکھا کرے ایضاً جفت بلوط۔ مازو ہر ایک مساوی پانی میں جوش دے کر اس سے طہارت کیا کرے دن میں دو تین دفعہ طہارت ہونی چاہیئے ایضاً خرگوش کا پنیر بھی اندام نہانی میں رکھنے سے یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے ایضاً زنگار۔ مازو۔ پھٹکڑی ان

Marfat.com

کو پانی میں ملاکر عورت اس سے طہارت کیا کرے چند روز کی مداومت سے باکرہ ہو جاوے۔

## باب ۱۳۷ سلسل البول کے علاج میں

سلسل البول کے یہ معنی ہیں کہ بول مثانہ میں جمع ہونے سے پہلے ہی بے اختیار خارج ہو جاتا ہے۔ سبب اس کا مثانہ کا استرخاء (ڈھیلا ہونا) ہے۔ **علاج** نخود کو تیز سرکہ میں تین روز تک بھگو رکھیں۔ پھر چنے کھالیں اور سرکہ پی لیں۔ نہایت مفید و مجرب ہے۔

### تقطیر البول و حرقت البول کا علاج

تخم حرمل۔ زنجبیل۔ فرفہ۔ دارچینی، فلفل۔ ہر ایک مساوی خوب باریک پیس کر سفوف بنائیں اور صبح و شام بقدر تین ماشہ لسی کے ساتھ استعمال کریں۔ معجون ماسک البول جو مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ اور معدہ کی رطوبات کو خشک کرتی ہے۔ صفت اس کی یہ ہے۔ سعد کوفی۔ سنبل ہندی۔ اسطوخودوس۔ کندر۔ بلوط بریان ہر ایک پانچدرہم شکر سفید پندرہ درہم کوفتہ بیختہ کرکے سفوف بنائیں اور بقدر چار درم صبح و شام استعمال کریں۔ ایضاً بلوط مقشر بقدر ایک کف تین رطل پانی میں جوش دیں پھر اس کا آٹا بنا کر بقدر دو ماشہ ہر روز استعمال کریں ایضاً سرخ کبوتر کا گوشت خشک کرکے اس کا ایک درہم دو درہم دارچینی کے ساتھ استعمال کریں نہایت مفید و مجرب ہے۔ ایضاً اشنان الانی ایک بوٹی ہے جس سے سجی بنتی ہے اس کی جڑیں جلاکر راکھ بنائیں پھر اس میں پانی ڈال کر نتھار کر نہار پیا کریں چند روز میں آرام ہو جاوے گا۔ ایضاً بلوط مقشر کرکے اس کا آٹا بناویں اور ہر ایک روز بقدر سہ ماشہ کام میں لاویں۔ ایضاً لوبان سعد کوفی۔ جفت بلوط ہر ایک مساوی سب کو باریک کرکے شہد میں ملائیں اور بقدر چھ ماشہ ایک وقت استعمال کریں ایضاً بکری کے کھروں کو جلاکر راکھ بنائیں اس میں سے بقدر ایک ماشہ پانی سے پئیں۔ ایضاً گل سرخ خشک۔ آرد جو۔ دونوں کو باریک کرکے شہد و سرکہ میں ملائیں اور ایک کپڑے پر ضماد کرکے عانہ (جائے موئے زہار) پر رکھیں نہایت مفید ہے۔ ایضاً قرنفل، حرمل ایک ایک درہم شکر سفید دو درہم سب کو سفوف بنا کر بقدر سہ ماشہ کام میں لاویں ایضاً جفت بلوط ایک اوقیہ لے کر دو رات دو دن سرکہ تیز میں

Marfat.com

بھگودیں پھر خشک کر کے اس میں سماق نصف اوقیہ طباشیر ½ اوقیہ سب کو گل سرخ لبان ہر ایک ½ اوقیہ سب کو کوفتہ کر کے اور شکر سفید ملا کر سفوف بنا دیں اور بقدر ½ اوقیہ پانی کے گھونٹ کے ساتھ استعمال کیا کریں۔

**تقطیر البول کے لیے** ککڑی (ترہ) کے بیٹے پانی میں جوش دے کر پئیں۔ تخم خیارین اور تخم ریحان کے استعمال سے بھی یہی نتیجہ پیدا ہوتا ہے۔

**ایضاً** جفت بلوط مقشر کا آرد بنا دیں اور اس ہی سے بقدر ایک ماشہ پانی کے ساتھ کھا دیں۔

**معجون بلوط** سلسل البول کے واسطے نہایت مفید ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے۔ شاہ بلوط۔ سعد کوفی۔ اسطوخودوس۔ کشنیز۔ ہر ایک مساوی سب کو باریک پیس کر وزن ادویہ کے برابر شکر سفید ملا کر شہد خالص ہی گوندھ لیں اور ہر روز بقدر تین درم اس میں سے استعمال کیا کریں۔

## باب ۱۳۸ تنگی بول کے علاج میں

اس کے معنی یہ ہیں کہ بول کرنے کے وقت جلن اور درد محسوس ہوتی ہے اور بڑی تکلیف کے بعد چند قطرے نکلتے ہیں سبب اس کا مثانہ کی خشکی ہے۔ اگر خشکی کے ساتھ سردی کا اثر بھی ہوگا۔ تو پیشاب سفید بغیر خون کے ہوگا۔ علاج یہ ہے کہ آرد گندم کا شیرا دودھی استعمال کریں اور مطبوخ حلبہ جس کا ہم نے ادویہ میں ذکر کیا ہے بھی مفید ہے۔ اور اگر خشکی کے ساتھ حرارت ہو تو پیشاب کا رنگ سرخ ہوگا۔ علاج کدو کے پتوں کا پانی شکر سفید کے ساتھ پینا نہایت مفید مجرب ہے۔ نیز گائے کا دودھ شکر سفید ڈال کر بطور غذا کے استعمال کریں۔

**ایضاً** چوہے کی مینگنی۔ لوبان اور سداب کے ساتھ باریک پیس کر پانی کے ساتھ استعمال کرنا بھی اس مرض کو فائدہ دیتا ہے۔ **ایضاً** تھوم کو باریک پیس کر روغن زیتون میں ملائیں اور اس کے ساتھ گندم کی روٹی کھائیں تین یوم تک ایسا کریں انشاءاللہ آرام ہو جائے گا۔ **ایضاً** گلغہ (ایک پھول کا نام) کی جڑوں کا پانی پینا بھی عسر بول کے لیے نہایت مفید ہے **ایضاً** حب الرشاد کو پانی میں جوش دے کر تین دن تک اس کا پانی پینا بھی یہی کام دیتا ہے۔ **ایضاً** سداب کو دودھ میں جوش دے کر نہار پینا بھی نہایت مفید ہے **فائدہ** بکری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ

Marfat.com

جو شخص کیلے کے پتے پر سات دفعہ حرف ط اور ایک دفعہ حرف (د) لکھے اور اس کے ساتھ ہی ثُمَّ اسَّبِالَ یَسَّرَہٗ لکھ کر اس پتے کے عود کو دھونی دے پھر اس کو بطور تعویذ پاس رکھے تو انشاء اللہ اس مرض سے خلاصی پاوے **ایضاً** انجیر خشک۔ زیرہ سیاہ۔ دونوں کو خوب باریک پیس کر پیٹ کے اس موقعہ پر جو گردوں کے متصل ہے ضماد کریں انشاء اللہ بہت جلد بول کھل جائے گا۔

## عسر بول کا علاج

جب کہ اس میں حرقت بھی ہو۔ شاہ بلوط ایک اوقیہ سرکہ میں بھگو کر خشک کریں پھر اس میں اتنا ہی طباشیر ملا کر کوفتہ بیختہ کریں۔ اس میں سے بقدر ایک درہم صمغ عربی کے پانی کے ساتھ استعمال کریں **ایضاً**۔ کلونجی چرونجی ہر ایک ایک درہم دونوں کو پانی میں گھوٹ کر پینا بھی اس مرض میں مفید ہے۔ **ایضاً** بیخ نرگس۔ تخم ترہ تیزک۔ نانخواہ سب کو باریک پیس کر بقدر ایک درہم پانی کے ساتھ پینا بھی مفید ہے۔ **ایضاً** تخم خیار۔ تخم خربوزہ۔ اصل السوس سب کو پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے استعمال کریں۔ **ایضاً** نخود سیاہ پکا کر اس کے شوربے سے روٹی کھانا بھی پیشاب کو کھولتا ہے **ایضاً** اس تنگی بول کے لیے جو سردی سے ہو علاج زنجبیل۔ قرفہ۔ قرنفل۔ عاقر قرحا۔ فلفل ہر ایک نصف اوقیہ چرونجی۔ ایک اوقیہ حاکفل ۱/۸ اوقیہ اندر جو ۱/۲ اوقیہ بڑی الائچی نصف اوقیہ سب کو کوفتہ بیختہ کر کے نصف رطل شہد خالص میں معجون بنائیں اور اس میں سے صبح و شام بقدر ایک درہم استعمال کریں نہایت مفید ہے۔ **ایضاً** باقلای جرطب پانی میں جوش دے کر پینا بھی مفید ہے **ایضاً** تین یا پانچ لکھیاں کسی کرچھی میں روغن زیتون میں ملا کر پینا نہایت مفید صحیح و مجرب ہے۔

# باب ۱۳۹ سنگریزہ و ریگ مثانہ کے علاج میں

اس کے یہ معنی ہیں کہ قضیب میں ایک قسم کا سدہ پڑ جاتا ہے جو بول کو نکلنے سے روکتا ہے بعض اوقات اس سے مریض ہلاک بھی ہو جاتا ہے۔ سبب سدے کا کچے دانوں کا کھانا اور خراب اور غلیظ غذاؤں کا استعمال کرنا ہے علاج اول تو یہ ہے کہ قضیب کو استرے سے پھاڑیں مگر اس میں خطرہ ہے اس واسطے نسخہ ذیل استعمال کریں۔ امید ہے کہ سدہ دور ہو جائے گا

Marfat.com

اور سنگریزہ پھٹ جائے گا۔ تخم خیارین۔ تخم خربوزہ ہر ایک تین درہم۔ حب الرشاد ایک درہم صبر سقوطری ایک درہم شکر سفید ہموزن ادویہ سب کا سفوف بنائیں اور بقدر تین درم استعمال کریں۔ ایضاً سنگدان مرغ (پوٹہ مرغ کا) باریک پیس کر پانی کے ساتھ پینا بھی فائدہ دیتا ہے۔ ایضاً تخم خیارین۔ تخم خربوزہ۔ تخم ترہ تیزک۔ تخم ریحان۔ چرونجی۔ سعد کوفی۔ زیرہ سیاہ۔ ہر ایک مساوی کوفتہ بیختہ کرکے اس میں سے بقدر دو درہم روغن زیتون سے کھانا بھی فائدہ کرتا ہے۔ ایضاً تھوم ترکو روغن زیتون میں گھوٹ کر روٹی کے ساتھ استعمال کریں۔ ایضاً گدھے کی لید کا پانی نکال کر مریض کو تین یوم تک پلائیں نہایت مفید ہے۔ ایضاً ریوند چینی پانی میں جوش دے کر اس کا پانی پلانا بھی فائدہ کرتا ہے۔ ایضاً کلونجی حرمل۔ زیرہ سیاہ ہر ایک مساوی اس سے بقدر دو درہم شہد روغن زرد میں ملا کر نہار کھایا کریں تو سنگریزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ ایضاً قنفذ (سیہہ) کے ہر دو گردے نخود سیاہ کے شوربے کے ساتھ استعمال کرنے سے اس مرض کو بڑا فائدہ ہوتا ہے ایضاً کبوتر سرخ کی بیٹھال ایک درم دار چینی دو درہم استعمال کرنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ ایضاً ریوند چینی۔ فلفل۔ کرفس ہر ایک ایک درہم بیٹھال کبوتر ½ درہم سب کو ملا کر سہ چند شہد خالص میں گوندھیں اور اس میں سے بقدر ایک مثقال استعمال کیا کریں۔

## باب ۱۸۰ اس شخص کا علاج جو خون اور پیپ کا بول کرتا ہو

ترہ تیزک کے پتے پانی میں خوب پکائیں پھر صاف کرکے اس میں شہد اور گھی ملا کر استعمال کریں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں آرام ہو جاوے گا۔ ایضاً ککڑی (پنجابی میں ککڑی کو تر کہتے ہیں) کے پتے پانی میں پکا کر بقدر برداشت طبع یہ پانی پینا اس مطلب کے واسطے بہت مفید ہے ایضاً تخم گاجر بقدر ایک مثقال سفوف بنا کر ہر روز پانی کے ساتھ استعمال کریں سات دن تک کریں۔

## باب ۱۸۱ خروج مقعد (کانچ نکلنا) کے علاج میں

علاج مازو بقدر ۵ تولہ لیکر بہت سے پانی میں جوش دیں پھر اس میں پھٹکری بقدر

Marfat.com

ایک تولہ ملا دیں اور کسی بڑے برتن میں ڈال کر مریض کو اس میں بٹھا دیں۔ چند روز تک ایسا ہی کرتے رہیں یہاں تک کہ کانچ کا نکلنا موقوف ہو جاوے ایضاً ریش بزبھ (درخت بڑھ کی داڑھی) جلا کر راکھ بنا دیں پھر آرد جو، آرد مائیں خرد ہر ایک مساوی ملا کر سب کو سرکہ میں گوندھ کر مقعد پر طلا کریں اور غذا میں سرکہ ملا لیا کریں ایضاً مرغ کی چربی سے صرم (کانچ) کی تدہین کرتے رہنا اس مرض کو زائل کر دیتا ہے۔

## باب ۱۴۲ وجع خصیتین (درد خصیہ) کے علاج میں

درد خصیہ و مثانہ و قروح مثانہ کا علاج بل کا پتہ موضع ماؤف پر طلا کریں ایضاً سرکہ کسی شیشی میں ڈال کر اس میں ایک زندہ بچھو ڈال دیں اور شیشی کو چند روز دھوپ میں رکھیں تاکہ بچھو اس میں حل ہو جاوے پھر اس سے مالش کیا کریں۔ ایضاً کھجور کی گٹھلی کا آٹا۔ تخم خطمی ہر ایک مساوی سرکہ میں پیس کر ضماد کریں ایضاً کرتب کے پتے جلا کر انڈے کی سفیدی میں پیس کر موضع ماؤف پر طلا کریں ایضاً ورق سداب ورق اونٹ کٹارا کو پانی میں جوش دے کر اس پانی سے خصیوں کو دھویا کریں۔ ایضاً روغن زیتون میں ایک زندہ بچھو ڈال کر دھوپ میں رکھیں اکیس روز کے بعد صاف کریں پھر اس سے ذکر و خصیہ پر مالش کریں۔ نیز اس کو آنکھ میں ڈالنے سے آنکھوں کا چوندھیاپن دور ہو جاتا ہے ایضاً آرد باقلا پکا کر پہلے جائے مخصوص پر روغن گل کی مالش کریں پھر وہ آٹا کسی کپڑے پر لگا کر لپیٹ دیں۔

## باب ۱۴۳ ذکر و فرج کے درد و زخم کے علاج میں

توتیا ہندی (نیلا تھوتھہ) کو پیس کر دس دفعہ پانی میں دھوئیں پھر روغن چنبیلی و عرق گلاب میں ملا کر مالش کیا کریں ایضاً علک الانباط (ایک قسم کی گوند ہے) کو روغن زرد میں ملا کر مالش کریں ایضاً تخم السی باریک پیس کر عرق گلاب میں ملا کر طلا کریں۔ بس مفید ہے ایضاً ان کے زخموں کا علاج مرتک سہاگہ دونوں کو پیس کر سرکہ میں ملائیں اور تھوڑا سا آگ پر گرم کر کے اس سے مالش کیا کریں۔

Marfat.com

# باب ۱۴۴ بواسیر کے علاج میں

بواسیر جمع ہے باسور کی یہ ایک قسم کی عروق (رگیں) ہوتی ہیں جو مقعد کے کنارے کے گوشت پر پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس سے مقعد میں خارش پیدا ہوتی ہے۔ جس سے اس جگہ پر ایک آگ سی لگی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ اس کا اثر رطوبت سمیہ کے سبب سے سارے جسم میں پھیل جاتا ہے جس سے تنگی نفس۔ سانس کا پھولنا۔ پست ہمتی۔ شکستہ دلی پیدا ہوتی ہے اور اس سے رنگ زرد بدن سست۔ تمام چہرہ ورم سو جاتا ہے۔ پھر یہ رگیں دو قسم کی ہوتی ہیں۔ سیالہ (بہنے والی) جامدہ (نہ بہنے والی) اور سبب ان کا دو ردی خلطیں ہوتی ہیں جو ردی غذا کے فضلوں سے پیدا ہوتی ہیں۔ ایک تو فضلہ مائیہ یعنی وہ ردی خلط ہے۔ جو جگر سے گردوں کی طرف لیس دار سفید پانی کے ساتھ اترتی ہے اور یہ بواسیر سیالہ کا سبب بنتی ہے۔ دوسری وہ ردی خلط ہے جو جگر سے طحال کی طرف سیاہ خون کے ساتھ نازل ہوتی ہے۔ اور یہ بواسیر جامدہ کا موجب ہوتی ہے بواسیر سیالہ کا علاج یہ ہے کہ تھوم و نمک کوٹ کر شہد میں ملائیں اور ضماد کریں اور نہار وقت شہد میں تھوم ملا کر استعمال کیا کریں۔ یہ قسم بہ نسبت جامدہ کے علاج کو جلدی قبول کرتی ہے جامدہ کا علاج قطع ہے۔ مگر اس میں خطرہ ہے اور ماہر و حاذق حکما کا کام ہے۔ اس واسطے نسخہ ذیل کا استعمال کریں۔ نوشادر زرنیخ۔ نورہ نا آب رسیدہ (چونہ) ہر ایک مساوی لے کر باریک پیس لیں۔ پھر مسوں پر نشتر لگا لگا کر دوائی مذکور ان پر چھڑکتے جائیں یہ دوائی ان کے اندر گھس جائے گی اور ان کو کھائے گی اگر درد ہو اور برداشت نہ ہو سکے تو گرم گھی سے ٹکور کریں جب درد کی تسکین ہو جاوے تو پھر وہی کام کریں اور درد کی حالت میں ٹکور کرتے جائیں یہاں تک کہ تمام سے کٹ جائیں پھر نمک و تھوم پیس کر اس پر ضماد کر دیں ایضاً تھوم زنجبیل۔ سداب ہر ایک مساوی کو باریک کر کے شہد میں ملا کر کھانے اور مسوں پر ضماد کرنے سے ہر دو قسم کی بواسیر سیالہ و جامدہ دور ہو جاتی ہے۔ غذا: اس مرض میں چوزہ مرغ کا شوربہ اور گندم کی روٹی ہونی چاہیئے اور ہر ایک ترش چیز اور سرد و تر اغذیہ و ادویہ سے پرہیز کرنا چاہیئے ایضاً صمغ عربی ایک مثقال۔ ایک اوقیہ روغن زرد کے ساتھ کھا دیں ایضاً زرد کوڑی ایک

Marfat.com

عدد عرق لیموں میں گلا کر استعمال کیا کریں چند روز کے استعمال سے کمال فائدہ ہوگا ایضاً سرسوں کی جڑیں پانی میں گوشت کی طرح پکا کر اس کا پانی نہار پینا بھی فائدہ کرتا ہے ایضاً تخم گندنا ایک حصہ۔ شہد خالص دو حصہ۔ گندنا کوٹ کر شہد میں ملائیں اور صبح و شام ۱/۲ ۱ تولہ استعمال کیا کریں۔ نہایت صحیح و مجرب ہے ایضاً زنگار۔ نیلا تھوتھہ۔ بارود ہر ایک ایک حصہ موم سفید دو حصہ سب کو آٹھ حصہ روغن زیتون میں ملا کر آگ میں پکائیں اور طبخ کی حالت میں تھوڑا سا گھی اور سرکہ بھی ملا دیں جب مرہم کا قوام ہو جاوے تو اتار لیں اور بواسیر پر لگایا کریں ایضاً مسوں کی جڑوں کو کسی مضبوط دھاگہ سے باندھ لیں پھر سوئی کے ساتھ داغ دیں کئی دفعہ داغ دیں یہاں تک کہ مسے زائل ہو جاویں۔

تھوم اور شہد کا کھانا اس بیماری میں تمام چیزوں سے زیادہ مفید ہے۔

ایضاً کاسنی کو آگ پر پھاڑ کر اس میں شکر سفید ملا کر ہر صبح پینا بھی مفید ہے ایضاً تھوم مقشر۔ جوز مقشر۔ تخم جرجیر ہر ایک مساوی لوبان ذکر نصف حصہ سب کو باریک پیس کر شہد خالص میں ملا دیں اور کچھ روغن زرد بھی شامل کریں اور اس میں سے ہر صبح و شام بقدر ایک اوقیہ استعمال کیا کریں ایضاً برگ ریحان کا پانی نچوڑ کر شہد میں ملا کر پکائیں جب پانی خشک ہو جاوے تو شہد استعمال کریں۔ ایضاً تخم حنظل بقدر ایک درہم روغن زرد میں استعمال کرنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ ایضاً تھوم تر۔ سرکہ تیز۔ نیلا تھوتھہ۔ فلفل۔ تخم خرز سب کو مرہم کی شکل میں لا کر ضماد کرنا بھی بواسیر کو قطع کرتا ہے۔ ایضاً فلفل۔ جائفل۔ فرفیون حب السلاطین سنا مکی سب مساوی کوفتہ بیختہ کر کے شہد میں ملائیں اور بقدر ایک درہم ہر روز استعمال کریں۔

**بواسیر ریحی کا علاج** پہلے مسہل لیں پھر تریاق جس کا ذکر معجونات کے بیان میں آئے گا استعمال کریں۔ ایضاً پہلے مسہل لیں اس کے بعد لعاب بہدانہ میں شکر سفید ملا کر چند روز تک استعمال کرتے رہیں۔

## باب ۱۴۵ عرق النساء، رینگن واؤ کے علاج میں

یہ ایک قسم کا درد ہوتا ہے۔ جو ران سے لے کر قدم تک پہنچتا ہے۔ اس کا سبب برودت و

Marfat.com

یبوست کی کثرت ہوتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے واسطے عربی دنبہ کی الیہ (چکی) گلا کر پینے کا حکم کیا کرتے تھے۔ تین روز میں مریض اچھا ہو جاتا ہے۔ حضرت انس کہتے ہیں کہ میں نے یہ دوائی ایک ہزار تین سو آدمی کو بتلائی سب اچھے ہو گئے اور اگر دنبہ کی چکی شہد اور روغن زرد ملا کر استعمال کریں تو زیادہ مفید ہے۔ ف اس مرض کے علاج کا کلیہ قاعدہ یہ ہے کہ اخلاط ردیہ فضلات فاسدہ کو بدن سے خارج کریں اور اس کے واسطے سب سے عمدہ طریقہ قے کرداتا ہے جب بدن صاف ہو جاوے تو خردل یا یاسمین بری کو گھوٹ کر ران بلکہ ساری ٹانگ پر ضماد کرنا چاہیئے سب سے زیادہ مفید دوائی اس مرض میں دریاس ہے۔ اس کے بعد جنگلی چنبیلی ہے اس کے بعد گندھک آملہ سار ہے ان اشیاء کو مریض کو حمام میں داخل کرنے کے بعد اس کے موضع ماؤف پر ضماد یا طلا کراویں بعض حاذق حکماء کا قول ہے کہ شیطرج ہندی اس مرض میں سب سے عمدہ علاج ہے اس کی لکڑی کو کوفتہ بیختہ کر کے اس میں چربی ملا کر ران پر بلکہ ساری ٹانگ پر ضماد کریں پھر مریض کو حمام میں لے جاویں جب پسینہ آنے لگے اور مریض عضو میں لذع محسوس کرنے لگے تو اس دوا کو اتاریں اور عضو کو روغن گنجد سے مالش کریں اور ٹانگ کسی موٹے گاڑھے کپڑے میں لپیٹ دیں اگر مریض کو اٹھا کر حمام میں داخل کریں گے تو وہ اپنے پاؤں پر چلتا ہوا نکلیگا اگر بالفرض کچھ درد باقی رہ جاوے تو ایک ہفتہ کے بعد پھر یہی تدبیر کریں ایضاً خردل و چربی کا ضماد بھی اس ترکیب سے یہی فائدہ دیتا ہے۔ فرفیون و چربی بھی اسی تدبیر بالا سے اس مرض میں مفید ہے۔ ایضاً بکری کی مینگنی سرکہ میں پکا کر طلا کرنا بھی عرق النساء کے واسطے مفید ہے ایضاً جوز الطیب کا عرق ایک مثقال پینا بھی اس میں نہایت مفید ہے ایضاً مجیٹھ بقدر دو درہم کوفتہ بیختہ کر کے شہد میں ملا کر استعمال کرنا بھی ہر ایک کی وجع المفاصل کو زائل کرتا ہے خصوصاً عرق النساء کو تو نہایت فائدہ کرتا ہے ایضاً پودینہ ہندی گھونٹ کر طلا کرنے سے عرق النساء کو دور کرتا ہے ایضاً دانہ حرمل بقدر ۱½ مثقال ہر روز پانی کے ساتھ پھانکنا بارہ روز میں فائدہ کرتا ہے۔ ایضاً قشر درخت جوز ہندی (اخروٹ کا چھلکا) یا یاسمین بری (جنگلی چنبیلی) ہر دو مساوی کوٹ کر بیمار جگہ پر طلا کریں۔ رات ساری رہنے دیں صبح کے وقت دوا دور کر دیں اس جگہ سے ایک قسم کا پانی بہتا ہوگا پھر اس پر گرم گھی سے ٹکور کریں اور کسی مرہم سے

Marfat.com

زخم کو بھر دیں ایضاً کعب (ٹخنہ) کے چار انگل اوپر داغ دینے سے بھی کمال فائدہ ہوتا ہے ایضاً کسی قسم کی بوسیدہ ہڈی لے کر خوب باریک کر کے اس میں سانپ کی چربی ملا دیں اور بیس روز تک درد کی جگہ پر ملتے رہیں ایضاً چمگادڑ کے گوشت کو کسی روغن میں پکا کر اس تیل کی مالش کریں۔ ایضاً شجرہ مریم خشک کریں اس میں بقدر ایک درہم آرد گندم میں ملا کر اس کی روٹی کھایا کریں صحیح و مجرب ہے۔

## باب ۱۴۶ فالج (اور لنگ) کے علاج میں

فالج کے معنی یہ ہیں کہ انسان کا تمام بدن یا ایک حصہ بے حرکت ہو جاتا ہے اس کا سبب برودت و یبوست کی کثرت ہوتی ہے علاج پہلے مسہل سوداء دیں۔ پھر روغن زیتون سے روغن گنجد میں نمک۔ نطرون۔ مصطگی ملا کر آگ پر چڑھائیں جب ادویہ کا اثر تیل میں آ جاوے تو اس سے مریض کے بدن پر خوب زور سے مالش کریں اور غذا وہ کھاویں جو ہم نے سکتہ کے باب میں ذکر کی ہے۔ مالش کے بعد مریض کے بدن پر کپڑا اڑھا دیا کریں یہی علاج کئی دفعہ کرتے رہیں۔ انشاء اللہ شفا ہو جاوے گی۔

## باب ۱۴۷ برص کے علاج میں

**تعریف** یہ ایک قسم کی سخت سفیدی تمام بدن میں یا اس کے بعض حصہ میں ہوتی ہے جو تمام بدن میں سرایت کر جاتی ہے اور بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ تمام بدن گھیر لیتی ہے یہ نہایت ردی اور مزمن بیماری ہے اس کا سبب خلط بلغمی کی کثرت ہوتی ہے جو بدن میں مستحکم ہو جاتی ہے۔ علاج پہلے بلغم کا مسہل لیں پھر بڑا پیاز گرم خاکستر میں بھونیں اور اس کا پانی نچوڑ کر اس میں تخم ترب کو خوب پیسیں اور رکھ چھوڑیں اور موضع ماؤف پر مالش کریں ایک رات دن مالش کے بعد پھر گرم پانی سے غسل کیا کریں اگر ایک ہفتہ تک اچھا ہو جاوے تو فبہا ورنہ پھر مسہل لیں پھر اسی دوا کی مالش کریں اس طرح ہر ہفتہ یا ماہ میں دو دفعہ مسہل لیا کریں اور مسہل لے کر طلا کیا کریں یہاں تک کہ آرام ہو جائے اور غذا اس

Marfat.com

حالت میں عمدہ گندم کی روٹی اور یکسالہ دنبہ کا گوشت جس میں گرم مصالحہ خوب پڑے ہوئے ہوں استعمال کیا کریں نیز ہر روز شہد اور تھوم ملا کر کھایا کریں اس تدبیر سے بہت جلد آرام ہو جاوے گا۔

ایضاً حنظل کی جڑ۔ جال کی جڑ۔ ہر دو مساوی دونوں کو خوب پیس کر سیاہ گائے کے دودھ میں ملا دیں اور بکری کو ذبح کر کے اس کی گرما گرم جلد اتار کر اس میں وہ دودھ ڈال دیں اور خوب ملا کر اس میں سے تھوڑا سا پی جائیں اور باقی بدن پر مل کر دھوپ میں بیٹھ جائیں اور اس جلد کو مریض کو پہنا دیں انشاء اللہ ایک دن میں اچھا ہو جاوے گا۔ ایضاً جنگلی چنبیلی کی جڑ۔ اکاسن بیل۔ حنظل کی جڑ سب کو خشک کر کے باریک پیس لیں پھر شہد خالص میں گوندھ لیں۔ اور ہر روز بقدر ایک درہم کھایا کریں۔ ایضاً ابابیل کا گوشت لے کر اس میں تھوڑا سا چونہ اور روغن لگا دیں اور دھوپ میں رکھ دیں یہاں تک کہ خشک ہو جاوے پھر روغن زیتون کسی کوزہ میں ڈال کر اس میں وہ سوکھا گوشت ڈال دیں اور کوزے کو کسی کوڑے میں دفن کر دیں ایک ہفتہ کے بعد نکال کر اس میں خردل (رائی) رگڑ کر برص پر لگایا کریں ایضاً تخم اطریلال (کاگ جنگا) جال (ون کا درخت) سرکہ تیز۔ شہد۔ کاگ جنگا اور جال کی جڑ کو سرکہ و شہد میں رگڑیں اور برص کی جگہ کو رگڑ کر اس پر وہ دوا طلا کریں ایضاً زعفران پیس کر گندھک محلول میں شامل کریں اور برص کی جگہ پر طلا کریں۔ اسی روز آرام ہو جاوے گا۔ ایضاً شیطرج ہندی۔ مجیٹھہ۔ تخم ترب ہموزن سب کو سرکہ میں گھوٹ کر برص پر طلا کریں اور دھوپ میں بیٹھیں پھر غسل کر ڈالیں۔ ایضاً زنگار۔ شہد۔ زنگار کو شہد میں حل کر کے برص کی جگہ کو گرم پانی سے دھو کر طلا کریں انشاءاللہ آرام ہو جاوے ایضاً زرنیخ۔ توتیا۔ تخم ترب سب ہموزن باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا دیں اور برص کی جگہ کو رگڑ کر طلا کریں تین روز میں آرام ہو جاوے۔ ایضاً۔ زنگار تخم تخم ترب تخم باچی سب ہموزن باریک پیس کر سرکہ تیز میں ملا دیں اور برص کی جگہ کو کسی کپڑے وغیرہ سخت چیز سے رگڑ کر طلا کریں۔ ایضاً تخم پنواڑ کو سیاہ گائے کے بول میں ڈبو دیں اور چالیس روز تک کسی گڑھے میں دفن کر رکھیں۔ پھر نکال کر خوب باریک پیسیں۔ پھر اس میں شہد ملا کر برص پر طلا کریں انشاء اللہ سات دن میں آرام ہو جاوے گا ایضاً برص کا علاج

Marfat.com

کتابت سے اسماء ذیل کاغذ پر لکھ کر ان کو پانی سے دھودیں اور اس پانی سے غسل کریں اسماء یہ ہیں کہیعص حمعسق کو تین گھڑی رات گذرے ہوئے لکھے۔

## باب ۱۴۸ جذام کے علاج میں

علامت اس مرض کی یہ ہے کہ آواز میں حدت و غنہ ہوتی ہے یعنی آواز تیز ہو جاتی ہے اور باوجود اس کے ناک میں بولتا ہے۔ یہ بیماری ناک کے اطراف کو کھا لیتی ہے انگلیوں کا گوشت کم ہو جاتا ہے طبیعت میں یبوست آجاتی ہے۔ حرارت رویہ کا غلبہ ہو جاتا ہے سبب اس کا مادہ سوداء کا مستحکم ہونا ہوتا ہے۔ علاج اس کا چھ ماہ تک ممکن ہے اس کے بعد ایک سال تک مشکل ہے اس کے بعد محال ہے۔ پس جب ان علامتوں میں سے کوئی علامت ظاہر ہونے لگے تو علاج کی طرف متوجہ ہو جانا چاہیے اور سب سے پہلے خلط سوداوی کا استفراغ کرنا چاہیے۔ پھر معجون ذیل کا استعمال کرنا چاہیے۔ ثوم۔ مقشر۔ کنوار۔ گندل کا گودہ ہر ایک مساوی ہر دو کو پیس کر روغن زرد۔ شہد خالص میں ملائیں اور آگ پر قوام معتدل کریں اور اس میں بقدر برداشت طبع سوتے وقت استعمال کیا کریں۔ غذا اس حالت میں چوزہ مرغ کا شوربہ اور گندم کی روٹی اور شہد و روغن زرد ہونی چاہیے اور اس کے ماسوا پرہیز کرنا چاہیے اور ہر ہفتہ میں ایک دفعہ ایک مہینہ میں دو دفعہ مریض کی قوت وضعف کے موافق اسہال لیا کریں کہتے ہیں کہ اگر صرف شہد خالص و روغن زرد عمدہ ہر ایک مساوی لے کر ان میں گائے کا تازہ دودھ ملا کر پیا کریں تو اس مرض اور ہر ایک سوداوی مرض کو رفع کرتا ہے۔ ایضاً حرمل کا پودا سارا کا سارا مع جڑوں وغیرہ کے اکھاڑ کر پانی میں جوش دیں اور اس پانی سے نہایا کریں اور سر پر بہت پانی ڈالا کریں شفا ہو جاوے گی۔ ایضاً معجون ذیل کا استعمال کریں کہ نہایت مفید ہے۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ کشنیز۔ کلونجی، گندم بریان۔ نخود بریاں خشخاس۔ سمسم۔ بادیان۔ فلفل۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ اندرجو۔ جوز الطیب۔ تخوم۔ الائچی خورد۔ حرمل۔ صعتر۔ بزرکتان۔ نانخواہ۔ چرونجی ہر ایک ایک حصہ زعفران ½ حصہ۔ شہد خالص۔ زیتون۔ روغن زرد [illegible] ایک مساوی ادویہ ماقبل کو فتہ بیختہ کر کے باقی اشیاء

Marfat.com

سائلہ میں ملاکر کسی روغن دار برتن میں ڈال کر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھ چھوڑیں پھر اس سے بقدر ایک اوقیہ ہر روز صبح کے وقت کھانا شروع کریں۔ جذام کے علاوہ یہ معجون تحلیل العقل۔ کثرت سوداء و بلغم۔ جرب۔ دیدان۔ ریح۔ درد جگر۔ ورم طحال وسواس کو بھی فائدہ کرتی ہے۔

## باب ۱۴۹ جنون و وسواس کے علاج میں

حکیم جالینوس کا قول ہے کہ گدھ کا دماغ کھانا صاحب جنون کو کمال فائدہ دیتا ہے نیز مرغ کے سر کی کلغی (زاج) کا نچور (دھونی دینا) بھی اس مرض میں مفید ہے۔ ایضاً سوسہ کوٹ کر پانی میں پکائیں اور وہ پانی مریض کو پلائیں امید ہے کہ تین یا سات روز کے پینے سے نفع بیں معلوم ہوگا۔ ف جو شخص شیطان رجیم کے وسواس سے بچنا چاہے اسے چاہیے کہ دعا ذیل پڑھتا رہا کرے دعا یہ ہے یَا اللّٰہُ الرَّقِیْبُ الْحَفِیْظُ الرَّحِیْمُ یَا اللّٰہُ الْحَیُّ الْحَلِیْمُ الْعَظِیْمُ الرَّؤُفُ الْکَرِیْمُ یَا اللّٰہُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَائِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ حُلْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ عَدُوِّیْ[۱] دیگر غزالی کی خاتم جس کا ذکر گذر چکا اور آیۃ الکرسی اور[۲] اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّھُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ۔ ایک سونے یا چاندی یا تانبے یا قلعی کے برتن میں لکھ کر پانی میں مٹا اور حل کر کے تین روز صبح خالی پیٹ پئیں۔

## باب ۱۵۰ احتلام کے دفع کرنے میں

اس مرض میں اگر مریض سوتے وقت سورۂ والسماء پڑھ لیا کرے تو احتلام سے محفوظ رہے۔ ایضاً اگر سوتے وقت انسان اپنے دائیں ران پر آدم اور بائیں ران پر حوا لکھ لیا کرے۔

---

[۱] ترجمہ اے اللہ نگہبان و حفاظت کرنے والے رحم کرنے والے اے اللہ زندہ رکھنے والے نرمی کرنے والے عظمت مہربان و فضل کرنے والے اے اللہ زندہ اور قائم رکھنے والے خود ہمیشہ قائم رہنے والے ہر نفس پر اس چیز کے ساتھ جو کچھ کہ اس نے کمایا میرے اور میرے دشمن کے درمیان حائل ہو۔ [۲] ترجمہ پرہیزگار لوگوں کو شیطان کی طرف سے جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اللہ کو یاد کرتے ہیں تو ان کو بصیرت حاصل ہو جاتی ہے ۱۲

Marfat.com

تو کبھی احتلام نہ ہو۔

## باب ۱۵۱ ملعونہ یعنی آکلہ (گوشت خورہ کے علاج میں

ٹھگر دیل کی جڑ ایک تولہ سے الفار زرد ایک رتی۔ دونوں کو کوٹ کر ملا دیں اور دنبہ کی چربی میں شامل کر دیں۔ پھر زخم کے منہ کو گرم روغن زرد سے چیڑ کر اس پر اس دوا میں سے بقدر ایک رتی دھوڑ دیں۔ کئی روز تک ایسا ہی کرتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ یہ مرض ملعون دفع ہو جاوے گی ایضاً زنگار ایک اوقیہ۔ سم الفار زرد ایک ماشہ دونوں کو ملا کر سفوف سا بنا لیں۔ پھر زخم کے منہ پر شہد چیڑ دیں۔ اور اس پر دوا مذکور میں سے بقدر حاجت چھڑک دیں مگر خیال رہے کہ یہ دوا تازہ گوشت یا رقیق جگہ پر نہ پڑے دوا صرف اس جگہ پر پڑنی چاہیئے جو گلی ہوئی ہو۔ شہد اور زردی بیضہ ملا کر آکلہ کے منہ پر لگانا بھی مفید ہے ایضاً اگر گوشت خورہ ہاتھ میں ہو تو اس کو تیزاب سے جلا دینا چاہیئے۔ اگر تیزاب میسر نہ ہو تو زرنیخ اصفر (ہڑتال زرد) اس پر دھوڑنی چاہیئے ایضاً بسکھپرہ بوٹی ایسے روز اکھاڑ کر لاویں کہ اس روز نہ ہوا ہو نہ بادل اکھاڑ کر سایہ میں خشک کریں اور باریک پیس کر خبیث زخم کے منہ پر چھڑکیں ایضاً نخود سیاہ پانی میں پکائیں۔ جب پھول پکائیں تو نخود کو اسی پانی میں پیس کر آکلہ کی جگہ پر لگا دیں انشاء اللہ آرام ہو جاوے ایضاً جنگلی پیاز کی جڑ۔ تخم کبر۔ تخم درباس۔ تخم ٹھگر دیل بوسیدہ ہڈی سب کو پیس کر روغن زرد اور تھوڑا سا پانی ڈال کر پکا دیں۔ جب مرہم کا سا قوام ہو جاوے تو اتار لیں اور اس سے تدہین کرتے رہا کریں۔

## باب ۱۵۲ بہت جننے والی عورت کے بیان میں

اگر عورت حاملہ ہونا نہ چاہے تو چاہیئے کہ ایک درہم کافور کھا جاوے پھر کبھی بچہ نہ جنے۔ ایضاً خصی دبنے کا بول پینے سے عورت کو حمل نہیں ٹھہرتا۔ ایضاً گدھے کے کان کی میل پینے سے بھی حمل قرار نہیں پکڑتا ایضاً اگر عورت نعناع کے پتے اپنے پاس رکھے تو جب

Marfat.com

تک پیتے اس کے پاس رہیں گے حمل نہیں ہوگا ایضاً اگر عورت کاسنی کے پھولوں کو پانی میں گھوٹ کر حیض کے بعد پی جاوے تو حاملہ نہ ہو۔ ایضاً اگر عورت خرگوش کا دل نعناع کے ساتھ پاس رکھے تو حاملہ نہ ہو ایضاً تخم ارنڈ کا حلوا بنا کر کھانے سے بھی حمل قرار نہیں پکڑتا ایضاً اگر مرد جماع کے وقت تھوڑی سی افیون احلیل کے منہ میں رکھ کر جماع کرے تو نطفہ فاسد ہو جاوے اور تولید کے قابل نہ رہے ایضاً اگر مجیٹھ بکا کر اس کا پانی نہار پیا جاوے تو ہرگز حمل نہ ٹھہرے ایضاً اگر تھوڑی سے پھٹکڑی پانی میں حل کر کے مرد اپنے ذکر پر طلا کرے یا عورت تھوڑی سی پھٹکڑی پیس کر فرج میں رکھ لے اور پھر مقاربت کریں تو حمل نہ ہو فت جس عورت سے بکثرت جماع کیا جاوے وہ عقیمہ (بانجھ) ہو جاتی ہے۔ ایضاً اگر ہر دو عورت جماع سے پہلے روغن سے تدہین کر لیا کریں۔ تو حمل نہ نہ ٹھہرے ایضاً اگر روسیاہ مرغی کے پتہ کو ذکر پر طلا کر کے جماع کیا کرے تو عورت کبھی حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت کسی بچے کے اس دانت کو جو زمین پر نہ گرا ہو کسی کپڑے میں باندھ کر پاس رکھے تو ہرگز حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت ایک اوقیہ سندروس کھا جاوے تو کبھی حاملہ نہ ہو۔ ایضاً اگر عورت ہر مہینے حیض کے بعد خچر کا بول پی لیا کرے تو حمل سے رہ جاوے ایضاً سداب و نعناع کا پانی پینے سے بھی عورت کو حمل نہیں ہو سکتا۔ ایضاً اگر سرطان بیسکر گدھی کے دودھ سے ٹکیہ بنا دیں اور عورت کے بائیں بازو پر باندھیں تو جب تک وہ بندھا رہے گا عورت حاملہ نہ ہوگی ایضاً اگر عورت آنکھ بند کر کے ارنڈ کا ایک دانہ نگل جاوے تو ایک سال تک حاملہ نہ ہو سکے دو دانہ نگلے تو دو سال تک تین نگلے تو تین سال تک چار نگلے تو چار سال تک حاملہ نہ ہو ایضاً اگر چمگادڑ کا سر عورت کے سر کے نیچے رکھا جاوے تو اس روز حمل قبول نہ کرے ایضاً اگر عورت اونٹ کے منہ کی جھاگ (جگالی) جو مستی کے وقت اس کے منہ سے نکلتی ہے پی جاوے تو ہرگز حاملہ نہ ہو ایضاً چمگادڑ کو ذبح کر کے اس کے پیٹ کی آلائش دور کریں اور باقی کسی تکیہ میں بھر دا کر عورت بطور سرہانہ استعمال کیا کرے جب تک وہ تکیہ اس کے سر کے نیچے رہا کرے گا حاملہ نہ ہوگی۔

## باب ۱۵۳ اس بات کے معلوم کرنے میں کہ آیا عورت حاملہ ہے یا نہیں

صاحب الخواص نے کہا ہے کہ اگر معلوم کرنا چاہیں کہ عورت حاملہ ہے یا نہیں تو عورت کو

Marfat.com

چاہیئے کہ ایک دانہ تھوم چھیل کر اس میں چند جگہ سوئی سے چھیدے اور رات کے وقت اندام نہانی میں رکھ کر سو جاوے اگر صبح کے وقت اس کی بو منہ سے آوے تو جان لے کہ حاملہ نہیں ہے ورنہ حاملہ ہے اگر یہ معلوم کرنا چاہیں کہ حمل نر ہے یا مادہ تو عورت کے ہر دو ٹخنوں کو دیکھیں اگر وہ صاف اپنی اصلی حالت پر ہوں تو حمل نر ہے اگر سبز ہو گئے ہوں تو جان لو کہ مادہ ہے دیگر اگر عورت کا دائیں طرف بھاری ہو تو نر ہوگا اور اگر بائیں طرف بھاری ہوگا تو مادہ ہے ف اگر عورت خرگوش نر کا پنیر اس کے ہر دو خصیہ کے ساتھ کھا جاوے تو لڑکا جنے اور اگر خرگوش مادہ کا پنیر کھاوے تو لڑکی پیدا ہو صاحب خواص کا قول ہے کہ اگر وہ عورت جس کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یہ معلوم کرنا چاہے کہ میرا حمل کبھی ٹھہرے گا یا نہیں تو اسے چاہیئے زراوند حرج کو گائے کے پتہ میں پیس کر حیض سے فارغ ہونے کے بعد ایک رات حمول کرے اگر صبح کو اس کا ذائقہ مونہہ میں معلوم کرے تو جان لے کہ حاملہ ہو جاوے گی ورنہ نہیں۔

# باب ۱۵۴ حمل نہ ہونے کے علاج میں یعنی حمل ٹھہرانے کے بیان میں

یاد رہے کہ حمل کا نہ ٹھہرنا کئی وجوہات سے ہوتا ہے کبھی تو رحم میں کسی قسم کی گرہ پڑ جاتی ہے۔ کبھی رحم کا منہ منقلب ہو جاتا ہے کبھی رحم اپنی جگہ سے اونچا ہو جاتا ہے۔ اگر رحم میں گرہ پڑ گئی ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ پھول کلفہ خشک کر کے آش جو میں پکائیں اور تھوم ڈال کر چند روز استعمال کریں اور غذا نہایت پاکیزہ ہونی چاہیئے اگر رحم الٹا ہو یا اونچا ہوا ہو تو عورت کو چاہیئے کہ حلبہ کو پانی میں جوش دے کر اس کے پانی سے حمول کرے اور پیٹ اور پیٹھ پر بھی ملے۔ کبھی رحم کے الیاف سست ہو جایا کرتے ہیں اس کی علامت یہ ہے کہ نطفہ جلد گر جاتا ہے اور عورت مجامعت کے بعد ہولناک خواب دیکھتی ہے۔ علاج یہ ہے کہ گندنا کی جڑیں روغن زرد میں جوش دیں اور بقدر برداشت طبع اس روغن کو پی جاویں اور پیٹ اور پیٹھ پر اس روغن کی مالش بھی کریں پھر عورت کا خاوند اس سے مجامعت کرے

Marfat.com

ایضاً اگر سیاہ گائے کا پتہ روغن زرد میں ملا کر اس میں صوف کا ٹکڑا تر کرکے عورت حمول کرے۔ پھر تین روز کے بعد خاوند اس سے مجامعت کرے انشاء اللہ باردار ہو جاوے اگر چربی و گوشت کی زیادتی سے رحم کا منہ بند ہو جس کے سبب سے نطفہ قرار نہ پاتا ہو تو یہ نسخہ کام میں لادیں۔ سیاہ گائے کا پتہ۔ زیرہ کرمانی۔ مصطگی۔ تخم حنظل سب کو کوٹ کر روغن بلسان روغن سوسن میں ملائیں اور صوف بھگو کر عورت اس سے شافہ کرے پانچ روز تک یہ عمل کرنے کے بعد پھر اس کا خاوند مجامعت کرے انشاء اللہ حاملہ ہو جاوے اگر رحم میں تشنج ہو تو اس کا علاج یہ ہے مکری کی چربی سے روغن نکال کر اس میں گائے کا دودھ ملادیں اور عورت اس سے اپنے فرج کی تدہین کرے چند روز کے بعد خاوند سے مجامعت کرے اگر رحم میں ریح ہو جس کی علامت یہ ہوتی ہے کہ عورت مجامعت کے ساتھ ہی نطفہ گرا دیتی ہے تو اس کا علاج یہ ہے کہ گائے کے پتے میں اسبغول پیس کر صوف میں لپیٹ کر عورت چند روز حمول کرے پھر خاوند اس کے ساتھ مجامعت کرے ایضاً زنگار۔ فلفل۔ حب الرشاد۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ خرگوش نر کا پنیر۔ نوشادر سب مساوی کوفتہ بیختہ کرکے شہد خالص میں ملا کر حیض سے پاک ہونے کے بعد چند روز تک اس دوا میں سے حمول کیا کرے ایضاً ہدہد کے گوشت کا شوربہ نہار پینا بھی یہی فائدہ دیتا ہے ایضاً کلفہ باریک پیس کر ماء الشعیر میں پکا کر چند روز استعمال کرنے سے یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے ایضاً زنجبیل۔ فلفل۔ جوز الطیب سب ہموزن فرفیون ۱/۲ حصہ سب کو باریک پیس کر گائے کے گوشت میں ملا کر بھونیں اور حیض سے پاک ہونے کے بعد عورت استعمال کرے چند روز کے بعد اس سے مجامعت کی جاوے انشاء اللہ حاملہ ہو جاوے ایضاً بیضہ مرغ کو جلا کر خاک کریں۔ اور وہ خاک پانی میں ڈال کر نہار پی جاویں۔ کامیابی ہو جاوے ایضاً محلب و قرنفل ہر دو مساوی کوٹ کر شہد میں ملادیں اور حیض سے پاک ہونے کے بعد عورت چند روز اس کو بطور شافہ کام میں لاوے پھر اس سے مجامعت کی جاوے ایضاً بلی کا پتہ لے کر اس میں صوف تر کریں اور کسی قدر روغن بلسان۔ روغن ناردین۔ روغن بان ملا کر عورت اس سے حمول کرے بفضلہ تعالیٰ حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر عورت ایام حیض میں

Marfat.com

ہر روز تین دفعہ مرد کے بالوں کی دھونی لے۔ پھر حیض سے پاک ہونے کے بعد خاوند اس سے مجامعت کرے حاملہ ہو جاوے ایضاً ابن اسحاق کہتا ہے کہ اگر دانہ ارنڈ کو ایک رات و دن پانی میں تر کرکے اس میں عورت صوف بھگو کر حمول کرے۔ پھر خاوند اس سے مجامعت کرے۔ تو حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر خرگوش کا پنیر لے کر جماع سے پہلے اس کا حمول کر کے اس سے مجامعت کی جاوے تو انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر عورت کتے کے بول میں صوف تر کرکے حیض کے بعد حمول کرے اور پھر خاوند اس سے مجامعت کرے حاملہ ہو جاوے ایضاً خرگوش کا پنیر۔ اور اس کی مینگنی اور شہد ہر ایک مساوی باہم خلط ملط کرکے اس میں صوف تر کرکے عورت تین روز تک حمول کرے اور ان ایام میں ہاتھی دانت کا برادہ بھی بقدر ایک ماشہ ہر روز استعمال کرتی رہے۔ پھر اس سے مجامعت کی جاوے حاملہ ہو جاوے ایضاً سوسن کی جڑ۔ خرگوش کی مینگنی۔ بادام کی گوند ہر ایک دو درہم سب کو باریک کرکے روغن بان میں ملائیں اور اس میں صوف تر کرکے عورت نو روز تک حمول کرتی رہے پھر اس سے مجامعت کی جاوے حاملہ ہو جاوے ایضاً زعفران۔ رمیعہ۔ مصطگی ہر ایک دو درہم موم سفید چار درہم روغن ناردین یا روغن گل آٹھ درہم روغن و موم کو گلا کر باقی ادویہ کوفتہ کرکے ملا دیں اور مرہم کا سا قوام کرکے اٹھا رکھیں۔ پھر اس میں سے صوف تر کرکے عورت اس سے حمول کیا کرے۔ چند روز کے بعد اس سے مجامعت کی جاوے ایضاً کا پھل۔ خرگوش کے بال۔ سداب خشک ہر ایک مساوی لے کر کوفتہ بیختہ موم سفید کے ساتھ ملا کر قرص بنا لیں اور حیض سے پاک ہونے کے بعد عورت اس سے دھونی لیوے نہایت جلدی حاملہ ہو جاوے صحیح و مجرب ہے ایضاً اک کی جڑیں باریک کرکے پانی میں ڈالیں اور اس میں گندم کے دانے ڈال کر جوش دیں جب دانے پھول جاویں نکال کر خشک کریں اور پیس کر اس کا حلوا بنا کر تین روز تک نہار استعمال کرے انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے ایضاً خرگوش نر کی گھیری اور اوجھڑی اگر حیض کے بعد بھون کر کھاوے تو حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر عورت کو اس کی لاعلمی میں گھوڑی کا دودھ پلا دیا جائے اور اس کے ایک گھنٹہ بعد اس سے مجامعت کی جاوے تو حاملہ ہو جاوے۔ صحیح و

Marfat.com

مجرب ہے۔ ایضاً اگر عورت جماع سے پہلے نعناع بستانی کا حمول کر لیوے تو حاملہ ہو جاوے۔ ایضاً زرینخ احمر کا پھل ہر ایک مساوی لے کر کوفتہ کر کے موم سفید کے ساتھ مل کر غسل کے بعد تین روز تک عورت اس سے دھونی لیوے پھر اس سے مجامعت کی جائے۔ ایضاً زاج قبرسی، شاخ حرمل، زنگار عراقی، لوبان نر ہر ایک ایک مثقال سب کو کوفتہ کر کے حادیوں کے پیچ میں ملائیں اور کپڑے پر لگا کر ہر روز صبح اور شام اس سے دھونی دیں نو روز تک ایسا ہی کرتے رہیں۔ اس کے بعد عورت کا خاوند اس سے مجامعت کرے انشاء اللہ حاملہ ہو جاوے۔ ایضاً پتہ ہرن میں ایک بتی تر کر کے رحم میں حمول کرنے سے بھی یہی نتیجہ پیدا ہوتا ہے۔ ایضاً سبہ کے عضو تناسل کو جلاویں اور اس کے ساتھ میتھی اور گندم بریاں ملا کر باریک پیسیں اور شہد میں ملا کر ہر روز رات کے وقت تھوڑا سا چاٹا کریں۔ تین دن تک ایسا کرنے سے کامیابی ہو جائے گی۔

## باب ۱۵۵ جنین راقد یعنی وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں سویا ہوا ہو اس کے بیدار کرنے کے بیان میں

حب بطم پیسکر نمک ملا کر دس روز تک استعمال کریں۔ ایضاً آیات ذیل کو کسی صاف برتن میں زعفران کے پانی سے لکھیں اور بارش کے پانی اور مینڈھے کے بول سے دھو کر نہار پلائیں انشاء اللہ بیدار ہو جائے گا۔ آیات یہ ہیں۔ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ...

ایضاً انڈا چھ عدد لے کر توے پر بھونیں اور اس میں تھوڑا سا گرم مصالحہ ملا دیں جب اس میں سے خوشبو نکلنے لگے تو ان میں روغن زیتون ڈال دیں

---

لے ترجمہ: کیا وہ شخص جو مردہ تھا اسے ہم نے زندہ کر دیا اور اس کے لیے نور بنایا لوگوں کے درمیان پھرتا ہے کہتا ہے کافر کون شخص بوسیدہ ہڈیوں کو دوبارہ زندہ کر سکتا ہے کہہ دے کہ وہ ذات زندہ کرے گی جس نے ان کو پہلی دفعہ پیدا کیا تھا وہ ہر پیدائش کو جانتا ہے۔ اگلی آیت کا ترجمہ گزر چکا ہے

Marfat.com

جب اچھی طرح سے زیتون میں پک جاویں تو نہار کے وقت استعمال کریں تو انشاء اللہ پیٹ کا بچہ بیدار ہو جائے گا **ایضاً** اسماء ذیل سات پتوں پر لکھیں اور پانی سے دھو کر پئیں۔ اسماء یہ ہیں۔ وَ ذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۝ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ط ........ **ایضاً** زیرہ سیاہ۔ شجر مریم سداب ہر ایک مساوی سب کو پانی میں پکا کر عورت تین روز تک پئے اگر بچہ مردہ ہو گا چلا پڑے گا اور اگر زندہ ہو گا ہوش میں آجائے گا۔ **ایضاً** عروق صفصاف۔ لوبان میعہ۔ سمندری جھاگ زنگار ہر ایک مساوی سب کو باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا کر اس میں صوف تر کر کے عورت حمول کرے **ایضاً** مرغی کا انڈا پکا کر اس میں نمک ملا کر تین روز تک کھانے سے بچہ بیدار ہو جاتا ہے **ایضاً** سرکہ تیز۔ ہندی۔ کتے کی دم جلی ہوئی ان کو کتیا کے دودھ میں ملا کر عورت سات روز تک پئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کا بچہ بیدار ہو جائے گا **ایضاً** برواق کو لیکر کسی نوے پر جلا لے اور زیانہ۔ راس الہنش کوٹ کر برواق کی ہمراہ پیس لیں اور شہد میں ملا کر عورت تین دن تک استعمال کرے صحیح و مجرب ہے۔ **ایضاً** ارجاتی۔ خروب الکلاب دونوں کو ملا کر پانی میں بھگو دیں اور

---

اور ذوالنون یعنی حضرت یونس علیہ السلام جب غصہ کی حالت میں اپنی قوم میں سے چلے گئے پس (گویا کہ) اس نے گمان کر لیا کہ ہم اس پر غالب نہ آئیں گے (جب ان کو مچھلی نے نگل لیا) تو اندھیرے میں پکارا کہ کوئی معبود و مطلوب تیرے سوا برحق نہیں تو پاک ہے بے شک میں ظالموں میں سے ہوں پس ہم نے ان کی دعا کو قبول کیا اور غم سے نجات دی (کافر قیامت کو) کہیں گے ہائے افسوس کس نے ہمکو لیٹنے کی جگہ سے اٹھا دیا یہ وہی بات ہے جسکا ہم نے وعدہ دیا ہے اور رسولوں نے سچ کہدیا تھا نہ ہوگی مگر ایک ہی چیخ پس یکا یک وہ سب کے سب ہمارے پاس حاضر ہوں گے اور اگر اللہ نے تجھے تکلیف پہنچائی تو اس کے سوا کوئی بھی اسے دور نہیں کر سکتا۔

Marfat.com

ساری رات ستاروں کی روشنی میں پڑا رہنے دیں صبح کے وقت صاف کر کے وہ پانی استعمال کریں تین دن تک کے استعمال سے بچہ بیدار ہو جائے گا۔

## باب ۱۵۶ جنین کے بیدار کرنے میں

زیرہ سیاہ۔ عرعار دونوں کو خوب باریک پیس اس میں سے تھوڑا سا ہر روز استعمال کریں تین یومیہ استعمال سے کمال فائدہ ہوگا **ایضاً** عورت پیٹ کے بل لیٹ جائے اور ایک توا گرم کر کے پیٹ پر ٹکور کرے انشاء اللہ ایک دفعہ کے استعمال سے بیدار ہو جائے گا اس کے ساتھ زیرہ سیاہ کو باریک کر کے شہد میں ملا کر رکھے اور وقت ضرورت اس میں تھوڑا سا چاٹ لے صحیح و مجرب ہے۔

## باب ۱۵۷ جنین و مشیمہ یعنی جھلی کے ساقط کرنے کے بیان میں

خربوزہ کے بیج پانی میں جوش دے کر پینے سے بفضلہ تعالیٰ جنین اور مشیمہ ساقط ہو جاتے ہیں **ایضاً** دارچینی۔ گوگل سرخ۔ دونوں کو پانی میں جوش دے کر تھوڑا سا پیئے اور اسی پانی میں صوف تر کر کے حمول کرنے سے جنین اور مشیمہ ساقط ہو جاتے ہیں صحیح اور مجرب ہے۔ **ایضاً** ایک حصہ کتیا کا دودھ اور ایک حصہ شہد ملا کر پینے سے جنین و جھلی ساقط ہو جاتے ہیں **ایضاً** کرنب کے بیج پانی میں جوش دے کر اس پانی کو کسی ٹونٹی میں ڈال کر فرج میں داخل کرنے سے جنین مردہ و مشیمہ خارج ہو جاتے ہیں **ایضاً** بزرالکرنب۔ بزرالخیارہ رائی سفید۔ گوگل از رتی ہر ایک مساوی لے کر کوفتہ بیختہ کر کے روغن میں ملا کر حمول کرنے سے جو کچھ پیٹ میں ہو ساقط ہو جاتا ہے **ایضاً** کتاب فردوس میں لکھا ہے کہ گھوڑے یا گدھے یا خچر کے کھروں کی دھونی دینے سے جنین مردہ و مشیمہ سب ساقط ہو جاتے ہیں **ایضاً** ماملی کہتا ہے کہ اونٹ کا بول اور شراب پلانے سے بھی یہی مدعا حاصل ہوتا ہے **ایضاً** زراوند کو ٹے ہوئے حب الرشاد۔ ہر ایک ایک حصہ دونوں کو باریک کوٹ کر گائے کے پتے میں گوندھ لیں اور عورت اس کو بطور شافہ

Marfat.com

کام میں لادیں **ایضاً** اگر عورت بچو کو دائیں ہاتھ اپنے قدموں کے نیچے رکھے تو فوراً وضع حمل ہو جائے۔ **ایضاً** شحم حنظل کے حمول کرنے سے بچہ پیٹ میں مر جاتا ہے۔ **ایضاً** کسی صوف میں زعفران لپیٹ کر حمول کرنے سے بھی یہی کام نکل آتا ہے **ایضاً** اگر عسر ولادت ہو رہا ہو تو روغن قطران کے حمول کرنے سے سہولت ہو جاتی ہے **ایضاً** کبریت وہینگ کا دھواں دینے سے بھی بچہ پیٹ کا ساقط ہو جاتا ہے **ایضاً** اگر عورت ایک اوقیہ سندروس پی جاوے تو جو چیز پیٹ میں ہو خواہ مردہ خواہ زندہ گر پڑے **ایضاً** سیاہ کتیا کے دودھ میں سندروس کو گوندھیں اور بھیڑیئے کی کھال پر اسی نقطہ ڈال کر عورت اس کھال کو اپنے اوپر لٹکائے جنین گر پڑے **ایضاً** تخم کرفس۔ فربیون۔ غبار السماء ان سب کو ملا کر نہار پینے سے جنین ساقط ہو جاتا ہے۔

## باب ۱۸۵ جنین کی حفاظت میں

بائیں ہاتھ کے ذریعہ نیزے کی نوک سے گندم کا ایک دانہ گدھے کی جلد پر گاڑ دیں۔ اور جھڑا البطو تعویذ عورت اپنے بازو پر باندھ رکھے تو جس عورت کا بچہ مدت وضع حمل سے پہلے گزر جاتا ہو اس تدبیر سے محفوظ رہے گا۔ **ایضاً** اسماء ذیل لکھ کر اپنے پاس رکھے

افق مدیق تزیق وثیق لابد ولا نبدیغ اُسْکُنْ اَیُّهَا الْمَوْلُوْدُ بِرَبِّ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ وَنُقِرُّ فِی الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی[1] ... **ایضاً** اسماء ذیل کسی تعویذ پر لکھ کر عورت اپنے پیٹ پر باندھے رکھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ[2] اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ہ وَیُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ہ اللّٰهُ حَافِظٌ

---

[1] ترجمہ ٹھہر جا اے بچے تجھ سے قوم ثمود کے رب کی قسم ہے اور ہم ٹھہراتے ہیں رحموں میں جو کچھ کہ ہم چاہتے ہیں وقت مقرر تک [2] ترجمہ شروع اللہ رحمٰن الرحیم کے نام سے تحقیق اللہ نے روکا ہے آسمانوں اور زمینوں کو گرنے سے اور اگر وہ ڈگمگا جائیں تو کوئی بھی اس کے سوا ان کو تھما نہیں سکتا بے شک اللہ تعالیٰ ڈھیل دینے والا ہے اور

Marfat.com

مَا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْحَامِلِ اللّٰہُ مُحِیْطٌ بِالْاَرْضِ اللّٰہُ مُحِیْطٌ بِالسَّمٰوٰتِ فَاللّٰہُ الَّذِیْ
اَمْسَکَ السَّمَآءَ اَمْسِکْ مَا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْحَامِلِ وَرَبَطْنَا عَلٰی قُلُوْبِھِمْ اِذْ قَامُوْا رَبُّنَا
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِہٖ اِلٰھًا لَّقَدْ قُلْنَا اِذًا شَطَطًا فَضَرَبْنَا عَلٰی اٰذَانِھِمْ
فِی الْکَھْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا یَحْفَظُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ یَمِیْنًا وَّشِمَالًا مِنْ شَرِّ طَوَارِقِ الَّیْلِ وَالنَّھَارِ
اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ اِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ
لَبِثُوْا فِیْ کَھْفِھِمْ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا رَبِّ ھَبْ لِیْ حُکْمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ
فَبَشَّرْنٰھَا بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ یَعْقُوْبَ قَالَ کَذٰلِکِ قَالَ رَبُّکِ اِنَّہٗ ھُوَ الْحَکِیْمُ الْعَلِیْمُ ○

# باب ۱۵۹ عسر نفاس یعنی تنگی ولادت کے علاج میں

اگر جننے میں تنگی ہو اور دیر لاحق ہو تو اسماء ذیل کسی صاف برتن میں لکھ کر عورت کو

مغفرت کرنیوالا ہے اور اس نے تھاما ہوا ہے آسمان کو زمین پر گرنے سے مگر اپنے حکم کے ساتھ بیشک اللہ لوگوں پر مہربان اور رحم کرنیوالا ہے جو کچھ کہ اس نے تحریر کو اٹھانیوالی کے پیٹ میں ہے اللہ اس کا نگہبان ہے اللہ زمین اور آسمانوں کو احاطہ کرنیوالا ہے وہ ذات پاک جس نے آسمان کو تھاما ہوا ہے اس کو بھی تھامے گا جو کہ اس تعویذ کو اٹھانے والی کے پیٹ میں ہے اور ہم نے مضبوط کیا ان کے دلوں کو جب کہ وہ کھڑے ہوئے اور کہا ہمارا بھی وہی رب ہے جو آسمانوں اور زمینوں کا رب ہے ہم اسکے سوا کسی کو عبادت کیلئے نہیں پکاریں گے اگر ہم اسکے سوا کسی دوسرے کو پکاریں گے تو ہم نے ظلم کی کہی پس ہم نے غار میں ان کے سالوں کان تھپکے اللہ کے حکم سے اس کے دائیں بائیں سے حفاظت کریں گے شب و روز کے مصائب کی برائی ہے اور اللہ جانتا ہے جو کچھ کہ ہر مونث کے حمل میں ہوتا ہے اور جو کچھ کہ رحموں میں پیدا ہوتا ہے بیشک اللہ آسمانوں اور زمینوں کی چھپی باتیں جاننے والا ہے اور وہ غار میں تین سو نو سال ٹھہرے رہے اے رب مجھے حکمت بخش اور نیکیوں کے ساتھ ملا پس ہم نے ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ کو حضرت اسحاق اور ان کے بیٹے حضرت یعقوب علیہما السلام کی خوشخبری دی فرشتے نے جواب دیا اسی طرح تیرے رب نے حکم کیا ہے بے شک وہ حکمت و علم والا ہے۔

Marfat.com

پلادیں انشاء اللہ تکلیف آسان ہو جاوے گی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ ۱ھ۔۔۔۔۔۔۔ ابن عباس سے روایت ہے کہ جب عورت کو دردِ زہ شروع ہو اور جننے میں ہو تو کسی نئے برتن میں آیات ذیل لکھ کر پلادیں۔ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا ؁ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ ابن عربی نے روایت کی ہے کہ عسر ولادت کے وقت اسماء ذیل کسی نئے برتن میں لکھ کر دھو کر اس سے عورت کا چہرہ دھلائیں نیز عورت وہ پانی پی جائے ولادت آسان ہو جائے اسماء یہ ہیں۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْكَرِيْمُ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا ۝ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ۝ بلاغ۔ اس کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے۔ ایضاً جنگلی گائے کا سینگ عورت پر لٹکانے سے فی الفور دردِ زہ سے نجات ہو جاتی ہے۔ ایضاً بجو کا دایاں بانہ عورت کے قدموں کے نیچے رکھنے سے ولادت میں آسانی ہو جاتی ہے ایضاً بیل کے پتے میں تین قیراط حنظل کا

---

؎ شروع اللہ رحمن الرحیم کے نام سے اللہ وہ ذات پاک ہے کہ کوئی لائق عبادت نہیں مگر وہی علم و حکمت والا پاک ہے عرش کا صاحب عظمت کا رب سب قسم کی تعریف اللہ ہی کو خاص ہے جو جہانوں کا پیدا کنندہ ہے گویا کہ وہ جس دن (قیامت کو برپا) دیکھیں گے نہ ٹھہر سکیں گے سوا رات کے یا اس دن کے دوپہر کے جس روز وہ قیامت کا وعدہ سچا ہوتا دیکھیں گے گویا کہ وہ دن میں سے ایک گھڑی بھی نہ ٹھہر سکیں گے۔ یہ پہنچانا ہے لوگوں کی طرف ؎۲ جب آسمان پھٹ جائے گا اور اپنے رب کا حکم مان لے گا اور حق بجا لائیگا۔ اور جب زمینیں پھیلائی اور پھینک دیں گی اور جو کچھ کہ اس کے اوپر ہے خالی ہو جائیں گی ۱۲ منہ

Marfat.com

شیرہ ملا کر اس میں صوف تر کر کے حمول کرنے سے فی الفور بچہ باہر آجاتا ہے اور درد زہ سے آرام آجاتا ہے جالینوس کا قول ہے کہ عسر ولادت کی حالت پر سیاوشاں و فودنج ہر ایک ایک حصہ لے کر تھوڑے سے پارہ کے ساتھ سحق کر کے اس میں سے ایک درہم تین ۳ درہم شراب کے ساتھ عورت کو پلائیں عسر ولادت و درد زہ سے نجات ہو جاوے **ایضاً** اگر ابابیل کا گھونسلا گرم پانی میں مل کر صاف کریں اور اس سے مقدار چالیس درہم عورت کو عسر ولادت کی حالت میں پلائیں آسانی ہو جاوے **ایضاً** اگر عورت خرگوش کی اوجھڑی کھالیوے تو عسر ولادت آسان ہو جاوے **ایضاً** اسماء ذیل کو کسی برتن میں لکھ کر عورت کو دھو کر پلائیں نیز اس پانی سے عورت کے ہر دوران فرج کو دھوویں انشاء اللہ آرام ہو جاوے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا بِسْمِ اللّٰہِ الثَّانِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْمُعَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا اِلٰى ضُحٰهَا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ اِلَى الْفَاسِقُوْنَ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ اِلٰی وَاَلْقَتْ ھٰذِہِ الْحَامِلُ مَا فِیْ بَطْنِھَا وَتَخَلَّتْ کَمَا تَخَلَّتْ اُمَّۃُ مُحَمَّدٍ اس کا ترجمہ قریب پہلے گذر چکا ہے **ایضاً** گدھ کے پروں کی دھونی دینے سے فی الفور بچہ باہر آجاتا ہے **ایضاً** شب یمانی عورت کے دائیں ران پر باندھنے سے جننے میں سہولت ہو جاتی ہے۔

اس طرح گدھ کے پروں کو عورت کے قدموں کے نیچے رکھنے سے سہولت ہو جاتی ہے۔ **ایضاً** مینڈھے کے پتے کو گلا کر گرم پانی کے ساتھ پینا فی الفور بچہ نکال دیتا ہے۔

**ایضاً** تعویذات میں سے ایک تعویذ چمک پتھر پر لکھ کر عورت کے بائیں قدم کے نیچے رکھ دیں اور دوسرا تعویذ ایک کنگھی پر لکھ کر دائیں قدم کے نیچے رکھ دیں۔

چمک پتھر پر لکھ کر بائیں قدم کے نیچے رکھنے کا تعویذ

| | | |
|---|---|---|
| د | ط | ب |
| ح | ھ | ز |
| ح | ا | و |

کنگھی پر لکھ کر دائیں قدم کے نیچے رکھنے کا تعویذ

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱۰ | ۶ |

Marfat.com

**دیگر** ایک کنگھی پر کلمات ذیل لکھ کر عورت کی داہنی ران پر باندھنے سے فائدہ ہوگا اُخْرُجْ اَیُّهَا الْجَنِیْنُ مِنْ بَطْنِ اُمِّكَ فَاِنَّ الْاَرْضَ تَدْعُوْكَ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ہ وَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لفظ حی تک۔

## باب ۱۶۰ درد رحم کے علاج

صمغ عربی ایک مثقال ایک اوقیہ روغن زرد کے ساتھ ہر روز استعمال کرنا چند روز میں آرام کر دیتا ہے **ایضاً** انار ترش کا چھلکا دونوں کو خوب باریک کر کے کسی کپڑے میں باندھ کر اور تھوڑا سا شہد شامل کر کے حمول کرنے سے درد رحم کو افاقہ ہوتا ہے **ایضاً** اسبغول کوفتہ۔ روغن زرد میں صوف تر کر کے حمول کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

## باب ۱۶۱ حیض جاری کرنے کے بیان میں

نوشادر۔ فرفیون۔ شب یمانی۔ سعد کوفی۔ سب کوفتہ بیختہ کر کے پانی میں گوندھ لیں پھر عورت اس کو بطور شافہ کام میں لادے خون کھل جاوے **ایضاً** لوبان مصطکی۔ خرامتہ قرفہ۔ ہر ایک مساوی کوفتہ بیختہ کر کے درخت دن کے پانی سے گوندھ گوندھ کر بطور شافہ کام میں لانے سے کھل جاتا ہے **ایضاً** زنگار بقدر دورتی شہد میں ملا کر چاٹنے سے خون جاری ہو جاتا ہے **ایضاً** حرمل باریک کر کے شہد میں ملا کر چاٹنے سے خون بستہ کھل جاتا ہے۔ **ایضاً** نوشادر۔ فرفیون۔ زرجفر۔ تخم ترب۔ دانہ حرمل۔ دانہ کنیر۔ سب کو ملا کر دھونی لینے سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ **ایضاً** مجیٹھ ایک تولہ۔ میتھی ایک تولہ دونوں کو پانی میں جوش دے کر تین روز تک پینے سے خون جاری ہو جاتا ہے **ایضاً** لوبان رفرفیون۔ دونوں کو باریک کوٹ کر حمول کرنے سے یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے **ایضاً** صرف مجیٹھ کوٹ کر پانی میں جوش دے کر پینا بھی یہی فائدہ دیتا ہے۔

Marfat.com

# کثرتِ طمث کا علاج یعنی حیض کے خون کی کثرت کو روکنے کے بیان میں

آرد گندم ۔ مازو ۔ دونوں کو خوب باریک کر کے شراب میں پکائیں اور عورت کی ناف پر ضماد کریں انشاء اللہ خون بند ہو جائے ایضاً مر سیاہ ۔ گل سرخ ۔ مازو سب کو باریک کر کے پانی میں ڈبو دیں اور اس سے صوف تر کر کے حمول کرے یہ کام ایک دن میں دو دفعہ کیا کرے ایضاً پوست انار ۔ مازو انکو ۔ تخم ریحان ۔ بار ریحان کے شیرہ میں گوندھ کر صوف تر کر کے حمول کرنے سے خون کی کثرت کم ہو جاتی ہے ۔ ایضاً مائیں خورد ۔ باریک کر کے عرق گلاب میں ملا کر کھانے سے بھی فائدہ ہوتا ہے ۔ ایضاً جاد شیر دستی ۔ قنطریق ہر ایک مساوی کوفتہ بیختہ کر کے بکری کے پتے میں ملا کر شافہ کرنے سے بند خون جاری ہو جاتا ہے ۔

## باب ۱۶۲ کثرتِ طمث کا علاج کتابت و تعویذ و دوا سے

وفق مسدس ذیل کو چمگادڑ کے خون کے ساتھ عورت کے کپڑے پر لکھ دیں خون بند ہو جاوے گا ۔ اس مسدس کے ساتھ اسماء ذیل بھی لکھیں مسدس یہ ہے ۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ح | ا | و | د | ط | ب |
| ط | د | ح | ب | و | ا |
| و | ب | ا | ط | ح | د |
| ب | ط | د | و | ا | ح |
| د | ح | ط | ا | ب | و |
| ا | و | ب | ح | د | ط |

عزیمت یہ ہے

برھیتہ کریر تتلیہ طوران برحل برحبل ترتب ترتب برھش علمش خرطیل حوطیل حوطیل بلتھود برشان کنطھیر نموشلخ برھیو لو شکبلخ تزمز الغلیظ قبرات عیاما کبدھو لوشمخا ھوبدوح بحق العھد الماخوذ علیکم سحنہ لیس کمثلہ شی وھو السمیع البصیر ما تعلمتم ۔ ایضاً اگر کثرت طمث والی عورت گدھی کا دودھ پی لے تو خون بند ہو جاوے ایضاً ۔ صمغ عربی ایک مثقال ایک اوقیہ روغن زرد میں ملا کر پینے سے بھی خون بند ہو جاتا ہے ایضاً دم الاخوین بقدر ۲ ماشہ پیس کر پانی کے ساتھ پینے سے

Marfat.com

کثرت طمث کو فائدہ ہوتا ہے۔ ایضاً راکھ اور ریت پر پانی چھڑک کر عورت اس پر سوئے اور اس میں سے کچھ حصہ فرج کے نیچے سکھے کثرت طمث کے واسطے نہایت مفید ہے۔ ایضاً گندھک آملہ سار کی دھونی لینے سے بھی یہی فائدہ ہوتا ہے۔ ایضاً شتر مرغ کے انڈے پر تعویذ ذیل لکھ کر اس کے گرد کلمات ذیل تحریر کرنے کے بعد عورت کے داہنے ران پر لٹکا دیں کلمات یہ ہیں اجیبوا یا روحانیۃ هذا الخاتم برفع الدم عن هذه الادمیۃ بحق هذه الاسماء الوحا ۲ العجل ۲ الساعۃ ۲

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ب | م | ح | م | ج | ن | ف |
| م | ج | ق | ف | ب | م | ج |
| ف | ت | م | ج | م | ح | ق |
| خ | م | ج | ق | ن | ت | م |
| ق | ت | ت | م | خ | م | ج |
| م | خ | م | ج | ق | ف | ق |
| ج | ق | ف | ت | م | خ | م |

دیگر طفل ابیض پر مذکورہ ذیل کلمات لکھ کر مہندی ملا کر شہد میں حل کریں اور سات روز اسی معجون سے روزہ افطار کریں کلمات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اللّٰهُ طسم طسم لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ یَا اللّٰهُ ۲ تف ۲ تف ۲ قف ۲ اَیُّهَا الدَّمُ کَمَا وَقَفَ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰی مَکَانَتِهِمْ ۔ تین بار دیگر بطد مثلث جس کا ذکر پہلے گذر چکا ہے ایک کاغذ پر لکھ کر اس کے گرد کلمات ذیل کر کے مریض کی گردن میں لٹکا دیں کلمات یہ ہیں۔ لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۔ اس کا ترجمہ گذر چکا ہے۔ اَوْ یُصْبِحَ مَآءُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِیْعَ لَهٗ طَلَبًا یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ

---

شیخ ابو طالب مکی صاحب مصنف قوت القلوب کا قول ہے کہ پندرہ چیزیں نسیان پیدا کرتی ہیں (۱) سبز دھنیا کا کھانا ۲۔ ترش سیب کا کھانا ۳۔ چوہے کا پس خوردہ کھانا ۴۔ ٹھہرے پانی میں بول کرنا ۵۔ راستے میں جوں کا ڈالنا ۶۔ مطلوب کی طرف دیکھنا ۷۔ اونٹوں کی قطار میں چلنا ۸۔ قبروں پر لکھا ہوا پڑھنا ۹۔ کپڑے سے گھر میں جھاڑو دینا ۱۰۔ دریا کی طرف ہمیشہ دیکھنا بعض نے اس پر زیادہ کیا ہے ۱۱۔ جنابت کی حالت میں کھانا کھانا ۱۲۔ مچھلی کا کھانا ۱۳۔ دودھ زیادہ پینا ۱۴۔ لوبیا زیادہ کھانا ۱۵۔ سوکھا گوشت ہمیشہ کھانا علاج سیدنا علی بن ابی طالبؓ کا قول ہے۔ کہ جو شخص آیات ذیل لکھ کر تین روز تک پیتا رہے۔ اسکا حافظہ و فہم زیادہ ہو جائے اور نسیان دور ہو جاوے آیات یہ ہیں۔ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ بِلا سَلَامٌ اللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے لیکر عَلِیْمٌ تک قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا اٰمَنَ الرَّسُوْلُ (الی اٰخر السورۃ) وَالنَّازِعٰتِ وَالْمُؤَذِّنِیْنَ ...... ان آیات کو شہد یا پانی سے دھو کر پیا کریں۔ شیخ شہاب الدین احمد بن موسیٰ بن محمد نے لکھا ہے کہ ہر روز دس دفعہ اسماء ذیل پڑھا کرے فَفَهَّمْنٰهَا سُلَیْمٰنَ۔ فٰعِلِیْنَ تک یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَبِّ مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ وَرَبِّ اِبْرٰهِیْمَ وَ یَا رَبِّ مُحَمَّدٍ اَجْمَعِیْنَ اُرْزُقْنِیْ الْفَهْمَ وَارْزُقْنِیْ الْعِلْمَ وَالْحِکْمَةَ وَالْعَقْلَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

**ف** سورہ یٰسین میں اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے، جو شخص اس کو جان لے اور باوضو ہو کر لکھ کر دھو کر پی جاوے اور پانچ روز تک یہ عمل کرتا رہے اللہ تعالیٰ اس پر حکمت کے دروازے کھول دیوے اور عوام کے اسرار سے واقف کر دیوے وہ اسم سورہ یٰسین کے وسط میں ہے اس کے پانچ کلمہ ہیں اور سولہ حروف ہیں چار حرف منعقد ہیں دو حرفوں پر اوپر نقطے ہیں اور دو نیچے پس دریافت کر لو ایضاً محمد بن شہاب الزہری کا قول ہے کہ جو شخص دعا ذیل کسی صاف دپاک برتن میں لکھ کر نہار دھو کر پی جاوے تو اس

Marfat.com

کا حافظہ بہت بڑھ جاوے دعا یہ ہے، اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ فَلَا نَسْأَلُ غَیْرَکَ اَسْأَلُکَ
بِحَقِّ مُحَمَّدٍ نَبِیِّکَ وَعِیْسٰی رُوْحِکَ وَکَلِمَتِکَ وَاَسْأَلُکَ بِتَوْرٰۃِ مُوْسٰی وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَزَبُوْرِ
دَاؤُدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَسْأَلُکَ بِکُلِّ وَحْیٍ اَوْحَیْتَہٗ وَقَضَاءٍ
قَضَیْتَہٗ وَسَائِلٍ اَعْطَیْتَہٗ مَدْ بَیْتَہٗ وَغَنِیٍّ اَفْقَرْتَہٗ وَفَقِیْرٍ اَغْنَیْتَہٗ وَاَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ
الَّذِیْ اَنْزَلْتَہٗ عَلٰی مُوْسٰی فِی التَّوْرَاۃِ وَاَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ ثَبَّتَ بِہٖ اَرْزَاقَ
الْعِبَادِ وَاَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ وَضَعْتَہٗ عَلَی الْجِبَالِ فَارْسَتْ وَعَلَی النَّھَارِ فَاَضَاءَ وَ
عَلَی اللَّیْلِ فَاَظْلَمَ وَاَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ وَضَعْتَہٗ عَلَی الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَاَسْأَلُکَ
بِاسْمِکَ الَّذِیْ وَضَعْتَہٗ عَلَی السَّمٰوٰتِ فَارْتَفَعَتْ وَاَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِی اسْتَقَرَّ بِہٖ
عَرْشُکَ وَاَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْوِتْرِ الطَّاھِرِ الْمُطَھَّرِ وَبِکِتَابِکَ الْحَقِّ الْمُنْزَلِ
التَّامِ النُّوْرِ الْمُبِیْنِ اَنْ تَسْلُکَہٗ فِیْ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَتُخْلِطَہٗ فِیْ لَحْمِیْ وَدَمِیْ
وَتُقِرَّ بِہٖ وَتَسْتَعْمِلَنِیْ بِذِکْرِکَ فَاِنَّہٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔
ہشام بن القاضی بن الحارث بن عباس۔

---

لہ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے سوا ہم کسی سے کچھ نہیں مانگتے میں تجھ سے محمد تیرے نبی اور عیسٰے تیرے کلمہ اور روح موسٰی کی توارت اور عیسٰی کی انجیل اور داؤد کی زبور اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قرآن جوان سب پر حکم ہے حق سے سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے تیری برکت سے جو تو نے اس کو دیا ہو اور اس گراہ کی وجہ سے تو نے غنی کر دیا ہو مانگتا ہو مانگتا ہوں اے اللہ میں تجھ کو ان ناموں کی وجہ سے سوال کرتا ہوں جن سے آج تک تیرے پکارنے والے نے پکارا اور تو نے ان کی دعا قبول کر لی اور میں تجھ سے ان ناموں کی وجہ سے سوال کرتا ہوں جو تو نے موسٰی علیہ السلام پر توارت میں اتارے اور اس نام کی برکت سے جس نے بندوں کے رزق مقرر کیے ہیں اور اس نام کی برکت سے جس کے ساتھ تو نے پہاڑ محکم کر دیئے اور آگ کو روشن کر دیا اور رات کو اندھیری کر دیا اور زمین کو ٹھہرا دیا اور آسمانوں کو بلند کر دیا اور عرش کو ٹھہرا دیا اور میں تیرے پانچوں ناموں کی وجہ سے سوال کرتا ہوں اور تیری کتاب کی برکت سے جو کہ نور مبین ہے (باقی آئندہ)

Marfat.com

کی زبانی روایت کرتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو کہا کہ کیا میں تجھ سے وہ بات تبلاؤں جو جبریل علیہ السلام نے مجھے بطور ہدیہ دی ہے جس سے حافظہ بڑھتا ہے اور نسیان دور ہوتا ہے ابن عباس رضؓ نے کہا یا رسول اللہ ضرور تبلائیے آپ نے فرمایا کسی تھال یا کٹورے میں زعفران و گلاب کے عرق سے سورۃ الفاتحہ و سورۃ الحشر و سورۃ الواقعہ لکھو پھر آب زمزم یا آب بارش یا کسی صاف پانی سے دھو کر صبح کے وقت تین مثقال لوبان۔ دس مثقال شہد۔ دس مثقال شکر ملا کر پی جاؤ اور اس کے بعد دو رکعت پڑھو ہر ایک رکعت میں پچاس دفعہ قل ہو اللہ احد اور پچاس ہی دفعہ سورۃ الفاتحہ پڑھیں۔ ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ اسلام کے بعد جیسا کہ میں اس روز خوش ہوا کبھی نہیں ہوا تھا۔ کیونکہ اس کا نفع چالیس روز کے بعد ہی شروع ہوا۔ شہاب الزہری اس کو لکھ کر اپنی اولاد کو پلایا کرتا تھا۔ عاصم کا قول ہے کہ میں نے پچپن سال کی عمر میں اس کا استعمال شروع کیا پس ہر ایک مہینہ میں میرا حافظہ و فہم بڑھتا گیا۔ ایضاً سات دانہ انجیر لے کر پہلے دانہ پر سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى دوسری پر خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ تیسری پر كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا چوتھی پر رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ پانچویں پر قُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا چھٹی پر وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ساتویں پر تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ لکھ کر تین روز تک صبح کے وقت ان کو کھایا کرے۔ انشاء اللہ حافظہ میں ترقی ہو۔ ایضاً سیدنا علی بن ابی طالب سے مروی ہے کہ اگر منقے سیاہ تین اوقیہ۔ اصل السوس تین اوقیہ شکر تری تین اوقیہ۔ شہد تین اوقیہ۔ گندم بریان تین اوقیہ سب کو ملا کر سات دن تک استعمال کریں تو حافظہ بڑھے اور نسیان دور ہو۔ ایضاً حرمل نصف رطل۔ شہد ایک رطل حرمل باریک کر کے شہد میں ملاویں اور چالیس روز کے بعد اس کو سات روز میں ختم کریں تو قوت حافظہ زبردست ہو جاوے۔ ایضاً۔ ہدہد کا دل بریان کر کے شہد کے ساتھ کھانا بھی یہی فائدہ دیتا ہے۔ ایضاً ہدہد کے

---

(حاشیہ سابقہ) یہ کہ اس کتاب کو میرے کان آنکھ میں جاری کر دے اور میرے خون و گوشت میں ملا دے اور دل میں جگہ دے اور اپنا ذکر کرنے کی توفیق دے کیونکہ اے رب العالمین تیری ہی مدد اور قوت کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا ۱۲

Marfat.com

روز طلوع آفتاب سے پہلے سات ٹکیا چھوٹی چھوٹی پکائیں اور ہر ایک پر آیات ذیل لکھ کر کھاویں تو حافظہ بڑھے اور نسیان دور ہو ایک پر اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتَابًا مُّتَشَابِهًا اَبُوْ بَكْرٍ دوسری پر آلٓمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتَابِ عُمَرُ تیسری پر تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ عُثْمَانُ چوتھی پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِذَا هَوٰى مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى عَلِيٌّ - پانچویں پر اَلَمْ نَشْرَحْ مُحَمَّدًا چھٹی پر سورۂ فاتحہ عائشہ ساتویں پر اٰمَنَ الرَّسُوْلُ فَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ الیضاً امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ جو شخص چینی کے نئے پیالے میں عرق گلاب و زعفران کے ساتھ تین دفعہ ظ و تین دفعہ م و خاتم سلیمان لکھ کر اس کے پیچھے عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ لکھے اور بارش کے پانی یا پاک پانی سے دھو کر پیوے تو حافظہ ترقی کرے اور نسیان دور ہو الیضاً جو کی باریک روٹی پر اسماء ذیل لکھ کر بدھ کے روز طلوع آفتاب کے پہلے جو شخص اس کو کھاوے حافظہ کی ترقی یاد ے اسماء یہ ہیں، رُوْحِيَائِيْل. رُوْقِيَائِيْل. عَمْرَيَائِيْل دردبائیل صَفًّا صَفًّا اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلٰى فُلَانَ بْنِ فُلَانٍ بِالتَّعْلِيْمِ وَالتَّفْهِيْمِ مِنْ عِلْمٍ نَافِعٍ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ - الیضاً آیات ذیل کسی کاغذ پر لکھ کر منقے میں لپیٹ کر کھایا کریں، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ. فَلَا تَنْسٰى تک اَلَمْ نَشْرَحْ الخ اِقْرَاْ بِاسْمِ يَعْلَمْ تک الیضاً دعا یہ اکثر پڑھا کرے - اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ نَفْسِيْ مُطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ بِلِقَائِكَ وَتَرْضٰى بِقَضَائِكَ[1] اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ فَهْمَ النَّبِيِّيْنَ وَحِفْظَ الْمُرْسَلِيْنَ وَالْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَللّٰهُمَّ عَمِّرْ لِسَانِيْ بِذِكْرِكَ وَقَلْبِيْ بِخَشْيَتِكَ وَسِرِّيْ بِطَاعَتِكَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا - الیضاً سات دانہ کھجور پر آیات ذیل لکھ کر کھایا کرے پہلی پر رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا دوسری پر وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا - تیسری پر قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ رُشْدًا تک چوتھی پر رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ

---

[1] ترجمہ اے اللہ میرا نفس مطمئن کر دے تیری ملاقات پر ایمان لاوے اور تیرے فیصلہ پر راضی ہو جائے اے اللہ مجھے نبیوں اور رسولوں اور مقرب فرشتوں والا حافظہ مرحمت کر اے اللہ میری زبان کو اپنے ذکر اور دل کو اپنے خوف اور خواہشوں کو اپنی فرمانبرداری سے آباد کر دے اور درود و سلام بھیجے اللہ تعالیٰ رسول اور آپ کی اولاد اصحاب پر ۱۲

Marfat.com

پانچویں میں سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى چھٹی پر عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ ۔ ساتویں پر اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۔۔۔۔۔

ایضاً خاتم غزالی مثلث یعنی بطلد سبح جس کی شکل یہ ہے لکھ کر اس کے ارد گرد آیات ذیل پاک پانی سے دھو کر پیا کریں

| | | |
|---|---|---|
| د | ط | ب |
| ج | ھ | ز |
| ح | ا | و |

سات دن تک یہ عمل کریں آیات یہ ہیں وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ ۔ وَاِنَّ رَبَّكَ لَعَلِيْمٌ حَكِيْمٌ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا ۔

ایضاً ب کی زبان بر بان کر کے اس کے تین حصے کریں اور پہلے حصے پر قُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا دوسرے پر سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى تیسرے پر عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ لکھ کر کھاجایا کریں کم از کم تین دن تک یہ عمل کرتے رہا کریں ایضاً قرنفل، کندر، حرمل شکر تری مساوی لے کر سفوف بناویں اور ہر ایک بقدر ایک درہم اس میں سے استعمال کیا کریں۔ دن میں دو دفعہ استعمال کریں۔ ایضاً محمد بن سیرین سے روایت ہے کہ ایک شخص نے ان کے پاس آکر حافظہ کی شکایات کی۔ آپ نے کہا ہر روز دو مثقال شکر تری اور ایک مثقال لوبان ذکر ملا کر کھایا اور اس کے بعد اپنی بائیں ہتھیلی پر زعفران کے ساتھ آیۃ الکرسی لکھ کر زبان سے چاٹ لیا کر واس نے ایسا ہی کیا چند روز کے بعد محمد بن سیرین کو اس سے ملاقات کا اتفاق ہوا پوچھا اب تیرا کیا حال ہے۔ کہا میں نے دس ہزار احادیث یاد کر لی ہیں۔ محمد بن سیرین نے کہا یہی عمل کیے جاؤ چند روز کے بعد دوبارہ اتفاق ملاقات ہوا پوچھا اب کیا حال ہے۔ کہا اب جو بات سنتا ہوں یاد ہو جاتی ہے۔ ف کہتے ہیں کہ بھیڑیا کا پتہ پینے سے بھی نسیان دور ہو جاتا ہے۔ ایضاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ جبریل آپ کے پاس حاضر ہوا اور کہا اے محمدؐ تیری امت میں سے جس کا حافظہ کمزور ہو اس کو چاہیے کہ جمعہ کی رات تتے برتن میں پانی ڈال کر اس پر سورۃ الفاتحہ ستر دفعہ آیۃ الکرسی ستر دفعہ قل ہو اللہ احد ستر دفعہ والمعوذتین ستر دفعہ پڑھے اور پڑھتے وقت اپنی انگلی پانی میں ڈبو رکھے پھر کہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ستر دفعہ پھر اس پانی کو پی جاوے تین روز تک یہی عمل

Marfat.com

کرے نیز یہ پانی ہر ایک بیماری و بلا سے بھی امان دیتا ہے سات روز تک کریں ایضاً
یہ ایک مبارک پانی ہے جس کو شیوخ الاسلام مثل عبداللہ بن مسعود و زید بن حلاب و زید بن
عسیب والولید بن عمر و زید بن سحنون و زید بن عربی و زید بن اشہب پھر ابن ماجشون پھر
امام غزالی جیسے بزرگوں نے قرآن سے استخراج کیا ہے کہ آرد گندم تین مثقال شکر تری تین
مثقال اصل السوس مقشر مغز بل تین مثقال۔ منقے کشمش۔ ملح اندرانی نمک طعام ہر ایک
تین مثقال سب ادویہ ملا کر سفوف تیار کریں اس کے بعد ایک نیا پیالہ لیکر اس میں بسم اللہ
سورۃ الفاتحہ سورۃ الاخلاص المعوذتین آیۃ الکرسی۔ امن الرسول نے آخر سورہ بقرہ و قُلِ اللّٰھُمَّ
مٰلِکَ الْمُلْکِ اِلٰی حِسَابٍ۔ وَتِلْکَ حُجَّتُنَآ اٰتَیْنٰھَآ اِلٰی مُّسْتَقِیْمٍ ۝ وَقَالَ رَبِّ
اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ اِلٰی بَصِیْرًا ۝ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا اِلٰی اٰخِرِھَا و سُوْرَۃُ یٰسٓ اَلَمْ
نَشْرَحْ الخ وَالْوَاقِعَۃُ الخ وَتَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ وَتَبَارَکَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا
وَتَبَارَکَ الَّذِیْٓ اِنْ شَآءَ عَلٰی ذٰلِکَ تَبَارَکَ الَّذِیْ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ وَتَبَارَکَ الَّذِیْ اِلٰی مَا
بَیْنَھُمَا تَبَارَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ
نَسْتَغِیْثُ یَا اَللّٰہُ ۳ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ یَا اَللّٰہُ۔

۳ لکھے اور بارش کے پانی یا پاک صاف پانی سے دھو کر تیرہویں چودھویں پندرہویں چاند
کی راتوں میں ستاروں کی روشنی میں پڑا رہنے دیں پھر اس پانی کے سات حصے کریں اور
اس دوا کے بھی سات حصے کریں۔ اور ہر روز ایک حصہ دوا اور ایک حصہ پانی صبح کے
وقت سات روز تک استعمال کریں نہایت مجرب ہے۔ ایضاً معجون ذیل جس کو معجون
الشافعی کہتے ہیں زیادتی حفظ و دفع نسیان کے لیے خوب ہے۔ پستہ مقشر مویز منقی
سعد کوفی، لوبان ذکر ہر ایک ایک حصہ شہد خالص تین حصہ معجون بنا کر ہر روز دو مثقال
استعمال کریں اور ریاضت و عمدہ غذا و پرہیز ضروری سمجھیں۔ ایضاً جمعہ کے روز سورۃ یاسین
اور اس کے بعد رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَھُوْا
قَوْلِیْ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ سَنُقْرِئُکَ فَلَا تَنْسٰٓی اور اس کے ساتھ خواتم ذیل ✡ آ ✡ آ ام ✡

Marfat.com

آ ا ا ☆ ہے ۹ فرد جہاد شُکُرٌ حِسَابٌ ظَہِیْرٌ خَبِیْرٌ ذَکِیٌّ عرق گلاب وزعفران کے ساتھ کسی نکے پیالہ میں لکھ کر سات روز تک استعمال کریں۔ ایضاً بعض طبیبوں کا قول ہے کہ جو شخص جکور کا پتہ سرد پانی سے پی جاوے اس کو نسیان نہ ہو ایضاً ہد ہد کا دل عرق گلاب وزعفران وشہد میں پکا کر کھانا بھی یہی عمل دیتا ہے ایضاً ہلیلہ کابلی۔ لوبان ذکر ایک ایک اوقیہ مصطکی نصف اوقیہ۔ مویز منقی دو اوقیہ۔ شہد خالص بارہ اوقیہ ادویہ کو کوفتہ کر کے شہد میں ملا کر معجون بنائیں اور ہر روز اس میں سے بقدر تین درہم استعمال کریں ف حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے حاملہ عورتو اپنے پیٹ کے بچوں کو لوبان کی دھونی دیا کرو کہ ان کا حافظہ وعقل زیادہ ہو۔

## باب ۱۹۱ طعام وغیرہ اشیاء میں برکت ڈالنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص گندم کے پچیس دانے لے کر ہر ایک دانہ پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ آخر سورۃ تک پڑھے اور ان دانوں کو کسی ادنی کپڑے میں باندھ کر طعام وغیرہ اشیاء کے نیچے رکھ دیں اور مہمانوں کے آگے رکھیں نجدا اس سے ایک لاکھ آدمی بھی کھا جائے گا تو سب سیر ہو جاویں گے اور کھانا ویسا ہی ویسا بچ رہے گا ایضاً شیخ سیدی منصور جلی کا قول ہے کہ اگر آیات ذیل وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلٰی مُبِیْنٍ وَاَیُّہَا اَزْکٰی طَعَامًا ہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ کو زیتون کے ٹکڑے پر لکھ کر کھیتی میں گاڑ دیں کھیتی نہایت بابرکت پیدا ہو۔ ایضاً سو دانہ گندم یا جو کا لیکر اس پر سورۃ الفاتحہ ایک ہزار پانچ سو دفعہ اور آیۃ الکرسی ۹۶ دفعہ پڑھ کر دم کریں پھر اس میں سے ایک دانہ جس چیز میں برکت دینی چاہیے اس کے نیچے رکھ دیں۔ بشرطیکہ رکھنے والا طہارت سے ہو ایضاً جس پیالہ میں کھانا ڈال کر کھانا چاہے اس میں خالص چاندی کے ٹکڑے سے اسماء ذیل نقش کریں پھر کھانا ڈال کر کھا دیں تو نہایت برکت پیدا ہو اسماء یہ ہیں اِنَّ ھٰذَا لَرِزْقُنَا مَالَہٗ مِنْ نَّفَادٍ اَللّٰہُمَّ ضَعِ الْبَرَکَۃَ فِیْ طَعَامِنَا ھٰذَا۔

---

لہ ترجمہ۔ تحقیق یہ ہمارا رزق بالکل ختم نہ ہوگا اے ہمارے اللہ اس کھانے میں برکت ڈال ۱۲ منہ

Marfat.com

ایضاً جمعہ کے روز نماز کے بعد ہزار دفعہ اسماء باوضو کے ساتھ قبلہ کی طرف منہ کر کے گھی یا تیل یا شہد وغیرہ پر پڑھیں تو برکت پیدا ہو ایضاً نمک پر اسماء ذیل چالیس دفعہ پڑھ کر دم کریں پھر اس سے تھوڑا سا کھانے وغیرہ میں ڈال دیا کریں تو برکت بہت زیادہ ہو اسماء یہ ہیں۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْغَنِیُّ الْھَادِیُ الرَّازِقُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْکَرِیْمُ الْوَاسِعُ الْوَھَّابُ ذُوالطَّوْلِ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْجَوَادُ الْمُتَفَضِّلُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْماً۔

ایضاً ریشم کے کپڑے پر اسماء ذیل لکھ کر اگر اس کو کھیت میں گاڑ دیں تو پیداوار زیادہ ہو اور اگر اس کپڑے میں درہم وغیرہ نقدی باندھ کر اس میں سے خرچ کرتے رہیں تو وہ روپیہ کبھی ختم نہ ہو لیکن شرط یہ ہے کہ جب اس میں سے کچھ نکالا کریں تو اس کو دیکھا نہ کریں اسماء یہ ہیں

دقف قفقف ۱۲ دفعہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْکَافِیْ الْفَتَّاحُ الرَّازِقُ اِنَّ ھٰذَا لَرِزْقُنَا مَالَہٗ مِنْ نَفَادٍ نف نف ۱۲ دفعہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْکَافِیْ الْفَتَّاحُ الرَّازِقُ اِنَّ ھٰذَا لَرِزْقُنَا مَالَہٗ مِنْ نَفَادٍ وو و۔ووو دس دفعہ۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْکَافِیْ الْفَتَّاحُ الرَّازِقُ اِنَّ ھٰذَا لَرِزْقُنَا مَالَہٗ مِنْ نَّفَادٍ ووو۔ووو دس دفعہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْکَافِیْ الْفَتَّاحُ الرَّازِقُ اِنَّ ھٰذَا لَرِزْقُنَا مَالَہٗ مِنْ نَّفَادٍ ووو۔ووو دس دفعہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْکَافِیْ الْفَتَّاحُ الرَّازِقُ اِنَّ ھٰذَا لَرِزْقُنَا مَالَہٗ مِنْ نَّفَادٍ ووو۔ووو دس دفعہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْکَافِیْ الْفَتَّاحُ الرَّازِقُ اِنَّ ھٰذَا لَرِزْقُنَا مَالَہٗ مِنْ نَّفَادٍ ووووووو و

وو و و و و و و و و و و و و و و و و ووووو و و و و و وووووووو و و و و و و و و و و و و و وو

قائل کہتا ہے کہ ہم نے اس کو دراہم میں تو کئی دفعہ آزمایا ہے۔ ایضاً سات دانہ جو لیکر وضو کر کے ان پر یا فتاح یا رزاق ۱۹۹ دفعہ پڑھ کر ان دانوں کو اپنے خرچ کی تھیلی میں ڈال رکھیں اور جتنا چاہیں بغیر شمار کرنے کے اس میں سے خرچ کرتے رہیں انشاء اللہ وہ تھیلی ختم نہ ہوگی اور جب تھیلی کھولیں تو وضو کر کے کھولیں اور اس روپیہ کو ناجائز اور گناہ کے کاموں میں خرچ نہ کریں ورنہ ہلاک ہو جاوے گا۔

## طعام وادام میں برکت پیدا کرنا

اسماء ذیل رجب کی پہلی تاریخ یا رمضان کی ستائیسویں تاریخ کو لکھ کر کسی کوزہ میں وہ کاغذ ڈال کر موم یا آٹے سے اس کا منہ بند کر کے غلہ وغیرہ میں رکھ دیں اسماء یہ ہیں۔

Marfat.com

مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ کَمَثَلِ حَبَّةٍ اِلٰی عَلِیْمٌ وَاٰیَةٌ مِّنْکَ اِلٰی رَازِقِیْنَ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ اِلَی الْمُنْزِلِیْنَ اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ بِقٰدِرٍ عَلٰی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ بَلٰی هُوَ وَخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ جَنّٰتُ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُهَا وَرِزْقٌ کَرِیْمٌ مَالَهٗ مِنْ نَّفَادٍ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ ٭ وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۔۔۔۔۔۔ عبداللہ بن سلام عبداللہ بن مسعود عبداللہ بن عمر عبداللہ بن عباس عبداللہ بن الزبیر ادریس قرنی الربیع بن خیثم ہرم بن حیان مسروق ابن الاجدع۔ عامر بن عبداللہ بن قیس، مسعود بن اسلم الخولانی الحسن البصری ابوبکر۔ عمر۔ عثمان۔ علی رضی اللہ عنہم اجمعین ایضاً اگر اسپغول کے لعاب سے آٹا گوندھ کر روٹی پکائی جاوے تو آدھی سے زیادہ ہو جاوے۔ ایضاً عید کے روز ذبح کی ہوئی بکری کا بایاں شانہ لے کر اسماء ذیل لکھ کر غلہ کے ڈھیر میں ڈال دیں تو غلہ میں بہت برکت پیدا ہو۔ تَبَارَکَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ فَتَبَارَکَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ۔ تَبَارَکَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ ٭ تَبَارَکَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْکُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تملیخ تملیخ تملاها تملیخ لجیلی لم بنفوش انطوس طلطوس طبطوس وَکَلْبُهُمْ قطمیر۔ ایضاً سیدی احمد زروق رح کا قول ہے کہ جو شخص اسماء ذیل جمعہ کے روز وہ جمعہ جو ایام بیض (تیرہویں۔ چودہویں، پندرہویں چاند کی رات) میں آوے مٹی کی ڈھیری پر لکھ کر کھیتی یا غلہ وغیرہ میں دفن کر دے تو برکت عظیم مشاہدہ کرے اسماء یہ ہیں۔ یَا کَافِیْ یَا غَنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَازِقُ یَا مُنْعِمُ یَا جَوَادُ یَا بَاسِطُ یَا ذَا الطَّوْلِ یَا مُغِیْثُ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَالَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ۔

## باب ۱۹۲ مسائل متفرقہ کے بیان میں

قضائے حوائج کے لیے جو شخص اپنی کوئی حاجت پوری کرنی چاہے اسے چاہیے کہ خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے سورۃ الفاتحہ و آیۃ الکرسی و الم نشرح پڑھے پھر اپنی حاجت طلب کرے ایضاً اگر کوئی شخص کسی ذی حاجت شخص کے پاس اپنی حاجت کے لیے جانا

Marfat.com

چاہیے کہ کھیعص حمعسق کو اس طرح پڑھے کہ ہر ایک حروف پر اپنے ہاتھ کی انگلیوں کو بند کرتا جائے اور پہلے دائیں کی انگلیاں بند کرے پھر بائیں کی پھر سورہ الفیل طیر اتک دس دفعہ پڑھے پھر اسماء ذیل پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِكَافِ كِفَايَتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِهَاءِ هِدَايَتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِيَاءِ يَقِيْنِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِعَيْنِ عِنَايَتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِصَادِ صِدْقِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِحَاءِ حِلْمِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِمِيْمِ مُلْكِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِقَافِ قُدْرَتِكَ حُلْ بَيْنِیْ وَبَيْنَ شَرِّ فُلَانٍ وَاكْفِنِیْ بَاسَهٗ وَاعْطِفْ عَلٰی قَلْبِهٖ كَمَا عَطَفْتَ فِرْعَوْنَ عَلٰی مُوْسٰی وَكَمَا عَطَفْتَ زَلِيْخَا عَلٰی يُوْسُفَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَاجْعَلْ كَيْدَهٗ فِیْ نَحْرِهٖ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمَانَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِاَنْ يَّاْتُوْا اِلَیَّ مُسْلِمِيْنَ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا۔

پھر اس کے پاس جاوے اور اس کے سامنے بائیں طرف سے انگلیاں کھولنی شروع کرے انشاء اللہ اپنے مطلب میں کامیاب ہو کر واپس آئے گی۔

**فائدہ دعائے مستجاب** اگر کوئی اپنے قضائے حوائج کے واسطے دعائے ذیل کو بطریق ذیل پڑھ کر اپنی حاجت پیش کرے تو اس کی دعا قبول ہو اور حاجت پوری ہو دعا اور طریقہ یہ ہے۔ مغرب کی نماز فرض

---

ترجمہ اے اللہ میں تیری کفایت کے (ک) اور ہدایت کی (ہ) اور یقین کی (ی) اور عنایت کی (ع) اور صدق کی (ص) اور حلم کی (ح) اور ملائک کے (م) اور علم کی (ع) اور سنا کی (س) اور قدرت کی (ق) کی برکت سے سوال کرتا ہوں اور میری اور فلاں شخص کی شرارت میں حائل ہو جا اور اس کی شرارت سے مجھے بچا اور اس کے دل کو ایسا پھیر جیسا تو نے فرعون کے دل کو موسیٰ علیہ السلام اور زلیخا کے دل کو یوسف علیہ السلام پر پھیرا اے اللہ میں اسکی شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اسکے فریب کو اس کے سینے میں کر دے اور تحقیق یہ سلیمان علیہ السلام کی جانب سے اور بسم اللہ ہے اور یہ کہ میرے پاس مسلمان ہو کر آجائیں اور اللہ نے کافروں کو مع غصے کے واپس لوٹا دیا کبھی بھلائی نہ حاصل کریں گے

Marfat.com

ادا کرکے دو رکعتیں اس طرح پڑھیں کہ ہر ایک رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ دفعہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ الخ پڑھیں جب سلام پھیر چکیں تو اس کے بعد دعاء ذیل اَللّٰهُمَّ یَا مَنْ اِذَا تَضَایَقَتِ الْاُمُوْرُ رُجِعَتْ اِلَیْهِ وَاِذَا كَثُرَتِ الْحَوَائِجُ رُفِعَتْ اِلَیْهِ وَاِذَا غُلِّقَتِ الْاَبْوَابُ فُتِحَ بَابُهٗ لِتَهْتَدِیَ الْعُقُوْلُ اِلَیْهِ تَوَسَّلْتُ بِاَرَبِّ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَمَا فِیْهِ مِنْ اَسْمَائِكَ الْعَظِیْمَةِ وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبِیِّكَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ تُوَسَّلْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّكَ ۔

**فائدہ عجیبہ** شیخ سیدی ابو العباس السبتی کا فرمان ہے اگر کوئی شخص سفر کو جانا چاہتا ہو اور راستہ میں سارق راہزن وغیرہ دشمنوں کا خطرہ ہو تو اس کو چاہیے کہ ستر دفعہ سورۃ فاتحہ اور ستر دفعہ ہی سورۃ الاخلاص اور اتنی دفعہ ہی لایلاف قریش اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھ کر اپنے بدن پر دم کرے اور منہ میں یا اللہ یا حفیظ یا حفیظ کہتا چلا جاوے تو اس کو کوئی چیز تکلیف نہ دے سکے گی اور ہر ایک بلا سے محفوظ رہے گا۔

## فائدہ ہر ایک خوف و خطرے سے بچنے کیلئے

کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا کچا سوت لے کر اس میں نو گرہ لگائیں اور ہر ایک گرہ پر قُلْ یٰاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھتے جاویں پھر اس دھاگے کو اپنے پاس رکھیں اور ہر بلاء سے محفوظ رہیں ف یہ دعا دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھتی ہے نیز ہر ایک سلطان جابر و شیطان سرکش و درندہ موذی سے امان دیتی ہے دعا یہ ہے کہ ہر روز طلوع آفتاب کے وقت سات دفعہ اس کو پڑھ لیا کریں اس روز ہر بلا سے محفوظ رہیں اَشْرَقَ نُوْرُ اللّٰهِ وَظَهَرَ كَلَامُ اللّٰهِ وَثَبَتَ اَمْرُ اللّٰهِ وَنَفَذَ

---

اے اللہ اے وہ ذات جب کام مشکل ہو جائیں اور اسی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں اور جب حاجات زیادہ ہو جائیں اسی سے طلب کی جاتی ہیں اور جب سب دروازے بند ہو جاتے ہیں اس کا دروازہ عقلوں کو اس کی طرف راہبری کرنے کے لیے کھولا جاتا ہے اے میرے رب میں تیری طرف قرآن شریف اور ان ناموں کو جو اس میں ہیں اور محمد تیرے نبی رحمت کو وسیلہ گردانتا ہوں اور اے محمد میں تجھے تیرے رب کی طرف وسیلہ گردانتا ہوں ۱۲ اے اور مجھے ہر چیز سے کفایت کرنے والا ہے ۱۲۔

Marfat.com

حُکْمُ اللّٰہِ اِسْتَعَنْتُ بِاللّٰہِ وَ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ تَحَصَّنْتُ بِخَفِیِّ لُطْفِ اللّٰہِ وَ بِلَطِیْفِ صُنْعِ اللّٰہِ وَ بِجَمِیْلِ سِتْرِ اللّٰہِ وَ بِعَظِیْمِ ذِکْرِ اللّٰہِ وَ بِقُوَّۃِ سُلْطَانِ اللّٰہِ دَخَلْتُ فِیْ کَنَفِ اللّٰہِ وَ اسْتَجَرْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ بَرِئْتُ مِنْ حَوْلِیْ وَ قُوَّتِیْ وَاسْتَعَنْتُ بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ دِیْنِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ وَ وَلَدِیْ بِسِتْرِکَ الَّذِیْ سَتَرْتَ بِہٖ ذَاتَکَ فَلَا عَیْنٌ تَرَاکَ وَلَا یَدٌ تَصِلُ اِلَیْکَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ احْجُبْنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ بِقُدْرَتِکَ یَا قَوِیُّ یَا مَتِیْنُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا۔ اس کا ترجمہ پہلے گزر چکا ہے۔

## فائدہ دشمنوں کے بھگانے کے لیے

اسماء ذیل اپنے ہر دو پاؤں کی مٹی پر پڑھ کر دشمنوں کی طرف پھینکے اسماء یہ ہیں۔ قُلْ کُوْنُوْا حِجَارَۃً۔ وَاَوْجَسَ فِیْ نَفْسِہٖ خِیْفَۃً مُّوْسٰی۔ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا وَجَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِھِمْ اَغْلَالًا فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ۔

## جن وغیرہ موذی دشمنوں سے حفاظت کے واسطے

اگر کوئی دعا پڑھنا چاہیں اور جن بھوت کا خطرہ ہو تو چاہیے کہ عصا کے ساتھ زمین پر ایک دائرہ کھینچیں اس طرح پر کہ آیۃ الکرسی پڑھتے جائیں اور عصا سے آہستہ آہستہ زمین پر دائرہ کھینچتے جائیں اور آپ اس دائرہ کے اندر رہے اور آیۃ الکرسی کو جہاں سے شروع کیا تھا وہاں پر ہی ختم کریں پھر جو چاہیں اس دائرہ کے اندر بیٹھ کر پڑھیں۔ ف اگر قیدی آدمی اسماء ذیل ہزار دفعہ ایک ہی مجلس میں پڑھ کر اپنی بیڑیوں پر دم کرے نیز خاتم ذیل لکھ کر پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو جلدی خلاص کرے اسماء یہ ہیں۔ مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ اور خاتم یہ ہے۔

---

ا؎ کہہ ہو جا پتھر موسیٰ علیہ السلام نے اپنے دل میں خوف کو محسوس کیا اور ہم نے اس کے آگے اور پیچھے روک کر دی ہے اور ان کی گردنوں میں زنجیر پس وہ دیکھ نہیں سکتے ۱۲

Marfat.com

ایضاً کسی نیک بخت سے روایت ہے کہ اگر تھوڑی سورہ الفاتحہ ایک سو گیارہ دفعہ پڑھ کر اپنی بیڑیوں پر دس دفعہ تھوک دے تو بیڑیاں خود بخود کھل جائیں اور وہ اس سے نجات پاوے۔

## فائدہ عورت کو محبت میں پھنسانے کیلئے

سورۃ والضحیٰ کسی تعویذ میں لکھ کر اس کے آخر یا جامع النّاس لیوم لا ریب فیہ اُدْ دُ ... وَجۃً کذا الی ...... لکھ کر کسی جگہ میں دفن کر دیں اور اس جگہ پر چار رکعات نماز ادا کریں اور جو کچھ تعویذ میں لکھا ہے وہ بھی پڑھیں۔ ایضاً اسماء ذیل کاغذ پر لکھ کر جلاویں اور اس کی راکھ کو بطور سرمہ لگا کر اس عورت کے سامنے جائیں جس سے محبت کا ارادہ ہو انشاء اللہ مطیع ہو جاوے۔ اسماء یہ ہیں یکاد البرق یخطف ابصارھم قاموا۔ ...... تک ایضاً اس عورت کے لیے جو خاوند چاہتی ہو سورہ والفجر کسی برتن میں لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر اس میں مہندی گوندھے اور ہاتھ پر لگا کر اس کے سامنے چلے جس سے وہ شادی کرنا چاہتی ہے وہ اسکو نکاح میں لے آوے۔

## حفاظت کے واسطے

اسماء ذیل لکھ کر دائیں بازو پر بطور تعویذ لٹکا رکھیں اسماء یہ ہیں۔ یا ایھا الرسول بلغ الی یعصمک من النّاس وما عملت ایدیھم یوم الاحد فابطلناہ بالواحد الاحد الفرد الصمد الذی لم یلد لم وما عملتہ ایدیھم یوم الاثنین فابطلناہ بثلاثۃ ملائک جبرائیل واسرافیل وما عملتہ ایدیھم یوم الثلثاء فابطـ ـہ بثلاثۃ ملائک جبرائیل ومیکائیل واسرافیل وما عملتہ ایدیھم یوم الثلثاء فابطلناہ بثلاثۃ ملائک جبرائیل ومیکائیل واسرافیل وما عملتہ ایدیھم یوم الاربعاء فابطلناہ باربعۃ کتب التوراۃ والانجیل والزبور والفرقان وبمحمد صلی اللہ علیہ وسلم وما عملتہ ایدیھم یوم الخمیس فابطلناہ بثمانیۃ حروف وھی ھذہ بس و ی ہ، ع لا بسلمۃ اسم اللہ تبارک حیطا نا بس سقفنا

Marfat.com

کھیعص کِفَایَتُنَا حمعسق حِمَایَتُنَا فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ اِلٰی اٰخِرِھَا سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰہِ نَاظِرَۃٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰہِ لَا یَقْدِرُ اَحَدٌ مِّنَ الْاِنْسِ وَلَا مِنَ الْجِنِّ عَلَیْنَا وَمَا عَمِلَتْہُ اَیْدِیْھِمْ یَوْمَ السَّبْتِ فَاَبْطَلْنَاہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ اِلٰی اٰخِرِھَا۔

## ناقص وغیر مروج سکہ یا چیز کو رواج دینا

سرخ چیونٹی کی مٹی لیکر اس پر اسماء ذیل سات دفعہ پڑھ کر دم کرے پھر وہ مٹی اس کھوٹی چیز پر چھڑک دیں انشاءاللہ بازار میں چل جائے گی اسماء یہ ہیں۔ اَللّٰھُمَّ یَا صَانِعَ کُلِّ مَصْنُوْعٍ یَا مُجِیْبَ کُلِّ دَعْوَۃٍ یَا مُفَرِّجَ کُلِّ الْکُرْبَۃِ وَیَا عَالِمَ کُلِّ خَفِیَّۃٍ وَیَا شَاھِدَ کُلِّ نَجْوٰی وَیَا صَاحِبَ کُلِّ غَرِیْبٍ وَیَا غَالِبًا غَیْرَ مَغْلُوْبٍ یَا رَبِّ اَسْئَلُکَ اَنْ تَنْفَدَ سِلْعَۃَ کَذَا وَکَذَا وَشَیْئًا کَذَا وَکَذَا۔

## خرید و فروخت میں برکت کے لیے

کسی کوڑی سے بین ہڈیاں لا کر ہر ایک پر آیات ذیل لکھ کر تعویذ بنا کر دکان میں یا مالک دکان اپنے پاس رکھے دکان میں برکت ہو۔ اسماء یہ ہیں۔ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَۃً اَوْ لَھْوَا انْفَضُّوْا اِلَیْھَا وَتَرَکُوْکَ قَائِمًا وَاللّٰہُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ۔

## مرد و عورت و دیگر مخلوق کی باہمی صلح کرانے کے بیان میں

سوموار یا خمیس کے روز باوضو ہو کر عرق و زعفران کے ساتھ طلوع آفتاب کے وقت اسماء ذیل کسی چمڑے یا کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر پہلے اس شخص کے کندھے یا سینے پر مارو جس کے ساتھ محبت و صلح چاہتے ہو۔ پھر اس تعویذ کو اپنے دائیں بازو پر باندھیں اسماء یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا ھُوَ الَّذِیْ اَیَّدَکَ بِنَصْرِہٖ اِلٰی حَدِیْثٍ یُحِبُّوْنَھُمْ

---

اے اللہ ہر بنی ہوئی چیز کے بنانے والے اور ہر پکار کو قبول کرنے والا ہر تکلیف کو دور کرنے والے ہر راز کو جاننے والے سرگوشی کے شاہد ہر بیکس کے ساتھ اے غالب جو (باقی آئندہ)

Marfat.com

كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ
وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ عَسَى اللّٰهُ اِلٰى رَحِيْمٌ تك اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ مَصِيْرٌ
تك وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَدُوْدٌ ۳ رَؤُوْفٌ عَطُوْفٌ
۳ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ اَلَّفْتَ بَيْنَ الثَّلْجِ وَالنَّارِ اَلِّفْ بَيْنَ فُلَانٍ وَّفُلَانٍ كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ
قُلُوْبِ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ عَلٰى مُحَبَّتِكَ وَطَاعَتِكَ وَكَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ جِبْرَائِيْلَ وَ
وَمِيْكَائِيْلَ تَحْتَ عَرْشِكَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ اَنْ خَلَقَكُمْ
مِّنْ اَنْفُسِكُمْ وَرَحْمَةً لَّكَ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَالرَّحْمَةِ اِنَّ فِيْ
ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ وَتِلْكَ حُجَّتُنَا
اٰتَيْنٰهَا اِبْرَاهِيْمَ كَذٰلِكَ تَهْوِيْ فُلَانًا وَّفُلَانًا اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

## زوج وزوجہ کے مابین صلح و محبت کے واسطے

خمیس کے روز ساعت زہرہ میں

عرق گلاب وزعفران کے ساتھ اسماء ذیل لکھ کر جس کو چاہیں دھوکر پلائیں اور محبت

کبھی مغلوب نہیں ہوسکتا اے میرے رب میں سوال کرتا ہوں کہ تو میری فلاں جنس یا چیز چلتی کردے۔ اللہ آسمانوں کا اور زمینوں کا نور ہے اسکے نور کی مثال اس قندیل کیطرح جسمیں چراغ روشن ہو اور سب کی سب مضبوط اللہ کی رسی کو پکڑے رہو اور وہ ایسی ذات ہے جس نے اپنی مدد سے تیری تائید کی وہ انکو اللہ کیطرح دوست رکھتے ہیں اور ایماندار اللہ ہی سے زیادہ محبت رکھتے ہیں اپنی طرف سے مجھ پر محبت ڈال دے بس ناگہاں وہ شخص جسکے اور تیرے درمیان دشمنی ہے گویا کہ وہ حمایت کرنیوالا دوست ہے قریب ہے کہ اللہ ان سب پرے آوے اللہ ہمارا تمہارا رب ہے تم ہمارے پاس اکیلے آؤ گے اور ہم نے چھوڑ دیا بعض اس کا بعض پر جوش لانا ہوگا اے وہ ذات جس نے برف اور آگ میں الفت ڈال دی فلاں فلاں میں محبت ڈال جیساکہ تو نے نیک بندوں میں اپنی اطاعت وعبادت میں اور اپنے عرش کے نیچے جبریل ومیکائیل میں محبت ڈالتا ہے کیونکہ تو نے خود کہا ہے اور تیرا فرمانا حق ہے آگے آیت دن اپنا تو ان کے دلوں میں محبت ورحمت سے الفت ڈالدے تحقیق اس میں نہ سمجھنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں ۱۲

Marfat.com

تماشا دیکھیں۔ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ يَا مُحَمَّدُ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ يَا جِبْرَائِيلُ كَذٰلِكَ يَضَعُ اللّٰهُ مُحَبَّةَ × بِنْتِ × فِيْ قَلْبِ بِنِ الَّذِيْ × اَنْقَضَ ظَهْرَكَ يَا مُحَمَّدُ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ يَا جِبْرَائِيلُ كَذٰلِكَ يَرْفَعُ اللّٰهُ مَحَبَّةَ × بِنْتِ × فِيْ قَلْبِ × ابن × فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا يَا مُحَمَّدُ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا يَا جِبْرِيْلُ كَذٰلِكَ يَسَّرَ اللّٰهُ مَحَبَّةَ × بِنْتِ × فِيْ قَلْبِ × ابْنِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اَنْ تُؤَلِّفَ بَيْنَ كَذَا وَكَذَا ۱۱ھ ...... ایضاً اسماء ذیل سات کاغذوں پر لکھ کر جس سے محبت کرنا چاہیں پلادیں اسماء یہ ہیں پہلے کاغذ بِسْمِ اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَاِلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ دوسرے پر بِسْمِ اللّٰهِ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمَانَ مُسْلِمِيْنَ ۔ تیسرے پر فَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ چوتھے پر شَهِدَ اللّٰهُ ۔ اَلْحَكِيْمُ تک پانچویں پر وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ مُبِيْنٌ تک چھٹے پر لَوْ اَنْفَقْتَ حَكِيْمٌ تک ساتویں پر لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ۔

## باب ۱۹۳ چمڑے کے رنگنے کے بیان میں

پہلے چمڑے کے بال دور کرتے کے بغیر بچھادیں پھر اس پر نمک بچھادیں پھر دھوپ میں خشک کر کے آرد جو تین حصہ نمک تین حصہ ملا کر پانی میں بھگو دیں پھر اس چمڑے کو اس پانی میں سات روز تک ڈال رکھیں پھر نکال کر نچوڑ و خشک کر کے نشاستہ دودھ میں پانی ملا کر پھر اس میں اس چمڑے کو سات روز تک رکھیں پھر نکال کر پھٹکری سے ملیں یہاں تک کہ چمڑے کی کوئی جگہ خالی نہ رہ جائے پھر ایک دو روز لپیٹ کر رکھیں پھر خشک کر کے رنگنے والے کو دیدو کہ وہ حسب ضرورت قاعدہ کے مطابق رنگ دیدے۔

**فائدہ رنگنے کا مصالح** عروق۔ تفر فرد ۔عروق ابونافع ۔عروق اراک ۔عروق بوراویم ۔عروق لسان الحمل ۔عروق زانزو دسب کو خشک کر کے باریک کوٹیں اور چمڑے پر گوشت والی طرف چھڑکیں ۔پھر اس کو لیکر نجیٹھ کے

---

خبردار اللہ کے ذکر سے دل اطمینان پکڑتے ہیں اور یہ ہماری دلیل تھی جو ہم نے ابراہیم کو دی اسطرح فلاں فلاں کو ہدایت ہوا سے اللہ ان کے دلوں میں الفت ڈال ولاحول النحم ۱۲

Marfat.com

کے پانی میں رنگ دیں کہ نہایت سرخ نمودار ہو گا۔ ف مثقال طبی کا وزن ۴½ ماشہ ہوتا ہے۔ دانگ چھٹا حصہ درہم کا ہوتا ہے۔ قیراط چار رتی کا ہوتا ہے درہم طبی ۳½ ماشہ کا ہوتا ہے اور قیراط تورہ الخروب (خرنوب کی گٹھلی) بھی کہتے ہیں۔

## باب ۱۹۴ چند مفید شربتوں کے بیان میں

شربت جو ہر ایک مرض کے واسطے مفید ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے سر درد کو دور کرتا ہے امراض صفراویہ کو فائدہ کرتا ہے قے و نثیان کو روکتا ہے ہضم بڑھاتا ہے چہرہ کا رنگ سرخ کرتا ہے۔ انار ترش کا پانی ایک رطل۔ شکرتری ایک رطل آگ نرم پر قوام کر کے شربت بنالیں اس طرح ہر میوہ کا شربت خالص تیار کر سکتے ہیں

**شربت بنفشہ کا بنانا** یہ سینے کے امراض و عسر البول درد سر کو مفید ہے حرارت صفراء کو تسکین دیتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ ترکیب یہ ہے گل بنفشہ دو اوقیہ پانی دو رطل دونوں کو ملا کر نرم آگ پر چڑھائیں جب اس کی تاثیر پانی میں آجاوے اور پھولوں کا رنگ سفید ہو جاوے اتار کر صاف کریں اور اس پانی میں ایک رطل مصری یا شکرتری ملا کر پھر آگ پر چڑھائیں جب قوام پختہ ہو جاوے اتار کر رکھ چھوڑیں اور وقت ضرورت کام میں لاویں۔ مقدار خوراک ایک اوقیہ پانی یا کوئی عرق ملا کر استعمال کیا کریں۔ اسی طرح تمام پھولوں کا شربت بنایا جا سکتا ہے۔

**شربت ہندبا یعنی کاسنی** یہ شربت بواسیر کے واسطے نہایت مفید ہے کاسنی تازہ لے کر قطع کر کے اتنے پانی میں ڈالیں کہ پانی اوپر آجاوے پھر آگ پر پکائیں جب اس کی تاثیر پانی میں آجاوے اتار کر صاف کریں پھر جس قدر پانی ہو اس میں نصف حصہ شکرتری یا مصری ملا کر نرم آگ پر پکائیں اور شربت کا قوام تیار کر کے اتار لیں اور بوقت ضرورت کام میں لاویں۔ بواسیر والا اس میں سے صبح کے وقت مقدار آٹھ یا دس تولہ پانی ملا کر پیا کرے اس طرح

Marfat.com

ہر بوٹی کا شربت تیار کر سکتے ہیں ۔

**شربت نعناع کی ترکیب** یہ شربت قے و متلی و غثیان ۔ جی متلانا کو فائدہ کرتا ہے ترکیب یہ ہے انار شیریں و ترش لیکر مع اس کے گودے کے کوٹیں۔ پھر جتنا اس کا پانی نکلے۔ اس کے برابر نعناع (کھٹی انبی یا ٹیٹی ٹوپی) کا پانی ۔شہد شکر تری ملا کر حسب دستور شربت بنالیں۔ مقدار خوراک دو دو تولہ تک پانی میں ملا کر۔

## باب ۱۹۵ معاجین نافعہ کے بیان میں

معجون المسک اس میں چالیس فائدے ہیں ان میں سے درد دل ۔ درد کمر ۔ عسر البول درد ریحی کو فائدہ کرتی ہے ۔ منی کو بڑھاتی ہے عروق و اعصاب و معدہ و دل کو طاقت دیتی ہے سدہ کو کھولتی ہے ۔ ترکیب یہ ہے ۔ کستوری ۔ سلیخہ ۔ سنبل ۔ ساذج ہندی ۔ خطیا نا (پکھان بید) ہر ایک دو درہم خوب باریک کریں ۔ پھر بزر الکرفس ۔ مصطکی ۔ زیرہ سیاہ ۔ کافور ۔ زعفران ہر ایک تین درہم ۔ مرمکی قرنفل عود ہر ایک نصف درہم سب کو کوفتہ بیختہ کر کے سہ گنا شہد کے ساتھ ملا کر نرم آگ پر قوام کریں مقدار خوراک ایک درہم ۔

**معجون نعناع** یہ ریاح کو دور کرتی ہے قولنج کو کھولتی ہے ۔ معدہ کو گرم کرتی ہے منی کو بڑھاتی ہے بواسیر کو دور کرتی ہے پتھری کو توڑتی ہے ۔ رنگ کو سرخ کرتی ہے منہ کی بدبوئی کو دور کرتی ہے ۔ دانتوں کو مضبوط کرتی ہے ۔ درد دل کو دور کرتی ہے قوت باہ کو بڑھاتی ہے ۔ جماع کی طاقت پیدا کرتی ہے ۔ آنکھوں کی طاقت بڑھاتی ہے جو شخص اس کا استعمال کرتا رہے ۔ طبیبوں کا محتاج نہ رہے صحیح و مجرب ہے ۔ ترکیب اس کی یہ ہے ۔ کلونجی ۔ بزر نعناع ۔ تخم شلغم ۔ تخم پیاز ۔ تخم رشاد ۔ بادیان ۔ خردل ۔ ہر ایک دس درہم ۔ مصطکی ۔ قرنفل ۔ بیخ ۔ عاقر قرحا ۔ انیسون ۔ ہر ایک ایک درہم ۔ چرونجی ۔ جاوتری ہر ایک ایک درہم ۔ زعفران ایک مثقال ۔ عود ہندی ۔ کستوری ۔ ہر ایک نصف درہم سب کو کوفتہ بیختہ کر کے ایک سو درہم شکر تری ملا کر ۲½ سو درہم

Marfat.com

شہد خالص ملائیں اور نرم آگ پر قوام کرلیں پھر مرتبان میں ڈال کر بیس روز تک دانہ گندم میں دفن کردیں اور صبح و شام ایک مثقال کھایا کریں اور کھانے کے بعد دو گھنٹہ تک پانی نہ پیا کریں،

**حلوی الحکماء کی ترکیب** یہ حلوی جسم کو صحت بخشتا ہے روح کو خوش کرتا ہے۔ جماع کو طاقت دیتا ہے سست عضو کو قوی کرتا ہے۔ منی کو بڑھاتا ہے۔ ترکیب سفید پیاز کا پانی ایک اوقیہ شہد خالص ایک اوقیہ دونوں کو ملا کر آگ پر رکھیں جب منعقد ہو جاوے اتار کر اس میں عود ہندی۔ سنبل ایک ایک درہم قرنفہ (ترنج) زعفران۔ دارنفل۔ الائچی خورد۔ جائفل ہر ایک دو درہم کستوری چار رتی سب کو کوٹ کر شہد میں ملا دیں اور ایک ہفتہ رہنے دیں پھر ہر روز بقدر ایک اوقیہ کھایا کریں۔ اور اس کے منافع کا تماشا کریں۔ **معجون فلاسفہ** اس کو مادۃ الحیات بھی کہتے ہیں فضول بلغم کو نکالتی ہے۔ نفس کو تقویت دیتی ہے۔ مفرح ہے ہضم کرنے والی اور رنگ روئے سرخ کرنے والی۔ قوت حافظہ و زکاء عقل اور زبان کی تیزی کو بڑھاتی ہے۔ سردی کو دور کرتی ہے۔ سلس البول کو قطع کرتی ہے۔ ریاح کو توڑتی ہے منی کو بڑھاتی ہے ذکر کو طاقت دیتی ہے۔ دانتوں کو مضبوط کرتی ہے۔ درد کمر و جمع المفاصل۔ و جمع خاصرہ۔ درد پسلی کو دور کرتی ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ فلفل۔ زنجبیل۔ دار چینی۔ آملہ۔ بھیڑہ۔ شیطرج زراوند مدحرج۔ بالونہ۔ حب الصنوبر۔ جوز ہندی۔ خصیۃ الثعلب۔ ہر ایک ایک اوقیہ تخم بالونہ نصف اوقیہ استعمال کیا کریں، **تریاق اربعہ** کی ترکیب پکھان بید۔ حب الغار۔ زراوند طویل مرمکی ہر ایک مساوی کو فتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد خالص میں گوندھ لیں اور بمقدار ایک مثقال گرم پانی سے کھایا کریں۔ یہ تریاق عقارب و عناکب کے ڈنگ اور امراض بادہ کے واسطے مفید ہے **معجون جالینوس** کی ترکیب یہ معجون گردہ و مثانہ کو کرتی ہے سدہ کھولتی ہے۔ تمام بدن کی اصلاح کرتی ہے۔ فلفل سفید۔ فلفل سیاہ۔ نمام۔ قسط۔ مر۔ سنبل۔ الطیب قصب الزریرہ۔ سازج ہندی۔ زعفران۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ عاقرقرحا۔ تخم سداب ہر ایک مساوی کو فتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں معجون بنا دیں اور مثقال عرق

Marfat.com

بادیان کے ساتھ استعمال کیا کریں۔

**معجون جالینوس** کی دوسری ترکیب۔ درد جگر کھانسی۔خون تھوکنے کے لیے مفید ہے زعفران دارچینی ہر ایک ایک درہم۔ مقل ازرق ۴ درہم مسک چار دانگ اذخر تین درہم قصب الزیرہ دو درہم ناردین دو درہم صمغ صنوبر تین درہم مویز منقی تین اوقیہ شہد خالص ایک رطل ورق نقرہ بیس۲۰ عدد تمام ادویہ کوفتہ بیختہ کر کے شہد میں ملا کر ورق نقرہ اضافہ کر کے معجون بنائیں معجون خوراک ایک درہم **معجون پکھان بید** یہ صلابت معدہ و صلابت طحال و جگر کو مفید ہے سدہ کھولتی ہے اور پرانے بخار کو دفع کرتی ہے۔ پکھان بید۔ فلفل ہر ایک دس درہم قسط۔ ساذج۔ ریوند چینی۔ ہر ایک ایک اوقیہ کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں ملا کر معجون بنائیں مقدار خوراک ایک درہم سداب کے پانی کے ساتھ معجون جو ضعف جگر و نفث الدم کو فائدہ دیتی ہے۔ گلنار۔ دم الاخوین۔ ورق الآصف۔ شب یمانی ہر ایک ایک حصہ شب یمانی ۱/۸ حصہ کوفتہ بیختہ کر کے شہد میں معجون بنائیں مقدار خوراک ایک مثقال گرم پانی کے ساتھ۔ **معجون مسمن یعنی فربہ کرنیوالی** مغاث۔ جوز۔ حندم بہمن۔ سفید۔ تزر بناد۔ کتیرا۔ تخم خشخاش۔ کہربا ہر ایک تین درہم کوفتہ بیختہ کر کے روغن زرد میں بریاں کریں اور ایک سیر پختہ شکرتری ملا کر سفوف بنا رکھیں پھر ہر روز اس میں سے چار تولہ لے کر ایک رطل دودھ میں پکا کر اور تھوڑا سا روغن زرد ڈال کر دودھی بنا کر استعمال کریں۔

**دواء الکبریت** یہ دوا حمیات دائرہ باردہ کو مفید ہے۔ حمی ربع (چوتھیا) کو دور کرتی ہے بلغمی کھانسی خصوصاً پرانی و نصف المدہ۔ ضیق النفس کو فائدہ کرتی ہے۔ استسقاء و طحال کو مفید ہے۔ مدر بول اور پتھری کو نکالتی ہے۔ سانپ و بچھو کے ڈنگ کو فائدہ کرتی ہے۔ ادویہ قتالہ کی آفت سے بچاتی ہے۔ گندھک زرد، بزرالبنج سفید۔ فرومانا۔ میعہ ہر ایک آٹھ درہم سداب قسط ہر ایک دس درہم۔ افیون و زعفران ہر ایک دو درہم سلیخہ بارہ درہم فلفل سفید بائیس درہم سب کوفتہ بیختہ کر کے شہد ملا کر معجون بنالیں ایک سال کے بعد استعمال کریں مقدار خوراک نصف درہم سے ایک مثقال تک **معجون حلتیف** یہ باری

Marfat.com

کے بخار کو فائدہ دیتی ہے اور چوتھیا تپ کو زائل کرتی ہے۔ اور بچھو اور رتیلا وغیرہ موذی جانوروں کے ڈنگ کو فائدہ کرتی ہے۔ **ترکیب** ہنگ، زنفلفل، مر، ورق سداب ہر ایک مساوی کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں معجون بنائیں مقدار خوراک ایک درہم بچھو کے ڈنگ میں سداب کے پانی کے ساتھ اور بخار میں سکنجبین کے ساتھ بخار کے ایک گھنٹہ چڑھنے سے پہلے استعمال کریں۔ **معجون ملح ہندی** یہ معجون معدے کو طاقت دیتی ہے۔ بلغمی اور سوداوی ... کو دور کرتی ہے۔ اور بلغمی سدر اور درد کو فائدہ دیتی ہے۔ **ترکیب** ہلیلہ سیاہ، ہلیلہ کابلی، آملہ، بہیڑہ، اسطوخودوس ہر ایک تین درہم انیسون ایک درہم نمک ہندی چار درہم ایارج ... دو درہم، غاریقون چار درہم کوفتہ بیختہ کر کے سکنجبین میں گوندھ لیں مقدار خوراک تین درہم بوقت صبح نیم گرم پانی سے استعمال کریں **معجون قسط** یہ معجون جگر اور معدہ کی دردوں کے واسطے مفید ہے۔ **ترکیب** دارچینی، سلیخہ، قسط، ہر ایک تیس درہم انیسون تخم کرنس دس درہم اسارون تیس درہم زعفران آٹھ درہم ریوند چینی دس درہم نفاح اذخر چھ بیس درہم سب کو کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں معجون بنائیں مقدار خوراک تین درہم۔ ہمراہ نیم گرم پانی کے استعمال کریں۔ **معجون فیروز نوش** یہ معجون ریاح غلیظہ کو زائل کرتی ہے۔ اور معض، قولنج، نسیان کو دور کرتی ہے۔ اور حاملہ عورتوں کی امراض باردہ کے واسطے مفید ہے۔ **ترکیب** بزرالبنج، افیون ہر ایک چار درہم زنجبیل عاقرقرحا، سنبل، زعفران ہر ایک دو دو درہم کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں ملا کر معجون بنائیں اور چھ ماہ کے بعد استعمال کریں۔ **معجون کندری** زعفران دو مثقال، مر، سارون، بوزیدان، دارچینی دوقون، قطر اسالیون ہر ایک چھ مثقال، قسط، سلیخہ، نفاح الاذخر ہر ایک ایک مثقال حب اللسان تین مثقال مجیٹھ آٹھ درہم رب السوس ماسقولو قندریون۔ لبس کھرہ ہر ایک آٹھ مثقال۔ روغن بلسان، چھ مثقال روغن کے سوا سب چیزوں کو کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں ملا کر روغن شامل کر کے معجون بنائیں مقدار خوراک نیند کی یعنی نصف اوقیہ ½ تولہ **معجون پودینہ** یہ معجون درد جگر و معدہ اور باری کے بخاروں اور لرزہ کو فائدہ دیتی ہے۔ **ترکیب** پودینہ نہری اور پہاڑی فطر اسالیون، سالیوس ہر ایک دس درہم

Marfat.com

تخم کرنس ۔ ابونہ ۔ حاشیہ ہر ایک چار درہم ۔ کاشم (زیرہ کرمانی) پندرہ درہم ۔ فلفل چالیس درم کوفتہ بیختہ کرکے سہ چند شہد ملا کر معجون بنائیں **معجون برون درد جگر و معدہ** ۔ طحال اور شکم کی ریاح کو نافع دیتی ہے **ترکیب یہ ہے** سلیخہ ۔ حماما ۔ سنبل ۔ ناردین ۔ بادیان ۔ تخم کرفس ۔ انیسون سیسالیوس ۔ جندبیدستر ۔ تخم شبت ۔ زراوند طویل ۔ اسارون ۔ کردیا ہر ایک مساوی کوفتہ بیختہ کرکے سہ چند شہد کے ساتھ معجون بنائیں اور بقدر دو درہم استعمال کریں **برشش کی ترکیب** انیون بیس درہم ۔ فلفل سیاہ ۲۵۰ درہم ۔ بسباس چھ درہم ۔ مصطگی ۔ پانچ درہم ۔ ریوند پا تین درہم **عود قماری** پانچ درہم ۔ سنبل پانچ درم ۔ عاقرقرحا درم بزرالبنج سفید چالیس درہم زعفران آٹھ درہم لوبان پانچ درم ۔ فرفیون دو درہم سب کو کوفتہ بیختہ کرکے سہ چند شہد مصفی میں معجون بنائیں **دوسرا نسخہ** انیون چالیس درہم ۔ زعفران چھ درہم ۔ بزرالبنج سفید بارہ درہم ۔ قرنفل آٹھ درہم مصطگی آٹھ درم الائچی خورد آٹھ درہم گل بنفشہ چار درہم زرنباد تین درہم ۔ عاقرقرحا پانچ درہم کبابہ چار درہم فلفل بارہ درہم حسب دستور سہ چند شہد خالص میں ملا کر معجون بنائیں مقدار خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ تک **دوسرا نسخہ** انیون پچاس درہم ۔ فرفیون تین درہم عود قماری تین درہم سنبل دس درہم زعفران بیس درہم ۔ سنبل آٹھ درہم ۔ فلفل دس درہم ۔ بزرالبنج سفید دس درہم کوفتہ بیختہ کرکے سہ چند شہد میں معجون بنادیں ۔ **دوسرا نسخہ برشعثا کا** ۔ انیون بیس درہم ۔ بزرالبنج سفید پانچ درہم ۔ عاقرقرحا پانچ درہم فلفل سیاہ پانچ درم ۔ زعفران بارہ درہم سنبل آٹھ درہم ۔ بزرالبنج سفید پانچ درہم ۔ عاقرقرحا پانچ درہم فلفل سیاہ پانچ درہم زعفران بارہ درہم سنبل آٹھ درہم گل بنفشہ چار درہم قرنفل سات درہم مصطگی سات درہم لوبان پانچ درہم الائچی خورد آٹھ درہم تخم السی آٹھ درہم گل بنفشہ پانچ درہم یاقوت دس درہم موتی دو درہم سب کو کوفتہ بیختہ کرکے سہ چند شہد میں ملا کر معجون بنائیں اور کام میں لائیں **دوسرا نسخہ** افیون دس درہم ۔ زعفران پانچ درہم ۔ بزرالبنج سفید دس درہم ۔ فلفل سیاہ دس درہم ۔ فلفل سفید دس درہم سنبل گیارہ درہم بسباس پانچ درہم سب کو کوفتہ بیختہ کرکے سہ چند شہد خالص

Marfat.com

میں ملا کر معجون بنالیں۔

فَقَدْ تَمَّ الرَّحْمَةُ بِعَوْنِهٖ وَحُسْنِ تَوْفِيْقِهٖ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا۔

تمت

Marfat.com